بعون صانع بے نیاز و فضل خلاق کون و مکاں

کارنامۂ نازک خیالی و صنمخانۂ شیریں مقالی کلام سحر تاثیر حسن و عشق کی
بتصویر ناظرین منصف طبع کے لائق آفتاب دماغ پر فائق۔



المسمیٰ

# افکار عاشق

المعروف بہ اسم تاریخی

# شاہد نظام

سنہ ۱۳۰۱ھ



نذر گذرانیدۂ حضرت بندگان آصف جاہ میر محبوب علیشاہ بہادر
دام اقبالہ والیِ دکن نتیجۂ فکر مولوی منشی محمد اقبال حسین صاحب عاشق
دہلوی معتمد ریاست بیکانیر سلمہ

بمطبع رضوانی واقع دہلی باہتمام احمد علی بیگ رونق طبع یافت

## کتب قابل دید ناظرین جو کتبخانہ آسی پریس شاہ گنج دہلی دریبہ کلاں سے مل سکتی ہیں اور جنکے حقوق محفوظ ہیں

**پیر نابالغ** - جوانوں کی رندانہ طبیعت تو سبنے دیکھی ہوگی لیکن اِس پیر نابالغ کی رنگینی طبیعت نے آجتک جتنے رند دنیا میں پیدا ہوئے اور ہونگے سبکی رنگینی کا ٹھیکہ لے لیا ہے ممکن ہے کہ کوئی بجھی ہوئی طبیعت والا پڑہے اور رقص نکرنے لگے - قیمت بلا محصول - ۱ر

**انشائے حیرت** - یہ عجیب انشا ہے جو آجتک تیار نہیں ہوئی ہے بہ ناظرین ہے اِسمیں تین قسم کے رقعہ ہیں - اول معزز باپکے پچاس خط بیٹے کے نام ہیں جتنی باتیں کہ طلبا ہند میں قابل اصلاح ہیں سبکو باپکے شفقت بھرے خطوں میں اداکر دیا ہے دوسرا حصہ اِس انشا کا وہ ہے کہ جس میں دوستوں نے دوستونکو خط بھیجے ہیں اِنمیں اُن باتوں کی اِصلاح ہے جو باہم برابر کے دوست (خواہ بوجہ تعصب خواہ بوجہ کم عقلی) دوستونکے ساتھہ کیا کرتے ہیں جنپر مہذب دنیا نوجوان تاسف کرتے ہیں تیسرے حصہ میں مامتا بھری ماں کے خطوط پیاری بیٹی کے نام ہیں اِنمیں عورتونکی آن بیہودہ اور خراب عقائد ونکی اصلاح ہے جس سے ہمارے بچونکی تعلیمی بہت خراب ہے اِسکے بعد متفرقات خطوط ہیں - قیمت بلا محصول ۱۲ر

**مسدس حیرت** حصہ دوم اسمیں مسدس حالی کی تردید بڑی لیاقت سے کیگئی ہے قیمت معہ محصول ۲ر

**مسدس حیرت** حصہ سوم - اِسمیں نئی بات یہ کہ اول مولانا حالی صاحب کا خطوط وصدانی میں ایک بند نقل کیا ہے اور پہر اُسکی تردید کی ہے کل مسدس کا ہیطرح رد کیا گیا ہے - قیمت معہ محصول ۲ر

**پھول والونکی سیر** - اس کتاب میں پھول والون کے میلہ کا بیان ہے کہ اِسکی ابتدا کب ہوئی اور کیا کیفیت آتی ہے اور دہلی کے باشندے جوق جوق کس ذوق وشوق میں جاتے ہیں اور ہر سال کتنے نئے نواب بنتے ہیں - ۱ر

**اِنصاف** مصنفہ شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی کا بامحاورہ اُردو زبان میں عربی زبان سے ترجمہ کیا گیا ہے یہ حقیقت میں انصاف ہے بہت ہی روشن دلیلون سے مقلدین اور غیر مقلدون کے اُن متنازعہ فیہ باتون کا فیصلہ ہے کہ جنکے سبب سے وہ ننگ اِسلام ہو رہے ہیں - قیمت معہ محصول ۲ر

**تاریخ قیصری** - جس میں تصاویر شاہان ہفت اقلیم ورؤسا ممالک ہندوستان مع نقشجات ہند وکیفیت درباروعمارات دہلی وغیرہ وقاعدہ نوشت وخواند اُردو انگریزی وناگری درج ہے - قیمت معہ محصول - ۱۲ر

**بہاو پرکاش** بخط ہندی - یہ کتاب اپنے اوصاف میں بے مثل وعدیل ہے اسکے مولف پنڈت بہاو مصر صاحب نے وہ ادویات امراض لاعلاج اور نسخجات مجربات جو او نکو لیبا ورقی کا حکم رکھتے ہیں اور عجائب غرائب حالات معالجات اقسام امراض میں کتب مستند چرک وسسرت وغیرہ سے اور نیز اُن کتب سے جو ہر فرد بشر کو دستیاب ہونی غیر ممکن ہیں انتخاب کئے ہیں اسکا ترجمہ بنظر خیر خواہی انام بدیں جہت کہ علم سنسکرت فی زمانہ معدوم ہے پنڈت سری راو کرشن چندر صاحب بہی نواسی سے کراکر معہ مول ٹیکا تقطیع موزون پر نہایت خوش خطی سے تین جلدون میں طبع کرایا گیا ہے جسمیں سے کاغذ گندہ کا دست بدست شائقین نے خرید فرمالیا سفید حنائی بہی قریب نصف کے بک چکا ہے گلابی بہت کم باقی ہے - قیمت معہ محصول -

قیمت بلا محصول ۸ر

سفید گندہ ۱۵ر سفید حنائی ۱۶ر گلابی ۲۰ر

**خلاصہ صول دہرم شاستر** - یہ ان لیکچر ومضامین کے انتخاب ہے جو بابو شاما چرن صاحب نشی ہیکلی کورٹ اپنے شاگرد وکلائے آگرہ نے وقت تعلیم دئے ہیں - دہرمی اور قانون دہرم شاستر کو بہت عمدہ ترتیب دیا گیا ہے -

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دیباچۂ دیوان موسوم بہ افکارِ عاشق

جبین فرسائی لازم ہے تو واجب عجز و زاری ہے
جھکا لے سر قلم اپنا کہ لکھنی حمدِ باری ہے

یہ وہ مضمون مشکل ہے کہ یان کاغذ کا ہی منہ فق
سیاہی روشنائی کی رخِ روشن پہ طاری ہے

ازل سے تا ابد قالو بلیٰ کہتے ہی گذرے گی
زبان وہ موجِ کوثر ہے کہ جسکا فیض جاری ہے

حقیقت مین اُسیکی صنعت اُسکی حمد ہے لیکن
بشر کو بھی ہے کچھ دعویٰ یہ شانِ کردگاری ہے

ریاضت عمر بھر گر ہو ریا کے ساتھ تو پھر کیا
اگر مقبول اک نکتہ ہو تو لاکھون پہ بھاری ہے

قلم سپر لوا الحمد ہو جائے گا محشر مین
کہ جسکا مشغلہ تحمید ہے مدحت نگاری ہے

ادا جب حمد کا حق ہو نہ اے عاشق رسولون سے
زبان مین کب یہ طاقت ہے حقیقت کیا ہماری ہے

اللہ اللہ تیری شان عالی شان بحد بے پایان بمصداق کُلَّ یَوْمٍ ہُوَ فِیْ شَاْنٍ مین ملائک و انسان کا طائرِ بیان ع امکان و وہم و گمان سرگردان - سبحان اللہ سبحان اللہ تیری علم و قدرت کا پایان بفحواے خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ باصرۂ جان اور دیدۂ جنان سے - غیر نمایان - اور نعتِ حبیب لبیب رب العالمین شافع یوم الدین شفیع المذنبین فخر المرسلین خاتم النبیین صدر نشین عزت و تمکین مین نطق زبان عجز قرین اور مدحتِ الکین مین اعنی صحابہ جبل المتین للملک من الطاہرین

رہنمایان راہ یقین رہادیان شرع مبین طریقت تمکین وحقیقت آئین میں طبع حزین نیاز آگین
امابعد ارباب کمال کا خوشہ چین سروران اقلیم سخن کا پیرو آئین عشق و عاشقی میں حریف
قیس و وامق محمد اقبال حسین عاشق وکیل راج بیکانیر متعینۂ رزیڈنٹی ریاست ہائے راجپوتانہ
کہ جس نے خار و خس بیابان عشق کی بجھی بجھائی دبی دبائی آگ کی چنگاریوں کو شعلہ ہائے آتش فراق
مہوشان لیلی ادا کے خار الم سے کریدکر شرر انگیز کیا - اور مضامین محل نشین دل و دماغ سے
ہدیخوان ہنگر ناقۂ مستانۂ شوق کو وادی لق و دق تمنا میں تیز کیا گلعذاران عذرا شمائل پیکر تصویر خیالی
کو زردئی رنگ اور خونابۂ دل کے غازہ سے آب و تاب دی - اور خیابان گلشن حسن کی گلچین
خزان رسیدۂ وامق کے دامان تمنا کو اشکباری چشم حسرت تازہ سے زیب و زینت بخشی -
ہجوم آلام نے اس قابل نہیں رکھا کہ بزم طرب میں آسکوں - اور وفور افکار نے اس لایق
نہیں چھوڑا کہ ہنسی خوشی والوں کو اپنی روتی صورت دکھا سکوں - کیونکہ سر شوریدہ میں
سودائے گیسو ہے - جبین نیاز میں درد - آنکھوں میں تپ ہجران کی سوزش ہے - لبوں
پر آہ سرد - زبان پر تف ہجراں کے چھالے ہیں - تیمار دار کو جو پوچھئے تو کچھ فریاد ہے کچھ
نالے ہیں - گردن میں طوق زلف گرہ گیر ہے - سینہ میں داغوں کا ہجوم کثیر ہے - ہاتھوں کو
شغل گریباں چاکی ہے - پاؤں کو راہ صحرائے مصیبت میں بیباکی ہے - کمر حسرت اور ارمان کے
بوجھ سے خم ہے - لکھنے پڑھنے کی طاقت بہت کم ہے - نثر کا ہر فقرہ دلگیر اور نظم کا ہر مصرع
انجمن کی تصویر - پریشانیوں کا پیکر - افکار کا محضر - آلام کا نمونہ - غموں کا چربہ - صدموں کا
سانچہ - حسرت کا خاکہ - وحشت کا عکس - بیقراری مرغ دل کا رقص - ویرانہ کا رمنا -
ایک گنگا - دوسرا جمنا - مگر جذبۂ دل کب مانتا ہے - چپ رہوں تو بھویں
تانتا ہے - دوستی کو دشمنی جانتا ہے - ہائے ہائے تمنائے عشق حسینان خیالی دلمیں
- بلکہ آب و گل میں - جیکے پورے ہونے کا اعتبار نہیں - بے وفا زندگی پر اختیار
نہیں - کچھ عجب حال پر اختلال ہے - نہ دل بر جا ہے - نہ خاطر بحال ہے -

یکسوئی سے یکسوئی ہے - طبیعت کیا ہے گویا چھوئی موئی ہے - بارے طبع پریشان کو گھیر گھونٹ کر کچھ کہنے کی ہمت بندھائی - تو گویا سونے کی چڑیا ہاتھ آئی سچ تو یہ ہے کہ امداد وَہُوَاللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ نے کار لطیف کیا - یعنی حضرت داغ کے دیوان دوم موسوم بہ آفتاب داغ کی غزلوں کو از اول تا آخر مطلع سے مقطع تک اونہیں قوافی و ردیف میں ہم ردیف کیا پھر اکثر غزلون کی طرح میں بعد پورا کرنے قوافی کے آزادانہ غزلیں لکھیں اور انکے سوا جو اس عرصہ میں دیگر طرحوں پر متفرق غزلین کہنے کا اتفاق ہوا تھا وہ بھی اسی میں ردیف وار درج کر دیں - زبان دہلی ایک ہی سانچہ میں ڈھلی ہوئی اور مستند زمانہ ہے - مگر - مضامین کی آمد اور بندش کی ترکیب اپنے اپنے افکار اور لیاقت علمی کے موافق جداگانہ ہے - یہ ایک وہ طرز خیال کی گئی ہے کہ آجتک دیوانہائے فارسی و اُردو اساتذۂ متقدمین یا متاخرین میں سے کسی میں نہیں دیکھی گئی - قدردانان سخن - و جوہر شناسان فن شاعری سے استدعائے داد ہے - او خطا پر اگر عیب پوشی کی آنکھ پڑجائے تو عین صاد ہے بقول مرزا بسم اللہ بیگ بسمل -

| | |
|---|---|
| جبکہ سخن مستحقِ داد ہے | پھر نہ ملے داد تو بیداد ہے |
| مستحق داد کو جو داد دے | آپ بھی وہ مستحق داد ہے |

غرض نقشی است کز ما یاد ماند
کہ ہستی را نمی بینم بقائے

واللہ المستعان

وعلیہ التکلان

فقط

## یامعین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلوہ نگاہ میں ہے کسی بے نیاز کا — پُتلی ہماری آنکھہ کی پُتلا ہے ناز کا

احمد میں میم حرف ہے راز و نیاز کا — اے چشم نکتہ بیں تجھے موقع ہے ناز کا

ہمکو خضر ملے نہ رہِ عشق مین کبھی — پھر کیون لقب ملا ہے مسافر نواز کا

مین وہ نہین کہ ناز تمھارا اُٹھاؤن گا — بندہ ہون اے بتو کسی بندہ نواز کا

سُن لیجے گوشِ دل سے کہ جھگڑا چکے کہین — قصّہ ہو مختصر مری عمرِ دراز کا

دل مین سما گئین جو حقیقت نمائیان — ہمنے کیا ہے قطع علاقہ مجاز کا

دامن پھٹے تو خیر گریبان نہ چاک ہو — اے جوششِ جنون یہی پردہ ہے راز کا

سینہ صدائے نغمۂ یا حق سے گونج اُٹھا — تارِ نفس نہین ہے یہ ہے تار ساز کا

ہم رہبرِ طریقت و محوِ جمال ہین — رستہ ہوا ہے صاف نشیب و فراز کا

عشق بتان حرام ہے حورون کا غم حلال — واعظ مجھے سبب تو بتا امتیاز کا

ایک آگ سی ہے پانی کے اندر لگی ہوئی — ادنے کرشمہ دلکی ہے سوز و گداز کا

دوزخ مین بھی وہ دامنِ زاہد نہ خشک ہو — چھینٹا پڑا ہے جسپہ یہان حرص و آز کا

ساقی پلا وہ مے کہ بجھے پیاس حشر کی — فتوا ملا ہوا ہے ازل سے جواز کا

ہے آرزو یہی کہ الٰہی بروز حشر — سایہ ہمارے سر پہ ہو شاہ حجاز کا

| | | |
|---|---|---|
| اللہ رے عشق تیری کرشمہ طرازیاں | | محمود غزنوی سا ہو بندہ ایاز کا |

(مقطع)

عاشق جھکائے رکھیو جبینِ نیاز کو
رتبہ بلند ہے سرِ عجز و نیاز کا

(زائد از طرح دیوان)

| | | |
|---|---|---|
| سیکھا ہے ہمنے عشق سے شیوہ نیاز کا | | پایا ہے تمنے حسن سے انداز ناز کا |
| خنجر کو دیکھکر سرِ تسلیم جھک گیا | | پایا ہے جان پہ کھیل کے رستہ نماز کا |
| کچھ شک اگر ہو عرصۂ محشر سے ناپ لو | | دامن دراز ہے مرے عجز و نیاز کا |
| کیسی کمر کہاں ہے دہان بات ہے کوئی | | یہ بھی ڈھکوسلا ہے کسی عشق باز کا |
| بخشا ہے رنگ گل کو نوا عندلیب کو | | تونے دیا صبا کو اثر اہتزاز کا |
| یارب یہ کون وادیٔ غربت مین مر گیا | | آئی صبا چڑھانے جو دونا نیاز کا |
| ٹھکرا رہے ہو قبر مری جان بوجھ کر | | توبہ کرو یہ کونسا موقع ہے ناز کا |
| سچ ہے کہ جانے والے کا مشکل ہے روکنا | | پیچھا نہ کر سکا کوئی عمرِ دراز کا |
| جسپر ہزار مہر تصدق ہون رشک سے | | اللہ رے داغ میری جبین نیاز کا |
| بیدار ہو کہ رات بہت کم ہے زیست کی | | اے بخت خفتہ وقت ہے عجز و نیاز کا |
| اللہ ہی بچائے دل ایسے غنیم سے | | لشکر ہے جسکے ساتھ بڑا کبر و ناز کا |
| پھونچے جہان رسول ملائک نجا سکے | | پل مین سفر کیا رہِ دور و دراز کا |

(مقطع)

عاشق جو ہمنے آہ بھری ہجر یار مین
اُڑ جائے گا دھوان فلک حقّہ باز کا

| | | |
|---|---|---|
| احمد اللہ کا محبوب ہوا خوب ہوا | | رنگ مین رنگ ملا خوب ہوا خوب ہوا |

چشم باطن ہمین مرغوب ہوئے خوب ہوئے
دل حق بین ہمین مطلوب ہوا خوب ہوا

پردہ حائل نہ رہا طالب و مطلوب مین کچھ
قربت حق کا یہ اسلوب ہوا خوب ہوا

فخر آدم بھی ہوا فخرِ دو عالم بھی ہوا
تجھ سا محبوب جو مرغوب ہوا خوب ہوا

سرمۂ حسنِ خداداد جو یوسف کو ملا
نور بینائی یعقوبؑ ہوا خوب ہوا

بیقراروں سے تمھارے نہ کبھی ہو سکتا
صبر پیدا پئے ایوبؑ ہوا خوب ہوا

مین نہ پیدا ہوا پہلے یہ کرم حق نے کیا
تیری امت ہی مین منسوب ہوا خوب ہوا

کلمہ حشر مین پڑھتا ہوا اوٹھا **عاشق**
ساری خلقت مین نہ محجوب ہوا خوب ہوا

## زائد از طرح

فرض ہے عبد کا معبود کو یکتا جانے
سجدۂ غیر جو معیوب ہوا خوب ہوا

ہوتی عبرت نہ ملائک کو انانیت سے
حق سے شیطان جو معتوب ہوا خوب ہوا

تو ہی تو دل مین سمایا ہے خدایا میرے
ماسوا تیرے جو مسلوب ہوا خوب ہوا

ہر بن مو سے نکلتی ہے صدا اصل علی
قبر **عاشق** پہ یہ مکتوب ہوا خوب ہوا

عشق مین بس یہ ہنر پیدا کیا
کچھ نہ رکھا جس قدر پیدا کیا

ضعف سے نئے موئے کمر پیدا کیا
تھا کہاں ہمنے مگر پیدا کیا

جو نمک زخموں پہ چھڑکے رات دن
چارہ گر وہ ڈھونڈ کر پیدا کیا

جستجوئے خانۂ دلدار مین
خود کو کھو کر دل مین گھر پیدا کیا

جب چلے دنیا سے خالی ہاتھ تھے
یون تو ہمنے عمر بھر پیدا کیا

ساتھ دیتا ہے اگر بھی آہ مین
دل نے اچھا نوحہ گر پیدا کیا

ان بتون کے ناز اوٹھانے کے لئے
عاشقون کو بے جگر پیدا کیا

کوہکن بھی کہہ اوٹھا اوستاد ہو
عاشقی مین وہ ہنر پیدا کیا

روئین ہم پھر دشمنون کی جان کو
ربط اوسنے پھر اُدھر پیدا کیا

وہ بھی دشمن کے لئے ہین بیقرار
عشق نے اولٹا اثر پیدا کیا

کیون نہ ڈوبے چارہ گر جب بحر خون
نبض میری چھیڑ کر پیدا کیا

آپ کے موئے میان کو دیکھہ کر
ہم نے بھی تارِ نظر پیدا کیا

ربط اون سے حضرت عاشق بھلا
آپ نے کیا دیکھکر پیدا کیا

## زائد از طرح

آہ نے اتنا اثر پیدا کیا
سر پہ اک چرخ دگر پیدا کیا

یا الٰہی موت کو کیون دے دیا
جو کیا اور جس قدر پیدا کیا

تم ستاتے ہو پہ خالق نے میرے
کچھ نہین تھا مین مگر پیدا کیا

سرورِ کونین کا اللہ نے
نور سب سے پیشتر پیدا کیا

جور کا شکوہ ہے کیا۔ خود ڈھونڈکر
ہم نے شوخ فتنہ گر پیدا کیا

دردِ دل کی چارہ جوئی خوب کی
اور اولٹا دردِ سر پیدا کیا

کچھ پتہ امید کا ملتا نہین
کیا عدم مین اسنے گھر پیدا کیا

عاشقون کی آہ بے تاثیر کو
بے گل و برگ و ثمر پیدا کیا

ان بتون کی کیا جدا خلقت ہے جو
بے دہان و بے کمر پیدا کیا

دل بھی قاصد کے گیا ہمراہ وہان
راہبر نے راہبر پیدا کیا

کشتۂ تیغ ادا نے شوق سے
شمع کی مانند سر پیدا کیا

(مقطع)

ہو گئی تشہیر عاشق اپنی بھی
نام قاتل نے اگر پیدا کیا

بھاری ہین بارِ غم سے بہت دوشِ نقشِ پا
کس سے گلہ کرین لبِ خاموشِ نقشِ پا

کیا موجۂ صبا کا ہو جو ہم آغوشِ نقشِ پا
ہے نازکی لطیف تن و توشِ نقشِ پا

گھٹ جائے قدر لعل و گہر کی جہان مین
بنجائے دل گر اپنا دُرِ گوشِ نقشِ پا

دل مین جو تھی زمین پہ وہ آبرو نہین
کیا سفت خاک دھول ہوا جوشِ نقشِ پا

نالے کئے تو دھول اوڑی راہِ نقش مین
آہین بھرین تو اوڑنے لگے ہوشِ نقشِ پا

سر میرا فخر سے ہو فلک پر گر آپ کا
مانندِ چتر سر پہ ہو سرپوشِ نقشِ پا

غلمان و حور جسپہ مٹے ہین وہ عکس نور
نام خدا ہے کیا ہی تن و توشِ نقشِ پا

تو نے گرا کے آنکھ سے اتنا کیا سبک
میت مری اوٹھا کے چلے دوشِ نقشِ پا

روتا ہون اوسکے نقش قدم کے خیال مین
جب سوچتا ہون شکل فراموشِ نقشِ پا

کچھ بھی کرین نہ ناز پھر اپنے شباب پر
حورین کبھی جو دیکھین ترا جوشِ نقشِ پا

افتادگانِ خاک کے لینے لگے قدم
جھکنے لگے ہین اب تو سر و دوشِ نقشِ پا

بادِ صبا کے ناز اوٹھاتا ہے راہ مین
اسواسطے ہوا ہے گران دوشِ نقشِ پا

جاے تو ہین وہ باغ مین لیکن یہ خوف ہے
ایسا نہو نسیم بھرے گوشِ نقشِ پا

وہ نقش پا زمین پہ ہین تصویرِ چشم حور
دل کیونکہ ہو نہ عاشق و مدہوشِ نقشِ پا

پوچھون اگر مین یار تیری کجروی کا حال
کچھ بول ہی اوٹھین لب خاموشِ نقشِ پا

(مقطع)

آیا ہے ہمکو یاد شباب پری وشان

## عاشق خدا دکھاوے نہ اب جوشِ نقشِ پا

بھرتے تو ہین وہ خاک سے آغوشِ نقشِ پا — گالی نہ دے اوٹھے لبِ خاموشِ نقشِ پا

ایسی ہوا چلی کہ اوڑے ہوشِ نقشِ پا — کچھ بولتے نہین لبِ خاموشِ نقشِ پا

میرا نہ حال دیکھ سکے اور نہ سُن سکے — آنکھین ہوئی ہین کور تو کر گوشِ نقشِ پا

تم کیا چلے گئے کہ تڑپتا ہے خاک پر — جز خاک کچھ نہین ہے خور و نوشِ نقشِ پا

جاتے ہین گھر وہ غیر کے یہ بولتے نہین — کیا سی دیئے گئے لبِ خاموشِ نقشِ پا

نقشِ قدم تمھارا سُنے میرا حال کیون — قسمت سے میرے پھوٹ گئے گوشِ نقشِ پا

بادِ صبا کے ہاتھ سے برباد ہونے کو — اچھا نہین ہے حد سے سوا جوشِ نقشِ پا

ہمنے بھی ہوش کوچۂ جانان مین کھو دیئے — دیکھے جو جا کے صورتِ بیہوشِ نقشِ پا

ایک آہ سے تری بھی اوڑا دونگا خاک مین — اے دامنِ صبا نہ ہو روپوشِ نقشِ پا

اسواسطے کہ حال نہ میرا کہین سنے — موجِ صبا نے کاٹ دیئے گوشِ نقشِ پا

لذّت مین بیخودی کے پڑے ہین وہ دم بخود — اوٹھینگے کیا اوٹھائے سے مدہوشِ نقشِ پا

کوئی شریکِ وقتِ مصیبت نہین مگر — یارب ہماری خاک ہو ہمدوشِ نقشِ پا

ڈرتا ہون مین کہ آگ نہ لگجائے آہ سے — پردے تو کھول ڈالین ذرا گوشِ نقشِ پا

جانے کا بزمِ غیر مین دیتے ہین سب پتا — ظالم نہ ہو تو وعدہ فراموشِ نقشِ پا

اے جان تم زمین پہ رکھتے ہو پانون کیون — ہوتی ہے خاکِ راہ ہم آغوشِ نقشِ پا

خورشیدِ حشر کیا ہے ہمارے رسول کا — کافی ہے ہمکو سایۂ آغوشِ نقشِ پا

پائے رسول پاک کا سر پر ہو جسکے نقش — اصلا نہو سکے گا سبک دوشِ نقشِ پا

## عاشق سبک خرام بنو مثلِ بوئے گل

پھر سہل سے رہو گئے ہم آغوش نقش پا

کر سکے گا خنجرِ فولاد کیا — سخت جان پر آپ کی بیداد کیا

ہجر مین کیون نغمہ سنجی عندلیب — نوحۂ غم کی مبارکباد کیا

سخت جان ہو تو بھی مجھ سا کوہکن — کر سکے گا دشنۂ فولاد کیا

اونکو کیونکر ہو مرے مرنے کا غم — جانِ شیرین کو غمِ فرہاد کیا

کثرتِ عشاق میخانہ مین کیون — خاکِ عاشق سے بھرے بنیاد کیا

آرزوئین دل کی ساری مر گئین — اب یہ بستی ہو سکے آباد کیا

دیکھتے ہی اوسکو بیخود ہو گئے — وہ بھی حیران ہین کرین ارشاد کیا

اوسکی چتون پر ہے بسمل اک جہان — ہو عیان بیدادگر کی داد کیا

جب توقع ہی نہین زاری ہو کیون — جب سماعت ہی نہین فریاد کیا

ہین قفس مین ہم تو دونون ایک ہین — یہ چمن کیا خانۂ صیاد کیا

یاد رکھنے کو جو کہتا ہون تو وہ — کہتے ہین تم کیا تمھاری یاد کیا

جینے جی جو مر گیا ہو آپ پر — مرگ پر اوسکی مبارکباد کیا

فصلِ گل آتی ہے آئے یا نہ آئے
وہ نہین تو دل ہو **عاشق** شاد کیا

## زاید از طرح

دادگر ہی جب نہین فریاد کیا — شکوۂ جورِ ستم ایجاد کیا

وہ کرے گا زلف سے آزاد کیا — دائمی قیدی کو ہو میعاد کیا

بھول کر بھی یاد جو کرنا نہ ہو — اوسکی اپنے دل سے بھولی یاد کیا

پائے بند عشقِ زلفِ یار ہین
پھر ہمین اندیشۂ صیاد کیا

یاد دلوایا جو اقرارِ وصال
ہنس کے بولے پہلی باتین یاد کیا

ہو رہے ہین غیر کے گھر رت جگے
پھر گئی اولٹی مری فریاد کیا

پھر کے کیون آتی ہے آہِ نارسا
گھر رقیبون کا ہوا برباد کیا

بے اثر ہین جب تو سب ہین رائگان
نالہ کیا آہ و فغان فریاد کیا

جل گیا ہے آتشِ ہجران سے خون
فصد کھولے گا مری فصاد کیا

جب کہ دامن خارِ غم سے چاک ہے
پھر جنون سے خواہشِ امداد کیا

جھوٹے وعدون پر ترے اے بیوفا
ہو دل ناشاد اپنا شاد کیا

اوڑ گیا تن کے قفس سے صیدِ جان
ہاتھ ملنے سے ہے اب صیاد کیا

توڑتا ہے دم مرے سینہ مین کیون
تجھپر اے دل پڑ گئی افتاد کیا

ان بتون کا دل پسیجے کس طرح
مین بھلا کیا اور مری فریاد کیا

مدعی میرے مقابل خاک ہو
اوسکی ہستی کیا ہے اور بنیاد کیا



شورِ یا لیلی کیا عاشق نے جب
قیس بولا نجد مین اوستاد کیا

مجکو تم چاہو غلط ہے یہ تماشا کیسا
خود مین عاشق ہون مرا چاہنے والا کیسا

وہ نہ آیا یہ گیا پڑ گیا رونا کیسا
کھو دیا دل بھی مرا تو نے تمنا کیسا

غیر سے آنکھ لڑی پھر وہ ہمارا کیسا
سحر محفل ہے یہ پتلی کا تماشا کیسا

قم کے کہنے سے نہ اوٹھا تری ٹھوکر سے جیا
ابن مریم کو مسیحائی کا دعوے کیسا

اک پریزاد کی زلفون کے بنے دیوانے
ہمنے گھر بیٹھے لیا مول یہ سودا کیسا

اے جنون شوق ہو کیون بادیہ پیمائی کا
گھر ہی ویرانہ سے افزون ہے تو صحرا کیسا

چشمِ میگون سے ترے مست ہے عالم ساقی
پھر خبر کسکو کہ ہے نشۂ صہبا کیسا

خواب مین دل جو تو روتا ہے ڈبوئیگا جہان
سوتے دیدون سے بہاتا ہے یہ دریا کیسا

کر دیا فرطِ تصور نے مجھے آئینہ
میری صورت سے ملا ہے ترا نقشا کیسا

پھنس گئے حضرتِ ناصح بھی کہین کیا شکوہ
خیر تو ہے سرِ بازار یہ چرچا کیسا

کیا مری موت تمھین تھے جو ہوئے ہو بدنام
لیتے ہین سوگ نشین نام تمھارا کیسا

بھکتے بھکتائے ہون رنجِ شبِ تنہائی غم
ایک بیچارہ غمِ حوصلہ فرسا کیسا

مین کبھی بوسہ جو مانگون تو تم انکار کرو
غیر کمبخت کا کر دیتے ہو چاہا کیسا

کاش دل سوز نہوتا صفتِ پروانہ
شمع رویون نے جلایا مجھے کیسا کیسا

تیر پہلو مین جبھو کر مجھے کہتا ہے وہ شوخ
ہم بھی دیکھین کہ ہے پتھر سا کلیجا کیسا

شیخ اوس بزم مین جاتے تو تماشا بنتے
ہم سے کیا پوچھتے ہین شب تھا تماشا کیسا

جسکی فردائے قیامت سے بھی فردا ہو سوا
دلِ مایوس سمجھ لے کہ ہے وعدا کیسا

اونکی پرسش پہ عزاداروں نے میرے یہ کہا
صفِ ماتم ہے یہان سیر و تماشا کیسا

شوقِ گلگشت ہے تو گنجِ شہیدان مین چلو
ہم تڑپنے کا دکھاتے ہین تماشا کیسا

دل اگر مال ہے میرا تو تمھارا بھی تو ہے
ایک ہین دونو تو پھر اپنا پرایا کیسا

زلزلہ کیون طپشِ دل سے نہ آئے **عاشق**
ہاتھ رکھ دیکھئے ہلتا ہے کلیجا کیسا

## زاید از طرح

چاہا مگر خونِ گلو رنگ نکالا کیسا
یار کا خنجرِ بیداد ہے چمکا کیسا

شوق دیدار مین آنکھون کا جھپکنا کیسا
پی گیا رشکِ عدو خونِ تمنا کیسا
قتل کے بعد وہ بولے یہ تماشا کیسا
نیمجانون کو تڑپتے ہوئے دیکھا تو کہا
بعد کشتن یہ نئی چھیڑ نکالی اوسنے
ہاتھا پائی سے شب وصل وہ یہ کہتے ہین
ٹھہرا ہے جوشِ جنون موسمِ گل آنے دے
کیا پسِ مرگ بھی ہے خواہش دیدار مجھے
مجھسے کہتا ہے کہ مین بھی ہون اسیر گیسو
سرد مہری سے تری جم گئے آنکھون مین اشک
ہان ذرا مین تو سنون کسکو کہا کون مرے
مین تری آنکھ مین رہتا ہون تو چھپتا کون ہے

سو گیا پہلو تو کروٹ کا بدلنا کیسا
کھا گیا غنچۂ غم ہائے کلیجا کیسا
پوچھو تو کہتے ہین تو پوچھنے والا کیسا
آج مقتل مین ہوا واہ تماشا کیسا
پوچھتا ہے کہ ہوا حال تمھارا کیسا
بھاڑ مین جائے ترا پیار لپٹنا کیسا
چاک دامن کا ابھی سے ہے تقاضا کیسا
پانو حسرت نے کفن سے ہے نکالا کیسا
بخیہ گر نے یہ نیا رشتہ نکالا کیسا
ہم تو رونے ہی کو رو بیٹھے ہین رونا کیسا
روز کا تم نے نکالا ہے یہ غمزا کیسا
تو مرے دل مین سمایا ہے تو پردا کیسا

تھا مسلمان مسلمان پہ دوزخ ہے حرام
اپنے عاشق کو بتو تم نے جلایا کیسا

یہ کیسا تربیتِ غیر سے شعور آیا
جب آتے غیر کو دیکھا اوسے غرور آیا
زبان پر ترے سو بار ذکرِ حور آیا
پلائی ہے مے توحید آج ساقی نے
نہ رکھیو جلوۂ دیدار سے مجھے محروم

غرور والے سے ملکر تمھین غرور آیا
کہ میرے ساتھ رہا ایک دور دور آیا
بیانِ خلد پہ واعظ تجھے غرور آیا
خمار جسکا نہین وہ ہمین سرور آیا
الٰہی خیر کہ نزدیک کوہِ طور آیا

تمام عمر رہے عشق مین بتون کے تپان
کبھی قرار بھی اسے جانِ ناصبور آیا

کسی کے حسن نے چٹکی سی لی کلیجے مین
کبھی جو خواب مین مجکو خیالِ حور آیا

سحر جو خواب مین اُس مستِ ناز کو دیکھا
بغیر بادہ پیئے آنکھ مین سرور آیا

عدو کے گھر کا بتایا نصیب نے رستہ
وہ اپنے گھر سے نکل کر جو تھوڑی دور آیا

پھرا جہان مین اکثر - حسین بہت دیکھے
نظر مجھی نہ کوئی تجھسا رشکِ حور آیا

کسی کے زلف کے دیوانے کب سمجھتے ہین
فتور دانشِ ناصح مین کچھ ضرور آیا

رقیب رشک سے جلتے ہین ہون کہین فی النار
کہ دیکھکر مجھے کہتے ہین ناصبور آیا

لڑا کے آنکھ بتون سے نشہ مین چور رہوے
حواسِ خمسہ مین کیا شیخ کے فتور آیا

جگر بہا غمِ فرقت کے جوش سے اے چشم
کہ ہر سرشک کے ہمراہ خون ضرور آیا

وہ مے نصیب ہے ہمکو نصیب ہے اے شیخ
خمار آیا نہ جس مین کبھی سرور آیا

ٹھہر کہین دلِ مضطر کہ ہے شبِ وعدہ
نہ آئے وہ تو پیامِ اجل ضرور آیا

کبھی ٹھکانہ رہِ شوقِ وصل مین اوسکے
گیا خیال بہت ہوکے دور دور آیا

سما گیا ہے نگاہون مین میرے نورِ قدم
جدھر اوٹھائے نظر جلوہ سازِ طور آیا

سوا اجل کے نہ تھا کوئی ایسے وقت شریک
مگر خیال ترا مرتے دم ضرور آیا

بلا سے قتل ہون نازش ہے اُنکے کہنے پر
ہماری مشقِ ستم کو یہ بے قصور آیا

ہمیشہ یاد رہین سرد مہریان تیری
شبِ فراق مین لرزہ ہمین ضرور آیا

سیاہ مستی مین ساقی کو کچھ نہ کہہ بیٹھون
الٰہی خیر مجھے بے طرح سرور آیا

جو میکدے کی طرف سے نکل گیا زاہد
تو رند بولے وہ شیدائے ذکرِ حور آیا

ہزار شکر جما رنگ خون عاشق کا

کہ جسکے قتل سے چہرے پہ اُنکے نور آیا

لئے جو ہاتھ مین خنجر وہ پُر غرور آیا
تو تشنگان شہادت کو کیا سرور آیا

کسی کی زلف کے سودے مین یہ ہوا سودا
جنون پکارا تو مینے کہا حضور آیا

اُدھر گیا تو ہزارون ہی فتنے ساتھ گئے
ادھر جب آیا تو ہنگامۂ نشور آیا

جو خاکساری سے گزرا ہوا وہ خاک بسر
اُسے فلک نے مٹایا جسے غرور آیا

وہ جب کسی کو بلاتا ہے فرطِ شوق سے مین
جواب دیتا ہون آیا اجی حضور آیا

نگاہِ مہر ہو **عاشق** پہ یا شفیعِ اُمم
کمال عجز سے ہے بر درِ حضور آیا

کچھ جان کے دینے سے تو حاصل نہیں ہوتا
مر جاؤن تمھین چھوڑ کے یہ دل نہیں ہوتا

تم اسپہ نہ روٹھو کہ مین بسمل نہیں ہوتا
ہان قتل مین اغیار کے شامل نہیں ہوتا

بے اُسکے مزا بزم کا حاصل نہیں ہوتا
جان تن مین تو پہلو مین مگر دل نہیں ہوتا

اک تو کہ مجھے بھول گیا ہائے رے غفلت
اک مین کہ تری یاد سے غافل نہیں ہوتا

انکار جفاؤن سے تو پہلے ہی تھا اُسکو
اب میری وفاؤن کا بھی قائل نہیں ہوتا

آئینہ ہو یا ماہ ہو یا مہرِ منوّر
کوئی تری صورت سے مقابل نہیں ہوتا

ان دونو مین آپس کا غضب میل ہوا ہے
لڑتی ہی نہیں آنکھ اگر دل نہیں ہوتا

لی جان ہزارون کی تو لاکھون کا پیا خون
پر سیر کبھی خنجرِ قاتل نہیں ہوتا

عاشق اُسے کہئے کہ جو اللہ سے اپنے
جز تیرے کسی چیز کا سائل نہیں ہوتا

مین رہروِ الفت ہون مرا کام ہے چلنا
تھکتا ہون غمِ دوریِ منزل نہیں ہوتا

جینا بھی نہیں چاہتا فرقت مین تمھاری
مرنے پہ بھی کمبخت مرا دل نہیں ہوتا

کمبخت اک امید پہ جیتے ہی رہے ہم
مرنا شب ہجران مین تو مشکل نہین ہوتا

تنہا نہ نکل دل مجھے ہوتی ہے خجالت
ٹکڑہ کوئی پیکان کا جو شامل نہین ہوتا

محشر مین بھی رخسار سے پردہ نہ اُٹھایا
ایسا بھی کوئی صاحب محمل نہین ہوتا

آج آنکھ لڑاتے نہین غیرون سے مرےجان
پُتلی کا تماشا سر محفل نہین ہوتا

مین سر سے ترے کوچۂ گیسو مین چلون گا
ایسا تو کوئی رہرو منزل نہین ہوتا

فرقت مین ترے کم نہین تصویر سے مین بھی
وہان جان نہین ہوتی تو یان دل نہین ہوتا

ایمان ہون سنبھالے ہوئے الفت مین بتون کے
مین یاد خدا سے کبھی غافل نہین ہوتا

یہ رشک ہے اغیار نہ چاہین تمھین ورنہ
کیا آپ پہ مرنے کو مرا دل نہین ہوتا

بوسہ نہ ملا وصل مین بھی وائے مقدر
مجھ سا کوئی تشنہ لب ساحل نہین ہوتا

وہ میرے جلانے کو ملا کرتے ہین اُس سے
جو پاس بٹھانے کے بھی قابل نہین ہوتا

فرقت مین نکل جانے کو ہے جان بھی طیار
سچ ہے کوئی ساتھی دم مشکل نہین ہوتا

معشوق پہ آہون کا اثر ہو بھی تو کیا ہو
**عاشق** تیرے پہلو مین کبھی دل نہین ہوتا

## زاید از طرح

پتھر ہے جو دل یار پہ مائل نہین ہوتا
مٹی ہے وہ معشوق جو خوشدل نہین ہوتا

اللہ رے مرا رشک کہ مرتا ہون اُسی پر
جسپر کوئی کم حوصلہ مائل نہین ہوتا

وہ قلزم رحمت ہے کہ دریائے معاصی
معلوم ہی جسکا کہین ساحل نہین ہوتا

تم تیغ لگاؤ تو تڑپنا مرا دیکھو
بے وار کئے کوئی بھی بسمل نہین ہوتا

پروانہ کو محفل مین وہ آنے نہین دیتے
کہتے ہین کہ کچھ جلنے سے حاصل نہین ہوتا

دق کرتا ہے پتھر مری چھاتی کا وہ بنکر
افسوس عدو کو مرضِ سل نہین ہوتا

کم سِن ہوا بھی دعوئے خوبی نکرو تم
جب تک نہ بڑھے ماہ بھی کامل نہین ہوتا

احباب سے کرتے نہین ہم یار کا شکوہ
قاتل اُسے کہتے ہین جو قاتل نہین ہوتا

میری نظرِ بد سے بچاتے ہین وہ رخ کو
کاجل کا نشان کرتے ہین گر تل نہین ہوتا

جمتا ہی نہین رنگِ حنا ہاتھ پر اُسکے
**عاشق** کا لہو اُس مین جو شامل نہین ہوتا

مین ہون وہ آئینہ تجھے تجھسا دکھا دیا
ربطِ نیاز و ناز سے نقشہ ملا دیا

پہلے کہا یہ بھول کے لے مُدعا دیا
بوسہ پہ پھر یہ بولے کیسکو ہے کیا دیا

دُکھ کم تھا ہجر کا جو غمِ جانگزا دیا
سب کچھ تو خیر رشک بُرا غیر کا دیا

سر ہم نے زیرِ خنجرِ قاتل جھکا کے آج
دعوئے مدعی سرِ مقتل اُڑا دیا

کیا خوب تمنے اس دُرِ غلطان کی قدر کی
جون اشک سرمہ آنکھ سے دل کو گرا دیا

منظر سے کس نے جھانک لیا ہے کہ ہمنشین
چلمن کیطرح مجکو زمین پر گرا دیا

احسان مانتا ہون مین پیکانِ یار کا
زخمِ دلِ جریح مین ٹانکا لگا دیا

نام کہین بتاوے کہ کسکا مکان تھا دل
مٹی کا کیا گھروندہ تھا جو تو نے ڈھا دیا

یہان تک بسے ہین دل مین کہ ویران کر دیا
توبہ بتون نے خانۂ کعبہ کو ڈھا دیا

سجدے کئے نشانِ کفِ پائے یار پر
تقدیر کے نوشتہ کو ہمنے مٹا دیا

قسمت سے نامہ بر بھی عدو سے گیا ہے مل
میرے بیان مین اُسکا بھی فقرہ ملا دیا

گلدستہ قبر پر جو چڑھایا نسیم نے
سینہ کو میرے رشکِ گلستان بنا دیا

بندہ بتو بنایا ہے مجکو تو یہ کہو
مجکو میرے خدا کے سوا تمنے کیا دیا

ہم کیون ڈرین رقیب سے دبنے کا ذکر کیا — کچھ آپ کا لیا ہے نہ کچھ آپ کا دیا
اُن سے ہوا وصال تو مین یہ سمجھ گیا — اللہ نے نصیب مجھے دوسرا دیا
کنجِ لحد مین کوچۂ جانان کی سیر کی — فرشِ زمین نے عالمِ بالا دکھا دیا

رہا گیا تھا جو ہجر مین **عاشق** وہ جی اُٹھا
لب اُسکے لب سے یار نے آکر ملا دیا

سم نے یہ ہاتھ سے مجھے اُسکے مزا دیا — شربت کا گھونٹ تھا کہ کسی نے پلا دیا
روزِ ازل مین ہمکو دلِ مبتلا دیا — کیا بندہ پروری ہے کہ بندہ بنا دیا
تربت پہ کیون چڑھا نے چلا بے وفا دیا — ظالم ہمارے زخمِ جگر کا بنا دیا
شب کو اُٹھا کے بزم سے دشمن کے سامنے — مین تم پہ مٹ چکا تھا مجھے کیون مٹا دیا
لکھا جبین پہ نامِ عدو ہمنے اے فلک — بد قسمتی سے حرفِ غلط کو مٹا دیا
اُس زلف و رُخ کی یاد مین دودِ فغان نے شب — جگر سے گرد ماہ کے ہالہ بنا دیا
کوچہ مین اُسکے بیٹھے تھے شوقِ وصال مین — کیا ہم غبار تھے جو صبا یون اُڑا دیا
احوالِ غیر پوچھ کے ہوتے ہو کیون خفا — کیا سچ مین جھوٹ اپنی طرف سے ملا دیا
دم بھر رہے ہین غیر کا کیا ہونٹ چاٹ کر — ان کڑوی کڑوی باتون نے اُنکو مزا دیا
بلبل کی آہِ سرد نسیمِ سحر ہوئی — صیاد دیکھ لیجو قفس اب اُڑا دیا
بالون کی کھال کھینچ لے کوئی خدا کرے — جوڑے نے کھل کے آپکا چہرہ چھپا دیا
ہمکو پئے ملال عدو کو پئے وصال — صانع نے جیسا چاہا تھا جسکو بنا دیا
جلوہ سے اُسکے نقش بدیوار ہو گئے — قفل ایسا بیخودی نے دہن پر لگا دیا
اُس پردہ دار کا مرے دم تک سنگھار تھا — اللہ رے سوگ پھولون مین زیور بڑھا دیا

قاتل کی تیغِ ناز کی اللہ رے چھیڑ چھاڑ | رونے مین بھرے زخمِ جگر کو ہنسا دیا

پہلے تو تمکو طرزِ جفا یاد ہی نہ تھی | یہ چال یہ چلن کہو کس نے بتا دیا

بوسہ نہ دو تو دل مین جگہ دو کہین مجھے | کچھ تو کہون جو پوچھے کوئی تجھکو کیا دیا

عاشق کے روبرو جو ملے عید غیر سے
اس دل جلے کو اور بھی تمنے جلا دیا

## زائد از طرح

نقشِ وفا کو یار نے دل سے مٹا دیا | کیا جانیئے رقیب نے پھر کیا پڑھا دیا

شامِ وصال شام سے مین بے خبر رہا | جاگا تھا بختِ خفتہ پہ مجھکو سلا دیا

حُسن اُنکو ہمکو حُسن پرستی عطا ہوئی | تقدیر نے ہر اک کو جو چاہا دلا دیا

بوسے لئے ہین خواب مین لبہائے یار کے | گپ چپ کی اس مٹھائی نے کیا کچھ مزا دیا

وحشت مین خاک اتنی اُڑائی کہ ہمنشین | ہمنے زمین کو چرخِ برین پر چڑھا دیا

ہم عمر بھر کہا کئے اور تو سُنا کیا | کچھ بھی جواب وصل نہ اے بیوفا دیا

محروم ہمنے غیر کو یون دید سے کیا | تارِ نگاہ عارضِ جانان پہ چھا دیا

حاصل ہوا نہ یار کا دیدار وقتِ مرگ | کہنے کو سب یہ کہتے ہین شربت پلا دیا

ہے خون دل شراب تو زخمِ جگر کباب | جو کچھ دیا نصیب نے سب کچھ بھلا دیا

مجھسے ضرور پوچھ لیا لوگے یا نہین | گردون نے گر کسی کو غمِ جانگزا دیا

پوچھا کسی نے عاشق خستہ کا حال جب | چٹکی مین اُس نے خاک کو لیکر اُڑا دیا

مقطع اول

عاشق کی زندگی مین تو کچھ قدر ہی نہ کی
اب کہہ رہے ہین ہائے یہ کسکو مٹا دیا

مین وہ بسمل ہون فلک خون سے افشان ہوتا
گر نہ زخمون کو مرے پاس نمکدان ہوتا

کون جز آہ شریکِ شبِ ہجران ہوتا
گھر نہ تھا در نہ تھا پھر کاہیکو دربان ہوتا

گر مرے پاس دلِ سوختہ سامان ہوتا
تیر قاتل کے سوا کوئی نہ مہمان ہوتا

مجھکو باور نہ ترا وعدۂ پنہان ہوتا
کاش جو دل مین ہے چہرہ سے نمایان ہوتا

جی مین ہے اُس بتِ کافر کو مین دلوا دیتا
کسی دُکان پہ بکتا اگر ایمان ہوتا

عمر بھر کرتے رہے ہمسے تو پیمان شکنی
کچھ تو غیرت اُنھین ہوتی اگر ایمان ہوتا

گر نہ ہوتا یہ حریفِ دلِ صد چاک تو پھر
شانہ کب زلفِ پریشان سے پریشان ہوتا

تیری زلفون کے تصور مین اگر نیند آتی
وحشتِ دل کی قسم خواب پریشان ہوتا

اک ترے تیرِ نظر نے ہین اُڑائے دونو
دل گیا تھا تو مرے پہلو مین ارمان ہوتا

خاک سے میری اگر جام بناتا ساقی
بوسہ لینا لبِ دلدار کا آسان ہوتا

خاکساری کے سبب حق نے دیا ہے رتبہ
یہ نہ ہوتی تو بشر کاہیکو انسان ہوتا

پاک کر دیتی اگر یہ سرِ تن کا قصہ
میری گردن پہ تیری تیغ کا احسان ہوتا

دخترِ رز بھی ہے اور ابر بھی ہے باغ بھی ہے
بُت وہ اس دور مین آتا تو مسلمان ہوتا

دستِ وحشت اُسے دو جھٹکون مین ٹکڑے کرتا
دامنِ دشت اگر میرا گریبان ہوتا

ہائے وہ بھی تو گیا ساتھ ہی دل کے مجھسے
کچھ خلش ہوتے کھٹک ہوتی جو پیکان ہوتا

چارہ گر سُنکے ترا ذکر ہوا خود ہی مریض
کس نے دیکھا ترے بیمار کا درمان ہوتا

وحشتِ دل اگر اُسکو بھی اُڑا لیجاتی
باغِ عالم ترے کوچہ کا بیابان ہوتا

بیکسی ہم سے کسی کی نہین دیکھی جاتی
کوئی پرسان بھی ترا اے شبِ ہجران ہوتا

تہیہ مرنے کی تمنا نے بچایا شبِ ہجر
موت آتی تو مین شرمندۂ احسان ہوتا

میرا دامن ترے دامن سے لپٹتا کیا کیا
عید ملتے تو بغلگیر گریبان ہوتا

غیرتِ حور نہ مرتا کبھی تجھپر عاشق
تیری صورت کا جو دیکھا کوئی انسان ہوتا

## زائد از طرح

سایہ انداز اگر گیسوئے پیچان ہوتا
جو گیا بھیس ترا اے شبِ ہجران ہوتا

حلقۂ زلف اگر سلسلہ جنبان ہوتا
پھر یہ دامن نظر آتا نہ گریبان ہوتا

اجل آجاتی ہمین یا کوئی مہمان ہوتا
جو کہ ہونا تھا سوا سے گردشِ دوران ہوتا

گر مین دریوزہ گرِ کوچۂ جانان ہوتا
وہی دربان جو بے مہر ہے دربان ہوتا

صحن گلشن مین کبھی وہ جو خرامان ہوتا
پا بہ گِل شرم سے شمشادِ گلستان ہوتا

گر نگاہون مین نہ تیرا رُخِ تابان ہوتا
خانۂ گور سے بدتر ہمین زندان ہوتا

گر خلافِ ادبِ عشق نہوتی یہ بات
تو مرے دستِ جنون مین ترا دامان ہوتا

آپ دیتے جو مجھے اپنے دوپٹے کا کفن
مین کبھی حُلّۂ جنّت کا نہ خواہان ہوتا

سچ تو یہ ہے کہ رقیبون نے اُنھین لوٹ لیا
خواب مین لیتے اگر بوسۂ جانان ہوتا

امتحان کا تھا مزا میرے اوسی دم قاتل
سرِ عدو کا بھی تہِ خنجرِ بُرّان ہوتا

ہائے ارمان نکالون تو نکالون کیونکر
دل جو پہلو سے گیا تیر کا پیکان ہوتا

زندگی کی کوئی تدبیر نہین بن پڑتی
موت ہی کاش علاجِ شبِ ہجران ہوتا

دشمنِ دعوی یکتائی بغل مین نکلا
دیکھکر آئینہ کیونکر نہ وہ حیران ہوتا

ہمکو ملبوس ہوس نے ہی ڈبویا عاشق
تر نہ ہوتا کبھی دامن جو نہ دامان ہوتا

## زائد از طرح

مین اگر اوس درِ دولت کا نگہبان ہوتا
سرِ بلقیس کی سوگند سلیمانؑ ہوتا

شبِ ہجران کا اگر چاکِ گریبان ہوتا
مہرِ رخشندۂ امید نمایان ہوتا

تل کی جا رُخ پہ جو میرا دلِ سوزان ہوتا
بالیقین جانئے مین نقطۂ قرآن ہوتا

بے گناہون سے بغلگیر ہے خنجر اُنکا
عید ہوتی مجھے گر غیر بھی قربان ہوتا

قتل کے بعد یہ احسان بھی کرتا قاتل
کچھ تبسّم سے بھی اپنے نمک افشان ہوتا

شکر ہے مجھسے نہ اُلجھا کبھی ناصح ورنہ
آستین ہوتی نہ دامن نہ گریبان ہوتا

خانۂ غیر تھا کیا چیز فلک پھنک جاتا
توسمۂ ذکار اگر نالۂ سوزان ہوتا

بیکسی یاس سے فریاد نکرتی کیا کیا
گر گذر اُنکا سوئے گورِ غریبان ہوتا

مدّت العمر سے بیچارہ یہی ہے اک درد
کون مونس تھا شبِ ہجر جو مہمان ہوتا

ہین وہ سودائی کہ لڑکون کا تماشا بنتے
گھر بناتے بھی تو بازیچۂ طفلان ہوتا

خون کے چھینٹے دمِ ذبح اُڑے کیون عاشق
لطف جب تھا کہ دریار نذ افشان ہوتا

اُنکے جانبارون کی تفصیل جو لکھتا عاشق
محضرِ خونِ دو عالم مرا دیوان ہوتا

قتل کے اضطراب نے مارا
اُنکی خوئے خراب نے مارا

آنکھ جھپکی تو غیر آئے نظر
ایسے بیہودہ خواب نے مارا

ہم کہے جائین وہ خموش رہین
سخنِ لاخواب نے مارا

بے وفا تجھسے لڑ گئی افسوس
نظرِ انتخاب نے مارا

وصل کی شب سمنے نہ وہ اُٹھتے
پاس کے اجتناب نے مارا

جستجوئے حرم مین دَیر ملا
ہمکو فکرِ ثواب نے مارا

روز جھگڑا ہے ایک بوسہ پر
حجّتِ ناصواب نے مارا

مین نے دشمن کو کچھ کہا صاحب
بے سبب کے عتاب نے مارا

طلبِ بوسہ پر لگائی تیغ تو
ہاتھ حاضر جواب نے مارا

لطف بیحد ہے جسکا جور اُسکے
ستم بے حساب نے مارا

فُرقتِ یار مین عجب چھایا
میری آنکھون پہ خواب نے مارا

روز فرقت کی سختیان ہے ہے
طپشِ آفتاب نے مارا

ہے مجھے انتظارِ آمدِ یار
موت کے اضطراب نے مارا

کیا اُٹھے حشر مین وہ اے عاشق
جسکو شرم وحجاب نے مارا

## زائد از طرح

حُسن کی آب وتاب نے مارا
اُنکے اُٹھتے شباب نے مارا

پیرِ مُغ کے عتاب نے مارا
آرزوئے شراب نے مارا

آپ کہئے مین کس کا کشتہ ہون
چرخ نے یا جناب نے مارا

ایسے پھندون سے خاک دل نکلے
زلف کی پیچ وتاب نے مارا

شیخ جی مُنہ بنا کے بیٹھے ہو
آپ کے اجتناب نے مارا

کیسے طوفان اُٹھائے ہین اسنے
میری چشمِ پُر آب نے مارا

غیر سے ہیجا بیان یہان شرم
ایسے اُلٹے حجاب نے مارا

چارہ گر کب بھرا وہ زخم جسے
پرتوِ ماہتاب نے مارا

بوسے دیتے ہین گر تو گنتی کیا
ہمین فکرِ حساب نے مارا

ہو خطا غیر کی خفا مجھپر
شکوۂ ناصواب نے مارا

نہ زمین وہ ہے اور نہ وہ دنیا
چرخ کے انقلاب نے مارا

جب وہ عاشق کہین تو کیون نہ مرون
مجھکو پاسِ خطاب نے مارا

بتخانہ کو ہمنے کبھی ویران نہین دیکھا
دیکھے تو بہت شیخ کو مہمان نہین دیکھا

کب غمکدۂ جان کو ویران نہین دیکھا
غم ساکوئی منحوس بھی مہمان نہین دیکھا

دشمن نے عذابِ شبِ ہجران نہین دیکھا
مرنے کا تماشا کبھی ہان ہان نہین دیکھا

ہان غیر کے گھر جاتے پریشان نہین دیکھا
یہان آتے مگر خوش تمھین ایجان نہین دیکھا

کیون چاک پہ اس کے میرے ہنستی ہے بلبل
ثابت کبھی گل کا بھی گریبان نہین دیکھا

تو غیر کا ہے تو بھی تو بھرتے ہین ترا دم
سچ بات ہے ہمسا کوئی نادان نہین دیکھا

بازار مین ہم کہتے ہین لے کوئی خریدے
ناچیز ہے وہ دل کوئی خواہان نہین دیکھا

مجھ جیسے خطاوار و گنہگار کا صاحب
جز فضلِ خدا کوئی بھی خواہان نہین دیکھا

خاکِ رہِ دلدار بنے پیرہنِ تن
وحشت مین کسی نے مجھے عریان نہین دیکھا

لاکھون کو کیا خنجرِ انداز سے بسمل
لیکن کبھی قاتل کو پشیمان نہین دیکھا

تمنے جو برآتی ہوئی امید نہ پائی
ہمنے بھی نکلتے ہوئے ارمان نہین دیکھا

فردوس کی خوبی پہ بہت ناز ہے شاید
زاہد نے کبھی کوچۂ جانان نہین دیکھا

ہے اپنی جفاؤن پہ انھین ناز وہان بھی
ہمنے انھین محشر مین پشیمان نہین دیکھا

آتا ہی نہین رحم کسی طرح سے ظالم
تجھسا تو ستمگار مری جان نہین دیکھا

بادل کے گرجنے سے عبث خوف ہے اتنا
کیا تم نے کسی اور کو نالان نہین دیکھا

ہین تیرے پریشان ہی آسودہ کہ ہمنے
گیسوئے پریشان کو پریشان نہین دیکھا

غیرون سے جو کی ہونگی تو کی ہونگی وفائین
ہمنے تو کوئی آپکا احسان نہین دیکھا

کب اُنکی نگھ دل شکنی کو نہین آئی
کب دل سے گذرتے ہوئے پیکان نہین دیکھا

اترائے ہوئے پھرتے ہین محشر مین بہت کچھ
حورون نے ابھی جلوۂ جانان نہین دیکھا

کرتی ہے بہت ناز مرے بخت کا چکر
تو نے ابھی اے گردش دوران نہین دیکھا

فرقت مین جو دل کو مرے آشفتہ سری ہے
اتنا ترے گیسو کو پریشان نہین دیکھا

آئینہ کی خلقت ہی مری جان ہے ایسی
کچھ آپ کے رُخ سے اُسے حیران نہین دیکھا

کیا جانے وہ امید کسے کہتے ہین جس نے
حسرت نہین دیکھی کوئی ارمان نہین دیکھا

کون الفتِ رخ مین نہ ہوا چاکِ گریبان
کسکو غمِ گیسو مین پریشان نہین دیکھا

وعدے تو کئے لاکھ ہوا ایک نہ پورا
سچا کوئی اقرار ترا ہان نہین دیکھا

فرقت مین یہ کہتا ہے دلِ زار کسی کا
طوفان ابھی اے دیدۂ گریان نہین دیکھا

امید بر آتی نہ سُنی ہم نے کسی کی
الفت مین نکلتے ہوے ارمان نہین دیکھا

یہ ضد ہے کہ عاشق نہ لکھا ہو کہین اسمین
اُسنے کسی شاعر کا بھی دیوان نہین دیکھا

## زائد از طرح

دنیا مین وہ کیا ہے جو مری جان نہین دیکھا
پر دل سے نکلتا ہوا ارمان نہین دیکھا

جز تیرے خدا کوئی نگہبان نہین دیکھا
اس بندۂ ناچیز کا خواہان نہین دیکھا

کب آہِ شرر بار کو سوزان نہین دیکھا
کب نالۂ سوزان کو فروزان نہین دیکھا

ہم جنبشِ مژگان ہی کو پہچان گئے ہین
کیا تیر کے پیکان کو پرافشان نہین دیکھا

زندون کو تو مرتے ہوئے دیکھا ہی جہان مین
زندہ کسی کشتہ کو ترے ہان نہین دیکھا

در بند تھا روزن بھی کئے بند قفس کے
ایسا کوئی زندان کوئی دربان نہین دیکھا

مجھسا کوئی آلودۂ عصیان نہین یا رب
تجھسا کوئی بخشندۂ عصیان نہین دیکھا

اوراق پریشان پہ جسے ناز نہین کچھ
**عاشق** سا کوئی ہمنے سخندان نہین دیکھا

روز دینے لگے آزار یہ کیا
اور سمجھنے ہوا سے پیار یہ کیا

جرم الفت کی ہے تعذیر یہ کیون
ہمسے رہتے ہن وہ بیزار یہ کیا

خواب مین بوسۂ لب پر جو نکے
بیخودی مین ہو خبردار یہ کیا

کیا قیامت ہے - تیری آنکھون کا
کوئی بچتا نہین بیمار یہ کیا

ضعف سے اُنکے کمر بنجاتا
میرے نزدیک ہے دشوار یہ کیا

ناتوانی ہوئی ہمدرد مری
درد کہتا ہے کہ سرکار یہ کیا

جنسِ دل ایسی تو بیکار نہین
پھر نہین کوئی خریدار یہ کیا

حشر کے روز جفاؤن کا جواب
دیکھئے دیتے ہین اغیار یہ کیا

ہو گیا اُنکا یہ اندازِ سخن
کچھ کہو کہتے ہین ہر بار یہ کیا

گھٹتا جاتا ہے تنِ زار یہ کیون
بڑھتا جاتا ہے جو آزار یہ کیا

تم تو غارتگر دل ہو صاحب
پھر تمھین کہتے ہین دلدار یہ کیا

جو سخن فہم نہین اے **عاشق**
سمجھین وہ آپ کے اشعار یہ کیا

## زائد از طرح

جان لینے پہ ہو طیتار یہ کیا
بوسہ دیتے ہوئے انکار یہ کیا

در گذر غیر کے الزامون پر
ہمکو ٹھہراؤ خطاوار یہ کیا

نفی و اثبات کے معنی کیا ہین
اُنکا انکار ہے اقرار یہ کیا

تیغِ ابرو نے سسکتا چھوڑا
تو کہا اور بھی ہے وار یہ کیا

داد دیجے کہ نہ دیجے لیکن
سُنئے کہتا ہے گنہگار یہ کیا

بے خطا ہون پہ خطاوار سہی
قتل کے وقت ہے تکرار یہ کیا

الفتِ غیر نہین گر تمکو
پھر ہے دشنام کی بھرمار یہ کیا

کچھ تو تشخیص کرو چارہ گرو
ہوگیا جان کو آزار یہ کیا

آہ کی مین نے تو بولے ہے ہے
جی اُٹھا عاشقِ بیمار یہ کیا

بزم سے تیرے بتاؤن کیا جو دل پر لیچلا
نالہ لب پر داغ دل پر دست بر سر لیچلا

بعد کشتن نعش وہ مقتل مین کیونکر لیچلا
کچھ تو دیکھے گا تماشہ جو مگر لیچلا

نالۂ دل جوش مین دل کو بھی باہر لیچلا
کیا غضب ہے لوٹ کر اللہ کا گھر لیچلا

بے خبر پاکر جو بر سے دل کو دلبر لیچلا
ہمکو اور اللہ دیگا کیا مقدر لیچلا

تیر کا پیکان جو میرے دل کے اندر رہ گیا
بدگمان بولا اِدھر آکیا چُرا کر لیچلا

خون رُلاتے ہو ہمین پر دیکھلینا ایکدن
کشتیٔ گردون بہاکر دیدۂ تر لیچلا

پھر وہی صحرا نوردی کوچہ گردی پھر وہی
پھر ہمین بیٹھے بٹھائے شوق دلبر لیچلا

کیا تجھے سودائے سنگِ آستانِ یار ہے
سر کو میرے کیون دلِ مضطر سوئے در لیچلا

کچھ نہ پوچھو ہمنشینو ہائے مجھسا ناتوان
سر پہ شرمِ معصیت کا بار کیونکر لیچلا

نیکیون کا ہر کوئی محضر لئے جاتا ہے ساتھ
عاشقِ بیچارہ پر عصیان کا دفتر لیچلا

کسقدر شوقِ شہادت نے کیا مضطر مجھے
نذر کرنے کے لئے قاتل کے خنجر لیچلا

صورتِ خالِ رُخِ تابان ہے مُہر راستی
مین سُویدا پر ترے الفت کا محضر لیچلا

جوشِ سودا مین چلے ہین جانب دشت جنون
ہم گئے اُس سمت کو جس سمت رہبر لیچلا

اہل محشر سے نہو مجھکو خجالت اس لئے
نامۂ اعمال کو اپنے چھپا کر لیچلا

شرط میرے قتل کی گر غیر سے کی ہو تو ہو
کچھ تو ہے قاتل جو میرا نام لکھکر لیچلا

باغ دنیا مین نہ تھے جز داغ حسرت گل کہین
انکا گلدستہ بنا کر روزِ محشر لیچلا

سُنکے زاری مضطرب لیلی بھی محمل مین ہوئی
ساربان جب قیس کے ناقہ برابر لیچلا

دیکھکر صیاد کو آتے ۔ بہت تڑپا تھا صید
یہ سُنی فریاد ۔ اُلٹی تو چکر پر لیچلا

ہائے قسمت سے ملا بھی نامہ بر وہ رازدار
جو مرا نامہ رقیبون کو سُنا کر لیچلا

ایک نے چھوڑا تو لیکر دوسرا چنپت ہوا
شوخیون سے دل بچا تو نازِ مضطر لیچلا

شوق مضطر کا بھلا ہو یہ لئے جاتا ہے ان
کیا تماشا ہے کہ اک مضطر کو مضطر لیچلا

بیکسی و یاس و حسرت رشکِ اعدا شوقِ دید
ایسے صدمے عاشقِ ناشاد اکثر لیچلا

اس توقع پر کہ دوزخ ایک چھینٹے سے ہو تر
بحرِ عصیان مین ڈبو کر دامنِ تر لیچلا

جان لین عاشق مجھے عاشق خدا کے نام کا
نقش مین اللہ کا لکھکر ہون دل پر لیچلا

## زائد از طرح

عاشقِ مہجور داغ ہجرِ دلبر لیچلا
دل سے جو کچھ بچ رہا تھا وہ جگر پر لیچلا

چشم غارت گر سے تیری کیا بچا تھا اے صنم
اک دلِ پر آرزو وہ بھی چُرا کر لیچلا

رہ گیا صیاد بھی بس دیکھتا کا دیکھتا
صید وہ تڑپا قفس کو بھی اُڑا کر لیچلا

آج مشتاق شہادت کو مسرت کیون نہ ہو
وہ کمر مین باندھکر مقتل مین خنجر لیچلا

رحمتِ حق پر نظر ہے اور شفاعت کی سپر

دفتر عصیان کو عاشق پیش داور لیچلا

مین کیا جیون کہ دل سا وفادار مرگیا — سب بجھ گئی ہوس کہ بڑا یار مرگیا
گلشن مین آج پھول ہین کسکے یہ کیا ہوا — کنج قفس مین صید گرفتار مرگیا
وہ لطف چھیڑ چھاڑ کا جاتا رہا تمام — غم کیون نہ ہو رقیب دل آزار مرگیا
رحمت برس رہی ہے یہ غفاریان تری — اچھا ہوا کہ مجھسا گنہگار مرگیا
اچھا تو کیا ہوا اگر اچھا ہے چارہ گر — مرہم لگاتے ہی جو دل افگار مرگیا
افسوس جھیل جھیل کے فرقت کی سختیان — ناچار مرگیا دل بیمار مرگیا
بیچارہ غش ہے جلوۂ روئے نگار پر — کہتا ہی کون یان ہی کا خریدار مرگیا
دو گھونٹ ہی پلا دو کہین شربت وصال — سن لوگے ورنہ تشنۂ دیدار مرگیا
جلنے دو ویہلی باتون کو جو دل مین ہو کہو — اقرار اٹھ گیا ہے کہ انکار مرگیا

عاشق کو یاد کرکے وہ کہتے ہین غیر سے
تھا سننے والا جو مرے اشعار مرگیا

زائد از طرح

اچھا ہوا کہ آپ کا بیمار مرگیا — مرتے ہی اسکے عشق کا آزار مرگیا
یو برملا عدو سے ہین نظارہ بازیان — کیا پانی آنکھ کا بت عیار مرگیا
گر یاس نوحہ گر ہے تو حسرت ہے ماتمی — کوئی غریب کیا پس دیوار مرگیا
حیرت سے وہ بھی نقش بدیوار رہ گئے — جب یہ سنا کہ عاشق بیمار مرگیا
دنیا کو لوگ کہتے ہین مہمان سراے خام — پانی ہے کچھ مگر تہ دیوار مرگیا
مین مرگیا تو زندۂ جاوید ہو گیا — اور مجھکو جانتے ہین یہ اغیار مرگیا
جی سنسنایا جاتا ہے اللہ رے نازکی — کہتے ہین بات بات پہ ہر بار مرگیا
سودے کا مول کون لگائے کہ دام نہین — اے زلف یار تیرا خریدار مرگیا

دیکھا جو اُنکو غرق پسینہ مین قُربِ غیر — پانی مین ڈوب کر دلِ بیمار مرگیا

شب کو کہان تھے آپ کہ مرجھا گئے ہین پھول — دیکھو تو میرے دل کی طرح ہار مرگیا

اے حسرتو یہ مرثیہ خوانی ہے کس لئے — ارمان مرگیا کہ دلِ زار مرگیا

آنکھین ہین لال لال تو چہرہ اُداس ہے — کیا آپ کا بھی کوئی طلبگار مرگیا

**عاشق** امیدِ وصل و غمِ ہجرِ یار مین
سو بار زندہ ہوگیا سو بار مرگیا

گیا جو بیٹھ نہ وہ کوئے یار سے اُٹھا — جو اُٹھا وصل کے قول و قرار سے اُٹھا

وہ غم ہین اور ہزارون جو اُٹھ سکین لیکن — نہ داغِ ہجر دلِ روزگار سے اُٹھا

بنا ہے رشکِ ارم سینہ اپنا داغون سے — جو بیٹھا جاکے نہ میرے مزار سے اُٹھا

صدائے قُم جو سُنون آپکی تو جی اُٹھون — یہ حشر مین بھی نہ اس انتظار سے اُٹھا

کھلے جو داغ تو اندوہ کا غبار اُڑا — یہ ابر آمدِ فصلِ بہار سے اُٹھا

بھلا چھپائے سے چھپتا ہے رُخ سے خونِ حیا — یہ رنگ وہ ہے نہ اُس گلعذار سے اُٹھا

گرو نہ قدر تم اسیر بھی ہے ستم کیسا — وہ ناز اُٹھایا۔ نہین جو ہزار سے اُٹھا

یہ خاکساری کا رتبہ ہے بن گیا وہ فلک — بگولہ جو کہ ہمارے غبار سے اُٹھا

خدا کے رحم نے بخشے گنہ کیا ہلکا — یہ بار جبکہ نہ مجھ شرمسار سے اُٹھا

پہنچ کے کعبہ مین گھستا رہا جبینِ نیاز — نہ سر مرا درِ پروردگار سے اُٹھا

صدائے دردِ مری قبرِ قیس مین پہنچی — تو زار زار وہ روتا مزار سے اُٹھا

وہ ساتھ غیر کو لایا تو رشک سے لاشہ — مثالِ برق تڑپ کر مزار سے اُٹھا

گیا جو بیٹھ وہ پہلوئے غیر مین شب کو — قرار میرے دلِ بیقرار سے اُٹھا

یہ بات کیا ہے کہ دل کو پکڑ کے بیٹھ گیا — جو بنکے دردِ سرِ بزمِ یار سے اُٹھا

اُٹھائے لاکھ غم و درد لیک رشکِ عدو — نہ تیرے وصل کے امیدوار سے اُٹھا

خدا نے بخشدیا تو جنازۂ عاشق
یہ سمجھو دُھوم سے اور افتخار سے اُٹھا

## زائد از طرح

دھوان ہمارے دل سوگوار سے اُٹھا — نہ سمجھو ابر ہے یہ کوہسار سے اُٹھا

گیا جو بیٹھ نہ وہ کوئے یار سے اُٹھا — اُٹھا کے ہاتھ مگر جانِ زار سے اُٹھا

حباب وار پھرے جیسے چرخ اور زمین — وہ جوشِ اشک مری چشمِ زار سے اُٹھا

وہ آیا تجھکو مبارک ہوا اے دل مُضطر — غبار دیکھ رہِ شہسوار سے اُٹھا

ترے وصال کے جبتک کیا نہ رشک نے خاک — نہ داغِ ہجر دلِ داغدار سے اُٹھا

مین شب کو خواب مین پہلوئے یار مین بیٹھا — تو غیر وہان سے بڑے اضطرار سے اُٹھا

اگر وصال ہوا تو رہا فراق کا غم — ذرا نہ لطف دمِ مستعار سے اُٹھا

پڑا رہا وہین پابوسیون کی حسرت مین — ہمارا دل نہ تری رہگذار سے اُٹھا

ہماری خاک اُڑا دی فلک نے اے عاشق
غبار گردشِ لیل و نہار سے اُٹھا

آزارِ عشق طالبِ دیدار ہی رہا — یون چارہ چارہ گر کو بھی دُشوار ہی رہا

ہرگز نہ سیدھے منہہ سے کبھی بات اُسنے کی — تھا پاسِ غیر مجھسے جو بیزار ہی رہا

ساقی خدا سے ڈر کہ سبھونکو چھکا دیا — باقی فقط مین ایک گنہگار ہی رہا

سیدھا کیا زمانے کو اخلاق نے مرے — برگشتہ ہائے مجھسے مگر یار ہی رہا

ظلم و ستم مین آپ وفادار خوب ہین
ایفا سے دور وصل کا اقرار ہی رہا

تیرے سوا کسی کو نہ چاہا تری قسم
دل بیخودیٔ شوق مین ہشیار ہی رہا

اُس چشمِ مست ناز پہ قربان رہا مدام
اچھا ہوا بھی گر تو مین بیمار ہی رہا

صیاد کو پسند ہے آوازِ دردناک
اے دل تو اب قفس مین گرفتار ہی رہا

پہنائے ہار پھولون کے غیرون نے راتدن
میرے گلے کا ہار یہ آزار ہی رہا

دیکھا کئے حبیبؐ کا جلوہ چہار سو
پیشِ نظر مدام وہ دیدار ہی رہا

عاشق کو کیا غرض ہے جفا کیجے یا وفا
ہے وہ وفا شعار وفادار ہی رہا

## زائد از طرح

بے ساغر و شراب جو سرشار ہی رہا
اُسکی نظر مین جلوۂ دلدار ہی رہا

روزِ جزا بھی مین تو وفادار ہی رہا
قاتل کا نام پوچھا تو اِنکار ہی رہا

زلفون سے تیرے عشق ہے یہانتک کہ خواب مین
مین دیکھتا ہمیشہ شبِ تار ہی رہا

ہے ہے وہ بعدِ قتل نہ ٹھکرائین نعش کو
تعذیر کا مین اب بھی سزاوار ہی رہا

تڑپا کیا مین پانو پہ قاتل کے شوق سے
پابوسیون کا مرگئے بھی آزار ہی رہا

گر قتل بھی کیا تو مجھے تیغ غیر سے
تیری سبکسری سے گرانبار ہی رہا

کتنا وفورِ شوقِ شہادت تھا وقتِ قتل
اک اور وار کا مین طلبگار ہی رہا

طالب ہوا نہ حور کا اغوائے شیخ پر
ثابت قدم یہ عاشق دلدار ہی رہا

دشمنِ جان حشر مین بھی اک جہان ہوجائیگا
گر اشارہ میری جانب کو وہان ہوجائیگا

دیکے خط بھیجا تھا قاصد کو یہ لکھا دیکھئے
کیا خبر تھی اُنپہ عاشق رازدان ہوجائیگا

تمنے گر ابروئے پُرخم کا اشارہ کر دیا
دیکھ لینا خون کا دریا روان ہوجائیگا

ہے یہی گردش زمانے کی تو اک دن دیکھنا
خانۂ اعدا حسینون کا مکان ہوجائیگا

خونِ ناحق کا مین دعوی کرکے کیا پھل پاؤنگا
خون بہا کا مدعی سارا جہان ہوجائیگا

اک نہ اک آفت سے دنیا مین رہیگا سامنا
وہ خفا ہونگے جو گردون مہربان ہوجائیگا

انتہا ظلم و ستم کی پوچھتے ہو کیا ابھی
حشر مین جو حال ہوگا سب بیان ہوجائیگا

زخمِ دل کو چھیڑتے کیون ہو خدنگِ ناز سے
دل کا پھوڑا ہے ہنسی مین خون فشان ہوجائیگا

تو جو آئیگی شبِ فرقت مین ہے میرا بھلا
تیرا کیا نقصان مرگِ ناگہان ہوجائیگا

آپ ڈھونڈین گے اوسے جسطرح عاشق آپکو
جب رقیبِ روسیہ بے خانمان ہوجائیگا

## زاید از طرح

عکسِ نقشِ پاے حضرت حرزِ جان ہوجائیگا
محو دل سے داغِ عشقِ مہوشان ہوجائیگا

سنگِ در پر جبکہ سجدہ کا نشان ہوجائیگا
میری بے جرمی کا شاہد یہ وہان ہوجائیگا

جب مقدر میرا سیدھا آسمان ہوجائیگا
خود بخود گھر پر بتِ نامہربان ہوجائیگا

غیر کا مہمان جو اپنا میہمان ہوجائیگا
پاسبان انکا ہمارا پاسبان ہوجائیگا

دو بدو جب اسکا میرا امتحان ہوجائیگا
غیر پر وہ مہربان نامہربان ہوجائے گا

بے اجل مرنا مرا کیا رائگان ہوجائے گا
کیا عجب جینا عوض مین جاودان ہوجائیگا

بے نشانی کا ہماری گر بیان ہوجائے گا
پھر مکانِ غیر اک ہو کا مکان ہوجائیگا

میرے نالون سے مکدر ہے ابھی سے آسمان
خاک ہوجائیگا آہون سے دھوان ہوجائیگا

کسکو ہم بہر شہادت لائین اپنا جانکر
انکو جو دیکھے گا انکا ہمزبان ہوجائیگا

ہمرازدان سے راز میرا پوچھتے ہین پوچھ لین
خود حجاب راز حائل درمیان ہوجائیگا

وامق و فرہاد و مجنون کی کہانی اور ہے
میرا افسانہ سُنے جو قصہ خوان ہو جائیگا

میری چشم زار و لاغر پر نہ ہنس نازک بدن
ناتوانی کے اثر سے ناتوان ہو جائیگا

میرا دل رشکِ عدو دونو بھٹکتے پھرتے ہین
یہ وہان ہو آئے گا اور وہ یہان ہو جائیگا

ہے وہ طفلی مین ہی جب غارتگر دین و خرد
کیا قیامت ہو گی جسدم نوجوان ہو جائیگا

ہمنفس ناصح جو آتا ہے تو آنے دے کہین
میرے نالے سُنکے یہ بھی نوحہ خوان ہو جائیگا

لب چپک کر بند ہونگے ہو سکے گی کچھ نہ بات
جو کہ اُس شیرین زبان کا ہمزبان ہو جائیگا

میرے پہلو سے نکل آئے دل کہ اندیشہ ہے یہ
دیکھکر تجھکو وہ مجھسے بدگمان ہو جائیگا

لوٹنی ہے لوٹ لے اس سبزہ رنگی کی بہار
خط کے آجانے سے پھر گلشن خزان ہو جائیگا

عشق ہے عاشق کسی کے ابروئے خمدار کا
تیر سیدھا بھی جو آئے گا کمان ہو جائیگا

اے کاش رقیبون کی طرح نام نکلتا
عاشق مرے ہونے سے نہین کام نکلتا

گر میری طرح غیر بھی بدنام نکلتا
تسکین مجھے ہو جاتی مرا کام نکلتا

قاصد کے دہن سے نہین پیغام نکلتا
بے اپنے گئے ہائے نہین کام نکلتا

مستی کے بہانہ سے لپٹ جاتے ہم اُسکو
میخانہ سے دیتا جو وہ دُشنام نکلتا

گر عکس کفِ پائے حنائی کا نہ پڑتا
تو رنگِ شفق ایسا نہ ہر شام نکلتا

چکر مین بھی پابند جنون ہون یہ غضب ہے
رستہ تو کوئی گردشِ ایام نکلتا

کیا آتے جو ہمراہ رقیبون کے وہ آتے
گر کام نکلتا بھی تو کیا کام نکلتا

معشوقون کو تھوڑی سی وفا بھی اگر آتی
عُشاق کا آغاز مین انجام نکلتا

پھر خاک مین ملجاتی جم و جام کی شہرت
بنکر میری مٹی کا اگر جام نکلتا

آتا جو ترا تیر مرے خانۂ دل مین — کیا عید مناتا ہوا آرام نکلتا

آنکھون مین نہ ہوتا جو تری زلف کا نقشہ — دن کیون شبِ ہجران کا سیہ فام نکلتا

دشمن کی خطاؤن پہ بھی شاباش ہے ہر دم — ہر میری وفاؤن پہ ہے الزام نکلتا

آسان بھی شبِ ہجر مین مشکل سا ہے مشکل — مشکل ہے بڑی یہ کہ نہین کام نکلتا

دشنام ہی دیتے وہ کہین بھول کے عاشق
ہم خوش تھے ترے نام پہ انعام نکلتا

## زاید از طرح

گر شام کو وہ ماہ لبِ بام نکلتا — خورشیدِ قیامت بھی سرِ شام نکلتا

مین وہ ہون اگر ہجر مے ناب مین روتا — خوننابہ ہر اشک سے اک جام نکلتا

قاصد کے تھکے پاؤن دلِ وحشی کے ہاتھون — ہر وقت ہے پیغام پہ پیغام نکلتا

بوسہ ہو بلائین ہون کوئی پیار ہو لیجے — جو قرض مری طرف ہو یا وام نکلتا

کھلتی ہے شفق چرخ پہ خونِ شہدا سے — وہ تیغ بکف ہے جو سرِ شام نکلتا

وہ پھینکتے تھے قرعہ مرا غیر کے شامل — کیا خوب تھا یا رب جو مرا نام نکلتا

مشہور زمانہ مین تھین رہزنِ دین ہو — مین چور نہین تھا کہ مرا نام نکلتا

عاشق مرے زخمون کا تماشا نظر آتا
گر تیر میرے پہلو سے گلفام نکلتا

بیست جب اغیار کو دیکھا اُسے دیکھا — ان جیسے خریدار کو دیکھا اُسے دیکھا

جب ہمنے خطِ یار کو دیکھا اُسے دیکھا — تحریر پر انوار کو دیکھا اُسے دیکھا

بے دیکھے کہان حضرتِ موسیٰ کو غشی تھی — ہان طور پہ دیدار کو دیکھا اُسے دیکھا

ہمزاد کے پھر دیکھنے کی کیا ہو تمنا
جب سایۂ دیوار کو دیکھا اُسے دیکھا
مشہور جہان یار کی ہے کبک خرامی
جب کبک کی رفتار کو دیکھا اُسے دیکھا
گر غیر کی فطرت سے ہوئے ہم نہین واقف
طرز بُت عیّار کو دیکھا اُسے دیکھا
دیکھا نہین کیون سورۂ اخلاص کو ہمنے
جب مصحفِ رُخسار کو دیکھا اُسے دیکھا
بجلی کی طرح وار لگا کر ہوا غائب
اُس شوخ کی تلوار کو دیکھا اُسے دیکھا
وہ یاس سے افسردہ ہوئی میری تمنا
اک برسون کے بیمار کو دیکھا اُسے دیکھا
گر تیغ دو دم اُسکی نہ دیکھی تو ہوا کیا
جب لوٹتے دو چار کو دیکھا اُسے دیکھا

عاشق کو نہ دیکھا ہو تو دیوان ہی کو دیکھو
گلدستۂ اشعار کو دیکھا اُسے دیکھا

## زاید از طرح

جسنے کہ شبِ تار کو دیکھا اُسے دیکھا
اُس کاکلِ خمدار کو دیکھا اُسے دیکھا
جب پرتوِ انوار کو دیکھا اُسے دیکھا
اور احمدِ مختار کو دیکھا اُسے دیکھا
قاتل کو نہ دیکھا تو ہے دیکھے کے برابر
گر خنجرِ خونخوار کو دیکھا اُسے دیکھا
ہر جزو مین ظاہر ہے وہ ہر گل مین نمایان
جب صنعتِ غفار کو دیکھا اُسے دیکھا
اسے شیخ قیامت کی ہے تو دید کا طالب
گر قامتِ دلدار کو دیکھا اُسے دیکھا

زاہد تجھے کیون جلوۂ ساقی کا ہے ارمان
گر عاشقِ سرشار کو دیکھا اُسے دیکھا

خاک ہو جائیگا اُس کوچہ مین جو جائے گا
ہو کے پامال پر اکسیر ہی ہو جائے گا
خوش عقیدت سے درِ کعبہ پہ جو جائے گا
کام دشوار ہو کیسا ہی وہ ہو جائے گا

سُنہ کی کھائے گا عدو خون ہی رو جائے گا
مین تو تیرا ہون اگر تو مرا ہو جائے گا

جان کے جانے کا جب وقت کہ ہو جائیگا
ہمدمِ جان ہے دل اسکو نہ لو جائے گا

بخت جاگے گا مرا آپ جو میرے ہونگے
بخت بیدار عدو رشک سے سو جائے گا

میری زاری تو وہ زاری ہے کہ انسان ہے کیا
قبر پر ابر بھی آئے گا تو رو جائے گا

وہ مری نعش کو یہ کہہ کے نہین ٹھکراتے
فتنہ جاگے گا جو ہشیار یہ ہو جائے گا

اے اجل ہجر مین آچک کہ سُنا ہے ہمنے
چین پائیگا تہِ خاک جو سو جائے گا

ہو مقابل نہ مرے دیدۂ خونبار کے دیکھ
آبرو مفت مین اے ابر تو کھو جائے گا

چارہ گر جانے دے کیون فکرِ دوا ہے تجھے
مرنا جینا ہے جو تقدیر مین ہو جائے گا

کوئی آیا نہین آیا تو عیادت کو یہ اشک
قلزمِ غم مین مجھے اور ڈبو جائے گا

غمکدہ کہئے جو دنیا کو تو زیبا ہے فلک
آتے رویا ہے ہر اک جاتے بھی رو جائیگا

خوش ہون گر قتل کرے ہاتھ سے اپنے قاتل
نام اپنا صفِ عشاق مین ہو جائے گا

خاک ہو جائیگا اور خاک بھی اُڑ جائیگی
مٹ ہی جائے گا ترے کوچہ مین جو جائے گا

دلِ بسمل کی تڑپ کیا کہون اللہ اللہ
خود تو جائیگا مگر جان کو بھی کھو جائے گا

دل خریدار ہے جس سودے کا سودا ہے بڑا
گر نہ سودا ہوا سودائی تو ہو جائے گا

چشمِ خونبار کو ہے اپنے تمنا عاشق
پا تو بیندھی سکے کوئی خون مین ڈھو جائیگا

## زائد از طرح

کون ہے وہ کہ تری بزم مین جو جائے گا
رشک ہے مجھکو کہ مجھسا ہی وہ ہو جائیگا

دل کو آبِ دمِ خنجر مین ڈبو جائے گا
قاتل احسان لبِ تشنہ پہ ہو جائے گا

رشک سے مرتے ہو مرجاؤ یہ عاشق سے کہا
غیر ہمراہ مرے جائے گا تو جائے گا

غمِ فراق مین دم وادرس نہین چلتا
نکالدون اسے سینہ سے بس نہین چلتا

ہمارے کہنے پہ فریادرس نہین چلتا
عدو کو چال بتائین یہ بس نہین چلتا

الم نے گھونٹ دیا ہے نفس نہین چلتا
اجل پہ غیر پہ گردون پہ بس نہین چلتا

ہجومِ یاس مین دل کہہ رہا ہے گھبراکر
کہ تجھ پہ زور مرا اے ہوس نہین چلتا

پھڑک رہا ہون کہ اُڑجاؤن لیکے پنجرے کو
وہ ناتوان ہون کہ مجھسے قفس نہین چلتا

جہان مین سکۂ داغِ جگر بجز عشاق
وہ بے رواج ہے لاکھون برس نہین چلتا

امید دید کو ہمراہ لیگئی حسرت
وہ پاس آے کہ جب دم نفس نہین چلتا

جنابِ شیخ ہین مفلس پئین کہان سے مَے
وہ من چلے ہین میان کا فرس نہین چلتا

ہوا ہون خانہ صیاد سے بہت مایوس
وہ عندلیب ہون مین بے قفس نہین چلتا

تمہاری شوخی نہ ٹھکرائے جب تلک اسکو
شہیدِ ناز کا ہرگز فرس نہین چلتا

بنائین کیونکہ ہم اُسکو پھر اپنا ای عاشق
جب اپنے دل ہی پہ کچھ اپنا بس نہین چلتا

## زائد از طرح

وہ ایک کام بھی بے فُلوس نہین چلتا
غضب مین جان ہے دونو پہ بس نہین چلتا

جو نامہ بر نے کہا چلئے وہ بلاتے ہین
تو بولے ناز سے کہدے ترس نہین چلتا

حسین بنتے ہین کیون حُسنِ چند روزہ پر
تمام عمر جوانی کا کَس نہین چلتا

نہ نامہ بر ہی پھرا اور نہ دن پھرے میرے
اُدھر سے کوئی بھی فریادرس نہین چلتا

کہا جو مینے کہ بندہ کا گھر قریب آیا
تو منہ بنا کے کہا مجھسے بس نہین چلتا

کسی طرح نہین کرتے قبول وہ مجھکو
وہ عذر ہون کہ کبھی پیش و پس نہین چلتا

کیا وہ ضعف نے عاشق اسیر پنجۂ غم
کہ چاک جیب و گریبان پہ بس نہین چلتا

میکدہ بے تیرے ساقی درہم و برہم ہوا
بادہ خوارون کے شکستہ دل ہوئے وہ غم ہوا

شور و غل اُٹھا جہان سب درہم و برہم ہوا
کون رو بیٹھا ہے دل کو جسکا اتنا غم ہوا

آج خود قاتل شہید ناز دشمن ہو گیا
اسلئے مقتل مین ہنگامہ جو تھا برہم ہوا

کیا صدائے نالۂ عاشق ہے زیب گوشِ گل
عندلیبانِ چمن کا آج نغمہ کم ہوا

شکر ہے کچھ تو ہماری آہ نے تاثیر کی
التفات یار دشمن پر جو تھا کچھ کم ہوا

یادِ دندان مین بہا جو اشک وہ گوہر بنا
اور گل تر پر گرا تو قطرۂ شبنم ہوا

مر گیا جب مین تو بیرحمی یہ انکی ہائے ہائے
کہتے ہین اچھا ہوا کچھ دردِ سر تو کم ہوا

غیر کے مرنے پہ وہ رونے لگے ہم ہنس دیے
خلق حیران ہے کہ شادی مرگ کا ماتم ہوا

جرعہ جرعہ وصل مین تھا غیر کو ماء الحیات
ہجر مین ساقی کے اک قطرہ پیا تو سم ہوا

خون میرا رنگ لایا ہے گل رخسار پر
عالمِ خوبی پہ اُنکے مبتلا عالم ہوا

تھا تلاشِ یار مین عاشق پتا ملتا کہان
وصل جانان ہوگیا خود ایسا محوِ غم ہوا

## زاید از طرح

خنجرِ ابرو کو شوقِ کشتن عالم ہوا
بلہوس کیا جان دیگا بار غم سے خم ہوا

میری بالین پر بھی دشمن سے وہی اخلاص ہے
سورۂ اخلاص آنکی میرے حق مین دم ہوا

یں یہانتک ہوگیا ہوں خوگرِ رنج والم
کم ہوا آزار تو اُسکا بھی مجھکو غم ہوا

غیر کی نخوت سے اُنکو جسقدر نفرت ہوئی
خُلق اُتنا ہی بڑھا جتنا تکبُّر کم ہوا

ساغر و پیمانہ و خم کی ہے آوازِ شکست
کون میخانہ میں آیا جس سے یہ اُودھم ہوا

مُنہ چڑھا ہے غیر یہانتک نتھ کا موتی بنگیا
دم بھرو تم دشمنوں کا ناک میں گو دم ہوا

کتنے پیچ و تاب کھائے گردشِ افلاک نے
پر کبھی سیدھا نہ اُسکا گیسوئے پرخم ہوا

جم گیا ہے خونِ دل جو سرد مہری سے تری
لو مبارک ہو ہمارے زخم کا مرہم ہوا

اک نہ اک مہمان نیا رہتا ہے ہجرِ یار میں
دردِ دل گر کم ہوا تو نالۂ پیہم ہوا

ہوگیا جو محرمِ اسرارِ ذاتِ لم یزل
وہ ہوائے نفسِ امّارہ سے نامحرم ہوا

تم دلِ عاشق میں ہو شہرت تمھاری کیوں نہو
اے بتو یہ آینہ اب رشکِ جامِ جم ہوا

نہ ہوا اچھا دلِ بیمار میرا
الٰہی ساتھ دے آزار میرا

بڑھے گا ہمنشیں آزار میرا
دلِ نادان رہا گر یار میرا

تمھاری جان ہے دل ہے تمھارا
نہ وہ ہرگز نہ یہ زنہار میرا

جگر کو چیر لیتا ہوں یہ کہکر
کہ نالہ جائے گا بیکار میرا

نزاکت اُنکی کہتی ہے سرِ بام
اُٹھا سکتا ہے کوئی بار میرا

دلا یا یاد جب اُنکو تو بولے
کہ ہے اقرار بھی انکار میرا

تمھارے نقشِ پا کے گرد ہے چاند
کہ ہے دیکھا ہوا دیدار میرا

جفائیں کرکے یہ تاکید کیسی
کہ محشر میں نہ ہو اظہار میرا

عدو کیا ہو مقابل میرے عاشق

نہین وہ جھیل سکتا وار میرا

## زاید از طرح

دوا ہے بڑھ گیا آزار میرا
قضا پر منحصر ہے کار میرا

نہ دل میرا نہ وہ دلدار میرا
مرا غمخوار ہے آزار میرا

اُڑا کر چٹکیون مین کہتے ہین وہ
جگر تک جائے گا سوفار میرا

کہانی میرے غم کی بڑھ گئی ہے
سُنے گا کون یہ طومار میرا

شب ہجران کی اللہ رے درازی
بڑھا ہے سایۂ دیوار میرا

خدا کی شان اُن سے کی سفارش
عدو بھی ہوگیا غمخوار میرا

وہ ہاتھا پائی مین بولے شب وصل
کہ دیکھو ٹوٹتا ہے ہار میرا

پڑا ہون کب سے گرداب الم مین
الٰہی کیجو بیڑا پار میرا

کوئی ہمدرد ملجائے تو عاشق
جتائے اُسکو حالِ زار میرا

وہ مجھسے کہتے ہین عاشق شب وصل
کہ تم اس مُنہ سے لوگے پیار میرا

قدر دانی کا مزا جاتا رہا
شعر خوانی کا مزا جاتا رہا

بات کے کرتے ہی عقدہ کُھل گیا
بے دہانی کا مزا جاتا رہا

تن سے قاتل نے کیا کیون سر الگ
نیمجانی کا مزا جاتا رہا

کیون خموشی کی لگائی منہ پہ مہر
گلفشانی کا مزا جاتا رہا

جان لی کیون رفتہ رفتہ دیکھے دُکھ
ناگہانی کا مزا جاتا رہا

غیر کو وہ گالیان دینے لگے
دُرفشانی کا مزا جاتا رہا

آگیا مہمان سرا مین رشکِ غیر — میہمانی کا مزا جاتا رہا
نامسلمان ہوگیا ہے اب وہ بُت — آناکانی کا مزا جاتا رہا
بات کرتے اُنکو غصہ آگیا — خوش بیانی کا مزا جاتا رہا
آن پہ مرکر دل نے کھویا لطف کو — زندگانی کا مزا جاتا رہا
ہائے وہ درا اور رقیبِ سنگدل — پاسبانی کا مزا جاتا رہا
سر اُڑا کر کیون سبک ہمکو کیا — سرگرانی کا مزا جاتا رہا
بام پر وہ جھانکتے ہین غیر کو — لن ترانی کا مزا جاتا رہا
میری تربت تو بنانی ہی نہ تھی — بے نشانی کا مزا جاتا رہا
حلقۂ عُشّاق جب ہمرہ نہین — نوحہ خوانی کا مزا جاتا رہا

صحبتین پہلی سی وہ عاشق کہان
نکتہ دانی کا مزا جاتا رہا

بھرم رکھے چلبلی چتون کسی کا — کہ عارض سے ہٹے دامن کسی کا
مٹا کر آپ ہی لو پوچھتے ہین — کبھی دیکھا تھا یان مدفن کسی کا
دلِ نادان ہے جیسا دوست اپنا — نہ ہو ایسا کوئی دشمن کسی کا
یہ سب خانہ خرابی عشق کی ہے — کہ صحرا بنگیا مسکن کسی کا
قیامت دل پکڑ کر بیٹھ جائے — وہ ہے اُٹھتا ہوا جوبن کسی کا
اُڑا دیتا ہے کیا کیا خاک میری — جھٹکنا ہاتھ سے دامن کسی کا
قیامت پر قیامت ہو رہی ہے — سُنا ایسا بھی ہے شیون کسی کا
نگہ کی سامنے بجلی سی کوندی — جو یاد آیا رُخِ روشن کسی کا

مٹانے کے نشان بھی مٹ گئے ہین
کہین ملتا نہین مدفن کسی کا

غرض رکھے نہ جز خالق کسی سے
تو پھر کیون ہو کوئی دشمن کسی کا

ہوا بینا ہمارا دیدۂ زخم
نظر مین تھا رخِ روشن کسی کا

برہمن بن گئے کیون حضرتِ دل
ہوا کیا خواب مین درشن کسی کا

مہکتی آئی ہے کیون آہِ عاشق
اُجاڑ آئی ہے کیا گلشن کسی کا

## زائد از طرح

ہوا ہے غمزہ تیر افگن کسی کا
کلیجا چھید دے چلمن کسی کا

شبِ وصلت کی اُف رے ہاتھا پائی
گریبان ہے نہ ہے دامن کسی کا

نہین اچھی یہ شوخی ہر گھڑی کی
نہ کھونا رعب اے چتون کسی کا

رہائی دامِ کاکُل سے نہ ہوگی
کہان جاتا ہے اب جوبن کسی کا

مرے لاشہ سے کہتے ہین کہ اُٹھو
مزا دیتا ہے یہ بچپن کسی کا

ہماری سختیان جو دیکھ پائین
کلیجا ہو گیا آہن کسی کا

نہ میرا ہے نہ وہ غیرون کا عاشق
ہوا ابھی ہے بُتِ پرفن کسی کا

فلک نے دیکھ لیا زور میرے نالون کا
تباہ حال ہوا وان کے رہنے والون کا

بنایا خاک سے غازہ پری جمالون نے
بڑھا ہے مرتبہ وہ تیرے پائمالون کا

گمان غلط ہے ستارے ہین بیشمار کہان
فلک پہ عکس ہے یہ میرے دل کے چھالون کا

ہزارون گالیان دیتے ہین وہ سرِ محفل
جواب خوب ملا وصل کے سوالون کا

فراق ہو جنھین ہو ہمکو وصل ہے ہر دم
کہ خال ہے دلِ سوزندہ اُنکے گالون کا

ہجوم شوق سے وہ جوش ہے خیالون مین
کہ روبرو ہے مرقع پری جمالون کا

نہین ہین عارض پر نور پر تری زلفین
خُدا کی شان کہ گورون مین گھر ہے کالون کا

ہین چاک چاک گریبان و دل فگار بہت
نہ پوچھو حال تم اپنے شکستہ حالون کا

ہمین ہے جلوۂ باقی کی آرزو عاشق
نصیبِ غیر ہو غمزہ پری جمالون کا

## زائد از طرح

اگر نظارہ ہے منظور خستہ حالون کا
تو آؤ کھولدین جوڑا تمھارے بالون کا

نہ گور ہے نہ کفن اُن شکستہ حالون کا
یہ حال ہے ترے کوچہ کے رہنے والون کا

تری گلی مرے رونے سے ہو گئی ندی
کئی برس سے مین پُل باندھتا ہون نالون کا

کہان تھا گرد مہ و مہر ہمنشین ہالہ
پڑا ہے عکس یہ گوشِ صنم کے بالون کا

نہ قیس مین مرے وحشت نہ کوہکن مین یہ شوق
کرو نہ ذکر مرے آگے دیکھے بھالون کا

تو سہرا نہ گوندھ کہ شاگرد ہونے والا ہے
مرا نصیب ترے لمبے لمبے بالون کا

مزارِ حضرت خواجہ پہ جھومتا آیا
کوئی ولی ہے کہ پنکھا ہے پھول والون کا

خزان کے دن گئے آئی بہار اے عاشق
دماغ عرش پہ ہے سارے نونہالون کا

## غزل ہائے غیر طرح دیوان ردیف الف

وہ مرتبہ ہے ہمیں ترے آستانے کا
کہ فخر شاہون کو ہے جبہہ سر جھکانے کا

مین منتظر ہون شبِ غم قضا کے آنے کا
نوید دل کو کہ ہے وقت جان جانے کا

ہوئی ہے گردش دوران سے خاک تک برباد
چھٹے گا وقت فنا واسطہ زمانے کا

ہمارے خون بہانے کا خون بہا یہ ملا
ہوا ہے شوق اُنھین پھر حنا لگانے کا

اُنھین ہے قصۂ اغیار سے غرض ہر دم
نتیجہ کیا ہے مری داستان سُنانے کا

اِدھر ہے تاک مین صیّاد اُدھر کمین مین ہے برق
پتا ملے گا نہ بُلبُل کے آشیانے کا

وہ بھول جاتے ہین تو یاد خود دلاتا ہون
ہوا ہون جب سے مین خوگر ستم اُٹھانے کا

مجال کیا تری گیسو سے یہ کبھی اُلجھے
ہے انفعال سے صد چاک سینہ شانے کا

نہ وہ جگر ہے نہ دل ہے نہ وہ طبیعت ہے
عدو مین حوصلہ کب ہے ستم اُٹھانے کا

ہمارے دل کو ہے زلفون مین یادِ خالِ صنم
اسیرِ دام ہے محتاج ایک دانے کا

نہ تم کہین نہ دعا دین لگائین اک ٹھوکر
نیا طریق نکالا ہے یہ جلانے کا

یہ کچھ ہے گورِ غریبان پہ بیکسی کا ہجوم
کہ حسرتون نے دیا کام شامیانے کا

ابھی جوان ہو **عاشق** مرون مرون نکرو
قضا کو یہ بھی کوئی وقت ہے بُلانے کا

## دیگر غیر طرح

قتل کرنے مین مرے قاتل کو ہے تاخیر کیا
سوچتا ہے ظلم نو ایجاد کی تدبیر کیا

ایک عالم مین ہے غل شور قیامت ہے بپا
بل گئی ہے زلف کے دیوانے کی زنجیر کیا

سر دھری ہے تمھاری خاک مین مل گئے میان
نالۂ سوزان ہمارا اب کرے تاثیر کیا

سوز ہجران نے جلایا غم نے کشتہ کر دیا
وہ بنائین گے ہماری خاک کی اکسیر کیا

قصہ طولانی ہے جان لب پر ہے کب تلک
کیا کہون قاصد زبانی اور کرون تحریر کیا

اک نظر دیکھا جدھر گویا مسخر کر لیا
آنکھ مین اُنکے بھرا ہے سرمۂ تسخیر کیا

ایک سے ہے ایک بڑھکر غارتِ دل کیجے لئے
ناز کیا انداز کیا تصویر کیا تقریر کیا

دل کو شوقِ زخم اور ہے زخم مشتاق نمک
چارہ گر سے پھر شفا کی ہو سکے تدبیر کیا

ہم نہ ہونگے مانی و بہزاد کے قائل کبھی
جبکہ گویائی نہین تصویر مین تصویر کیا

دور ساغر چل رہا ہے محفلِ اعدا مین آج
دیکھین دکھلاتی ہے اب یہ گردشِ تقدیر کیا

ایک مدت سے تھا خود آوارہ و بدنام وہ
نعشِ عاشق کے لئے پھر حاجتِ تشہیر کیا

## غیر طرح دیوان

جذبِ دل آہستہ آہستہ اثر کر جائے گا
تیرِ مژگان رفتہ رفتہ دل مین گھر کر جائے گا

چارۂ ریشِ درون کیا چارہ گر کر جائے گا
بخیۂ زخمِ جگر تارِ نظر کر جائے گا

نالۂ گردون شکن جس دم اثر کر جائے گا
چرخ آہون سے ہمارے الحذر کر جائے گا

آگیا مہمان سرا مین جو سفر کر جائے گا
مثل سایہ ڈھلتے پھرتے ہی بسر کر جائیگا

ماہیِ بے آب کی مانند تڑپے گی سدا
خون ہمارا تیغِ قاتل پر اثر کر جائے گا

سو قدم تک جائیگا خونِ شہیدان ساتھ ساتھ
جب سوئے گورِ غریبان وہ گذر کر جائے گا

مجھسے کہتا ہے کہ چلتے چلتے بھولا مدعا
کیا خبر تھی چال ہمپر نامہ بر کر جائے گا

یاد گیسو ہے شبِ ہجران مین وہ طولِ امل
قصۂ عمرِ روان کو مختصر کر جائے گا

جب نہو تقدیر سیدھی خضر کی منت عبث
اور بھی گم گشتہ ہمکو راہبر کر جائے گا

دستِ وحشت کو میرے دامن سے الفت ہو گئی
تار تار ایک اک جدا اسے بخیہ گر کر جائے گا

دل جگر دونون ہین حاضر لو مبارک ہو ہمین
آج انکے سر سے کچھ صدقہ اتر کر جائے گا

ساقیِ کوثر کا گر دستِ کرم ہے فیض پر
ابرِ رحمت تشنہ لب کے لب کو تر کر جائے گا

میری قسمت کا یہ لکھا کیا خبر تھی قیس بھی
عشق کی جا گیہ میرے نام پر کر جائے گا

اُسکے جوہر سے ہزاروں مہر پا ئین گے نمود
میرا داغِ دل اثر شمشیر پر کر جائے گا

کیا خبر تھی اے دلِ نادان کہ شہرہ عشق کا
ہمکو یون آوارہ گرد و در بدر کر جائے گا

غیر سب کہنے ہی کے عاشق ہین قاتل دیکھنا
نام مقتل مین یہی تفتہ جگر کر جائے گا

دل جگر دونون ہدف سوفار بنکر جائینگے
تیرِ قاتل جبکہ پہلو سے گذر کر جائے گا

بیکسی سے کہہ رہی یاس و حسرت ہائے ہائے
تیرے کوچہ مین جو آئے گا وہ مرکر جائے گا

مین زمانے مین ہون عاشق دہلی ملک سخن
غیر آئے گر مقابل تو بچھڑ کر جائے گا

## غیر طرح دیوان

گیسوئے یار نے سب مشکِ ختن لوٹ لیا
گل رُخسار کی نزہت نے چمن لوٹ لیا

لبِ خاموش نے انداز سخن لوٹ لیا
دہن یار نے غنچہ کا دہن لوٹ لیا

گر گئے چتنے ستارے تھے شرارے بنکر
میری فریاد نے شب چرخ کہن لوٹ لیا

حسرت و یاس نے ڈھانکا تھا تن عریان مجھ
مجھکو کیون قبر مین اے دُزدِ کفن لوٹ لیا

ہاتھ کیون میرے گریبان کو لگایا تمنے
رشک سے آنکے حورون نے کفن لوٹ لیا

دی جوانی نے تری اسکو بد حسن پیری مین
تیری رفتار نے گردون کا چلن لوٹ لیا

ہائے افسوس نگران رہا غیر کے ہاتھ
زخم دل کہتے ہین اے تیر فگن لوٹ لیا

رنگ عارض نے ترے لوٹ لیا لالے کو
چشم پرخون نے مری لعل یمن لوٹ لیا

بیکسی یاس سے کہتی ہے شب فرقت مین
اے ہجوم غم اندوہ و محن لوٹ لیا

کبھی حیرت مین رہیگا تو کبھی سکتہ مین
تو نے آئینہ کو دکھلا کے پھبن لوٹ لیا

سرو۔ قد سے ترے شرمندہ۔ تبسم سے گل
تیرے جوبن نے صنم رنگِ چمن لوٹ لیا

دل ہزارون کے جو ڈستی ہے نکلجاتی ہے
گرہ زلف نے کیا سانپ کا من لوٹ لیا

سچ تو یہ ہے کہ تیرے ہین جہان کے شاعر
بزمِ **عاشق** مین گئے لُطفِ سخن لوٹ لیا

اُسنے زیور چڑھا کے دیکھ لیا
تیغ کو آزما کے دیکھ لیا

کوئی گاہک نہین خدائی مین
دل کا سودا بنا کے دیکھ لیا

میرے گھر تھے نہ غیر کے گھر تھے
شب اُنھین آزما کے دیکھ لیا

تیرے جلوہ کے ہین نشان ہرسو
ہرطرف ہمنے جا کے دیکھ لیا

غیر سے ربط اُنکا کم نہ ہوا
لاکھ قسمین دلا کے دیکھ لیا

زہر حق مین مرے ہوا اکسیر
تمنے ہاتھون پلا کے دیکھ لیا

یہ تماشا کوئی تماشا ہے
آنکھ اُٹھا صف لُٹا کے دیکھ لیا

ہجر مین موت بھی نہین کمبخت
بخت کو آزما کے دیکھ لیا

رخِ روشن نے دل مین کام کیا
جلوہ چاہا جلا کے دیکھ لیا

شیخ جی کی دھری رہی شیخی
ایک چُلو پلا کے دیکھ لیا

میرا حالِ نزار چھوٹا تھا
اب تو خود تمنے آکے دیکھ لیا

پڑگئی کیسی بزم مین ہلچل
پاس اُن کو بٹھا کے دیکھ لیا

رقصِ بسمل سے ہے موجِ دودِ فغان
دل جلے کو بجھا کے دیکھ لیا

اور بیدرد ہوگیا بیدرد
درد دل بھی جتا کے دیکھ لیا

غیر بیدرد بے وفا ہین دوست
آزما آزما کے دیکھ لیا

اپنا ثانی وہ آپ ہی نکلے
آئینہ بھی دکھا کے دیکھ لیا

امتحان اور بھی رہا ظالم
جتنا چاہا ستا کے دیکھ لیا

وہ نہ آئے تو کیون یہ آئی تھی
شب قضا کو بُلا کے دیکھ لیا

وقت بد کا کوئی شریک نہین
موت کو بھی بُلا کے دیکھ لیا

گر پڑی برق سی اُدھر کہ جدھر
اُسنے چتون اُٹھا کے دیکھ لیا

جلوہ وہ جو کبھی نہ دیکھا تھا
نقش ہستی مٹا کے دیکھ لیا

آپ بھی دردمند ہو ہی گئے
دل **عاشق** دُکھا کے دیکھ لیا

دل ابھی کیا تھا ابھی کیا ہو گیا
دوسرا معشوق میرا ہو گیا

بڑھ گیا یہ آرزو کا سلسلہ
نخل غم نخل تمنا ہو گیا

اب ہمارا آپ کا ہے تذکرہ
ذکر مجنون اور لیلا ہو گیا

وصل مین چھیڑا تو بولے ناز سے
خیر ہے صاحب تمھین کیا ہو گیا

قتل کر ڈالا نگاہ ناز سے
دشمن جانی مسیحا ہو گیا

میرے مرنے کی خبر سُنکر کہا
مر گیا بیمار اچھا ہو گیا

کون یوسف آگیا بازار مین
سب خریدارون کو سودا ہو گیا

ہمنے پلکون سے چھپایا یار کو
آنکھ جھپکی بند پردا ہو گیا

وہ مرے دشمن ہوے دشمن کے دوست
**عاشق** اس دنیا مین کیا کیا ہو گیا

## ردیف بائے موحدہ بموجب طرح دیوان

ہجر کی شب مین ہے ساقی سفرِ جامِ شراب — صبحِ محشر ہے اگر ہو سحرِ جامِ شراب

لب بلب ہوکے جو لیتا ہے کسیکے بوسے — رشک کہتا ہے کہ توڑون کمرِ جامِ شراب

لڑکھڑاتا ہوا آتا ہے جو گرتا پڑتا — کیا ہوا شیخ کے گھر مین گذرِ جامِ شراب

دل تھا ایک قطرۂ خون مے کے عوض پینے کو — وہ بھی غم پی گیا اے دادگرِ جامِ شراب

نرگسِ مست سے اُسکی ہین وہ بیخود میکش — کوئی لیتا نہین اُٹھکر خبرِ جامِ شراب

ہوگا گر عکس فگن موئے میانِ ساقی — بال پڑ جائیگا تجھمین جگرِ جامِ شراب

بہکی بہکی سی جو کرتا ہے یہ باتین زاہد — ہوگیا اُسکو بھی شاید اثرِ جامِ شراب

شیخ کا دامنِ تر چوس ہی لیتا ہے اسے — خشک کیونکر نہو پھر چشمِ ترِ جامِ شراب

ہاتھ سے ساقیِ کوثر کے پئین مے عاشق
کہ خمار آکے نہو دردِ سرِ جامِ شراب

## زائد از طرح

وصل کی رات ہوا یہ اثرِ جامِ شراب — اُنکو میری تھی نہ مجھکو خبرِ جامِ شراب

تھوڑی سی وار کے سر پہ سے چھڑک دیتے ہین — چشمِ میگون کو نہ ہو تا نظرِ جامِ شراب

میکشون کی نہین تھمتی ہے جو ہچکی دمِ مرگ — ہوتا ہے جان کے ہمرہ سفرِ جامِ شراب

تاک مین رہتی ہے مدت سے مگر اے زاہد — چشمِ میگون نے نہ پایا شجرِ جامِ شراب

خلد سے آیا جو اُترکر یہ تری محفل مین — کیا نکل آئے ہین کچھ بال و پرِ جامِ شراب

چشمِ مخمور نے ساقی کے کیا شام سے مست
ہوگی کسطرح سے عاشق سحرِ جامِ شراب

کب شام کا فراقِ صنم مین نشان ہے اب — جب شام ہی نہین تو سحر پھر کہان ہے اب

کیا خوب رازداروں نے کین رازداریان ۔۔۔ رازِ نہان ہے اور جہان کی زبان ہے اب

بھولا جہان نوحۂ فرہاد و قیس کو ۔۔۔ ہر نوحہ خوان ہے اور ہمارا بیان ہے اب

یہ ناتوانیون کی ہین زور آزمائیان ۔۔۔ سرگرمِ نالہ ہونے کی طاقت کہان ہے اب

پہلو مین دل نہین تو پھر اُسکا نشان کہان ۔۔۔ جان کو پئے تلاش سرِ لامکان ہے اب

سنکر عدو کا نالہ یہ کہکر چلے گئے ۔۔۔ دیتا ہے بانگ مرغ کہ وقتِ اذان ہے اب

تاخیرِ قتل مین ہو تو سر پھوڑتا پھرے ۔۔۔ مشتاق تیغ ناز کو سر تک گران ہے اب

دل آپ ہی تو لے کے ملایا ہے خاک مین ۔۔۔ اور مجھسے پوچھتے ہین وہ مضطر کہان ہے اب

وہ تیرے آستان کے سبب مرتبہ بڑھا ۔۔۔ یہان کی زمین زمین نہین آسمان ہے اب

سوچے تھے پاسبان ہی کو اپنا بنائین گے ۔۔۔ قسمت سے جو عدو تھا وُہی پاسبان ہے اب

ہون تنگیٔ زمانہ سے دل تنگ اِس قدر ۔۔۔ ارمان کے دل مین رہنے کی وسعت کہان ہے اب

آزارِ عشق تھا سو وہ آزارِ جان ہوا ۔۔۔ جان مرگِ ناگہان کے لئے ارمغان ہے اب

اے سروِ نوبہار ترے رُخ کے سامنے ۔۔۔ رنگِ چمن پریدۂ بادِ خزان ہے اب

قاتل ہے بعد قتل تڑپنے کا منتظر ۔۔۔ یہ امتحان کے بعد نیا امتحان ہے اب

اگلا سا رنگ روپ نہین ربطِ غیر سے ۔۔۔ وہ ناز وہ کرشمہ وہ جوبن کہان ہے اب

دم بازیان کسی کی دمِ تیغ ہو گئین ۔۔۔ خم زلف خم بخم کا خمِ آسمان ہے اب

سوتا نہین ہے رات کو تا خواب مین نہ آئے
عاشق سے اسقدر وہ صنم بدگمان ہے اب

## زائد از طرح

کل تم جو لیکے آئے تھے وہ دل کہان ہے اب ۔۔۔ باقی ستم اُٹھانے کو اک تن مین جان ہے اب

| | |
|---|---|
| شبہائے تارِ ہجر مین کتنی تلاش کی | گم گشتہ آسمان سے سحر کا نشان ہے اب |
| اقرارِ وصل ایک سے انکار ایک سے | کیا اور اس زبان کے سوا بھی زبان ہے اب |
| اے عشق تازہ کار ذرا جھیل سختیان | جوبن شباب پر ہے وہ بت نوجوان ہے اب |

**عاشق** دعا تمھاری ہوئی مستجاب کیا
نامہربان جو تم پہ تھا وہ مہربان ہے اب

## ردیف تائے فوقانی

| | |
|---|---|
| چاہنے والے ملین گے تمھین انسان بہت | مجھسا پاؤگے نہ جب آئین گے ارمان بہت |
| دیکھکر یار کو کھوے گئے ایسے کہ نہ تھے | ہم کو دعوے تھا کہ ہم رکھتے ہین اوسان بہت |
| وعدۂ قتل عدو پر بھی ہمین قتل کیا | عذر اُسپر یہ کہ ہے طبع مین نسیان بہت |
| خلشِ جنبشِ مژگان کو دلاتا ہے یاد | دل مین چبھنے کو تیرے تیر کا پیکان بہت |
| مائل زلف ہے کوئی کوئی عاشق رخ پر | شیخ جی رند بنے گبر مسلمان بہت |
| غیر کے سامنے بسمل کو تڑپنے نہ دیا | تیرے خنجر کا ہے تھوڑا سا بھی احسان بہت |
| وہ تو مجھپر ہی اُٹھاتے رہے بہتان کتنے | خوش نصیبی سے ہوا غیر پشیمان بہت |
| غم و اندوہ و الم حسرت و ارمان حرمان | تیرے کوچہ سے لگا لائے ہین مہمان بہت |
| سخت جانی نے مری سیکڑون خنجر توڑے | قتل کرنے کو سمجھتے تھے وہ آسان بہت |
| سب ادائین ہین تری فتنۂ محشر ظالم | کیا کہون کونسی دلکش ہے تری آن بہت |
| چونک پڑتے ہین تصور سے کسیکے ہر دم | پاس میرے ہین مگر غیر کا ہے دھیان بہت |
| جھوٹی قسمون کی عوض غیر سے لینگے ہم بھی | سستا بکنے لگا بازار مین ایمان بہت |
| جز کفن اور نہ احباب کرین کچھ تکلیف | اس سفر کے لئے کیا چاہیے سامان بہت |

بے عمل کے لئے سو وعظ کے دفتر تھوڑے
ہے عمل کے لئے ایک آیتِ قرآن بہت

دل پریشان ہے پریشانی کا باعث **عاشق**
بال زلفون کے کہین دیکھے پریشان بہت

## زائد از طرح

عرض مطلب پہ یہ فرمایا نہ کھا کان بہت
منہ لگایا بھی نہین کرتا ہے حیران بہت

ناتوانی سے مری ہو نہ ہراسان بہت
ستم و جور اُٹھانے کو ابھی جان بہت

قصد جانے کا ہے تو جایئے اے حضرتِ دل
گرم پہلو مرا کرنے کو ہین ارمان بہت

منزلِ اوّلِ الفت مین نہ تھکنا اے دل
ایسے ایسے ابھی طے کرنے ہین میدان بہت

کوچۂ یار مین کل دیکھے ہین **عاشق** ہمنے
کافرِ عشق بہت اور مسلمان بہت

## ردیف دال مہملہ

دم تو کیا ہے تو نے ہمارا نسیم بند
پر زلفِ عنبرین کی نہ کیجو شمیم بند

ہو بتکدہ تو ہونے دو اُسکو ندیم بند
دروازۂ بہشت نہ رکھے کریم بند

عاشق نہ بھولنا قد و زلف و دہن کی یاد
ہو جیتے جی نہ دردِ الم میم بند

آزادگانِ کوچۂ دلدار کے لئے
دیکھا نہین ہے بابِ بہشتِ نعیم بند

لعل لبِ حسین کی اور آبرو بڑھی
جب کر چکے فرات کا پانی لئیم بند

ایما ہے آدھی رات کے آنیکا نامہ بر
ہے نیم باز نامہ کسی کا تو نیم بند

یہ کسکے نیم جلوہ سے حیرت نما ہوئی
غش کھا کے ہو گئی جو زبانِ کلیم بند

محشر مین عاصیون کے ہون نعرے بلند جب
ہَل مِن مَزید کی ہو صدا یا کریم بند

اللہ رے شوق دید کہ گنج لحد مین بھی
رہتی ہین نیم وا مری آنکھین تو نیم بند

وہ نشترِ نگہ نہین خون جسکا بند ہو
نبضین گئین ہین چھوٹ بند سے کیا حکیم بند

رکھتے ہین دل مین لشکرِ ارمان و آرزو
کرتے ہین ہم حصار مین فوج غنیم بند

عاشق کو بوسے ملتے تھے سرکار حسن سے
کیجے وظیفہ اب نہ ہمارا قدیم بند

## زائد از طرح

ہوتا نہین کلام سے ہرگز کلیم بند
کیا کر سکے گا کوئی شریک و سہیم بند

مانندِ رنگ و بو ہین ترے دم کے ساتھ ساتھ
رہتے ہین کوئی تیری گلی کے مقیم بند

ہو امتحان ہمارا بھی زیرِ تیغِ ناز
اس آرزو سے اُنکے ہوئے سب ندیم بند

طوفانِ غیر آئے نہ پائے شب وصال
ایسا لگائیو میری عقلِ سلیم بند

عاشق کو معصیت کا نہین خوف واعظو
ہوتا نہین غفور کا فیضِ عمیم بند

## ردیف رائے مہملہ

بگڑتے ہی وہ آتے ہین کبھی آتے نہین بنکر
مگر ہم کہتے ہین سج دھج سے آئے آفرین بنکر

فلک پر مہر و مہ شکلِ نشانِ پائے حضرت ہین
قدمبوسی کو جنکے آسمان آیا زمین بنکر

نہین آسان ہمدم عشق ان پردہ نشینون کا
حجاب غم مین رہتی ہے فغان پردہ نشین بنکر

وفائے غیر کا بھی امتحان بھولے سے لے لیجے
تمھارے ظلم سہنے کے لئے آئے ہمین بنکر

اُٹھائین غیر کا بارِ محبت یون سبک ہوکر
مگر میرے لئے بیٹھے ہین گھر مین نازنین بنکر

زبان سے شعر کیا نکلے کہ دل مین دردِ فرقت ہے
یہ وہ لقمہ ہے رہجاتا ہے بس نالہ وہین بنکر

ہوئی ہے گردش دوران سے یہ حالت زمانے کی — کہین بگڑے سنورتے ہین بگڑتے ہین کہین بنکر

قدم دشمن کے گرمین جانانان تک نہ پہنچین گے — تو رہتا کوچۂ دلدار کی بیشک زمین بنکر

ترے پیکان کو اے قاتل دعائین دیتے رہتے ہین — ہمارے دل مین بیٹھا ہے نگاہ شرمگین بنکر

ہماری آستین ہر وقت وقف دیدۂ تر ہے — گریبان ہاتھ پر رہتا ہے ہر دم آستین بنکر

رسائی میرے طالع کی نہو کیون رشک کے قابل — کہ پہنچا بازوئے جانان پہ جوشن کا نگین بنکر

برابر زاہدون رندون کو دنیا پھانس لیتی ہے — کسی جا اہل دین بنکر کہین شکل حسین بنکر

خط تقدیر کا مطلب کھلا ہے عشقبازون پر — کہین نقش زمین بنکر کہین چین جبین بنکر

زمانہ بھی یکایک کب بگڑتا ہے بننے کے بعد
مری جان جلد عاشق سے بگڑتے ہو تمہین بنکر

## زائد از طرح

کیا برباد پہلو کو بھی دل نے ہمنشین بنکر — اجاڑا اور نہ یون کس نے مکان کو خود مکین بنکر

نگہ پر بار چڑھ جاتی ہے گویا سرمگین ہوکر — کسیکی زلف ڈس جاتی ہے مار آستین بنکر

منایا تھا جسے مدت مین ہمنے جان دیدے کر — وہی خنجر بکف بیٹھا ہے کیسا خشمگین بنکر

دل مضطر نکلنے کو ہے پھر دود فغان ہوکر — کلیجا منہ کو پھر آتا ہے آہ آتشین بنکر

برائی مین برائی ہے بھلائی مین بھلائی ہے — کوئی کیا خاک لیجائے گا یہان سے نکتہ چین بنکر

ہوئی دلبستگی ہمدم یہانتک خاکساری سے — گئے ہم جس جگہ بس رہ گئے وہان کی زمین بنکر

کوئی عاشق سے پوچھے کس لئے دعویٰ انائی ہے
اجی حضرت سلامت کسکے بیٹھے جانشین بنکر

دل پھر آباد ہوا خانۂ ویران ہوکر — ہوچکا دور عدو گردش دوران ہوکر

گل رخسار پہ جان دون ابھی قربان ہوکر
خار کی طرح جو کھٹکا کرد مژگان ہوکر

کیون پھرے تیر مژہ مجھسے پریشان ہوکر
دل نہ ہو میرے جگر مین رہے مہمان ہوکر

شیخ جی بگڑے ہو کیون صاحب ایمان ہوکر
بُت پرستی کا شعار اور مسلمان ہوکر

مجکو کیا غم ہے اگر کنجِ لحد ہے تاریک
زخم چمکے گا چراغِ تہِ دامان ہوکر

عاشقون کے دل مضطر کا نہ پوچھو عالم
شانہ زلفون سے نکلتا ہے پریشان ہوکر

بیکسی یاس سے کیا کیا نہ کرے گی فریاد
تم نکلجاؤ گے جب گورِ غریبان ہوکر

قطع سو بار ہوا تو بھی نہ گھٹنے پایا
دامنِ دشت رہا میرا گریبان ہوکر

بوسۂ زلف کی ہے لعل لب خال کی ہے
ٹکڑے ٹکڑے ہوئی حسرت بھی پریشان ہوکر

خوب غیرت ہے کہ وہ مجھسے خفا ہو بیٹھے
صحبتِ غیر کے طعنہ سے پشیمان ہوکر

دونون رخسارون پہ رہتی ہین جو دو لو زلفین
پہرہ دینے لگے کالے ترے دربان ہوکر

ہنستے ہین مجھپہ میرے زخمِ جگر بھی کیا کچھ
خندہ زن ہوتا ہے جب چاک گریبان ہوکر

تم تو تم درد تمھارا ہے ہمین جان سے عزیز
ایسے پھر درد کا کیا ہوئے گا درمان ہوکر

اُسنے چٹکی سے جو چھوڑا تو عدو پر پہونچا
دلِ بسمل بھی تیرے تیر کا پیکان ہوکر

آہ وافغان کی اُڑی خاک نکل کر دل سے
رہے آسودہ غم و درد ہی پنہان ہوکر

غیر کی دست درازی نے کیا اُسکو خجل
اب وہ ہوتا ہے گلوگیر گریبان ہوکر

ہے تمنا یہی میری کہ رسولِ اکرم
ہو گذر وھان بھی تہِ سایۂ دامان ہوکر

برچھیان مارو جگر مین کہ رہے لطفِ خلش
تھم گئی ہائے یہ کیون جنبش مژگان ہوکر

مین نہ کہتا تھا کہ ہو جائین گے لاکھون ٹکڑے
کیا کیا دامنِ گل میرا گریبان ہوکر

کوچۂ یار مین پرسش ہی نہین حضرتِ دل
ٹھوکرین کھاکے ابھی آیا ہے ارمان ہوکر

شاق احباب کے دل پر بھی ہوئی عمرِ دراز
کہ ٹھہرتا نہین اتنا کوئی مہمان ہوکر

جوش گریہ نے ہمین کچھ تو تسلی بخشی
مٹ گئے دل کے بہت داغ نمایان ہوکر

پی لیا آب بقا تو نے کہ کٹتی ہی نہین
آئی ظلمات سے کیا اسے شب ہجران ہوکر

سحر آمیز مضامین مرے سُنکر بولے
لیگیا لوٹ کے دل کون غزلخوان ہوکر

مَن گئے رقتِ وزاری کے مضامین سُنکر
مُدعا اپنا نکل آیا غزلخوان ہوکر

زلف کافر ہے خدا جانے کرے کیا عاشق
کفر پھیلایا ہے عارض نے مسلمان ہوکر

## زایداز طرح

مرنا چاہا تو کہا دیدۂ گریان ہوکر
کام دشوار ہوا جاتا ہے آسان ہوکر

نکلے پھرتے ہی پھرا سارا زمانہ مجھسے
ہائے سایہ بھی چلا اب تو گریزان ہوکر

آئے ایسے کہ نہ آئے جو وہ آتے ہی گئے
رہ گیا ہائے شب وصل کا سامان ہوکر

چارہ گر کے لئے سکتہ کی کرون کا تدبیر
صورتِ زخم وہ رہجائے گا حیران ہوکر

زخمِ دل کھلتے ہین اور زخم جگر ہنستے ہین
لذتین پاتے ہین دونون نمک افشان ہوکر

تیرے خنجر سے مرے دل کا بڑھا ہے یہ ربط
عید کو خوب گلے ملتے ہین شادان ہوکر

بیت ابرو جو کیا کرتے ہو عاشق موزون
مصرعۂ زلف کو بڑھ آئے دبستان ہوکر

بچجائے خود وہ تیر کے پیکان کو چھوڑکر
جسطرح کوئی دور کے جہان کو چھوڑکر

دامن کا ساتھ چولی سے اچھا ہے اے جنون
جائے گا پھر کہان یہ گریبان کو چھوڑکر

دل کو ہے شوق زخم نہ جائے گا کہین
تیر نظر کو خنجر مژگان کو چھوڑکر

کرتا ہے تیرہ بار سے زلفون کو گر سبک
صدقے مین دیکھ لو شب ہجران کو چھوڑ کر

ہے خوشگوار ایسی تیرے پیرہن کی بو
ہم سونگھتے ہین سنبل و ریحان کو چھوڑ کر

لذت نمک کی بھولے نہ کیون زخمی نگہ
وہ ستم چھڑک رہے ہین نمکدان کو چھوڑ کر

تڑپا کیا ہے نزع مین پر تم چلے گئے
بیمار زار زار و پریشان کو چھوڑ کر

روزن کئے فلک مین گرا ے آہ رخنہ گر
جاتی کہان ہے تو دل دربان کو چھوڑ کر

پھنس جائیگا اندھیرے اُجالے مین دل کہین
تنہا نہ جائیو تو کبھی جان کو چھوڑ کر

اب غیر کے مزاج سے جکڑا رہے ہین خود
حیران ہوئے ہین مجھسے وہ حیران کو چھوڑ کر

دھبتا رہے نہ ایک بھی باقی گناہ کا
ابر کرم نہ جا مرے عصیان کو چھوڑ کر

**عاشق** اندھیری گور مین آیا نہ کوئی کام
واپس سب آئے کلب علی خان کو چھوڑ کر

## زاید از طرح

اے دل نہ جا تو تیر کے پیکان کو چھوڑ کر
گھر سے بھی کوئی جاتا ہے مہمان کو چھوڑ کر

تم گر نہ جاؤ شام غریبان کو چھوڑ کر
کیون جائے پھر سحر مرے ارمان کو چھوڑ کر

ہم چاہتے ہین چاہنے والا اگر ملے
جھانکین نہ چاہ چاہ زنخدان کو چھوڑ کر

دلمین چھپی رہی ترے تیر مژہ کی نوک
سوزن نہ جائے بخیۂ دامان کو چھوڑ کر

جز تیرے کون ہے دل ویران کا آشنا
اے بیکسی نہ جا غم ہجران کو چھوڑ کر

اک وار بھی عدو سے تو جھیلا گیا نہین
بھاگا ہے نوک دُم ابھی میدان کو چھوڑ کر

عشق بتان کو چھوڑ کے عشق خدا کرو
ایمان بچائے **عاشق** یزدان کو چھوڑ کر

دل کیونکہ ہو اوس زلف گرہ گیر سے باہر
عاشق نہین ہوتا خط تقدیر سے باہر

اللہ رے شوخی تیری اللہ رے کرشمہ
تصویر چلی پیکر تصویر سے باہر

طے ہوتی نہین منزل مقصود کسی طور
ہے وسعت رہ طاقت رہگیر سے باہر

تصویر سے بھی تیرے اٹھایا نہ اٹھے گا
رہتا ہے ترا ناز جو تصویر سے باہر

آغوش مین تم آؤ تو پہلو سے یہ نکلے
ارمان کو نکالو کسی تدبیر سے باہر

کیا شان ہے اللہ تری شان کے قربان
تقریر سے بیرون ہے تو تحریر سے باہر

فریاد ہو زاری ہو بکا ہو کہ فغان ہو
ہے کوئی صدا نالۂ شبگیر سے باہر

اس ضبط کو دیکھو کہ گیا جان سے ولیکن
فریاد نہ نکلے دل دلگیر سے باہر

دل چیر کے پھینکا مگر ارمان وہی ہے
کمبخت نہ نکلا کسی تدبیر سے باہر

اک وار لگا اور بھی قاتل ترے قربان
آتی ہے صدا یہ دل نخچیر سے باہر

قاتل سے کوئی پوچھے کہ بسمل کی ہین آنکھیں
یا نکلے ہین جوہر تری شمشیر سے باہر

قاتل یہ مرے سینۂ سوزان کا اثر ہے
نکلے ہین جو شعلے دہن تیر سے باہر

زلفون مین ہے دل کیجے ذرا شانہ سنبھلکر
کیون کرتے ہو دیوانے کو زنجیر سے باہر

تاثیر دم ذبح یہ کی شوق نے میرے
شمشیر کا دم آج ہے شمشیر سے باہر

عاشق کبھی ارمان نہ نکلین گے تمھارے
ہے مہر شعار بت بے پیر سے باہر

## زاید از طرح

شب آئے وہ لینے ہمین توقیر سے باہر
جب غیر نکالے گئے تحقیر سے باہر

ہر جزو مین وہ خالق کل جلوہ نما ہے
ذرات نہین مہر کی تنویر سے باہر

اس عشق نے تسبیح کو زنار بنایا
دانے ہوے سب تار گلوگیر سے باہر

جو بات مین کرتا ہون وہ پوری نہین ہوتی
تدبیر سے زاید ہے تو تقدیر سے باہر

تم آ کے مری جان لپٹ جاؤ گلے سے
حسرت ہو دل عاشق دلگیر سے باہر

تن مین بیجان جان نہین نکلین پھر آہین کیونکر
بند آنکھین ہین لڑین اُن سے نگاہین کیونکر

ہائے کس ناز سے کہتے ہین وہ مجھسے ہردم
اپنی صورت کو تو دیکھو تمھین چاہین کیونکر

چاہین وہ غیر کو پھر ضبط کہانتک اے دل
ڈھنگ بہنے کا نہین کوئی نبھائین کیونکر

وہ عیادت کو جو آتے ہین تو یہ کہتے ہین
ناتوانی مین نکلتی ہین یہ آہین کیونکر

خون چھپاتے ہین گلے ملتے ہین خنجر سے ترے
ہون جو مشتاقِ شہادت وہ نہ چاہین کیونکر

بات جو ہے وہ کبھی چال سے خالی ہی نہین
ٹیڑھی سیدھی اُنھین آئی ہین یہ راہین کیونکر

نظر اُس شوخ کی برتے ہی چھپا دیتی ہے
برق دیکھین تو ملاتی ہے نگاہین کیونکر

صدقے ہو جاؤن مین اس ضبط تما غیرت کے
وصل کی رات وہ بے بس ہین کراہین کیونکر

پوچھنا چاہیے یہ حضرتِ الیاس سے آج
منزلِ عشق کی طے ہوتی ہین راہین کیونکر

اپنے ہی سر کی لئے پھرتے ہین جب زیر بغل
چھوڑ دین پھر سرِ اعدا پہ کُلاہین کیونکر

چشمِ انجم مین چبھوتے ہین شبِ ہجر یہ تیر
چرخ کے پار نہ ہونگی مری آہین کیونکر

عاشق اپنا ہی ہمدم ہے یہی ہے دمساز
دل ہمین چاہیے تو پھر اسکو نہ چاہین کیونکر

## زاید از طرح

نہین تاثیر فغان مین تو وہ چاہین کیونکر
رشکِ اغیار ہو شامل تو نبہائین کیونکر

ذبح کرکے وہ اسیرانِ قفس کو بولے
آج ٹھنڈے ہین یہ مردار کراہین کیونکر

مشورہ دل سے ہے عاشق اُسے چاہین کہ نہین
رشکِ دشمن سے نباہین نہ نباہین کیونکر

## غزلہائے غیر طرح دیوان ردیف ک

نہین تاثیر فغان مین تو وہ آئین کیونکر | پاس الفت نہین پھر پاس بلائین کیونکر

ہائے ہم حال دل زار سنائین کیونکر | ذکر اعدا نہین وہ کان لگائین کیونکر

ہاتھ سن ہوتے ہین ہاتھ اونکو لگائین کیونکر | پاؤن اُٹھتے ہی نہین ناز اوٹھائین کیونکر

غم ہجران سے کھو جان بچائین کیونکر | وہ عدو کے ہوئے پھر راہ پہ لائین کیونکر

نالہ وآہ وفغان ضبط سے باہر ہین مگر | ناتوانی سے لبون تک نہین لائین کیونکر

اُسکے کوچہ مین کوئی جاکے پھرا ہے ناصح | آپ ہی کہئے کہ وان جائین تو آئین کیونکر

اپنی صورت سے غم ودرد عیان ہے صاحب | یہ مجسم تو نہین تمکو دکھائین کیونکر

خاک وحشت نے مری ایسی اُڑائی ہے کہ اب | خاک ملتی ہی نہین خاک اُڑائین کیونکر

داغ دل جہر سے تابندہ فزون ہے عاشق
شمع محفل تو نہین یہ وہ بجھائین کیونکر

## ایضا غیر طرح دیوان

سر پھوڑتا ہے سنگ در گلعذار پر | چلتا نہین ہے زور دل بیقرار پر

ہے بعد مرگ بھی مری تربت بہار پر | لا لا کے پھول اُسنے چڑھائے مزار پر

مایوسی نوحہ گر نہو کیون جان زار پر | روتی ہے بیکسی بھی دل غمگسار پر

بسمل کے دل سے آتی ہے آواز مرحبا | زخم آفرین جو کہتے ہین قاتل کے وار پر

دو ہی قدم چلے تھے کہ بس ہوگیا وصال | اس ضعف نے لگائے ہمارے ہزار پر

تاثیر بعد مرگ یہ دل کی کشش نے کی | جمگھٹ پریوشون کا ہے میرے مزار پر

پابند عشق کو نہین آزادیان پسند | زنجیر پا ہوا دم زنجیر یار پر

پایا ہے خاکساری سے اسنے بہت عروج | رشک آئے کیون نہ چرخ کو میرے غبار پر

مشتاقِ دید زندہ نہو جائے پھر کہین
آتے نہین وہ اس لئے میرے مزار پر

دامانِ دشت چاک ہے وحشت کے ہاتھ سے
کھائے ہین خار آبلہ پائی نے خار پر

وعدون نے آپکے کبھی دیکھا وفا کا منہ
ہوا اعتبار ہمکو اسی اعتبار پر

نیچا دکھائے طائرِ مرغِ خیال کو
ملجائین میری آہ کو گر مستعار پر

لایا ہے رنگ خون یہ تیرے شہید کا
موجین بھی لوٹ پوٹ ہین خنجر کی دھار پر

عاشق یہ بے وفا ہے نہین اسکا اعتبار
اصلا نہ بھولے کوئی دمِ مستعار پر

ہین بہت ناداں جو نازش کرتے ہین تدبیر پر
کون غالب کر سکا تدبیر کو تقدیر پر

اسقدر تو ہے بھروسہ نالۂ شبگیر پر
جا کے اک محشر بپا کر دیگا چرخ پیر پر

آزمالے غیر پر بھی بعد میرے قتل کے
باڑ دونی چڑھ گئی قاتل تری شمشیر پر

وصل ہے میرے گلو کے فصل پر جب منحصر
شوقِ دل تڑپے نہ کیون قاتل تری تاخیر پر

عارضِ جانانکی تابش سے خجل ہو کر فلک
دیکھ زردی آگئی ہے مہر کی تنویر پر

اے مہوس جائے زر بنجائے لعلِ بے بہا
ڈالدے اک قطرۂ خون گر مرا اکسیر پر

ناتوان ہین اور عدم ہے دور ہے کیا گزرن
راہ طے ہوتی ہے ہمدم طاقتِ رہگیر پر

کرتے ہین پروانے انپر بھی فدا جانِ عزیز
شمع کے شعلے نظر پڑتے ہین جو گلگیر پر

تیر چٹکی سے جدھر چھوڑو بہونچتا ہے وہین
شست رہتی ہے بندھی دلکی ہمارے تیر پر

دیکھکر اسکو سنبھالون تو سنبھلتا ہی نہین
ہائے بنجاتی ہے کچھ ایسی دلِ دلگیر پر

اسقدر لذت نمک کی انکو ہے اے چارہ گر
زخمِ دل ہنستے ہین مرہم کی ترے تاثیر پر

یہ منجم ہو کے دھوکے دے رہا ہے رات دن
کون عاشق پھر بھروسہ رکھے چرخِ پیر پر

وہ ہوئے چین بر جبین تقصیر پر
یا لکھا ہے خطِ خط تقدیر پر

رشک آیا نالۂ شبگیر پر — چرخ چکراتا پھرا تاثیر پر

عکس اتارے منہ ہے کیا بہزاد کا — بُت ہوا مانی تری تصویر پر

دیکھکر دنبالۂ چشمِ بتان — جا پڑا دل اپنا سوسو تیر پر

منفعل کیجو نہ اے آہِ سحر — ہے قضا پھر خندہ زن تاثیر پر

رنگ لایا ہے شہیدِ ناز یہ — ہین کہان جوہر تری شمشیر پر

یا جگہہ پہلو مین دو یا جان لو — کوئی تو احسان دل دلگیر پر

ایک چٹکی لے ہماری خاک کی — کیون مُہوّس جان دے اکسیر پر

چرخ کے چکر سے گھبراتے ہین کب — ہین جو صابر گردشِ تقدیر پر

کٹتے ہین اللہ اکبر شوق مین — سر ہزارون اک تری تکبیر پر

آپکا عاشق ہے خود پابندِ عشق — منحصر کیا طوق اور زنجیر پر

دل ہوا چسپان دہانِ تیر پر — آفرین کرتے ہین وہ نخچیر پر

غمزہ خود عاشق تری تقریر پر — ناز خود مفتون تری تصویر پر

لوٹتی جاتی ہین آگے تیر کے — حسرتین بڑھ بڑھ کے دو دو تیر پر

جان شیرین اپنی کھوئی کوہکن — بس چلا کچھ بھی نہ جوئے شیر پر

کین دو باتین جس سے دل پھنسا لیا — کیا سمجھایا جال ہے تقریر پر

غیر جیتا ہے تو ساری مٹ گئی — تھی جو نازش آہ کی تاثیر پر

ہائے بیجرمی بھی ٹھہری ہے خطا — قتل کرتے ہین اسی تقصیر پر

دل جگر دونون مرے چسپان ہوئے — پر لگائے ہین تمہارے تیر پر

کیا قیامت کو بھلا دوگے جواب — ظلم لاکھون اک دلِ دلگیر پر

زخمہائے دل مبارک لذتین — سم لگایا اُسنے نوکِ تیر پر

دم مین اب گرتے ہین ساتون آسمان
وہ گئی ہے آہ چرخ پیر پر

غیر کو تم وہ تمھین چاہے غضب
رحم کیجے عاشقِ دلگیر پر

نازاُن کو حسن کی جاگیر پر
ہمکو نازش ہے دلِ دلگیر پر

وہ ہین نازان بُرشِ شمشیر پر
سر ہے حاضر چاہ کی تقصیر پر

آستین کے ساتھ دم بھی چڑھ گیا
جان دی ہمنے تری تکبیر پر

اسکو پتھر ہی نہ سمجھا ہو وہ بُت
تیز کرتا ہے چھُری نخچیر پر

عکسِ خط ہے یہ گلوئے صید کا
خط نہین ہے آپکی شمشیر پر

دل تو کیا ہے تیر بھی چلا اُٹھے
جب لگائے تیر کو وہ تیر پر

پیر کا وعدہ بُتِ بے پیر کا
ہمنشین رکھا گیا کس پیر پر

تیری چشمِ سرمہ سا نے کیا کہون
خاک ڈالی سرمۂ تسخیر پر

اُسکی گردن مین ہے میرے پانو مین
سلسلہ موقوف ہے زنجیر پر

سیکڑون ہوتے ہین بسمل خود بخود
صید مرتے ہین صدائے تیر پر

خط عارض پر نگاہین جا جمین
حاشیہ لکھا گیا تفسیر پر

عاشقِ افسردہ دل ہے منفعل
نامۂ اعمال کی تحریر پر

ہو جو عاشق حور کی تصویر پر
کیا بھروسہ ایسے ویسے پیر پر

مُعترف ہوتا رہون تقصیر پر
دین نئی تعذیر وہ تعذیر پر

غیر کی گنتی ہوئی کیونکر لکھون
اُنگلیان کٹتی ہون جب تحریر پر

تخت دل رہتے ہین مژگان پر سدا
ہمنے یون رکھا ہے اسکو تیر پر

مانگ کر بوسہ اشارہ وصل کا
کہتے ہین تقصیر کی تقصیر پر

زلف لپٹی دل کو دل لپٹا اُسے
یہ نئی زنجیر ہے زنجیر پر

لعل نکلین گے وہان تیر سے
قطرۂ خون ہے ہمارا تیر پر

تیرہ قسمت ہون پڑی جب پانو مین
زنگ اُسی دم آگیا زنجیر پر

اے بتو شہرت تمہارے حُسن کی
منحصر عاشق کی ہے تشہیر پر

دل نہین عاشق فقط شمشیر پر
بلکہ خنجر پر تبر پر تیر پر

مستعد ہوتے ہین وہ تعذیر پر
ناز کی قبضہ نہ کر شمشیر پر

حسرتین آتی ہین ٹھکرائے ہوئے
لوٹتی ہے بیکسی تاثیر پر

سانتے ہین ہاتھ کب وہ خون مین
سان رکھتے ہین مگر شمشیر پر

یہ جگر اللہ اکبر دیکھنا
سر جھکا دیتے ہین ہم تکبیر پر

غیر کا پھونکا نہ اسنے گھر کبھی
جل گیا دل آہ کی تاثیر پر

کھل گیا ہے دیکھ رنگ عشق حسن
میری صورت پر تری تصویر پر

دل سے خود کہدیگا یہ مطلب کی بات
فیصلہ رکھو زبان تیر پر

خون سے میرے ہوئی رونق تری
دیکھ غازہ پھر گیا تصویر پر

اسقدر شوق شہادت بڑھ گیا
رکھتے ہین ہم خود گلا شمشیر پر

وصل کے مضمون ہین عاشق ایسے شوخ
ناز کرتا ہے قلم تحریر پر

## ردیف میم

کرتے ہین کسقدر تری رحمت پہ ناز ہم
خوف عذاب حشر سے ہین بے نیاز ہم

کاغذ رہا نہ کوئی بھی سادہ جہان مین
کرتے نہین فسانۂ غم کو دراز ہم

بے پردہ چھیڑتے ہو جو غیرون کے سامنے
کیا بنگئے ہین محفلِ دشمن کے ساز ہم

زاہد کو ناز اپنی عبادت پہ ہو مگر
امیدوارِ فضل ہین اسے کارساز ہم

ستر یان جھکا تو وان سے اُٹھا پردۂ دوئی
وصل خدا مین پڑھتے ہین ایسی نماز ہم

آبِ حیات تیرا مبارک تجھی کو خضر
کوثر کی مے ملے تو کرین کیون نہ ناز ہم

سچ کہتے ہین کہ اسکی حقیقت ہی کچھ نہین
سب دیکھے بھالے بیٹھے ہین عشق مجاز ہم

آجائین رات بھر رہین مہمان ہمارے گھر
اندیشہ کچھ نہ کیجئے ہین پاکباز ہم

ہین پردہ دار پردہ نشین کھل بھی جائیے
اوچھے نہین زبان پہ لائین جو راز ہم

اے غیر آزماتا ہے تو مر کے آزما
کس دھوم سے دلاتے ہین تیری نیاز ہم

عاشق ہے بااثر وہ مرا سجدۂ نیاز
دیکھین جو بت کہین کہ پڑھینگے نماز ہم

## زائد از طرح

زاہد کی طرح کرتے نہین کرو آز ہم
محراب مین بھنوؤن کی ڈھینگے نماز ہم

اے دل نہ آئینگے کبھی غیرونکی چالمین
دیکھے ہوئے بہت ہین نشیب و فراز ہم

لو بد شعاریون سے ہوئے غیر بد شعار
ہم پاکباز تھے کہ رہے پاکباز ہم

افشا نہ کر دے بیخودیِ شوق مین کہین
اے دل بس اب چھپائینگے تجھسے بھی راز ہم

سودہ کہین تو ایک سنا دیتے ہین کبھی
مدت مین عاشق اتنے ہوئے ہین مجاز ہم

## غیر طرح دیوان

تابش حسن سے روشن ہین در و بام تمام
خلق شایق ہے تری صبح سے تا شام تمام

بھیجیہ وہ ڈالتے ہین غیر کے الزام تمام
کام جو اُسکے ہین لکھے ہین مرے نام تمام

کچھ تو دو مجکو نہ دو بھول کے انعام تمام
ایک دو مجکو بھی گر غیر کو دشنام تمام

جلوہ دکھلادے انھین تاکہ نہو کام تمام
ہے تماشائی تری خلق تہِ بام تمام

گردشِ چشم سے ہے گردشِ ایام تمام
زلف و عارض سے خجل ہے سحر و شام تمام

ہمدمو دیکھتے کیا ہو کہ ہوا کام تمام
ظاہر آغاز مین ہے عشق کا انجام تمام

رہگذر سے ہے تری شورِ قیامت پیدا
کام فتنون کا ترے ساتھ ہی ہر گام تمام

کبھی شوخی کبھی غمزہ کبھی عشوہ کبھی ناز
انکو اک کھیل ہے اور خلق کا ہے کام تمام

ساتھ جاتا ہے چلا شوقِ تکلم میرا
نامہ بر کہہ نہ سکیگا مرے پیغام تمام

ایک دلارام پہ آیا ہے دل اپنا جب سے
دل گیا ہاتھ سے دل سے مرے آرام تمام

بزم مین آج نہ آئیگا وہ محفل آرا
شمع محفل جو ہوئی گھل کے سر شام تمام

سینہ تو نیم نگاہی سے ہوا ہے زخمی
غنچۂ دل تری مژگان سے ہے گلفام تمام

جنسِ دل دیکے تقاضا جو کیا اُسنے کبھی
کہتے ہین دم مین چکا دینگے ترے دام تمام

غیر بدمست نہین بزم مین تیری آیا
چور کیون شیشے مین پھر ٹوٹے ہین کیون جام تمام

جب سے مین شیفتۂ زلفِ صنم ہون واعظ
مجھسے بگڑے ہی رہے مفتیِ اسلام تمام

دانۂ خال سیہ ہے تہِ زلفِ شبگون
مرغ دل پھنسکے نہ کیونکر ہو تہِ دام تمام

ہائے اُس بزم مین اک دور نہ مجھ تک آیا
کیا ترے دور ہین ہین بہرِ عدو جام تمام

شہرۂ حسن تمھارا ہے جہان مین ہر سو
تمکو کیا کام کہ ہوتا ہے یہ گمنام تمام

آسمان اپنا ہے پھر غیر ہے بالکل اپنا
وہ بُت اپنا ہو تو ہو جاینگے یہ رام تمام

خط لکھا ہے خط توام مین بامیدِ وصال
آج عاشق نے یہ کی صنعتِ ایہام تمام

## ردیف نون

میرے ہوش جتنے تھے آئے گئے ہین
وہ بہتان مجھپر لگائے گئے ہین

گذرا اپنا ہوتا ہے کیونکر الٰہی
جب اُس بزم مین سب پرائے گئے ہین

کلیجا بھی دیکھا کہ دل کو جگر کو
ترے تیر سے ہم مِلائے گئے ہین

تری تیغ رستہ ہے ملکِ عدم کا
اسی راہ سے لوگ آئے گئے ہین

غمِ ہجر کیون کھائے جاتا ہے یارب
ہزارون ہی غم یہان تو کھائے گئے ہین

عیادت کو آئے تو لائے عدو کو
یہ زخمون پہ مرہم لگائے گئے ہین

ڈراتا ہے کیون ہمکو محشر سے واعظ
بہت ایسے فقرے سُنائے گئے ہین

عدو جانبِ چرخ کیون دیکھتے ہین
کہین دن کو تارے دکھائے گئے ہین

اُٹھایا گیا آج ذلت سے عاشق
عدو بزم مین بے بُلائے گئے ہین

## زائد از طرح

زمینون کے گھر وہ بسائے گئے ہین
قیامت کے جادو جگائے گئے ہین

گئے جو خفا ہو کے ملکِ عدم مین
کہین ایسے روٹھے منائے گئے ہین

عدو اور ہم شب کو محفل مین اُنکی
بٹھائے گئے ہین اُٹھائے گئے ہین

ذرا صبر کر دل غم و رنج و حرمان
کئی آج مہمان بلائے گئے ہین

مری خاک سے بھی یہ نفرت ہے اُنکو
کہ ہاتھون مین دامن اُٹھائے گئے ہین

مرے خواب مین حور آئی ہے کس شب
یہ بہتان ناحق اُٹھائے گئے ہین

بہے گا ہزارون کا پھر خونِ ناحق
وہ مقتل مین مہندی لگائے گئے ہین

عدو سے جو سرگوشیان ہو رہی ہین
تو پھر کس لیے ہم بُلائے گئے ہین

محبت مین اورونکو عبرت ہو عاشق
اسی واسطے ہم مٹائے گئے ہین

ہمتو اللہ کے بندے ہین خدا کہتے ہین
بندۂ بُت ہین جو کیا جانے وہ کیا کہتے ہین

دیکھکر اُن کو چلن پھر ذرا کہتے ہین
اے اجل اُنکی بھی سُن جا کہ وہ کیا کہتے ہین

دلِ حق بین کو مرے قبلہ نما کہتے ہین
بات اور ونکی ہے پر آپ اسے کیا کہتے ہین

وہ تڑپنے کو ہمارے جو ادا کہتے ہین
مر کے دیکھین گے کہ کیا سنتے ہین کیا کہتے ہین

جور کو ناز جفاؤن کو بھلا کہتے ہین
کیا ستم ہے وہ ہمین پھر بھی بُرا کہتے ہین

غیر نے دی ہے یہ تعلیم زبان کو رو کو
آپ کیا جانتے ہین کس کو مزا کہتے ہین

ناتوانی کا بُرا ہو نہین مرنے دیتی
ڈھونڈتی پھرتی ہے عاشق کو قضا کہتے ہین

مجھسے کہتی ہین بتاؤ تو ہمین اہلِ جہان
حور کہتے ہین پری کہتے ہین کیا کہتے ہین

معتقد ہین جو ترے کعبۂ رُخ کے اے بُت
خم ابرو کو وہ محراب دعا کہتے ہین

خوابمین بھول کے بوسونکا نہین ہے کچھ جرم
سہو کہتے ہین اسے اسکو خطا کہتے ہین

رشک اسیر ہے کہ گلشن مین صبا کے جھونکے
کان مین گُل کے عنادل کا کہا کہتے ہین

وہ یہ کہتے ہین کہ مرجاؤ تو جھگڑا جائے
اونکا کہنا کرو عاشق وہ بجا کہتے ہین

گدگدی پہلو مین ہونے لگی چُپکے چُپکے
لبِ خاموش مرے دلکا کہا کہتے ہین

ہم ستم کو بھی ستم ہے کہ کرم جانتے ہین
وہ جفا کو بھی غضب ہے کہ وفا کہتے ہین

ہمکو تقلیدِ سخن چاہیے پچھلون کی ضرور
وہ بُرا کہتے ہین جو سب سے جدا کہتے ہین

عقل چکر مین ہے گردون کی شبِ ہجر امین
میرے نالون کو عدو ہوش ربا کہتے ہین

دل مرا آپکے پیکان سے الگ ہو کیونکر
گوشت کو بھی کبھی ناخن سے جدا کہتے ہین

ہین جو اچھے انھین اچھا ہی کہے ہے عاشق
وہ بُرے ہین جو حسینون کو بُرا کہتے ہین

## زاید از طرح

مُرسلِ پاک کو محبوبِ خدا کہتے ہین
وِرد اپنا ہے یہی صلّ علیٰ کہتے ہین

طرز کشتن کیمین قربان ہون کہ وہ مقتل مین
سر جھکا نا مرے قدمون پہ غزا کہتے ہین

تیری یکتائی کی قائل ہے ہر اک شئے یارب
ہم جو کہتے ہین وہ سب ارض و سما کہتے ہین

آستان کی ترے جاروب کشی جسکو ملی
اہل عالم اُسے قسمت کا رسا کہتے ہین

آئین جب چاہین نکیرین کرین ہمسے سوال
ہم خدا کہتے ہین اور صل علی کہتے ہین

چاہنے والون کی ہوتی ہین مرادین حاصل
کوچۂ یار کو سب قبلہ نما کہتے ہین

باندھکر زلف مین دل کو وہ یہ فرماتے ہین
کہ اسے جرم محبت کی سزا کہتے ہین

جو کہ مرجائے اجل سے اُسے مرنا کہیے
جو مرے آپ پہ کہیے اُسے کیا کہتے ہین

تشنہ کامان محبت کو نہو گی سیری
آب خنجر کو ترے آب بقا کہتے ہین

سن کے آواز مرے نالون کی پوچھے جو کوئی
تو وہ کہتے ہین کہ درویش صدا کہتے ہین

خنجر عشق سے زخمی جو ہوئے ہین بسمل
تیری خاک در دولت کو دوا کہتے ہین

کاسۂ سر جو لئے پھرتے ہین ہم بہر سوال
رہنے والے ترے کوچہ کے گدا کہتے ہین

نامہ بر سے بھی ہے یہ رشک کہ ہم اُس گل کا
نہ نشان دیتے ہین کوئی نہ پتا کہتے ہین

کیون برا مانون کہے مجکو برا گر کوئی
میرے اعمال ہی خود مجکو برا کہتے ہین

ہمتو ہین عاشق حسن رخ جانان عاشق
حور فردوس بھی آئے تو بلا کہتے ہین

گر قد یار شکل قیامت سے کم نہین
رفتار حشر سے کسی صورت سے کم نہین

دو گالیان بلا سے مگر بات تو کرو
یہ بھی تمہاری عالی عنایت سے کم نہین

لاکھون حسین صورت غلمان ہین جابجا
کوچہ تمہارا گلشن جنت سے کم نہین

تھا ناز عقل پر تیری آنکھون پہ مرگیا
لو میری ہوشیاری بھی وحشت سے کم نہین

میٹھی چھری سے کم نہین ہر بات یار کی
ہمپر جو لطف ہے وہ عداوت سے کم نہین

آرام عشق مین ہو تو تکلیف ہے مجھے
راحت ہو ہجر مین تو مصیبت سے کم نہین

مین ہوگیا تمام مگر یہ ہے نا تمام
روز فراق اپنا قیامت سے کم نہین

ہو حق جو شیخ جی نے اظہار کیا تو کیا
زاری ہماری اُنکی عبادت سے کم نہین

پھلون کے گل یہ کھائے ہین فرقت مین یار کے
یعنی شمار داغ بھی حسرت سے کم نہین

انکا دہن ہے غنچۂ سربستہ سے سوا
اُنکا لب خموش شکایت سے کم نہین

رنج و ملال سے ہے مرا گھر بھرا ہوا
دیکھا تو کوئی شئے مری قسمت سے کم نہین

عاشق کے راز سے ہین فرشتے بھی بیخبر
جو رمز ہے وہ طرز حقیقت سے کم نہین

## زاید از طرح

فرقت مین وہ مزا ہے جو وصلت سے کم نہین
آزار ہجر بھی مجھے لذت سے کم نہین

شام فراق ساتھ ہے مرنیکے بعد بھی
تاریکی گور کی شب فرقت سے کم نہین

ہے تمھین شان حسن تو مجھ مین ہے شان عشق
میری بھی شکل کچھ تری صورت سے کم نہین

احباب رو رہے ہین مری خوابگاہ مین
میری جگہ بھی کچھ مری تربت سے کم نہین

اے تیغ یار بس کہ مرا پیٹ بھر گیا
تھوڑے سے بھی زخم دل مجھے نعمت سے کم نہین

اندیشۂ فراق کا مارا ہوا ہون مین
وصلت کی رات بھی شب فرقت سے کم نہین

یہ نوک جھونک ورکی آفت مچائے گی
یہ چھیڑ چھاڑ آپکی عادت سے کم نہین

عاشق ہے نام اہل جہان جانتے ہین سب
گمنامیان مری تری شہرت سے کم نہین

تمھین ہے مجھپر بھی رحم لازم کہ آکے کرجاؤ چار باتین
بڑا ستم ہے بڑا غضب ہے عدو کی سُنو ہزار باتین

عدو سے سرگوشیان ہین باہم یہان ترستے ہین تکو ہم
تمھین بتاؤ یہ کڑوی کڑوی کیونکہ ہون ناگوار باتین

وہ باتون باتون مین پیار کرنا وہ بوسہ دینا زبان ملانا
خدا دکھائے کہ ہمسے پھر ہون وہ بھلی سی ایکبار باتین

گلی مین جانا صدا لگانا بشکل سائل گدا کی صورت
ہمارے کہنے مین جب نہین ہے تو دل کو کرتی ہین خوار باتین

بھلا کے اُسکو مرے برابر ذلیل تمنے کیا ہے دیکھو
رہینگی تا عمر مدعی کو تمھاری یہ یادگار باتین

تجھے بلاؤن گلے لگاؤن عدو کو کیا کیا نہ مین جلاؤن
خیال دل مین پکار رہا ہون یہ سب ہین بے اختیار باتین

ہزار مین ہے یہ اک دعا ہو جو وعدہ تمنے کبھی کیا ہو
یہ جھوٹی جھوٹی نہ کرین گی تمکو سبھون مین بے اعتبار باتین

وہ میرا افسانہ سنکے بولے نہین ہے سننے کی تاب ہمکو
خدا نہ دشمن کو بھی سنائے یہ جیسی ہین سوگوار باتین

اسیمین ہے شانِ کبریائی کیسکو زیبا نہین خدائی
خدا سے ڈرائے بتِ پریوش نہ ایسی بڑھ کر بگھار باتین

یہان تو باتین بگھارتے ہو بگاڑتے ہو سنوارتے ہو
یہ دیکھنا ہے کہ کسطرح کی کروگے روزِ شمار باتین

وہ دلربا ہین تری ادائین جو یاد آئین تو جی سے جاپین
وہی تو عاشق کو کر رہی ہین صنم تری بیقرار باتین

سمجھ مین آئین گی غیر کے کب کہان سے لائیگا وہ طبیعت
سمجھ مین میری ہی جب نہ آئین تمھاری یہ پیچدار باتین

نہ ربط دشمن نہ کج ادائی نہ قتل عاشق نہ بیوفائی
جہان مین پاؤگے پھر نہ خود سا جو مان لوگے یہ چار باتین

## زاید از طرح

وہ پیاری پیاری جو کی تھین تمنے بوقتِ بوس و کنار باتین
وہ میٹھی میٹھی دکھا رہی ہین کسیکو اب انتظار باتین

تمھین کو ہر دم پکارتا ہون شب جدائی گذارتا ہون
تڑپ رہا ہون بلک رہا ہون تم آکے کرجاؤ چار باتین

وہ چپ ہوے ہی ایک بات کہکر جو پوچھا کہتے ہین گفتنی ہے
کہانی کی بکواس ہے لگائی ہزار راتین ہزار باتین

## دیگر

مسافر لوٹنے والے اسی منزل مین رہتے ہین
نہ آؤنگے یا تو خارِ حسرت دل مین رہتے ہین

مرے اللہ اکبر کیا خلش کے دل مین رہتے ہین
یہ خارِ عشق دل کیا بلکہ آب و گل مین رہتے ہین

بسر کرتے ہین مشکل سے رقیب آپسمین ہین جو تو
جگر اور دل ہمارے ایک ہی منزل مین رہتے ہین

اگر چاہین تو ہم جھوٹا بناکر چھوڑدین تمکو
بہت پہلو تمھارے شکوۂ باطل مین رہتے ہین

کوئی گھائل سسکتا ہے کوئی بسمل تڑپتا ہے
تماشے روز ایسے کوچۂ قاتل مین رہتے ہین

تمناؤن کی رخصت تو ارمانون کی آمد ہے
مسافر سیکڑون مہمان سرائے دل مین رہتے ہین

نزاکت انکو پورا وار کرنے ہی نہین دیتی
کہ بسمل ہونے پر بھی کچھ تو دم بسمل مین رہتے ہین

ملی ہے خاکساروں نے بدن پر گرد یا اُنکی
بہاریں لوٹتے ہیں مست ہیں خوش گل میں بستے ہیں

ہم اے عاشق حبابوں سے فنا کے ڈھنگ سیکھے ہیں
بدل کر موج کا بانا لب ساحل میں رہتے ہیں

خدا کے واسطے اُنکو نکر پامال ناکامی
یہ وہ ارمان ہیں جو مدتوں سے دل میں رہتے ہیں

بھلا تاب تجلی کون لاتا اونکے جلوے کی
بہت اچھا ہوا وہ پردۂ محمل میں رہتے ہیں

جلا کرتے ہیں شمع رُخ کی لو میں دور سے بیٹھے
پتنگے کی طرح ہم یار کی محفل میں رہتے ہیں

نہ چھوٹے گی کبھی یہ دختر رز مُنہ لگی جس کے
جناب محتسب کیوں سعی بے حاصل میں رہتے ہیں

مکان یار کا مجھسے پتہ پوچھو تو بتلا دوں
مری آنکھوں میں رہتے ہیں وہ میرے دل میں رہتے ہیں

الٰہی کیسی مشکل ہے عدم کی راہ آسان کر
کہ اکثر راہرو تھک تھک کے اس منزل میں رہتے ہیں

جو دشواری کو آسان جانکر جھیلیں وہ ہیں اچھے
جو آسانی کے طالب ہیں وہی مشکل میں رہتے ہیں

جو قابل ہیں کبھی وہ خوردہ بینی پر نہیں مائل
وساوس ایسے ویسے کب دل کامل میں رہتے ہیں

اگر پھر یہ بار عشق پڑ جائے تو پانی ہو
ہمارا ہی کلیجا ہے کہ اس مشکل میں رہتے ہیں

رقیبوں کی طرح ہم پیٹ کے ہلکے نہیں عاشق
حقیقت کے ہیں جتنے راز پنہاں دل میں رہتے ہیں

ہر روز دیکھنے پہ بھی پہچانتے نہیں
انجان ایسے ہیں کہ ہمیں جانتے نہیں

میرے عدو کو اپنا عدو جانتے نہیں
پچھتائیں گے ابھی تو کہا مانتے نہیں

دیکھا جو ہمکو داورِ محشر کے سامنے
ہنسکر کہا کہ ہم اسے پہچانتے نہیں

یہ بھی مقام شکر ہے ذکر وفا پہ وہ
غیروں کے ساتھ ساتھ مجھے سانتے نہیں

اول تو زخم دل پہ چھڑکتے ہیں وہ نمک
اور اُسپہ یہ ستم ہے کبھی چھانتے ہیں

کیونکر کیسکے مصحفِ رُخ پر نثار ہوں
قرآن کی طرح وہ مجھے گردانتے نہیں

دشمن کو چھوڑتے ہین نہ کرتے ہین مجھکو قتل
کوئی سے بات بھی وہ میری مانتے نہین

میری بھلی سنین تو کہین وہ بھلا بھلا
اور غیر کی بدی پہ بُرا مانتے نہین

یہان تک برہنہ پائی کا ہے خوف ہمنشین
ہم پاؤن بھی کفن مین کبھی تانتے نہین

اے مرگ ہجر دیکھ تن آسان نہین ہین ہم
یہان ایسی ویسی بات کبھی ٹھانتے نہین

مین کیا کہ دشمنون سے بھی یہ کہتے ہین نوک جھونک
گردانون کو بھی اپنے وہ گردانتے نہین

عاشق اسی لئے ہے کہ گل کھائے آپکے
تم داغ دو ہم اسکا بُرا مانتے نہین

وصل کی شب مین عتاب اچھے نہین
ساری باتون مین حجاب اچھے نہین

چشم مخمور صنم کے سامنے
ساقیا جام شراب اچھے نہین

کہہ نہ بیٹھین کچھ زبان تیغ سے
خوبرویون سے جواب اچھے نہین

عاشق و دیوانہ کہکر مجھسے وہ
پوچھتے ہین کیون خطاب اچھے نہین

دم مین آنکھین پھیر لیتا ہے وہ بُت
ہائے ایسے انقلاب اچھے نہین

وصل مین دشمن کو مقتل مین مجھے
قاتل ایسے انتخاب اچھے نہین

میری آہون سے یہ کہتا ہے فلک
دیکھ ایسے پیچ و تاب اچھے نہین

لے چلا پھر بزم جانا مین یہ ڈھنگ
اے دل خانہ خراب اچھے نہین

کرکے خالی خم کے خم کہتا ہے شیخ
یہ جو پیتے ہین شراب اچھے نہین

عاشق اب توبہ کرو وہ دن گئے
دیکھو کار ناصواب اچھے نہین

اپنے عاشق کی بھی اک دن مان لو
روز کے جھگڑے جناب اچھے نہین

## زاید از طرح

طعنہ ہائے بے حساب اچھے نہین
ہان نہین اچھے جناب اچھے نہین

عشقِ زلف و رخ ہو جنکی صبح و شام
ایسے ایّامِ شباب اچھے نہین

حور و غلمان ان بتون کے سامنے
مُجھ سے گر پوچھو جناب اچھے نہین

کیون بگڑتے ہو گناہِ عشق پر
بے خطاؤن پر عتاب اچھے نہین

مجھکو اسپر بھی بہت کچھ رشک ہے
غیر پر اسکے عتاب اچھے نہین

رشک آیا اُسکا جلوہ دیکھکر
تیرے تیور آفتاب اچھے نہین

ہان صدائے دردِ دل ہے دردناک
تیرے نالے اے رباب اچھے نہین

جلکے ساحل تک چلی آتی ہے پھر
یہ چلن اے موجِ آب اچھے نہین

کہتے ہین لختِ دل بریان کو وہ
بے نمک کے ہین کباب اچھے نہین

چشم کی گردش سے چکراتے ہو کیون
تم ہو **عاشق** پیچ و تاب اچھے نہین

چشمِ فتان کو تری کیونکہ فسونگر نکہون
طرفۃ العین مین جی جاؤن تو کیونکر نکہون

بُت ہی بت ہین کہ یون بیٹھے ہین گم صم تو بتو
کیا سمجھ پر مری پتھر پڑے پتھر نکہون

ہے مرے بخت کی تحریر محبت نامہ
خطِ پیشانی کو کیون عشق کا دفتر نکہون

چین اکدم نہ تو خود لے نہ مجھے لینے دے
دلِ بے چین ہن کیونکر تجھے مضطر نکہون

جبتلک ضد نکرون کام نکلتا ہی نہین
مانتے ہی نہین جو بات مکرر نہ کہون

شوق بے چینی و بیتابی کا مجموعہ ہے
سچ کہو گر تمھین آتا نہین باور نکہون

جو مٹائے سے مٹے وہ نہین لکھا میرا
کیون مشیت کہون تحریرِ مقدر نکہون

میرے کچھ کہنے سے کاہیکو خفا ہوتے ہو
تم جفا چھوڑدو مین تمکو ستمگر نکہون

کیون ذکرِ وصل کی باتین کوئی پوچھے تو سہی
قتل ہوجاؤن ولیکن نکہون پر نہ کہون

رازِ الفت کو قیامت مین بھی ظاہر نکرون
حال پوچھے جو ترا داورِ محشر نہ کہون

بیقراری ہے ہمارے لئے ہردم عاشق
برق کو مین تپشِ دل کے برابر نکہون

## زایداز طرح

رشکِ سیماب تجھے کیون دلِ مضطر نکہون
چین لینے نہ دے تو برق سے بڑھکر نکہون

چشمِ جادو کو ترے کیونکہ فسونگر نکہون
دل ہی شئے چھین لے پھر کچھ بھی مین کیونکر نکہون

نام جس نامہ مین لکھے وہ صنم غیرون کا
کیون سیہ بختی کا اپنے اُسے دفتر نہ کہون

ہون وہ قطرہ کہ سمندر کو بھی قطرہ جانون
ہون وہ دریا کہ سمندر کو سمندر نہ کہون

آپ ہون پاس تو صحرا کو بھی مین گھر سمجھون
آپ ہون دور تو پھر گھر کو بھی مین گھر نکہون

دورِ دامن کو ترے چرخ سے کیون دون نسبت
اپنی ہی گردشِ تقدیر کا چکر نکہون

خود یہ حیران ہے جو دیکھیگا وہ حیران ہوگا
کیونکہ آئینہ رو آئینہ کو ششدر نکہون

زہر آمیز کہون عقربِ زنبور کا نیش
گر مژہ کو مین ترے خنجر و نشتر نکہون

وعدہ کرتے ہین بدل جاتے ہین دم مین سو بار
پھر اُنھین جھوٹون کا فرمایئے افسر نکہون

چشمِ خونبار سے نامہ جو ہوا ہے افشان
نامہ بر کہتا ہے کیون خون کا محضر نکہون

ایسی دم دم مین پلٹتی ہین نگاہین تیری
گردشِ چرخ سے پھر کیون انھین بڑھکر نکہون

تیرتی رہتی ہے دریائے سرشکِ غم مین
مردمِ چشم کو کیون مردِ شناور نکہون ؛

کان پر ہاتھ وہ دھر لیتے ہین کیا بات کرون
اسکے یہ معنی کہ خلوت سے مین باہر نکہون

لیکے بوسے لب شیرین کے مزے پائے ہین
تیرے ہونٹون کو ہین کیون قند مکرر نکہون

کیا قیامت ہے کہ تم خون کرو عاشق کا
پھر جفا کار و دغا باز و ستمگر نہ کہون

پھنسے ہین دل تری الفت کے لاکھ پھندون مین
گھرے ہین زلف کے بالون قبا کے بندون مین

ہے عذر شب کو ہمین نیند سے نہین فرصت
بہانہ دن کو کہ رہتے ہین گھر کے دھندون مین

شب وصال بہت مختصر ہے جانے دو
کرو نہ ناز کی باتین نیاز مندون مین

کیا ہے قتل جو مجھکو تو ہے صلائے عام
نوید یار نے بھیجی ہے سب پرندون مین

تمھاری کاکل پیچان نے پیچ ڈالے ہین
غریب دل ہے گرفتار سو کمندون مین

خدا کی شان جنھین کل تلک پسند تھے ہم
وہ آج بیٹھے ہین بن ٹھن کے خودپسندون مین

شب فراق یہ کہتا ہے درد اٹھ اٹھکر
بتاؤ کون ہے جز میرے دردمندون مین

مرا غبار جو اونچا ہوا تو اسنے کہا
کہ آج آپ ہین یا ہین ہون سربلندون مین

پہونچ ہی جاتے ہین بن ٹھن کے حضرت عاشق
جہان سنا کوئی شادی ہے بھائی بندون مین

## زاید از طرح

شمار کل تو عدو کو کیا تھا گندون مین
بنائے بیٹھے ہین پر آج درد مندون مین

سنا کے آپکا جو بن پھنسا ہے پھندون مین
یہ کون قید ہے مجرم کے چار بندون مین

یہ درد عشق ہے وہ بد بلا خدا کی پناہ
اٹھا تھا پہلو سے بیٹھا ہے چار بندون مین

کہو تو شیخ جی عاشق کو راہ پر لائے
اثر نہ وعظ مین ہے آپکے نہ پندون مین

دم میں آؤں گا نہ ہرگز نہ کبھی باتوں میں
ہے ضرر جان کا غیروں کی ملاقاتوں میں

خوار ہو جاؤ گے غیروں کی ملاقاتوں میں
پیچھے پچھتاؤ گے اب آئے تو ہو باتوں میں

ہے دمِ نزع ذرا ہاتھ لگا دے تو جیئے
تیرے بیمار کو بیٹھے ہیں لیئے ہاتھوں میں

میں وہ ہوں رند کہ دھوکے سے اگر آنکلا
گاڑھی چھن جائے گی زاہد سے خراباتوں میں

گھٹ کے مر جائیں شبِ ہجر میں سارے عشاق
میری قسمت کی سیاہی جو بٹے راتوں میں

کیا نزاکت ہے کہ بولا نہیں جاتا ہرگز
وصل کی رات وہ تھک جاتے ہیں دو باتوں میں

دیکھکر مجکو رقیبوں سے لطیفہ یہ کہا
خیر سے یہ بھی ہیں اوستاد بُرے باتوں میں

زخمِ دل آپکی فرقت میں لہو روتے ہیں
چاندنی پھیلی نظر آتی ہے جن راتوں میں

نہ حکایت نہ شکایت تری صلوات سے کام
یہ بھی ہے بات کوئی صاحبِ ان باتوں میں

تیرا انکار ہے اقرار اور اقرار انکار
اُلٹی ایک بات نکلتی ہے تری باتوں میں

آپ جھولا کئے کھیلا کئے ہم عمروں سے
ہمکو باتوں میں جھلایا کیئے برساتوں میں

پیار کرنے کو کہا اُنسے تو بولے ہے ہے
دور ہو رکھا ہے کیا ایسی بھلا باتوں میں

درد و رنج و قلق و حسرت و فکر و غم و ہجر
مبتلا آپکے عشاق ہیں اِن ساتوں میں

ادبِ عشق بھی جاتا نہیں دشنام کے ساتھ
کہ مرا نام وہ لیتے نہیں صلواتوں میں

جو کہا میں کروں تم اُسکو سنا بھی تو کرو
بال کی کھال نکالا نکرو باتوں میں

نامہ لیکر مرا قاصد سے اونہوں نے پھاڑا
بولے یہ بھی کوئی سوغات ہے سوغاتوں میں

ہم عجب چال میں رہتے ہیں عجب فکروں میں
وہ نئی چال میں رہتے ہیں نئی گھاتوں میں

کوئی رسوا ہے حسینوں کی ملاقاتوں سے
کوئی بدنام ہے غیروں کی مداراتوں میں

صبح صد عید نثارِ شبِ وصلت عاشق

| رات یہ باقی ہے مدت کی مناجاتون مین |
|---|

## زائد از طرح

| | |
|---|---|
| زہر کے گھونٹ پیئے ہمنے تری باتون مین | موت ہی آئی ہمین تیری ملاقاتون مین |
| اپنا صدقہ ہمین دیتے ہو تو دل صاف کرو | نیت نیک بھی مشروط ہے خیراتون مین |
| من چلے وہ ہین کہ دل مفت حسینون کو دیا | قرض اپنا کبھی لکھا نہ بہی کھاتون مین |
| غیر کو سر پہ چڑھاؤگے تو احسان ہوگا | آپکے رشتون مین ہے آپکے ہی ناتون مین |

## دیگر

| | |
|---|---|
| غضب ہے غیر سے ذکر وصال کرتے ہین | وہ تیغ رشک سے ہمکو حلال کرتے ہین |
| عدو کا دم بھی مرے ساتھ کیون نہین لیتے | تمھاری تیغ دو دم سے سوال کرتے ہین |
| ترا ہی جلوہ ہے جس جا خیال دوڑایا | جدھر جہان مین ہم دیکھ بھال کرتے ہین |
| ہوئے تھے خاک اسی آرزو مین مدت سے | خوشا نصیب کہ وہ پائمال کرتے ہین |
| ترے شہیدون کی افشانیون کا رنگ ہے وہ | تڑپ کے چرخ و زمین خون سے لال کرتے ہین |
| جگر کو تھام ہی لیتے ہین سننے والے سب | بیان جو ہم شب فرقت کا حال کرتے ہین |
| مجھے یقین ہے تعبیر وہ ندین گے کبھی | جو خواب کو بھی تو تم خیال کرتے ہین |
| قدم قدم ہین فتنے تو گام گام پہ حشر | وہ چال چلتے ہین گویا کہ چال کرتے ہین |
| گرے جو محفل جانان مین شب کو غش کھا کر | رقیب سمجھے کہ ہم انتقال کرتے ہین |
| خوشی مین سالگرہ کی وہ دیتے ہین صدقہ | مرے نصیب کہ مجھکو حلال کرتے ہین |
| جواب دیتے ہین خنجر سے ہوکے چین بہ جبین | کبھی جو وصل کا انسے سوال کرتے ہین |

| فریفتہ بت پرفن کو کر لیا دم مین |
|---|

غضب ہے حضرتِ عاشق کمال کرتے ہین

## زاید از طرح

وہ قتل کرنے مین بیشک کمال کرتے ہین
کہ قضیہ عمر کا سب انفصال کرتے ہین

تمھارے ناز کے توسن کی نعلبدی کو
گھٹا کے بدر کو شکلِ ہلال کرتے ہین

نہ لا سکین گے کبھی تاب نیم جلوہ کی
جنابِ شیخ عبث قیل و قال کرتے ہین

وہ پی کے ایک ہی چلو بس امتحان کر لین
جو ہمسے بحث حرام و حلال کرتے ہین

کسی کا کیا ہے اجارہ وہ اپنے عاشق کو
حلال کرتے ہین صاحب حلال کرتے ہین

بڑے مغرور ہین گر بڑے ہوئے ہین تن کے بیٹھے ہین
ہماری جان لینے کو وہ کیا کچھ بن کے بیٹھے ہین

تری بزم مین بہت فتنے ترے جوبن کے بیٹھے ہین
ترے در پر بہت بسمل تری چتون کے بیٹھے ہین

انھین غصہ کہ میری بزم مین یہ کس لئے آیا
مجھے یہ غم کہ وہ پہلو مین کیون دشمن کے بیٹھے ہین

رقیبون سے صفائی ہو گئی اس غم مین مرتا ہون
یہان منکا ڈھلا جاتا ہے وہان وہ من کے بیٹھے ہین

مقدر اپنا اپنا ہے کسی کا کیا اجارہ ہے
عدو سے منکے بیٹھے ہین وہ مجھ سے تن کے بیٹھے ہین

عجب عشاق کی نظرون نے انکو کر دیا بھاری
دبے ہین ناز مین اور پھر بنے سو من کے بیٹھے ہین

ذرا سی پڑ گئی تھی خاک تربت انکے دامن پر
تماشا ہے مٹانے کو مرے مدفن کے بیٹھے ہین

مبارکباد لے جان ستگئے سارے خلش تیرے
نوید اے دل کہ اب وہ سوگ مین دشمن کے بیٹھے ہین

بھلا جوشِ جنون کسطرح اب دعوت کرین تیری
کئے ہم ٹکڑے ٹکڑے پہلے ہی دامن کے بیٹھے ہین

نگاہِ ناز نے لوٹا ہے سارا قافلہ دل کا
کلیجے پر ہزارون تیر اس رہزن کے بیٹھے ہین

قیامت اٹھ رہی ہے خود در و دیوار سے ہمدم
یہ فتنے ڈھلانے کو پھر کیون مرے مسکن کے بیٹھے ہین

حیا کا پردہ ہے اور آڑ میں چتون کی ہیں بیٹھے
غلط ہے یہ کہ کھل کھیلے ہیں بے چلمن کے بیٹھے ہیں

بتون کا بیٹھنا پہلو سے اٹھنا دو نو آفت ہیں
قیامت ہو گئے اوٹھتے ہیں یہ فتنہ بن کے بیٹھے ہیں

نہ خوش ہو دل کہ تجھ میرے لئے جوبن نہیں نکھرا
عدو کی آمد آمد ہے وہ یون بن ٹھن کے بیٹھے ہیں

جبین پر ہیں شکن بیڈھب غضب بدلے ہیں کچھ تیور
بھرے غصہ میں بہکائے ہوئے دشمن کے بیٹھے ہیں

لگائیں ہم چھری بارہ دری میں باغ کی عاشق
حسینان جہان سب شوق میں سج بن کے بیٹھے ہیں

## زائد از طرح

قیامت ہے وہ گریاں سوگ میں دشمن کے بیٹھے ہیں
پھر اسکی نعش کو ڈھانکے تلے دامن کے بیٹھے ہیں

جفا و جور و بیداد و ستم کے تم ہی خوگر ہو
تمھارے اور بھی ہمجولی یوں بچپن کے بیٹھے ہیں

کیا رسوا ہمیں سب میں جفا جو ہم کو کہتے ہو
اسی برتے پہ صاحب آپ عاشق بن کے بیٹھے ہیں

لگاوٹ ہو تم میں تو سب چاہتے ہیں
بتو تم نہ چاہو تو کب چاہتے ہیں

نہیں بے سبب کوئی ہوتا کسی کا
ہمیں چاہتا ہے وہ جب چاہتے ہیں

بغیر انکے مانگے دیا جسطرح دل
وہ دیں بوسہ بھی بے طلب چاہتے ہیں

دل و دین و ایمان تک دے چکے ہم
وہ دشمن کو پھر یا عجب چاہتے ہیں

مسرت کے طالب نہ راحت کے خواہاں
کہ عاشق سراسر تعب چاہتے ہیں

تمھیں چاہیں گے غیر بیشک یہ سچ ہے
جو سامان عیش و طرب چاہتے ہیں

دل و جان و ایمان سبھی کچھ ہی حاضر
مگر وصل کی ایک شب چاہتے ہیں

ابھی پیش کرتے ہیں عقد ثریا
جو وہ خوشہ ہائے عنب چاہتے ہیں

تلافی ہو جب اس سے نفرت کرو تم
عدو کو تمھارے سبب چاہتے ہیں

نہ بجلی گری دشمنوں پر نہ گردون
تمھارا ہی ٹوٹے غضب چاہتے ہیں

کبھی چاشنی گیر تھے تیرے لب کے
وہی چاٹ اب میرے لب چاہتے ہین
نظر بھی ملی منتخب یا الٰہی
کہ معشوق ہم منتخب چاہتے ہین

اُنھین ہم سے الفت تھی کس روز **عاشق**
نہ جب چاہتے تھے نہ اب چاہتے ہین

## زائد از طرح

ہمین دشمنی ہو گی سارے جہان سے
نہ کہنا کہ اُس بُت کو سب چاہتے ہین
دم ذبح وہ کہتے ہین خون نہ اُچھلے
تو کیا عشق مین بھی ادب چاہتے ہین
نہایت جو چاہت کی عاشق سے پوچھی
تو بولے اُسے ہم غضب چاہتے ہین

## دیگر

تڑپتے لوٹتے کٹتے ہین سارے سارے دن
نہ پوچھو کیسے گذرتے ہین اب ہمارے دن
جو دیکھ لین مری راتین کبھی تمھارے دن
وہ تیرہ ہون کہ نہ پہچانے جائین پیارے دن
گذرتی ہے شب صلت رقیب کے گھر مین
تری بلا سے کوئی کس طرح گذارے دن
حنا ملی ترے ہاتھون مین شب جو دشمن نے
تو ہمنے خون کے دریا بہائے سارے دن
کہان ہے شام شب وصل تو بتا تو سہی
یہ چیخ چیخ کے کب تک تجھے پکارے دن
بگڑ گئے تھے پر اللہ نے سنوار دیئے
منے وہ روٹھ کے آکر رہے وہ سارے دن
شرر یہ چمکے ہین روزِ سیہ مین آہون کے
دکھاتا ورنہ کہان سے بھلا ستارے دن
تم آسے راتون کو تو دن بھی عیش سے گذرے
تمھاری راتون نے پیارے مرے سنوارے دن
جو مر گئے تو شب ہجر اُن سے جیت گئے
رہے جو ہجر مین جیتے اُنھین سے ہارے دن
پھرو گے غیر سے جب تم پھرینگے دن میرے
ابھی تلک تو بُرے حال سے گذارے دن

وہ یاد آکے ستائین نہ کیونکہ عاشق کو
تمھاری وصل کی راتین وہ خوش تمھارے دن

## زائد از طرح

وہ آسرے کی شبین آپ ہی کہو تک تھین — فراق جب سے ہے کٹتے ہین بے سہارے دن

یہ روز ہجر ہے تیرہ کہ ہمنشین گویا — کسیکی زلف سیہ پر فلک نے وارے دن

یہ اُنکے وعدۂ فردا کا انتظار رہا — قیامت آئی نہ پورے ہوئے ہمارے دن

کبھی مرے شب یلدا کے ہاتھ سے نہ چھٹے — مچلکے لاکھ اگر ہاتھ پانو مارے دن

قیامت آئے نہ آئے مگر یہ شامِ فراق — سحر سے چلتے ہی چلتے تھکے ہمارے دن

تمھارے عارضِ روشن پہ ہو گیا عاشق — وصال کے لئے کرتا ہے استخارے دن

کبھی وہ صید کو آئین تو دیکھ لین آنکھین — گذارتے ہین پڑے دشت مین چکارے کون

فراق مین ہمین لگتی جو آنکھ ساری رات — الٰہی ہے شب دیجور یا ہمارے دن

کسیکی زلف پہ قربان کین مین سوراتین — کسیکے رُخ پہ ہزارون ہی مینے وارے دن

جو روز وصل مرے گھر مین میہمان ہوا — تو وہ بگڑ کے یہ بولے اِدھر تو آرے دن

کسی کی چال ہے چکر نصیبِ عاشق کا
وہ آئین جائین تو پھرتے رہین ہمارے دن

دل کی خواہش ہوسِ دل کو نکالون تو کہون — مدعا خاص ہے مین تمکو منالون تو کہون

میری تقدیر ہے اچھی مری تدبیر اچھی — ہاتھ کی شکل جبین پر جو بنالون تو کہون

وصل کی بات جہان سن ہو اشارے پہ قلم — ہاتھ جیتے ہے اگر اپنے اُٹھالون تو کہون

پوچھتے ہو جو مرا حال تو رو کر پہلے — آگ بھڑکی ہوئی سینے کی دبالون تو کہون

کوئی آئے جو عیادت کو تو دون اُسکو جواب
درد دل کو کسی کروٹ مین بٹھا لون تو کہون

بات کہکر اُنھین کیون بات بھی کھوؤن اپنی
پہلے مین سرمۂ تسخیر لگا لون تو کہون

کیا ہوا شیخ کو ہر بات یہ کہتے ہین یہی
دخترِ رز کو ذرا مُنہ سے لگا لون تو کہون

وصل کی بات خطرناک بھی ہے نازک بھی
آپکی بگڑی طبیعت کو سنبھالون تو کہون

پوچھتا کیا ہے فلک مجھسے جراحت کے مزے
زخم پر مرہم زنگار لگا لون تو کہون

کیون گئے چھوڑ کے کچھ اور رفاقت کرتے
عمرِ رفتہ کو کسی طرح بلا لون تو کہون

کام کی چیز ہے سیدھا سا مسلمان ہنو
کلمہ اُس بتِ کافر کو پڑھا لون تو کہون

رحم آئیگا اُنھین ترکِ جفا کا پیغام
درد آمیز کوئی بات سُنا لون تو کہون

حالِ خود رفتگیِ عاشقِ بیکس ہمدم
ٹھہرو ٹھہرو مین ذرا آپ سے جا لون تو کہون

## زاید از طرح

حالِ دل پوچھتے ہو ہوش مین آلون تو کہون
بختِ خفتہ کو ابھی اپنے جگا لون تو کہون

سادگی دیکھئے کہتے ہین شبِ وصل ہے کیا
عرض کی ٹھہرئیے ارمان نکالون تو کہون

ہمنشین پوچھتے ہین وصل کی مجھسے باتین
عرقِ شرم سے مین پہلے نہا لون تو کہون

پوچھتے کیا ہو گذرتی ہے جو میرے دل پر
پہلے مین اپنے در انداز کو ٹالون تو کہون

لذتِ وصل بُری چیز ہوا کرتی ہے
پیار کر لون تمھین پہلو مین بٹھا لون تو کہون

الفتِ غیر کی لیتے ہو گواہی مجھسے
لاؤ مین مصحفِ رُخسار اُٹھا لون تو کہون

ساکنانِ عدم آباد کی پرسش مجھسے
نقشِ ہستی کو مین گر اپنے مٹا لون تو کہون

پہلے جلوہ تو دکھا دو جو سنو حالتِ دل
محو دیدار ہون مین آپ مین آلون تو کہون

گردشِ چرخ ستمگر سے ابھی کیا بولون
ہان مرے جان تجھے ڈھونڈ کے پا لون تو کہون

گردشِ چرخ سے کب تاب سخن ہے عاشق

**نفس چند بھی آرام مین پالون تو کہون**

یہ خار رشک دشمن تمنے بوئے ہائے گلشن مین
کھٹکتے ہین مرے دلمین اُبھر آئے ہین دامن مین

کیا اسطرح اندھا پاسبان کو روز روشن مین
نظر کی تیلیان مینے لگا دین اُنکی چلمن مین

ہمارے داغ عصیان کا الٰہی باغ بنجائے
تماشا دیکھنے کو حور و غلمان آئین مدفن مین

نوید اے عاشقان اُس بُت نے اُنکی خوب عزت کی
بجائے گل دلون کو بھر لیا ہے اپنے دامن مین

جلائے کیا جلے گی خود ہی برق مضطر بیتابی سے
بجائے دانہ رکھتے ہین شرر ہم اپنی خرمن مین

ہوئے نام خدا اب تو جوان کہنا ہے کیا اب کا
کئے تھے سیکڑون دل آپ نے غارت لڑکپن مین

ہمین یہ سخت جانی باز رکھتی ہے شہادت سے
کبھی خنجر کرے تب خط پڑا تھوڑا سا گردن مین

دوئی کھوتی ہے یکرنگی نے وہ عالم دکھایا ہے
نہ وہ عالم ہے عالم مین نہ وہ مسکن ہے مسکن مین

خدایا ایکدن تو دید کے حلقے مزے وہ بھی
مرے دل کی طرح سو آبلے ہون چشم دشمن مین

تن بلبل مین جان آئی تمہارے غنچہ لب سے
تمہاری تابش رخ نے لگا دی آگ گلشن مین

دھوان آہون کا اُٹھتا ہے فراق یار مین عاشق
غلط ہے یہ کہ بادل جھوم کر آتے ہین ساون مین

**زاید از طرح**

بگاڑا آپ نے سب حسن اپنا عشق دشمن مین
نہ وہ خوبی ہے خوبی مین نہ وہ جوبن ہے جوبن مین

جھڑی ایسی لگا دی چشم تر نے اب کے ساون مین
کہ سبزہ لہلہایا گل کھلے جنگل مین گلشن مین

مسرت ہے نہین گر تار باقی جیب و دامن مین
بنی تار نظر حور و فکی جا کر چشم روشن مین

گئے گور غریبان کی طرف برپا قیامت کی
صدائے پا سے اُنکے کشتے جی اُٹھے ہین مدفن مین

کرشمے عشق کے ہین یہ کیا عالم کو دیوانہ
مسیحا تم ہین جیتے وہ مزا پایا ہے مُردن مین

دعا تاثیر کو ہمراہ لیکر آئی ہے ورنہ
تفاوت ہی نہین ہوتا ہمارے دل کی دھڑکن مین

یہ اسکو قبلہ کہتا ہے وہ بتخانہ بتاتا ہے
بہت مدت سے جھگڑا ہے یہی شیخ و برہمن مین

نکالے کب نکلتا ہے بنا ہے قیدی دایم | بہت بے ڈھب پھنسا ہے دل مرا کاکل کی الجھن مین

ادھر عاشق فغان کرتا ہے اوراس سمت بلبل
خدا جانے کہ کیا آیا مزا دونون کو شیون مین

برعکس اثر ہونے لگا آہ رسا مین | ہے ہے وہ بھرے اور بھی دشمن کی ہوا مین
بے شرمی کا پردہ بھی لگایا ہے حیا مین | کھل کھیلے وہ غیرون سے جو تھے ناز و ادا مین
جاتی ہوئی شرماتی ہے درگاہِ خدا مین | وصلِ بتِ کافر کا جو پہلو ہے دعا مین
دریائے معاصی کی ہون ڈوبا ہوا تہا مین | ہاتھون مین مرے دم ہے نہ طاقت کفِ پا مین
یہان تلوہ کھجاتا ہے اڑاتا ہے وہ وہان خاک | مدت سے عجب ربط ہے دشت و کفِ پا مین
وہ غیر کے پھندے مین ہے مین دام مین اسکے | مین اور بلا مین ہون تو وہ اور بلا مین
جی جائین وہین مردہ صد سالہ ہزارون | آجائے مسیحا وہ اگر بزم عزا مین
دیدار ہو محبوب کا یا جلوۂ باری | ہے آرزو تھوڑی سی یہ درگاہِ خدا مین
ہے ہی شب ہجران مین اجل ہے نہ وہ سم ہے | تاثیرِ دعا مین ہے نہ ترکیب دوا مین
جھٹکے نہ وہ غصہ مین نہ ہو جامے سے باہر | وابستہ ہین عشاق کے دل بندِ قبا مین
خون عاشقِ جانباز کا کیون جوش مین ہے پھر | کیا اسنے لگائی ہے حنا پھر کفِ پا مین
بیٹھے ہین شبِ وصل تو نچلے نہین رہتے | شوخی و شرارت کے بھی پر تو ہین حیا مین
اے غیر دکھا دون ابھی تو ہے نہ فلک ہے | کیا اتنی بھی تاثیر نہین میری دعا مین
آتی ہے چلی کوچۂ جانان سے مقرر | آتی ہے جو عنبر کی مہک آج ہوا مین
یہان کا ہیکو یون زلف کے جنجال مین پھنستی | کمبخت مرے دل نے پھنسایا ہے بلا مین
دل نکلے تو کیا نکلے کہ پھندے ہین ہزارون | ہین پیچ پہ سو پیچ پڑے زلفِ دوتا مین

اتنی تو ہو تاثیر دعا مین مری یا رب / پھنس جائے کہین میری طرح وہ بھی بلا مین

دشمن بھی دم سرد ہی بھرتا ہے ہمیشہ / گرتا ہے تو کیون طائر دل اُنکی ہوا مین

ہل چل سی پڑی بزم عدو مین تو وہ بولے / شامل کسی بیکس کی ہے فریاد دعا مین

بس جانے دو کھل جاؤ کرو پیار کی باتین / بے لطف گذارو نہ شب وصل حیا مین

یہ فرط محبت ہے کہ یون شافع محشر / مصروف رہے اُمت عاصی کی دعا مین

کچھ ہوتی چلی ہے نظر لطف صنم پھر / یارب نہ اثر دیکھیو دشمن کی دعا مین

عاشق کی تمنا کا وہ خون کرکے یہ بولے
یہ لال پری آئی ہے اندر کی سبھا مین

## زائد از طرح

دل زلف مین ہے اور کبھی زلف بلا مین / کیا خوب پھنسے دونون ہین اک اک کی ادا مین

عارض ہین ستمگر ترے یا وصل کے دن ہین / زلفین ہین تری یا شب دیجور کی شکلین

اس جور و ستم پر کوئی شاکی نہین ہوتا / انداز وفا کے ہین ستمگر کی جفا مین

ہم جانتے ہین دل کسی مشتاق کا ہوگا / کہتے ہین جو کانٹا کبھی کھٹکا کف پا مین

یہ خون بہائے کبھی وہ آگ لگائے / میرے جگر و دل بھی ہین اُستاد جفا مین

جس سمت کو تو ہے یہ اُسی سمت پھریگا / ہے یعنی مرے دل کا اثر قبلہ نما مین

چڑھ جائین مرے واعظ بہ گر حضرت ناصح / بس گھولدون مینائے مے ہوش ربا مین

آسودگی دل سے ہے آزادی خورش / ظاہر مین ہے گو فرق بڑا شاہ و گدا مین

اب تکیہ ہے عاجز کی تو رکھیو خدا شرم / لرزان ہین مرے عاصی کے سبب ہاتھ دعا مین

عارض ہین وہ دلبر کر بنا بیٹھے ہین عاشق

زلفیں ہیں وہ کافر کہ پھنساتی ہیں بلائیں

## غزلہائے غیر طرح دیوان ردیف نون

باوفاؤں کو بھی وہ رنج جفا دیتے ہیں
واہ کیا خوب محبت کا صلا دیتے ہیں

قتل کے بعد بھی آتے ہیں شہادت کے مزے
دمبدم خنجر قاتل کو دعا دیتے ہیں

بے وفاؤں سے نہ رکھئے کبھی امید وفا
باوفا ہوتے ہیں جو داد وفا دیتے ہیں

کشمکش میں وہ دل و جان کو رکھتے ہیں یوں
اسکو آزار جدا اسکو جدا دیتے ہیں

کیسے کیسے مزے آتے ہیں جراحت کے ہمیں
جگر و دل میں ترے تیر کو جا دیتے ہیں

ناز و انداز و کرشمہ و ادا برقع میں
پردے پردے میں یہ دو چار دغا دیتے ہیں

بیکسی دیکھ کے پھر جاتی ہے جسوقت قضا
ہمکو اسوقت وہ مرنے کی رضا دیتے ہیں

جان کی خیر رہے حسن ترقی پہ رہے
یہ صدائیں ترے کوچہ کے گدا دیتے ہیں

شرم کے نام سے کھل کھیلتے ہیں اور بھی شوخ
محفل غیر میں یوں داد حیا دیتے ہیں

بوسہ اب دیتے ہیں اب دیتے ہیں کب دیتے ہیں
مانگنے والے کو دم صبح و مسا دیتے ہیں

بوسہ لیتا ہوں تو وہ زہر ملاتے ہیں مجھے
زلف چھوتا ہوں تو پھانسی کی سزا دیتے ہیں

شرم سے چشمۂ خورشید پہ پانی پھر جائے
ماہ کو وہ رخ تاباں سے ضیا دیتے ہیں

ایسے اوچھے نہیں **عاشق** کہ کریں انکے گلے
ہمکو تعزیر وہ دیتے ہیں بجا دیتے ہیں

### ایضاً دوم

لو تماشا طپش دل کا دکھا دیتے ہیں
زلزلے سے ابھی عالم کو ہلا دیتے ہیں

پردۂ دل سے ترے کان لگا دیتی ہیں
کام دل کا اسی پردے میں بنا دیتی ہیں

بیٹھتے بیٹھتے فتنوں کو بٹھا دیتے ہیں
اٹھتے اٹھتے وہ قیامت کو اٹھا دیتی ہیں

داغ دل مژدۂ وصلت سے مٹا دیتے ہین — شاد ہم ہوتے ہین اور انکو دعا دیتے ہین

زخم پر مرہم زنگار لگا دیتے ہین — نمک افشانی کی لذت کو گھٹا دیتے ہین

دست وحشت کا ابھی زور دکھا دیتے ہین — دھجیان جیب و گریبان کی اڑا دیتے ہین

ترچھی نظرون سے وہ جب تیر لگا دیتے ہین — ہم اسے دل کی عوض پہلو مین جا دیتے ہین

دونو عالم کی ابھی سیر دکھا دیتے ہین — زاہدو آؤ کہ بادہ سے چھکا دیتے ہین

حضرت دل ہمین کاکل مین پھنسا دیتے ہین — جان پر بیٹھے بٹھائے یہ بنا دیتے ہین

ملکی اغیار سے الٹی ہی دعا دیتے ہین — چارہ گر کچھ مرے پانی مین ملا دیتے ہین

دل کو مانگا تو کہا ٹھہر ذرا دیتے ہین — منگنے کا بھی مزا تجکو چکھا دیتے ہین

تیز تیز آتے ہین کیون باد فنا کے جھوکے — کیا چراغ سحری ہون کہ بجھا دیتے ہین

غیر کو رکھتے ہین سب بے چین ہمارے نالے — شب کو زنجیر در یار ہلا دیتے ہین

آپ اٹھتے ہین تو تنہا نہین رہتے مجکو — درد دل کو مرے پہلو مین بٹھا دیتے ہین

وار کرتا ہون عدو پر تو بچانے کے لئے — عشق کے سر کی قسم مجکو دلا دیتے ہین

بات کرتے ہی نہین کرتے ہین تو ذکر عدو — دیتے شربت ہین مگر زہر ملا دیتے ہین

ہدف تیر قضا ہائے بنایا ہمکو — یعنی آزار جو دیتے ہین نیا دیتے ہین

تا کہ معلوم ہو مطلب ہی نہین کچھ ہمین — خط ہم اس واسطے قاصد کو کھلا دیتے ہین

ٹیڑھی ٹیڑھی نہ کرو زاہد باتین ہم سے — سیدھے سیدھے رہو ہم تمکو جتا دیتے ہین

کیا غضب کا ہے وہ قامت کہ دکھا کر جسکو — اک قیامت وہ قیامت پہ اٹھا دیتے ہین

چھو سکین کیونکہ بتاؤ تو ہم انکا دامن — جو ہوا کو بھی ہوا دم مین بتا دیتے ہین

مرض عشق کے بیمارون کو صحت کیا ہو — چارہ گر کو بھی وہ دیوانہ بنا دیتے ہین

| | |
|---|---|
| ہین اس امید پہ مرتا ہون کہ عادت ہے انھین | نعش عشاق کو بھی ہاتھ لگا دیتے ہین |

سارے عشاق وہان پیٹتے روتے ہونگے
قبر عاشق کا پتا تمکو بتا دیتے ہین

## غزل سوم ایضاً

آپ شمشیر کو جس دم وہ پلا دیتے ہین
تشنگی شوق شہادت کی بجھا دیتے ہین

شعلہ ہائے تب غم آگ لگا دیتے ہین
دل تو کیا چیز ہے یہ جان جلا دیتے ہین

غم عاشق کی حکایت کو سنا دیتے ہین
قیس و فرہاد کا افسانہ مٹا دیتے ہین

ایک نظارہ ہم اُس بت کا دکھا دیتے ہین
زاہدون کے بھی ابھی ہوش اُڑا دیتے ہین

خاک ہوتے ہین مگر خاک اُڑا دیتے ہین
یعنی ہم مٹکے بھی دشمن کو مٹا دیتے ہین

شیخ و زاہد کو رہِ راست بتا دیتے ہین
ایسے حیوان کو انسان بنا دیتے ہین

مسکراتے ہوے وہ ہاتھ لگا دیتے ہین
گدگدا کر مرے زخمون کو ہنسا دیتے ہین

غیر کی دُھن مین مرا دھیان ملا دیتے ہین
یاد آتا ہون تو قصداً وہ بھلا دیتے ہین

شمع سان ہم تنِ لاغر کو گھلا دیتے ہین
چشم سے اشک کا دریا سا بہا دیتے ہین

زلف کو عارضِ روشن سے ہٹا دیتے ہین
رات کو نور کا تڑکا وہ بتا دیتے ہین

اُنکو بہکا کے مرے دل کو بٹھا دیتے ہین
وان لگاتے ہین یہان غیر بجھا دیتے ہین

حال ہم عاشق بیکس کا سنا دیتے ہین
سنگ دل کوئی ہو پر موم بنا دیتے ہین

ہم اسیری کے مزے یاد دلا دیتے ہین
صید دل کو تری زلفون مین پھنسا دیتے ہین

محو کر دیتے ہین بیخود وہ بنا دیتے ہین
ہمکو پہلا ہی سبق ایسا پڑھا دیتے ہین

رشک اغیار کو وہ ساتھ سلا دیتے ہین
ہمسے سنکر نیند کے سوئے کو جگا دیتے ہین

رشک اگر آپکو دعویٰ محبت مین ہے
چھیڑ کر پہلو ابھی دل کو دکھا دیتے ہین

غیر کو لذت وصل اور ہمین درد فراق
اُسکو کیا دیتے ہین وہ اور ہمین کیا دیتے ہین

تا کہ گمراہ نہ ہو کوئی بھی بھولا بھٹکا
مشعلِ دل کو سرِ راہ جلا دیتے ہین

شست و شو کرتے ہین جب اشکِ ندامت زاہد
داغ عصیان مرے دامن سے چھڑا دیتے ہین

داد ملتی ہے شہادت کی ہمین عید کے دن
یعنی خنجر کے گلے سے وہ لگا دیتے ہین

رُخ تابان کو وہ زلفون مین چھپا کر ہے ہے
روزِ روشن کو شبِ تار بنا دیتے ہین

ہائے لکھا مرا قسمت مری میرے خط سے
حرفِ مطلب کو مرے صاف مٹا دیتے ہین

انی دیتا نہین کوئی بھی تسلی ہمکو
نہ مرو تم ابھی ہم اُنکو بلا دیتے ہین

پائے نازک مین لگاتے ہین غضب کی مہندی
زیرِ پا اپنے شفق کو وہ دکھا دیتے ہین

خواب کو خواب بنا دیتے ہین بے چینی سے
گہہ اٹھا دیتے ہین وہ گاہ بٹھا دیتے ہین

ابھی بیمارِ محبت کو شفا ہوتی ہے
نقشِ پا کا ترے تعویذ پلا دیتے ہین

میری فریاد یہ دشمن کے مقابل مین سُنی
عوضِ خون بہا خون بہا دیتے ہین

اپنے ہمراہ لئے آتے ہین وہ رشکِ عدو
خواب مین آکے بھی **عاشق** کو ڈرا دیتے ہین

## غزل چہارم

خاک مین خاک مری خوب ملا دیتے ہین
ہین وہ پارس مجھے اکسیر بنا دیتے ہین

دمِ رفتار قیامت وہ اُٹھا دیتے ہین
چال بھونچال کی ہر گام سکھا دیتے ہین

سر کو جب ہم پئے تسلیم جھکا دیتے ہین
رحم دیکھو کہ وہ گردن سے اُڑا دیتے ہین

دل دُکھاؤ نہین ہم تکو جتا دیتے ہین
نالہ ہائے شبِ غم عرش ہلا دیتے ہین

داغ دل کا ابھی ہم اُنکو دکھا دیتے ہین
مہ و خورشید کی طلعت کو گھٹا دیتے ہین

نالہ ہائے شب غم کار صبا دیتے ہین
اُنسے غافل کو مرا حال سُنا دیتے ہین

جسکو وہ آب دم تیغ پلا دیتے ہین
سچ تو یہ ہے اُسے جینے کا مزا دیتے ہین

ہم صدا سور کے نالون سے ملا دیتے ہین
اک نیا شور سر حشر اُٹھا دیتے ہین

پوچھتا ہے جو کوئی حال تباہی میرا
وہ مری خاک کو چٹکی سے اُڑا دیتے ہین

کیا سمجھتے ہین کہین اشک غم مرگ عدو
ہائے نظرون سے جو یون مجکو گرا دیتے ہین

نامۂ شوق کا دیتے ہین غضب صاف جواب
سادہ کاغذ مرے قاصد کو اُٹھا دیتے ہین

ہے یہ مطلب کہ تمھارے بھی اُڑین گے ٹکڑے
پُرزے پُرزے وہ مرے خط کے اُڑا دیتے ہین

وعدۂ وصل کے سچے ہین تصور تیرے
سوتے سوتے یہ مجھے آکے جگا دیتے ہین

بہکے بہکے نہ پھرو زاہد و رندون سے ملو
کہ ابھی راہ بقا تمکو بتا دیتے ہین

گر کبھی راہ پہ آتا ہے وہ بُت تو عاشق
چلمنین سامنے پلکون کے لگا دیتے ہین

آئینہ دیکھ کے وہ پوچھتے ہین اپنا جواب
اُنکی تصویر کو ہم دل مین دکھا دیتے ہین

ہمکو دیوانہ سمجھتے ہو تو ہشیار رہو
بات جو کچھ ہے پتے کی وہ بتا دیتے ہین

دیکھے وہ باغ مین آنچل کی ہوائین ہر شام
ہوش گُل کے صفت رنگ اُڑا دیتے ہین

## قطعہ

جانے والون کی خبر بھی نہین آنے پاتی
کوس رحلت کو بہت جلد بجا دیتے ہین

نقش پا سے نظر آتے ہین جو تھوڑے تھوڑے
جانے والونکا یہ کچھ کچھ تو پتا دیتے ہین

بیکسی ساتھ فقط جاتی ہے وقت آخر
ورنہ اعضائے بدن ٹلکے دغا دیتے ہین

ہائے کیا چیز ہے یہ جان کہ جسکے جاتے
رفقا ہاتھون سے مٹی مین دبا دیتے ہین

کیون نہ توحید کے قائل ہون یکسر ہم | ایک انگشت شہادت کو اُٹھا دیتے ہین
ہم سمجھ ایسے فلکِ پیر ہزارون گردون | اپنی تقدیر کے سانچے مین بنا دیتے ہین

واعظون کی نہ کبھی راہ پہ چلنا عاشق
دامِ تزویر یہ رستہ مین بچھا دیتے ہین

## ایضاً غیر طرح دیوان

آنکھ مین اُنکی مروّت ہی نہین | اس طرف دیکھین یہ رغبت ہی نہین
اُٹھ سکے جو غمِ فُرقت ہی نہین | جو تھمے اشک وہ رِقّت ہی نہین
ہجر مین جانے کو ہے جانِ حزین | اُنکو یان آنے کی فرصت ہی نہین
جس مین موجود ہو ذکرِ اغیار | پھر وہ ہرگز شبِ وصلت ہی نہین
آئینہ دیکھ کے حیران کیون ہو | اب تو وہ شکل وہ صورت ہی نہین
جان وان جانے کو طیّار ہے یان | نامہ بر تیری ضرورت ہی نہین
بدگمانی سے وہ سمجھین زندہ | پر مری نبض مین سُرعت ہی نہین
خونِ دل پی کے بجھائین گے پیاس | ہجر مین مے کی ضرورت ہی نہین
چال ہے جس کی ہو شورِ محشر | ہے قیامت بھی وہ قامت ہی نہین
آپ سنکر جسے بے چین نہ ہون | شبِ غم کی وہ حکایت ہی نہین
تابِ جلوہ کی ہے چہرہ پہ نقاب | دیکھنے کی کوئی صورت ہی نہین
ہین بھی کچھ قتل سے ہونگا مشہور | اسمین کچھ آپکی شہرت ہی نہین
قتل تم جنبشِ مژگان سے کرو | تیغ اُٹھانے کی ضرورت ہی نہین
ہاتھ وہ کیونکر تمھارے آئے | غمزہ کو تمسے محبت ہی نہین

روز اُٹھاتے ہین وہ نازِ اغیار
کچھ اُنھین پاسِ نزاکت ہی نہین

جو مقدر مین تھا لکھا وہ ہوا
آپ سے ہم کو شکایت ہی نہین

آپ آجائین تو جی جائے مریض
ورنہ بچنے کی تو صورت ہی نہین

رشکِ اغیار نے ایسا گھیرا
دل مین جائے غمِ فرقت ہی نہین

تابشِ مہر کے قابل ہو عبث
داغِ دل سے مرے نسبت ہی نہین

قتل وہ کرتے ہین یون عاشق کو
جیسے کچھ اسمین قباحت ہی نہین

کھو دیا عشق نے عاشق سب کچھ
اب وہ توقیر وہ عزت ہی نہین

## ایضاً غیر طرح دیوان

خاطر سے تیرے غیر کو جب آشنا کہون
تو ہی بتا کہ پھر مین تجھے اپنا کیا کہون

عالم کو خاک کر کے فلک تک جلا دیا
پھر کیونکہ اپنی آہ کو مین نارسا کہون

سُنتا نہین نہ بات کا دیتا ہے کچھ جواب
اُس سنگ دل کو بُت نہ کہون مین تو کیا کہون

ناصح نصیحتین کرین اعدا بُرا کہین
کس کس کو مین بھلا کہون کسکو بُرا کہون

غمزہ غضب کرشمہ ستم چال ہے بلا
وہ کونسی ادا ہے کہ جسکو قضا کہون

یہ مشورہ تھا دل سے نہ نیند آئی رات بھر
قاصد جو آئے وان سے تو پھر اُس سے کیا کہون

ایسا ہو رقیب بنے نامہ بر مرا
ہے دل مین اپنا حال مین خود اُس سے جا کہون

گھٹ گھٹ کے خونِ دل کا کہان تک پیا کرون
کیا ضبطِ غم کا تجھسے اجل ماجرا کہون

عاشق نجات رشکِ عدو سے نہین ہے جب
اپنی قضا کو غیر کا مین مدعا کہون

## ایضاً غیر طرح دیوان

بسر کیونکر کرے گا ای دلِ دلگیر پہلو مین
ہزارون خار غم سینہ مین لاکھون تیر پہلو مین

ثبوت مہر و الفت کو شہادت اتنی کافی ہے
بجائے دل ہے رکھتا تیر کو نخچیر پہلو مین

برابر بیٹھتا ہے جو کوئی وہ مجھسے جلتا ہے
ہوئی ہے آتش ہجران سے یہ تاثیر پہلو مین

بلا کر بزم مین ہمکو یہ اچھی مہربانی کی
بٹھانے کی عوض تمنے بٹھایا تیر پہلو مین

خدا وہ دن دکھائے ہاتھ باندھی غیر بیٹھا ہو
ہمارے پاس بیٹھا ہو بُتِ بے پیر پہلو مین

کرین ہم ناز جتنا دل پہ اُتنا ہمکو زیبا ہے
عطا کی ہے ہمین یہ عشق نے جاگیر پہلو مین

ترے بسمل کو اے قاتل کسی کروٹ نہین راحت
اِدھر ہے تیر پہلو مین اُدھر ہے تیر پہلو مین

کبھی تو آپ ہی دلکو ہمارے وہ دُکھاتے ہین
کبھی خود بیٹھکر کرتے ہین کچھ تدبیر پہلو مین

زمانا ہے تمھارا آج کل تم شاہِ خوبان ہو
جسے چاہو بٹھا کر دو اُسے توقیر پہلو مین

تڑپتا لوٹتا ہون خاک پر شبہائے ہجران مین
کہان سے آگئی ہے گردشِ تقدیر پہلو مین

ہمارے دردِ دل کی جب خبر کچھ غیر کو ہوتی
بجائے دل دیا ہوتا الٰہی تیر پہلو مین

جہانمین جتنے سیمین تن ہین میرے دل کے طالب ہین
الٰہی تو نے کیا دی ہے مجھے اکسیر پہلو مین

ہوا تھا ایک دن پہلو بہ پہلو اُن سے مین جب سے
ہوا کرتی ہے میری اُنکی ہر تقریر پہلو مین

ترے وحشی نے اُنکی فصلین یہ بد بختیان ہین
اِدھر زنجیر پہلو مین اُدھر زنجیر پہلو مین

کسیکا بیٹھکر پہلو مین اُف اُف کرتے یہ کہنا
چھپا رکھی ہے تمنے آہِ آتشگیر پہلو مین

عجب انداز سے آتا ہے وہ سفاک اے عاشق
اِدھر ہے ہاتھ مین خنجر اُدھر شمشیر پہلو مین

## ردیف واو طرح دیوان

سرگرمِ چارہ سازئ غم چارہ جو نہو
اُمیدِ زیست ہی نہین حیران تو نہو

وہ دل ہے خاک جسمین تری آرزو نہو
وہ گل ہے خار جس مین مُحبّت کی بو نہو

جاتی ہے ہمسے آگئے تو کیون کوئی یار مین
اتنی بھی بیقرار بس اے آرزو نہو

کٹ جائے خود گلا جو شہادت کے شوق سے
خنجر کے آب وتاب کی یون آبرو نہو

اے غیر دو ہی بات پہ ہوتا ہے فیصلا
تو ہو تو مین نہون جو یہان مین ہون تو نہو

بدلا ہوا ہے رنگ جو کچھ روئے یار کا
کرنے کو ترک رسم کی کچھ گفتگو نہو

میخانہ کے رئیس ہین نازک دماغ ہین
ساقی وہ مے پلا کہ ذرا جسمین بو نہو

یکرنگیون نے نام دوئی کا مٹا دیا
پھر کیونکہ دل ہمارا - ہمارا عدو نہو

زندون کو شیخ بیٹھ کے گھر مین بُرا نہ کہہ
غیبت وہ بات ہے جو کبھی روبرو نہو

وہ مُنہ سے کب لگائین کہ نازک مزاج ہین
جب تک حباب قطرۂ گل کا سبو نہو

گر سوزنِ مژہ نہ مددگار ہو تری
دامن کا چاک بخیہ گرون سے رفو نہو

ہے ہے وصال ہے کہ یہ دونا فراق ہے
کہتے ہین آئین گھر مین ترے جبکہ تو نہو

خلد و جنان سے ہوینگی تسکین دل کو کیا
جسکو بجز وصال کوئی آرزو نہو

زخم جگر سے کیون نہ رہون بیقرار مین
وہ زلف ناپسند ہے جو مشکبو نہو

**عاشق** وہ تشنہ کام شہادت ہی بدنصیب
خنجر کی آب سے بھی کبھی تر گلو نہو

خوشبوئے رُخ سے بیش گل تر کی بو نہو
مغرور اے نسیم بس اب اِتنی تو نہو

مشتاق کو وصال کی کیون جستجو نہو
نکلے یہ آرزو تو کوئی آرزو نہ ہو

آئینہ تیرے رُخ سے کبھی دوبدو نہو
گر ہو کبھی تو مُنہ کو تکے گفتگو نہو

وہ چشم کیا کہ اشک کا دریا نہو رواں
وہ دل ہے کیا کہ جو ترے غم میں لہو نہو

وحشت نے اپنی خاک اُڑائی کہاں کہاں
شہرہ ہمارے عشق کا کیوں چار سو نہو

اے ضعف المدد کہ ہوں قاتل سے منفعل
خنجر نکیوں ہو تشنہ جو تن میں لہو نہو

محبوب دو جہاں کی محبت میں ہے سلوک
یہ عشق ہو تو کوئی کسی کا عدو نہو

ہم تو کباب ہوں تجھے ہے بے خبر نہیں
ممکن ہے دل جلے ترے کوچے میں بو نہو

دم بھر بھی تجھسے قطع تعلق نہوئیگا
تصویر تیری دلمیں ہے گویا میں تو نہو

شب جسنے بزم غیر میں ہلچل مچائی تھی
کوئی نظر بچا کے گئے آرزو نہو

ذکر صنم ہی کرتے ہو ہر وقت شیخ جی
عاشق نہو تو ایسی کبھی گفتگو نہو

اے چارہ گر نمک بھی چھڑک سم بھی پیس کے
تا اندمال زخم کی پھر جستجو نہ ہو

مشق ستم تو کر کہ گراں سر نہیں ہیں ہم
تقدیر تیغ کی ہے جو تن میں لہو نہو

پھرتی ہے اسطرح سے بھٹکتی جو جا بجا
یارب خراب وحشت کوئی آرزو نہو

شک ہے کہ جسمیں زہر ملایا ہے غیر نے
مجھکو جو دے رہے ہیں کہیں وہ سبو نہو

انکو بھی شوق وصل ہے عاشق جو تمکو ہے
ممکن نہیں تمھیں ہو انھیں آرزو نہ ہو

## زاید از طرح

ساقی ہو مے ہو باغ ہو اور خوبرو نہو
بے جان ہو تن تو جان کی کیوں آرزو نہو

دریائے مے سے پیاس ہماری فرو نہو
منہ سے لگا دے خم ہی جو ساقی سبو نہو

جز مرگ اور کوئی جسے آرزو نہو
کب سے تلاش ہے دل مضطر وہ تو نہو

آئینہ آئینہ کے مقابل کبھو نہ ہو
حیرت نہیں جو چاند ترے روبرو نہو

کیوں خاک اُڑاتی پھرتی ہے گوشہ میں بیٹھ جا
آوارہ گرد اتنی بھی اسے آرزو نہو

تاب رخ نگار سے آئینہ خاک ہے
کیا منہ ہے منہ دکھائے کبھی جو روبرو نہو

قاتل کی طبع پاک کے قربان کرون کہے
عاشق کے خون بغیر ہمارا وضو نہو

لطف آتا ہی نہین گر ستم ایجاد نہو
داد خواہی کے لئے خواہش بیداد نہو

صید لیے پر بھی قفس سے کوئی آزاد نہو
تاب اُڑنے کی نہو طاقت فریاد نہو

جنبش لب ہی یہ کرتے ہین تصدق جان کو
ہم اشارہ کو سمجھتے ہین کچھ ارشاد نہو

جس مکان مین نہ مکین ہو نہین زینت اسکی
تو نہ جس دل مین ہو پھر کیونکہ وہ برباد نہو

گر حسینانِ جہان ناز اُٹھائین بھی تو کیا
بے ترے شاد ہمارا دلِ ناشاد نہو

کیا مزا ہے کہ وہی یاد ہے سب بھول گئے
وہ جسے اسلئے بھولین کہ کبھی یاد نہو

تجکو اے دل ہے عبث شکوہ فراموشی کا
ہچکیان کس لئے پھر آئین اگر یاد نہو

اسکی آبادی سے ہے اپنا مکان ویرانہ
یا خدا خانۂ دشمن کبھی آباد نہو

داد ملنے کی ہو امید بھلا پھر کیونکر
میری فریاد مین جب شکوۂ بیداد نہو

گھر مین اُس شوخ کے رہتا ہے جو ماتم ہر شب
تربتِ عاشقِ مضطر تہِ بنیاد نہو

کچھ نہین ہاتھ سے مجکو کہ پشیمان ہوگا
تیری حسرت بھی کہین حسرتِ شدّاد نہو

عشق شیرین ہی سر چڑھ کے پکارا ہوگا
تلخ کامی سے گران تیشۂ فرہاد نہو

نامہ بر کہتا ہے کیا خاک کہون اُسکا جواب
جس سے کچھ بات نہو جس سے کچھ ارشاد نہو

اسمین وہ رہتے ہین چھپ چھپ کے ہمیشہ
دیکھنا آہ کہ گھر غیر کا برباد نہو

دست وحشت نے کئے تار گریبان کے جدا
غیر ممکن ہے جنون بر سر امداد نہو

سخت جانی سے مری اُلٹ گئے خنجر لاکھون
اے ستمگر یہ ترا خنجرِ فولاد نہو

تو نے عاشق کے بسے خانۂ دل کو لوٹا
اے خرابی تری بستی کبھی آباد نہو

امتحان نالۂ شب آج ہی تھوڑا سا تو ہو
یا قفس ہی نہ ہوا خانۂ صیاد نہو

ایک شادی ہے غمی چھائی ہے سب پر عاشق

غیر ناشاد ہو تو کوئی بھی ناشاد نہو

## زاید از طرح

نہ سُنے جب کوئی فریاد وہ فریاد نہو
دل وہ دل ہی نہین جس دلمین تری یاد نہو

اور وہ بیداد ہی کیا جسکی کہین داد نہو
گھر وہ گھر ہی نہین جس گھر مین تو آباد نہو

میرے نالون کی صدا شبکو وہ سُنکر بولے
کسی بیکس کی بھٹکتی ہوئی فریاد نہو

خوگر جور ہین ہم آپ بتا دینگے تمھین
آؤ سکھلا دین اگر طرز جفا یاد نہو

رونے ہنسنے کی جو آتی ہے قفس سے آواز
صید کے پھندے مین اُلٹا کوئی صیاد نہو

کہدو واعظ سے کہ اچھا ہے بھٹکتے پھرنا
صید دل پھنس کے کسی لف سی آزاد نہو

میری فریاد و فغان دشت سے آئی تو کہا
دیکھنا یہ کوئی مجنون نہو فرہاد نہو

تاز اُٹھاتے جو چلے آئے ہو معشوقون کے
صف عشاق مین عاشق تمھین اُستاد نہو

بھٹکتا پھرتا ہون رہ رست بتا دو مجکو
رہبر کوچۂ دلدار دکھا دو مجکو

غم ہجران کی مصیبت نہین جھیلی جاتی
مخلصی اس سے ملے ایسی دعا دو مجکو

قتل کرنے کے بعد دباتے ہو مجھے احسانمین
بار اُٹھتا نہین ناچار اُٹھا دو مجکو

تا ابد مست رہون محو رہون شاد رہون
عنبرین زلف ذرا اپنی سُنگھا دو مجکو

مجھسے کہتے ہین خبردار پرے ہی رہنا
ہاتھ ٹوٹین جو کبھی ہاتھ لگا دو مجکو

چین ابرو گرہ زلف مین تو دیکھ لیا
دل گم گشتہ کا کچھ اور پتا دو مجکو

دل تری یاد مین رہتا ہے ہمیشہ بیدار
بخت خفتہ تو نہین ہون کہ جگا دو مجکو

اپنی چاہت پہ عبث جان مری لیتے ہو
ہان کسی اور کو چاہون تو سزا دو مجکو

گر گلے سے ہے لگانا تو لگا لو ورنہ
قتل کر ڈالو ٹھکانے تو لگا دو مجکو

بزم اغیار مین کیا گذری جو ایسے ہو اُداس
ہو اگر بات بتانے کی بتا دو مجکو

آپ سے آپکے عاشق کو جو پوچھے کوئی — ہو تلافی شبِ غم کی جو بتا دو مجکو
غیر کو غیر وہ سمجھے مجھے اپنا جانے — ہمدمو ایسی کوئی راہ بتادو مجکو
نقشِ اُمید مرا رشکِ جہان ہو جائے — کیا ہے نقشِ قدم اپنا جو بنا دو مجکو
کیا قیامت ہے کہ فتنون پہ یہ فرمائش ہے — روشِ ظلم و ستم اور سکھادو مجکو

محو ہون نام مین معشوق کے وہ ہون عاشق
نقشِ اُمید نہین ہون کہ مٹا دو مجکو

## زاید از طرح

اپنے پہلو مین خدا کے لئے جا دو مجکو — کسی کروٹ کسی پہلو تو سُلا دو مجکو
قبر مین ہاتھ سے تم اپنے سلا دو مجکو — آؤ عقبی کے عذابون سے چھٹا دو مجکو
خط سُناؤ نہین - مضمون بتادو مجکو — ہمدمو وصل کا اقرار سُنا دو مجکو
ہاتھا پائی نہین آتی - تو سکھا دو مجکو — داؤ ہٹ پھیری کے بھولا ہون بتاؤ مجکو
ناتوانی سے غش آتا ہے سنبھالو تو ذرا — اپنے شبنم کے دوپٹے کی ہوا دو مجکو
اور کچھ مینے کہا تو وہ یہ ہنسکر بولے — لاؤ جی لاؤ جی جام پلا دو مجکو
اُنکے ہاتھون مین ہون وصل کے ارمان نکلین — کاش زنجیرِ درِ یار بنا دو مجکو
دم ترے ہجر مین کہتا ہے نکل جاؤن گا — رخصتِ ہستی کا تقاضا ہے کہ لا دو مجکو
جان جائے مگر احسان نہین لینے کا — اپنے منہ سے نہ کہون گا کہ دوا دو مجکو
کشتۂ ناز تمھارا ہون مسلمان نہ سہی — کافرِ عشق جو سمجھو تو جلا دو مجکو
کیا کہا جائے کہین سیکڑون وعدون پہ جو — کب کیا کونسا وعدہ ہے بتا دو مجکو

سر بکف وہ بھی ہے گر تیغ بکف ہے قاتل
بے جگر کوئی تو عاشق سا بتا دو مجکو

تیرِ نظر کو نالہ نہ کیونکر ناگوار ہو — وہ دل کے پار ہو تو یہ پتھر کے پار ہو

شوقِ نبیؐ مین جان اگر بیقرار ہو
امید ہے کہ عرش پہ اپنا مزار ہو

دل اور نامہ بر کی ہین باتین جدا جدا
اب یہ کہو کہ کسکا ہمین اعتبار ہو

تنہا جو شب کو آؤ تو یہ بھی رہے خیال
بوس و کنار کا بھی ہمین اختیار ہو

پینے کسی سے کب کہین باتین وصال کی
نامعتبر ہے خود اُسے کیا اعتبار ہو

عالم مین تم سا کوئی نہو بانیِ جفا
مجھسا جہان مین نہ کوئی بیقرار ہو

دم دم کے مرگ و زیست سے جان آگئی ہے تنگ
صبر آئے جو نصیب مین ہو ایکبار ہو

نالے مرے فراق مین کہتے ہوئے چلے
اے دل ستانے والو ذرا ہوشیار ہو

مشہور عاشقانِ سلف کا ہے گرچہ نام
عاشق جہان مین تم بھی بڑے یادگار ہو

ہم مرتے مرتے بھی اسی حسرت کو لیچلے
پوچھا کبھی نہ تمنے کہ کیون بیقرار ہو

اے ہمدمو بتاؤ محبت کا دکھ ذرا
کچھ کام آؤ تم مرے بچپن کے یار ہو

وہ غیر سے بھی مل کے ملاتے ہین مجھسے آنکھ
جسکو نہین ہے شرم وہ کیا شرمسار ہو

غفلت کی شب گئی تری غافل سحر ہوئی
موئے سفید کہتے ہین چل ہوشیار ہو

خلوت ہو شب ہو یار ہو **عاشق** نہون جناب
پھر پوچھین شیخ جی سے کہ پرہیزگار ہو

## زاید از طرح

پیش نظر ہمارے جو تصویرِ یار ہو
دل اور شوق وصل مین پھر بیقرار ہو

کیا آئے مہر و ماہ کی تابش خیال مین
سوزان جہان سے بڑھ کے دلِ داغدار ہو

اب وہ شباب ہے نہ وہ دل ہے نہ وہ صنم
کس پر نباہ ہم کرین کس پر سنگھار ہو

گذری تمام عمر مری انتظار مین
یارب کسی کا کوئی نہ امیدوار ہو

کردے الٰہی شہر خموشان کا بادشاہ
مرجع ہر اک حسین کا ہمارا مزار ہو

دل لے لیا تو بوسۂ لب دیجئے مجھے
اللہ نے دیا ہے تو پھر کیون اُدھار ہو

الفت کی بازیون سے بچو ای جناب دل
جیتو تو جیت جاؤ جو ہارو تو ہار ہو

مین جا کے دیکھ لونگا مگر تم نہ بولنا
محشر کے دن جو میری تمہاری پکار ہو

اے دل گئے وہ دن کہ یہ کہتے تھے سب حسین
عاشق سے ہم ملین تو بڑا افتخار ہو

جب دوست غیر کے ہو تو پھر اپنے غیر ہو
اب اور کیا کہون تمھین جو کچھ ہو خیر ہو

تڑپون مین اس طرح سے کہ مقتل مین سیر ہو
آتش وہ بھڑکے رشک کی فی النار غیر ہو

تیری ہو جب تلاش تو سب جا پھرینگے ہم
کعبہ ہو بتکدہ ہو کلیسا ہو دیر ہو

کیا بیکسی کا وقت ہے یارب دم وداع
قابو مین جب نہ ہاتھ نہ قبضہ مین پیر ہو

دکھ سکھ بیان کا کیا ہے یہ دو دن کی بات ہے
پر عاقبت ہماری خدا یا بخیر ہو

آتی ہے وصل مین نہین آتی یہ ہجر مین
شاید اجل کو ہمسے عداوت ہو بیر ہو

عاشق تصور رخ گل رخسار مین دو جان
تا بڑھ کے پھول والون سے پھولون مین سیر ہو

## زاید از طرح

وہ ہمکو سنتون سے سنائین تو سیر ہو
پریون کہ ہم ہون وہ ہون نہ واعظ نہ غیر ہو

کہنے کی بات اور ہے پر وقت امتحان
ہوا اپنا اپنا اور جو ہو غیر غیر ہو

اس شد و مد سے آہ بھری منے ہجر مین
اک ساتھ جیسے لاکھ تفنگون کا فیر ہو

ہم مرغ دل کو اپنے کبوتر بنائین گے
نامہ رسانیون کے لئے کوئی طیر ہو

## دیگر

جان کو تن سے مریجان جدا ہونے دو
لوٹنے دو مجھے ٹھنڈا تو ذرا ہونے دو

غیر ہے زنگ اسے دل سے جدا ہونے دو
صیقل مہر سے تم صاف ذرا ہونے دو

ربط غیرون سے نہ رکھو مجھے اپنا کر لو
تم نہ ہونے دو جدا رنج سے یا ہونے دو

عرض کی جب کہ وفا وعدۂ وصلت کیجیٔ
بوسے جلدی نہ کرو روز جزا ہونے دو

ذبح کے بعد مرا خون بہا دو صاحب
عید قربان ہے کوئی وعدہ وفا ہونے دو

اے نکیرین سوالون مین یہ جلدی کیسی
ٹھہر کر کہتا ہون ذرا ہوش بجا ہونے دو

اب تو صد شکر وہ کہتے ہین جنون پر میرے
گر وہ سودائی ہوا ہے تو سوا ہونے دو

مجکو ستاتے ہو کیون بہر خدا رحم کرو
تیغ کا حق مری گردن سے ادا ہونے دو

دیکھو پھر وصل کا انکار کروگے کیونکر
عرش کے پار ذرا میری دعا ہونے دو

خاکساری پہ مری ہوئین مجھے اعدا مٹی
خاک پر نقش مرہ نقش کف پا ہونے دو

بلبے یہ طرز تغافل - مرے نالے سُنکر
کوئی بولا کہ یہ **عاشق** ہے کہا ہونے دو

## زاید از طرح

غیر کو چرخ کو تم شاد ذرا ہونے دو
مجھے مرنے دو کسی کا تو بھلا ہونے دو

کچھ تو ارمان نکالو کہ بھٹکتا نہ پھرے
دل بیکس کے لئے پہلو مین جا ہونے دو

ہر ستم مجکو گوارا مجھے ہر رنج خوشی
اپنے قدمون سے مگر تم نہ جُدا ہونے دو

اُسکا مٹنا بہت آسان تمہارا مشکل
تم نہ روٹھو مری قسمت کو خفا ہونے دو

ہمصفیران چمن ہم کو نہ سمجھو بے پر
کیسے پر پُرزے نکلتے ہین رہا ہونے دو

عمر بھر تمنے پڑھایا کلمہ اپنا بتو
آخری وقت ہے اب یاد خُدا ہونے دو

شعلۂ حُسن پہ جلتے ہین تو کہے **عاشق**
ہمدمو شمع پہ پروانے فدا ہونے دو

کہتے ہین پھر نہین آئین گے قسم ایک نہ دو
طرز گفتار مین لاکھون ہین ستم ایک نہ دو

نور کو کتنی ہی دوری ہو وہ نزدیکی ہے
شب معراج تھا حضرت کا قدم ایک نہ دو

درد و رنج و غم فرقت گلۂ جور و جفا
جان کیونکر بچے بے حد ہین الم ایک نہ دو

ہم حسنِ لازوال کے عاشق ہیں زاہدو
کب ہے بتانِ حور شمائل کی آرزو

عاشق جو ایک چاند کا ٹکڑا بغل میں ہے
آنکھوں کو اب نہیں مہِ کامل کی آرزو

## زائد از طرح

ارمان دن کا ہے نہ شبِ تار کی ہوس
عارض کی آرزو نہ ترے تل کی آرزو

پتھر پڑیں عدو پہ کہ اُس بت سے مل گیا
رکھتا ہے بے نصیب عبث سل کی آرزو

ان اچھی شکل والوں کو توفیق نیک دے
یارب نہو خراب کسی دل کی آرزو

آیا نہ وہ - ہزار زمانے بدل گئے
نکلی کبھی نہ دل میں رہی دل کی آرزو

## غزلہائے غیر طرح دیوان ردیف واو

تم نہ تصویر کی حسرت دیکھو
میری حسرت بھری صورت دیکھو

ناصحو اُسکی بھی صورت دیکھو
نہ کرو ہم کو نصیحت دیکھو

زلف سے بادِ صبا اُلجھی ہے
آگئی اسکی بھی شامت دیکھو

چین خود لے نہ ہمیں لینے دے
دل کو ہے ہم سے عداوت دیکھو

دمِ وصلت طلبی کہتے ہیں
تم ذرا اپنی تو صورت دیکھو

بنتی ہے زیرِ فلک اور زمین
خاک اُڑاتی ہے یہ وحشت دیکھو

ہائے قاتل یہ بڑی لوٹتی ہے
حسرتوں کو بھی ہے حسرت دیکھو

جان کھوتے ہیں مرے جاتے ہیں
کیا بری ہوتی ہے چاہت دیکھو

ہمنے جانا کہ کیا یاد ہمیں
ہچکی آئی دمِ رخصت دیکھو

کیوں چھڑکتے نہیں زخموں پہ نمک
دو نہ اتنی بھی اذیت دیکھو

اجل آنے کا یقین ہے تو بھی
سہل انکاری غفلت دیکھو

دلِ گمراہ یہ کہتا ہے مجھے
بتکدہ چھوڑ کے جنت دیکھو

## ہمتو قائل ہین تمہارے عاشق
## کس بلا کی ہے طبیعت دیکھو

انکے چہرہ کی سجاوٹ دیکھو ۔ کیا غضب کی ہے بناوٹ دیکھو
ہائے کس ناز سے کہتے ہین مجھے ۔ نہ کرو ہمسے لگاوٹ دیکھو
دیکھو مشتاق مرے جاتے ہین ۔ کیون اُٹھاتے نہین گھونگھٹ دیکھو
مغبچو اور بہک جاؤنگا ۔ نہ پلاؤ مجھے تلچھٹ دیکھو
ہے یہ الزام جبین سائی پر ۔ توڑتے ہو میری چوکھٹ دیکھو
خواب مین مینے لیا تھا بوسہ ۔ وہ پڑی چہرہ پہ سلوٹ دیکھو
مجکو مرنے دو نہین آجاؤ ۔ تم سُلا دو کسی کروٹ دیکھو
خون اغیار ہے بادہ تو نہین ۔ ابھی پی جاؤنگا غٹ غٹ دیکھو
وقت ضایع نکرو باتون مین ۔ صبح ہو جائے گی جھٹ پٹ دیکھو
ہاتھ سے کھوؤگے مجکو صاحب ۔ ہے بُری روز کی جھنجھٹ دیکھو
نیمجان ہو کے تڑپتا ہون مین ۔ اُنکے خنجر کی رُکاوٹ دیکھو
دیکھین پریان تو تصدق ہوجائین ۔ اُنکے دھج دیکھو سجاوٹ دیکھو
تازیانہ ہے بلا غمزہ کا تو ۔ توسنِ ناز ہے سرپٹ دیکھو
جان جاتی ہے کہ رہتی ہے مری ۔ پاس سے میرے ذرا ہٹ دیکھو
دل دیا کام کیا ہے مین نے ۔ مجھا پاؤگے نہ جیوٹ دیکھو
مجکو مرتے ہوئے دیکھا تو کہا ۔ اب کسی اور کی چوکھٹ دیکھو
کھائے جاتے ہین نمکدان کو ترے ۔ ہین مرے زخم بھی مُنہ پھٹ دیکھو
دل ہٹا جاتا ہے اِن باتون سے ۔ اُنکو ہر بات مین ہے ہٹ دیکھو
مجھسے کہتے ہین پرے ہٹ جانا ۔ گر کسی پاؤن کی آہٹ دیکھو

نالے اس کھٹکے سے نے مارا شب وصل — کہتے ہین کسکی ہے آہٹ دیکھو

ہون وہ عاشق کہ مرے مرقد پر
روز پریون کا ہے جمگھٹ دیکھو

## دیگر غیر طرح دیوان

ناز مین فتنے ہین فتنون مین شرارت دیکھو — چال مین آفتین آفت مین قیامت دیکھو

بت کو ہم دیکھ کے پتھر ہوئے حیرت دیکھو — بت کرے باتین یہ اللہ کی قدرت دیکھو

آخری وقت مین بھی ساتھ نہ کمبخت رہا — دل نے کیا جان سے کی ہے یہ رفاقت دیکھو

سرمگین آنکھون سے دل زلف مین پھنسکر لوٹا — گر نہ دیکھی ہو تو آؤ شب فرقت دیکھو

وحشت دل نے مری خاک اڑائی ایسی — جا چڑھی چرخ برین پہ مری تربت دیکھو

مر گئے خاک ہوئے رہگذر یار مین ہم — کر دیا مال نکالو کوئی حسرت دیکھو

ذبح کے بعد تڑپنے نہین دیتا ہرگز — رحم قاتل کا ذرا دیکھو مروت دیکھو

حور مین شوخی ہے ایسی نہ ملاحت ایسی — اسکی صورت سے کہان ملتی ہے صورت دیکھو

گل رخسار کو چھو لے جو نسیم سحری — رنگ مرجھائے نزاکت ہے نزاکت دیکھو

مرتے تھے قتل پہ خنجر پہ بھی جان دینے لگے — ہو گئی اور محبت مین محبت دیکھو

کسی کروٹ کسی پہلو تو سلا دو اسکو
عاشق خستہ کی تم آن کے حالت دیکھو

کیون دم بازپسین تم مری صورت دیکھو — غیر کی شکل سے ہو جائیگی نفرت دیکھو

لوٹتی رہتی ہے قدمون پہ سدا قاتل کے — جان کے ساتھ بھی جاتی نہین حسرت دیکھو

وصل مین یہ کبھی آئی نہ وہ ہجران مین کبھی — یاس و امید مین ہے کیسی رقابت دیکھو

مجکو آنکھون سے گراتے ہو سبک کرتے ہو — غیر کو سر پہ چڑھاتے ہو نزاکت دیکھو

پانو مین لوٹنے دیتا نہین قاتل ہمکو — حسرتون کی بھی نکلتی نہین حسرت دیکھو

تشنۂ وصل ہون مرجاؤنگا مرجاؤنگا
موت گر چاہو مری دیکھئے یہ شربت دیکھو
دام کیا بلکہ اُڑا ساتھ زمین کو لیکر
ناتوانی مین ہے یہ صید کی ہمت دیکھو
کیون سسکنے دو یہ احسان کرو بسمل پر
ایک ہی ہاتھ مین ہو جائیگا رخصت دیکھو

آئینہ دیکھ کے تم اور مکدر ہوگے
اپنے عاشق کی دلِ صاف مین صورت دیکھو

## ایضاً

شب غم مین نہ دلِ زار کی حالت دیکھو
سنگدل ہو مگر آجائیگی رقت دیکھو
تم سدھارے تو گئی جان بھی مریض غم کی
آنکھین وا رہگئین دیدار کی حسرت دیکھو
نہین ملتا یہ گلے عید بجز خنجر کے
دلِ بسمل کا ذرا شوق شہادت دیکھو
مختصر سنئے فسانہ تو شب وصل کا ہے
طول ہوتی ہے شبِ غم کی حکایت دیکھو
سیر گر دیکھو تو بسمل کو تڑپنے دو ذرا
چھڑکو زخمون پہ نمک لطف جراحت دیکھو
شوقِ دیدار مین قاتل کی تھی وہ محویت
خاک پائیگی کہان کیون مری تربت دیکھو
ساتھ لیجائینگے اُمت کو بھی جنت مین حضور
حشر مین شافع محشر کی شفاعت دیکھو
مشک خون بن کے چھپا ہو کے خجل نافہ مین
عنبرین زلف صنم کی ہے یہ نکہت دیکھو
خط ہر زخم نے پائی ہے ہلالی صورت
کشتۂ ابروئے خمدار کی حالت دیکھو

دین و دنیا کی خبر رہتی نہین کچھ عاشق
ہائے کمبخت بری ہوتی ہے چاہت دیکھو

## غزل چہارم ایضاً

گالیان انکی ہوئین ہمکو غنیمت دیکھو
فللہ الحمد کہ ہوتی چلی رغبت دیکھو
غیر کی کرتے ہین وہ مجھسے شکایت دیکھو
پھر ہوئی میری طرف چشم عنایت دیکھو
خون چاٹا ہے کلیجے سے لگا کر اسکو
ہے اپنے کی خنجر قاتل کی یہ دعوت دیکھو

لوٹ لین گے تری جوبن کی بہار دشمن
ہان لٹاؤ نہین تم حسن کی دولت دیکھو

سر کو شمشیر کے خط سے نہ کو زخم خنجر
یہ بلا حسن کی سرکار سے خلعت دیکھو

ٹھوکرین کھاتا ہون شتہ سنبھالو مجکو
بر ہمرو و ساتھ نبھالو مری غربت دیکھو

مصحف رخ پہ ترے تل نہین الف ہے میرا
رات دن کرتا ہے حافظ یہ تلاوت دیکھو

کہتے ہین چارہ گرون سے کہ یہ بیچارہ ہے
ایسے بیمار کو کب ہوتی ہے صحت دیکھو

دیکھو حاتم سے سوا ہو گی تمھاری شہرت
کرو اقرار وفا لطف سخاوت دیکھو

انکے انکار پہ کرتا ہے جو عاشق اصرار
کہتے ہین غیر سے وہ اسکی جہالت دیکھو

## ردیف یای تحتانی دیوان

کہان تک نہوتی بسر ہو گئی
شب ہجر آخر سحر ہو گئی

ہوئی جس طرح سے بسر ہو گئی
گہے شب ہوئی گہہ سحر ہو گئی

دعائے سحر با اثر ہو گئی
محبت کی تیری نظر ہو گئی

لو من جاؤ تقصیر گر ہو گئی
کہ حجت مین بس دو پہر ہو گئی

نظر غیر سے پھر کے مجھپر ہوئی
قضا بھی ادھر سے ادھر ہو گئی

اشارون اشارون مین دل لے گئی
نظر انکی کیا مفت بر ہو گئی

ملے درہم داغ کھانے کو جب
تو تھوڑی بہت مین بسر ہو گئی

شب ہجر یون کاٹ دیتے ہین ہم
تصور مین رخ کے سحر ہو گئی

نظر ہو گئی غیر کی زلف کو
بلا سے ہماری اگر ہو گئی

بلا مین تری زلف کی جا پھنسے
ہماری نظر کو نظر ہو گئی

ذرا چھو نہ گیسو کہ پھنس جائے گا
خطا گریہ بار دگر ہو گئی

عدم سے بھی کچھ ہے پرے کیا کہون
مری تاب انکی کمر ہو گئی

| | |
|---|---|
| کہین چہرہ پر چھا گئی اُسکی زلف | کہ تیرہ ہماری سحر ہو گئی |
| وہ آنے کا اقرار کرتے ہین گر | قیامت کہین نامہ بر ہو گئی |
| جو پوچھے کوئی کیا بتائین اُسے | ہماری خبر بے خبر ہو گئی |

صفائی نے عاشق کیا اُنکو صاف
صفائی نہ ہوتی مگر ہو گئی

## زائد از طرح

| | |
|---|---|
| دعا ہجر کی بے اثر ہو گئی | دوا باعثِ دردِ سر ہو گئی |
| اُٹھاتا ہے کیون مجکو ٹھکرا کے قبر | قیامت بس اب فتنہ گر ہو گئی |
| کہا تھا کہ آئینہ دیکھو نہ تم | تمھاری تمھین کو نظر ہو گئی |
| فغانِ رسا کچھ دکھا تو ہی زور | مری آہ گر بے اثر ہو گئی |
| نہ آئے وہ شب خوفِ اغیار سے | غضب چاندنی پردہ در ہو گئی |
| اُٹھی اُنکے چہرہ سے شب کو نقاب | یقین جانئے دوپہر ہو گئی |
| ٹھہرنا پڑا ہمکو اُمید سے | یہی سدِ راہِ سفر ہو گئی |
| شبِ وصل رو بیٹھے غضب ہو گیا | مصیبت مری جان پر ہو گئی |
| لگی بیکسی رونے ارمان سے | ہمین یاس وقتِ سفر ہو گئی |
| گھٹی شرم گھبرا کے اُلٹا نقاب | بڑھی جب حیا پردہ در ہو گئی |
| ہوا محو ایسا نہ پایا نشان | اجل بھی کئی بار گھر ہو گئی |
| عدو سے کھڑکتی جھڑپتی رہی | زبان میری زنجیرِ در ہو گئی |

بر آئین گی عاشق اُمیدین سبھی
نظر مہر کی گر اِدھر ہو گئی

| | |
|---|---|
| گو نہین دل سے ہمنشین بنتی | سب بے بنائے مگر نہین بنتی |

بات غیرون مین کیون بگڑتی گر
دوست سے وقتِ واپسین بنتی

خاک اُڑاتے جو آپکے وحشی
آسمان کے تلے زمین بنتی

تم گر آتے تو شکوے ہوتے شکر
اور فغان لب پہ آفرین بنتی

عنبرین زلف گر وہ پھیلاتا
میری تُربت بھی عنبرین بنتی

ہائے تیرے بناؤ مین تھا بگاڑ
آنکھ لڑتی جو شرگین بنتی

موت اور زیست کی شبِ غم مین
جان پر بنتی ہے نہین بنتی

گر کسی سے نہ بنتی غم کیا تھا
میری اور تیری مہ جبین بنتی

آنکھ گر لگ گئی تھی دشمن سے
زلف ہی مارِ آستین بنتی

چادرِ اشکِ چشمِ گریان سے
آبرو تھی جو آستین بنتی

ہمکو روزِ جزا ملے گی داد
غیر کی بات ہی نہین بنتی

وہ ہے نازک لوانی بھی عاشق
ناتوانی سے ہے نازنین بنتی

## زاید از طرح

ان بتون سے کہین نہین بنتی
ہم نہ مرتے اگر کہین بنتی

سوزِ الفت سے دل نہ گھبرا تو
بن جلے کیمیا نہین بنتی

بحث طولانیون مین بنتی ہے
سحر و زلف کی نہین بنتی

گر بگڑتے نہین وہ وصل کی شب
اور بھی جان پہ ہمنشین بنتی

دامن دشت بھی جو مل جاتا
تو بھی تنگی سے آستین بنتی

دشت شوق اُن کا گر خبر لیتا
روز اک تازہ آستین بنتی

اب خرابے مین بھی خرابہ ہے
رند سے رند کی نہین بنتی

پھر تو اپنا دماغ عرش پہ ہو
وہ کہین غیر سے نہین بنتی

دودِ دل سے ہے آسمان بنتا
میری مٹی سے ہے زمین بنتی

تیرہ شبہائے تار سے میری
کیا عجب چشم سرمگین بنتی

نقشِ پا سے ترے فلک نے کہا
کیون ہماری نہین زمین بنتی

خاک ڈالو بتون پہ کعبہ چلو
عاشق اُن سے اگر نہین بنتی

خوب باتین بگھاریے عاشق
کہ نہین بے جتان چنین بنتی

نہین آسان نہین آسان تلاشِ دل سے ملتا ہے
سُراغِ منزلِ گم گشتگان مشکل سے ملتا ہے

اگر وہ تشنۂ خون تو پیاسا یہ شہادت کا
لبِ شمشیر قاتل بھی لبِ بسمل سے ملتا ہے

طپش ہوتی نہین لیلا دلِ مجنون سے گم ہرگز
قرار اُسکو مگر کچھ جنبشِ محمل سے ملتا ہے

دلِ عشاق وہان بسمل ہین یہان حیرت سے آئینے
ہمارا عکس وہ بھی آپکی محفل سے ملتا ہے

یہ میرا دوست ہے ظاہر مین اور دشمن ہے باطن مین
خواص دل بھی کچھ کچھ عادت قاتل سے ملتا ہے

صدا تکبیر کی اِسمین ہے اُسمین شورِ کشتن ہے
ہمارا نالۂ دل نعرۂ قاتل سے ملتا ہے

نصیحت گر سے کہدو ہم اسیرِ دامِ کاکل ہین
الجھنے مین ہمین کیا عاشق کامل ہی ملتا ہے

سہارا ہے دعاے بے اثر کا زندگی اپنی
تونگر سے نہین ملتا ہے جو سائل سے ملتا ہے

یہ مانا ہمنے ملتا ہے بہت غیرون سے وہ کافر
مگر جب ہمسے ملتا ہے کبھی تو دل سے ملتا ہے

تڑپتی ہین ہزارون حسرتین لاکھون تمنائین
کہ جسدم ایک بسمل دوسرے بسمل سے ملتا ہے

بھٹکتا پھر نہ اے دل چل مدینہ کیطرف سیدھا
کہ رستہ خلد کا بیشک اسی منزل سے ملتا ہے

ملے عاشق سے جو کوئی ملے راہ خدا اُسکو
وہ بھولے راہ کیون جو مرشد کامل سے ملتا ہے

## زاید از طرح

جو بسمل سر بکف ہو کر کبھی قاتل سے ملتا ہے
گلے سے تیغ ملجاتی ہے خنجر دل سے ملتا ہے

فدا کرتا ہون جان اسپر بھی وہ کب دل سے ملتا ہے
ستم ہے بیدلی ہی بھی بڑی مشکل سے ملتا ہے

جگر اُس آنکھ پر صدقے ہے دل اُس ابرو پہ قربان ہے
کوئی آنکھون سے ملتا ہے تو کوئی دل سے ملتا ہے

دُرِ مقصد بھی ہاتھ آئیگا اے دل غوطہ زن ہو کر
کہ بحرِ اشک اپنا اب لبِ ساحل سے ملتا ہے

نہین جانا وہان آسان بہت مر مر کے پہنچو گے
خدا کا راستہ لے اہلِ دل مشکل سے ملتا ہے

وہ ہے شاہنشہِ الفت کسیکی اُسکو کیا پروا
گدائے کوئی جانان کب کسی سائل سے ملتا ہے

غضب ڈھائیگا اب وہ فتنہ گر عاشق زمانے مین
سُنا جاتا ہے ان روزون کسی عامل سے ملتا ہے

واہ کیا آہ کی رسائی ہے
تا بہ لب عمر بھر مین آئی ہے

ہجر مین یادِ وصل آئی ہے
یاس و امید مین لڑائی ہے

صاف باطن ہو ہمسے گر قاتل
ایک ہی ہاتھ مین صفائی ہے

کیون بتائین کہ دل ہے یا کیا ہے
ایک بڑی چیز ہم نے پائی ہے

خون حاضر ہے پہلو چارہ گرو
زخمِ دل کی یہ مُنہ بھرائی ہے

جو بھلی بات ہے بھلی ہے وہ
اور جو ہے بُری بُرائی ہے

جھوٹی کھائی تو تم کو کھائے گی
تمنے میری قسم تو کھائی ہے

چٹ پٹا ہے کبابِ دل ساقی
کبھی ایسی گزک بھی کھائی ہے

پہونچے وہان کیا جو بیٹھنا نہ ملا
یہ رسائی بھی نارسائی ہے

عیش جاوید وصل ہے عاشق
بدتر از مرگ اک جدائی ہے

## زاید از طرح

شب ہجران جو یاد آئی ہے
تیرگی سارے گھر مین چھائی ہے

بوسۂ خال پر لڑائی ہے
بات تھوڑی بہت بڑائی ہے

ٹھہرائے جانِ جان خدا کے لئے
ابھی تھوڑی سے رات آئی ہے

سب سے بڑھکر اجل رفیق رہی
ساتھ جائیگی ساتھ آئی ہے

وعدۂ وصل سُنکے اے قاصد
تنِ بے جان مین جان آئی ہے

تو ہے اور بزمِ غیر ہے ہر دم
مین ہون اور نوحۂ جدائی ہے

کوئی سمجھائے جاکے مجنون کو
نجد مین خاک کیون اُڑائی ہے

یہان بہت جان سے گئے اور وہ
کہتے ہین تیغ آزمائی ہے

سر جھکایا ہے زیرِ تیغ صنم
اپنی تقدیر آزمائی ہے

آشنا ناشناس ہین سارے
واہ کیا خوب آشنائی ہے

اے بتو بس جفا کی حد نہ رہی
تمکو اللہ کی دُہائی ہے

اب ٹھکانا نہین کہین اپنا
وُہی در اور جبہ سائی ہے

لب پہ توبہ تو دل مین یادِ صنم
زاہدون کی یہ پارسائی ہے

غیر سے بے وفائی گر کیجے
بے وفائی مین باوفائی ہے

جو نہ مرنے دے وہ تری امید
جو نہ جینے دے وہ جدائی ہے

درِ حضرت پہ پہونچے ہو عاشق
راہ جنت کی خوب پائی ہے

کوئی آج مہمان ہوا چاہتا ہے
ابھی کفر ایمان ہوا چاہتا ہے

گُل زخم خندان ہوا چاہتا ہے
نمکدان سے پیمان ہوا چاہتا ہے

گلو گیر یہ بھی کوئی دم مین ہو گا
کہ دامن گریبان ہوا چاہتا ہے

نکلتا نہین دم ترے ہجر مین کیون
قضا سے پشیمان ہوا چاہتا ہے

وہ نکھرا ہے اُٹھتی جوانی کا جوبن
نیا ساز و سامان ہوا چاہتا ہے

شکایت ہوئی شکر جب لب پہ آئی
مرا شکوہ احسان ہوا چاہتا ہے

وہ افسردہ دل ہون کہ مر کے دلین مگر — پشیمان ارمان ہوا چاہتا ہے
نکلنے نہ دیگی کہین ناتوانی — مرا گھر بھی زندان ہوا چاہتا ہے
کوئی یون تسلی دے مجکو الٰہی — وہ خواہان کا خواہان ہوا چاہتا ہے
ترا مال ہے یا الٰہی بچا نا — وہ ایمان کا خواہان ہوا چاہتا ہے

اسے کیا ہے مشکل کہ عاشق ہے کامل
ترا وصل آسان ہوا چاہتا ہے

## زایداز طرح

دل اُس بُت پہ قربان ہوا چاہتا ہے — بھرا گھر یہ ویران ہوا چاہتا ہے
کوئی رشک سلمان ہوا چاہتا ہے — یہ ایمان وہ ایمان ہوا چاہتا ہے
تصور مین ہین یہان بتان پری رو — مرا گھر پرستان ہوا چاہتا ہے
بنے گا یہ آویزہ گوش اُنکا — دُر اشک غلطان ہوا چاہتا ہے
ذرا غیر کی شکل و صورت تو دیکھو — یہ حیوان انسان ہوا چاہتا ہے
پڑھے فاتحہ دل نہ پہلو کی کیونکر — کہ ارمان مہمان ہوا چاہتا ہے

تری چتونین کہہ رہی ہین یہ ظالم
کہ عاشق سے پیمان ہوا چاہتا ہے

قسمت سے مین جیون نہ مرے وہ نصیب ہے — ہے دلکو لاگ لاکھ طرح کی رقیب سے
سیدھی جو تیوری ہے ہمارے نصیب سے — کچھ روٹھکر وہ آئے ہین بیشک رقیب سے
پُشت بیجے نرگس بیمار کی خبر — کس کس کو کھا گئی ہے یہ پوچھو طبیب سے
وہ خود مریض نرگس بیمار یار ہے — امید چارہ ہو بھی تو کیا ہو طبیب سے
عاشق کے پاس کچھ نہین جز عشق عاشقی — باز آئے ہم جناب بس ایسے ادیب سے
محفل مین تیرے بار ہو نظارہ کیجے لئے — ہمکو غرض نہین ہے بعید و قریب سے

سوز دروں کے شعلے سے پنہاں ہیں مثل شمع
اچھا نہیں مرض کا چھپانا طبیب سے

ہم غیر غیر کرتے تھے دل کی خبر نہ تھی
دشمن یہ دیکھنے نکل آیا قریب سے

پژمردگی سے باغ جہاں میں ہیں ہم خموش
شکوہ نہ گل سے ہے نہ گلہ عندلیب سے

پارینہ یار بھی ہمیں پہچانتے نہیں
نا آشنا ہوئے ہیں کچھ ایسے نصیب سے

رونا رقیب کا ہے ہمیں کیوں نہ چاہئیں
ہے ہے حبیب کی نہیں بنتی حبیب سے

صد شکر ہے کہ گردن قاتل میں خم پڑا
یکساں ملیگا جھک کے امیر و غریب سے

چرچا ہے میرے نالوں کا یوں بام چرخ تک
کسکی صدائے درد یہ آئی قریب سے

بیمار عشق غیر ہے وہ غیرت مسیح
اللہ ہی بچائے بس ایسے طبیب سے

ریش دراز شیخ کی صافی بنائیں گے
کاڑھی چھنے گی آج ہماری رقیب سے

کل ہمنے شیخ جی کو بھی دیکھا ہے [illegible]
ظاہر میں یہ دکھائی دیئے تھے غریب سے

ہے پاس غیر انکو تو پھر کیوں بری نہیں
عاشق وہ بات کرنے لگے کیوں غریب سے

## زاید از طرح

کونین سے غرض نہ عزیز و قریب سے
اللہ سے غرض ہے اور اسکے حبیب سے

وہ حال زار تھا ترے بیمار غم کا شب
یعنی ہوئی نصیب کروٹ نصیب سے

تمنے شب فراق کے نالے سنے نہیں
ٹکڑے ہو چرخ جنکی صدائے مہیب سے

کیوں آئیں میرے پاس بلائیں وہ کیوں مجھے
ربط انکو رکھنا بھی ہو شریف و نجیب سے

تاثیر اسکے نغمہ میں اپنے کلام میں
عاشق مناسبت ہے ہمیں عندلیب سے

برق کی مانند آنا کوئی تمسے سیکھ جائے
شکل سایہ و بچکے جانا کوئی تمسے سیکھ جائے

نیم بسمل چھوڑ جانا کوئی تمسے سیکھ جائے
قتل کرکے مسکرانا کوئی تمسے سیکھ جائے

نیمجانی مین جو غش آجائے تو ٹھکراؤ تم
خواب غفلت سی جگانا کوئی تمسے سیکھ جائے

دل مقابل کرکے میرے زخم کھانے دیکھ لے
ترچھی نظرون کا ملانا کوئی تمسے سیکھ جائے

مفت کھونا دل گنوانا کوئی مجھسے سیکھ لے
اِسکو مٹی مین ملانا کوئی تمسے سیکھ جائے

بیکسی و ناتوانی کوئی میری دیکھ جائے
رات کو چھپ چھپ کے جانا کوئی تمسے سیکھ جائے

تیری یکتائی جو پوچھے کوئی مجھسے پوچھ لے
ہر رگ و پے مین سمانا کوئی تمسے سیکھ جائے

عمر گذری راہ تکتے پر نہ آئے تم کبھی
ہجر کی شب کا بڑھانا کوئی تمسے سیکھ جائے

دل کمند زلف سے پہونچا جب اُنکی بزم مین
بولے رہزن بن کے آنا کوئی تمسے سیکھ جائے

عاشقی کے فن مین اِی عاشق بڑے اُستاد ہو
ہو میان نادان کہ دانا کوئی تمسے سیکھ جائے

حضرتِ دل بُت کو لا سہ پر لگا لاتے ہو تم
راہ پر گمرہ کو لانا کوئی تمسے سیکھ جائے

پیچ عیاری کے یہ لیلیٰ و شیرین مین نہ تھے
تم ہو یکتائے زمانا کوئی تمسے سیکھ جائے

یہ پھڑک چتون کی یہ انداز اور یہ بانکپن
بھاؤ غمزہ کا بتانا کوئی تمسے سیکھ جائے

ایسے حالِ زار پر بے رحمیان سفاکیان
یون تڑپتے چھوڑ جانا کوئی تمسے سیکھ جائے

ابر نیسان پر پڑی برق تبسّم آپکی
اور روتے کو رُلانا کوئی تمسے سیکھ جائے

خواب مین بھی غیر کو ہمراہ اپنے لائی تم
ہنستی صورت کو رولانا کوئی تمسے سیکھ جائے

گردش چشم سیہ سے چرخ کو چکرا دیا
راست کجرو کا بنانا کوئی تمسے سیکھ جائے

اشکِ سوزان میرے عاشق دیکھکر کہتے ہین
آگ پانی مین لگانا کوئی تمسے سیکھ جائے

## زائد از طرح

جھوٹ سچ باتین بنانا کوئی تمسے سیکھ جائے
اچھے اچھون کو لڑانا کوئی تمسے سیکھ جائے

چاہ غبغب کا جھنکانا کوئی تمسے سیکھ جائے
اپنے یوسف کا ستانا کوئی تمسے سیکھ جائے

زلف کو رخسار سے اپنے ہٹا دیتے ہو تم
تیرہ شب کا دن بنانا کوئی تمسے سیکھ جائے

مجکو دشمن سے بھڑانا آپ ہی کا کام ہے
شیر سے بکری لڑانا کوئی تمسے سیکھ جائے
خون پینا رنج سہنا کوئی مجھسے سیکھ لے
دل مجھے کو یون جلانا کوئی تمسے سیکھ جائے
تیرے بچپن کا زمانا کوئی مجھسے پوچھ لے
پچھلی باتون کا بھلانا کوئی تمسے سیکھ جائے

باتین ایمان کی کوئی سیکھے تو عاشق سے ولی
فیلسوفی کا سکھانا کوئی تمسے سیکھ جائے

عالم مین اپنے عشق کا چرچا ہی اور ہے
ہم جس جہان مین ہین وہ دنیا ہی اور ہے
گلگشت باغ اور ہے جنت کی سیر اور
پر داغ دل کا اپنے تماشا ہی اور ہے
صورت سوال جان کے کہتے ہین مجکو دور
ہم جلتے ہین تیری تمنا ہی اور ہے
عاشق کو یہ برا کہے زاہد کو وہ برا
حور و پری مین واہ یہ جھگڑا ہی اور ہے
شوخی مین غمزہ غمزہ مین صد ہا شرارتین
اور چشم فتنہ زا کا اشارا ہی اور ہے
ہم تھک گئے پہ راہ عدم طے نہین ہوئی
جتنا چلے ہین فاصلہ اُتنا ہی اور ہے
وہ غیر کے بتے سے بھی گھر مین نہین ملے
ریگ روان کی طرح یہ دھوکا ہی اور ہے
ایسا سڈول اُنکو بنایا ہے ناز نے
پریون کا قول ہے یہ سراپا ہی اور ہے
ثانی تمھارا ہمنے نہ پایا جہان مین
ہمزاد لیکن آپکا ایسا ہی اور ہے
مرتا ہون آپ پر نہین آتی اجل مری
سب جھگڑون سے نرالا یہ جھگڑا ہی اور ہے
ظاہر مین گو ہے عشق مجازی ہمین مگر
دل کی نہ پوچھئے کہ تمنا ہی اور ہے
تم کہنے پر اٹھین ہون ہزار دن تو ہمکو کیا
ٹھکرائے جو ہمین وہ مسیحا ہی اور ہے
ناز و نیاز غیر کی پروا کسے یہان
ہم جسکو مول لین گئے وہ سودا ہی اور ہے
دیکھا تھا آپنے جو ۔ وہ خون ہوکے بہ گیا
کایا پلٹ ہوا یہ کلیجا ہی اور ہے
تنہائی مین کیا تھا جو وعدہ ہی اور تھا
جسکے گواہ تم ہو وہ دعوا ہی اور ہے

چسکی کی چاٹ شیخ کو عاشق بری پڑی

بہکا ہوا ہے اسکا ارادا ہی اور ہے

## زاہد از طرح

سودائی جسکے ہم ہین وہ سودا ہی اور ہے
دل بیچ کر کچھ آپ کے خریدا ہی اور ہے

تسبیح کے امام کو جسکی خبر نہین
زاہد کسیکے ملنے کا رستا ہی اور ہے

انداز و ناز اور حسینون مین بھی سہی
نام خدا پر آپکا نقشا ہی اور ہے

دیکھے کوئی کہ شیخ کی پگڑی کدھر گئی
بزم بتان مین آج تماشا ہی اور ہے

بھینی ہوا ہے ابر ہے بجلی ہے باغ ہے
چشمک سے چشم یار کا ایما ہی اور ہے

بسمل تو لوٹتے تھے پہ ڈالی طپش سے آج
غنچے تڑپ رہے ہین تماشا ہی اور ہے

مرتا ہون ایسے بت پہ کہ **عاشق** ہے ہے فدا
یہ قدرت خدا کا تماشا ہی اور ہے

ہجوم یاس حسرت وہ نہین ہے
بری پہلی سی قسمت وہ نہین ہے

تمہاری گر طبیعت وہ نہین ہے
سنو اپنی بھی سیرت وہ نہین ہے

مٹاؤ جتنا جی چاہے مٹاؤ
بگڑ جائے یہ صورت وہ نہین ہے

تمہاری کیا ہوئین پہلی سی باتین
عداوت یا محبت وہ نہین ہے

نہین ہے خواہش درمان ہمین اب
طبیبو یہ طبیعت وہ نہین ہے

پینے مے کی عوض آب بقا کو
پھسل جائے یہ نیت وہ نہین ہے

الٰہی پھر بہار آئی چمن مین
ہمین قدرت سے وحشت وہ نہین ہے

تھی محویت نے محویت دم مرگ
نشان ہو میری تربت وہ نہین ہے

عدو کو میرا کھٹکا مجھکو اسکا
جسے کہتے ہین راحت وہ نہین ہے

دم مرگ اسنے سینے پر دھرا ہاتھ
یہ کہکر درد فرقت وہ نہین ہے

غنیمت سمجھو اسکی یاد **عاشق**

جو گذرے دم غنیمت وہ نہین ہے

## زائد از طرح

ہمین اب جوشِ وحشت وہ نہین ہے
غمِ دل کی شکایت وہ نہین ہے

نہ کم ہو جب تلک الفت عدو سے
ملو تم پر مسرت وہ نہین ہے

ہزارون لوٹتے ہین اُنکا جوبن
جو گھٹ جائے یہ دولت وہ نہین ہے

نہ ٹوٹے رشتۂ عمرِ مصیبت
مگر ٹوٹے یہ ہمت وہ نہین ہے

بگڑتے ہو جو اک بات پر تم
سنور جائے یہ سیرت وہ نہین ہے

عدو کے گھر وہ سوئے بگڑے تقدیر
کہون گر خواب غفلت وہ نہین ہے

گُلِ رخسار ہے کیا گُل کو نسبت
اگر رنگت ہو نکہت وہ نہین ہے

کن انکھیون سے کبھی ہین دیکھ لیتے
نہ ہے قسمت کہ نفرت وہ نہین ہے

گل و صہبا و سبزہ ہیچ ہین سب
کرین کیا خاک عشرت وہ نہین ہے

گھٹی عمر اور بڑھی حسرت غضب ہے
جو پہلے تھی قناعت وہ نہین ہے

دل و جان چشمِ غارتگر نے لوٹے
رہی حسرت غنیمت وہ نہین ہے

بدلتا ہے زمانہ رنگ **عاشق**
جو تھی کل آج صورت وہ نہین ہے

خوشی کرے کوئی کیونکر قضا کے آنیکی
ہے پاس جا کے دلِ مبتلا کے آنے کی

ابھی تو عمر نہین ہے حیا کے آنے کی
عجیب خو ہے تمھاری نہ جا کے آنے کی

سکھائی جسنے فلک کو بھی کجروی ہمدم
وہ ٹیڑھی چال ہے اُس کج ادا کے آنے کی

تمام غنچہ و گل ہنستے ہنستے لوٹ گئے
خوشی ہوئی یہ تیرے مسکرا کے آنے کی

خیال کاکلِ جانان کی آمد آمد ہے
شبِ فراق ہو جیسے بلا کے آنے کی

کسیکے خون سے تلوے رنگے ہین مقتل تک
اُڑائی آپنے رنگِ حنا کے آنے کی

یہ کون کہتا ہے بزمِ عدو مین آپ رہے — نرالی طرز ہے تیوری چڑھا کے آنیکی

بڑھے نہ شوقِ قدمبوس کیونکہ محشر مین — کہ ہے اُمید رسولِ خدا کے آنے کی

سُنگھائی ہے مجھے عطرِ بہار کی خوشبو — نسیم لائی خبر دلربا کے آنے کی

گھڑی قضا کی بھی اے ہمنشین معین ہے — ستم ہے حد نہین اُس بیوفا کے آنے کی

پیام لیکے گیا جو جواب یہ لایا — خبر ہے گرم دل مبتلا کے آنے کی

جو آؤ تم تو رہے منتظر لبون پہ جان — وگرنہ راہ نہ دیکھے قضا کے آنے کی

اُمیدوار کیا کتنے جلد وعدہ پر — قسم بھی کھائی تو روزِ جزا کے آنے کی

بگڑ نہ جائے کہین خون سے دمِ خنجر — گئے جب آپ تو ہے یاس جا کے آنے کی

قیام مستقل اچھا پھرین نہ ڈانوان ڈول — خوشی نہ کیونکہ ہو دارِ فنا کے آنے کی

تمھین کبھی چھیڑین گے ہم بھی ہین چھیڑ کے عاشق
نکالو چھیڑ نہ اب تم حیا کے آنے کی

## زاید از طرح

یہ آرزو ہے کہ پوچھون تری کمر کا حال — گھڑی ملے جو دلِ مبتلا کے آنے کی

پئین گے بادہ نہ ہم شیخ جی مگر یہ کیا — خبر ملی ترے چسکی چڑھا کے آنے کی

لگا کے ہاتھ مین مہندی ہے آرزو انکو — صدائے طائرِ رنگِ حنا کے آنے کی

یہ جانتے ہین تمھین جھڑکیان ملین عاشق
بُری ہوئی ہے یہ عادت سدا کے آنے کی

ہم تو وفا کرین گے وہ چاہے جفا کرے — دشمن ہمارا ہوتا ہے عالم ہوا کرے

وعدہ ہو مجھسے اور عدو سے وفا کرے — جب بس نہ چل سکے تو کوئی اسکا کیا کرے

ورد زبان عاشق بیخود رہے درود — ہر دم خدا خدا کرے ایسا خدا کرے

مجھکو دیئے فریب کچھ اسکا نہین ہے غم — لیکن یہ لطف ہے کہ عدو سے دغا کرے

خاصیت اپنی عمر کی اور اُسکی ایک ہے — گر یہ بھی باوفا ہو تو وہ بھی وفا کرے

ہرگز نہ ہاتھ غیر کے آئے گی آرزو — ہان میری آرزو کی گر التجا کرے

مشتاقِ قتل کہتا ہے قاتل سے ہر گھڑی — خنجر تمھارے ہاتھ مین ہر دم ہوا کرے

وصلِ صنم نصیب ہو یا موت ہو قریب — لازم ہے اپنے دل کو یہی اب دعا کرے

کین جیسی جیسی تونے وفادار بن کے چرخ — ایسی تو سختیان نہ کوئی بیوفا کرے

پھرتے ہین اس امید مین کہدین کے شب کی بات — گر کچھ اشارہ آنکھ سے وہ بُت ذرا کرے

چتون لڑا کے دم مین جو دم کو نکال لے — لو تم بتاؤ ایسے کا پھر کوئی کیا کرے

کیون ہم نہ کہتے تھے تمھین دشمن اُڑائین گے — رو کے سے جو نہ مانے کوئی اُسکا کیا کرے

شامل گر امتحان مین کرلے عدو کو بھی — ہے عید پھر تو روز ستم وہ نیا کرے

بسمل وہ جسکے حال پہ قاتل کو رحم آئے — کشتہ وہ ہے جسے لب خنجر دعا کرے

**عاشق** وہی دلاتا ہے دیتا بھی ہے وہی
مقدور اور کسکو جو دولت عطا کرے

## زاید از طرح

کوئے صنم مین کہتا تھا عاشق بھلا کرے — بوسہ کوئی ملے تو یہ دل سے دعا کرے

کہیئے وفا کو اُس سے تو اُلٹی جفا کرے — ایسے ستم شعار سے کون التجا کرے

مرنا قبول پر نہ ستم وہ نیا کرے
لیکن نگاہ لطف بھی گاہے ہوا کرے

عالی وہ بارگاہ ہے فخر رسل تری
شاہی کی کب ہوس ترے در کا گدا کرے

مژگان چشم شوق سے جاروب کش ہوں
دربانی گر خدا ترے در کی عطا کرے

گلشن میں آج پھول ہیں فصل بہار کے
بلبل نہ کیونکہ نوحۂ غم کی صدا کرے

تن سر سے گر جدا کرے کوئی تو غم نہیں
لیکن نہ میرے دوست کو مجھسے جدا کرے

دو پیالیوں میں ہوگا محب اسکا محتسب
یہ رند بادہ کش اسے رشوت دیا کرے

عاشق فسانہ سننے کا گر شوق ہے اسے
کہد و ہمارا قصۂ فرقت سنا کرے

جو کوئی ہنستے پہ روتا ہے بہت فہمیدہ ہے
روتے پہ ہنستا ہے جو کہ وہ زمانہ دیدہ ہے

دلمیں رکھا تھا دبا کر تا نہ چونکے رشک غیر
سوتے فتنے کیوں نہ جاگیں بخت ہی خوابیدہ ہے

لاغری کی حد نہیں ڈھونڈا نہیں ملتا کہیں
آ گئی گویا کمر میرا تن کا ہیدہ ہے

حق کو حق اور ماسوا کو خلق جانے جو کوئی
حق یہ ہے وہ بندۂ فہمیدۂ و سنجیدہ ہے

ہاتھ کی مچھلی سے ساری مچھلیاں ہیں بیقرار
بر لب دریا وہ آیا جو حنا مالیدہ ہے

تم تلو پھولوں میں پر ہے خار کا کھٹکا مجھے
اختلاط غیر کیوں وہ مرد نا سنجیدہ ہے

زلف میں پھنسنے کا مطلب دل سمجھ سکتا نہیں
فقرہ فقرہ ہر گرہ کا معنی پیچیدہ ہے

سوز ہجران سے جلے قاتل ترے تیر جگر
میں نہ کہتا تھا کہ پہلو میں دل تفسیدہ ہے

کب لگد کوب حوادث سے ہے عاشق کو نجات
پائمالی کے لیئے وہ سبزہ سان روئیدہ ہے

کون ہے وہ تو ہی تو ہے تیری وحدت کی قسم
ایک عالم جسپہ مفتون اک جہان گرویدہ ہے

جان سے بیزار دل اور دل سے جان بیزار ہے
تو ہوا آزردہ تو ہر یک باہم رنجیدہ ہے

ناتوانی قہر کی ہے سوز ہجران ہے غضب
حال عاشق کچھ نہ پوچھو موئے آتش دیدہ ہے

## زایداز طرح

کاکل پیچیدۂ جانان مین دل پیچیدہ ہے
جیسا ہے معشوق چیدہ ویسا ہی دل چیدہ ہے

کوئی گل چیدہ ہے کوئی خار حسرت چیدہ ہے
کوئی دلبر دیدہ ہے کوئی سمندر دیدہ ہے

بادۂ خون جگر کے واسطے ہے جان کباب
مے ہے ایسی اور گزک پیاو الفقیدہ ہے

شعلہ ہائے آتش ہجران سے ہمکو خوف کیا
چشم دریا بار مین طوفان رشک دیدہ ہے

ہے ہلال چرخ اک اور ابروئین یہان دو ہلال
ایک مصرع ہے یہ کیسا دوسرا چسپیدہ ہے

غیر کے کہنے سے عاشق کو ملایا خاک مین
اب ستم کس پر کرے مجبور ہے رنجیدہ ہے

تمنا کامیاب آئے نہ آئے
مرے خط کا جواب آئے نہ آئے

تصور مین ہے انکا ہاتھ دل پر
اب اس مضطر کو تاب آئے نہ آئے

شب مہ کا کیا اقرار لیکن
وہ ہو کر بے حجاب آئے نہ آئے

گئی ہے بنکے قاصد ناتوانی
اجل اب ہمرکاب آئے نہ آئے

بہت ہے مختصر اعمال نامہ
مرا اس مین حساب آئے نہ آئے

یہ کہتے ہین پس چلمن وہ مجھسے
تجھے جلوے کی تاب آئے نہ آئے

نہ اٹھین گے اسے گر دیکھ لین گے
ہمین پھر ایسا خواب آئے نہ آئے

مئے وحدت سمجھکر پی لے زاہد
کہ پھر دور شراب آئے نہ آئے

کسی کی زلف پیچان سے نکل کر
دل خانہ خراب آئے نہ آئے

نہ عشق مصحف رخ چھوڑ عاشق
کہ ہاتھ ایسی کتاب آئے نہ آئے

## زایداز طرح

وہ رشک ماہتاب آئے نہ آئے
مجھے مرقد مین خواب آئے نہ آئے

یہ کہنا شرم اُس پردہ نشین سے / اگر وہ بے حجاب آئے نہ آئے
حساب حشر مین پیشِ محاسب / گناہ بے حساب آئے نہ آئے
سوالِ وصل پیچیدہ ہے قاصد / اُنھین شاید جواب آئے نہ آئے
سنو کیون واعظون کی بادہ خوارو / کہ پھر پھر کر شباب آئے نہ آئے
کسی کا کیا اجارہ کہتے ہین وہ / خوشی اپنی جناب آئے نہ آئے
قیامت کو مجھے مختار کرنا / تمھین شاید جواب آئے نہ آئے

وہ خود عاشق کو اپنے چھانٹ لینگے
کسی کو انتخاب آئے نہ آئے

کیون کہون تجھکو کہون غیر کو قاتل ہے وہی / ہان تو تھا حشر مین کمبخت مقابل ہے وہی
دل نہ گھبرائیگا شرم سے گو وعدۂ وصل / اُنکی چتون کے اشارے سے تو حاصل ہے وہی
آبلہ سا نظر آتا ہے جو ساغر یہ تمھین / ہجر کی رات جلا تھا یہ مرا دل ہے وہی
ہے محبت کا تقاضا کہ ترا نام نہ لون / مین تو دشمن کو بتا دونگا کہ قاتل ہے وہی
ہو جہان بلبل دل سوختہ ہے وہ گلشن / جل کے پروانے جہان خاک ہین محفل ہے وہی
اُنکے دربان سے جا کر یہ کہونگا ہمدم / جس سے تھا قتل کا اقرار یہ سائل ہے وہی
ہم نہ کہتے تھے کہ یہ خوب کریگا بدنام / غیر کے لب پہ ترا شکوہ باطل ہے وہی
کل جو کروٹ بھی نہ لیتا تھا یہ وہ کشتہ ہے / کل بُری طرح تڑپتا تھا یہ بسمل ہے وہی
گردش چرخ نے اک دم مین دیا رنگ بدل / نہ وہ ساقی ہے نہ صہبا ہے نہ محفل ہے وہی
مُشکلین اور تو کیون آئین مگر بار خدا / وصل کی ایک جو مشکل ہے سو مشکل ہے وہی
اک نہ ہونیسے ترے لطف نہین صحبت کا / ساغر و جام وہی ساقی و محفل ہے وہی
شکر ہے یاد ہے میری بھی کہ شب کو تمنے / ذکر پر میرے کہا قتل کے قابل ہے وہی
تیر سے تیرون سے جو بسمل تھا وہی زخمی ہے / ہمنے بدلا نہین یہ صاحبِ من دل ہے وہی

للہ الحمد کہ سامان طرب سب ہونگے
موسم گل کی طرح شور عنادل ہے وہی

دیکھ لینا کہ پہونچتے ہین ابھی ای زاہد
جسکو کہتے ہین عدم سامنے منزل ہے وہی

نہ ملا خاک مین دل کو مرے برباد نہ کر
ہے مکین جسمین ترا ناز یہ منزل ہے وہی

مشکلین یون تو ترے عشق مین لاکھون جھیلین
سہل سمجھے تھے جسے اب ہمین مشکل ہے وہی

کوچہ گردی مین بہت قیس ہا اے عاشق
راہ سے جو نہ بھٹکتا پھرے کامل ہے وہی

## زاید از طرح

میرے مرنیکا ہو گیا غم انھین حاصل ہے وہی
وہی صہبا ہے وہی غیر مین محفل ہے وہی

نظر قہر سے مرجاؤن جیون ٹھوکر سے
جو مسیحا ہے مرے واسطے قاتل ہے وہی

دل نہ ہوگا نہ سہی پر شب غم مین جو تھی
اک گرانبار سی پہلو مین مرے سل ہے وہی

تیرے دربان کی ہرگز نہ سُنے گا عاشق
جو ہٹائے نہ ہٹا جان لو سائل ہے وہی

یہی بہتر کہ دوسرا نہ سُنے
حال بیکس بجز خدا نہ سُنے

ہاتھ کانون پہ اُسکے رہتا ہے
ذکر عاشق کبھی سُنا نہ سُنے

میرے نالے رسا ہین گردون تک
نہ سُنین آپ اور زمانہ سُنے

اُسکو دشمن کی بات بھاتی ہے
مین کہون کچھ تو بے وفا نہ سُنے

شب فرقت مین کیون قضا آئی
ہون خجل یار کی ادا نہ سُنے

راز دل پھر چھپا رہے کیونکر
کان مین جب وہ مدعا نہ سُنے

کوئی آدیکھے اُسکی محفل مین
ہم بھی دیکھین کہ نا روا نہ سُنے

نامہ بر کچھ نہ کچھ کہے جا نا
تیری سُن لے وہ شوخ یا نہ سُنے

غیر سے گر چھپا لیا تو کیا
راز وہ ہے کہ آشنا نہ سُنے

سب بنی کے ہین ساتھی دنیا مین
کوئی بگڑی کا ماجرا نہ سُنے

مُدّعا ہے یہ میرا آہِ سحر
مُدّعی کا وہ مُدّعا نہ سُنے

ضبطِ غم پر نہین ہے دل کو قرار
گر کہون وہ پری لقا نہ سُنے

کیا سُنے مجھ سے ناتوان کی فغان
غنچہ کھلنے کی جو صدا نہ سُنے

ہے زبان وہ کہ نام لے تیرا
کان وہ جو ترے سوا نہ سُنے

دردِ میرا وہ کیا سُنے عاشق
جو بھلی بات بھی بھلا نہ سُنے

## زاید از طرح

ظلم ہے گر وہ بے وفا نہ سُنے
جائے کیون وہان جو نا روا نہ سُنے

لاکھ پردون مین گر کہے کوئی
پر یہ ممکن نہین خُدا نہ سُنے

کانون مین بھی یہ پردہ حائل ہے
ایک کا راز دوسرا نہ سُنے

وہ بھی دل مین ہے راز بھی دل مین
کب یہ ممکن کہ دوسرا نہ سُنے

حالِ دل اُس سے کیا کہین عاشق
جو کہ دُکھ درد کی ذرا نہ سُنے

عالم مین روشنی ہے مرے دل کے داغ سے
جلتا ہے آفتاب بھی اس شب چراغ سے

خوشبو کچھ آ رہی ہے ہمارے دماغ سے
ہین دلمین یادِ زلف سے ہم باغ باغ سے

جیسے مزے اُڑائے ہین اس دل کے داغ سے
دشمن کو کب ملین گے جو ڈھونڈے چراغ سے

آئی نسیمِ صبح مہک کر جو باغ سے
کیا دل کے آئی ہے کسی نازک دماغ سے

پیتے ہین خونِ دل شبِ غم مین جو ہمنشین
لیتے ہین کام جام کا سر کے ایاغ سے

موئے سپید ہین جو نشانِ رہِ عدم
منزل پہ جائے گا یہ مسافر سراغ سے

اُٹھ بیٹھ کر پہونچ تو گئے کوئے یار تک
آگے نصیب گذرے نہ گذرے فراغ سے

چھپالے بھی پھوٹ پھوٹ کی رونے لگے لہو ‎ — ‎ گلنار اپنے تلوے ہین خاران راغ سے

اس طرح ... زلف سے ابستہ ہی یہ دل ‎ — ‎ جسطرح روح کو ہو تعلق دماغ سے

کچھ لعل بنگئے ہین زمین مین تو کچھ گہر ‎ — ‎ قطرات مے چھلک کے گرے جو ایاغ سے

باغبان تجھپہ بھی بجلی گرے کہین ‎ — ‎ بلبل کا آشیا نہ اُجاڑا ہے باغ سے

وہ شب کو منفعل ہے یہ ہر وقت مشتعل ‎ — ‎ نسبت کہان ہے مہر کو دل کے چراغ سے

دیکھینگے تم نہ آوگے ہم ہین جہان تو ‎ — ‎ بچ بچ کے چلتے ہو جو ہمارے سراغ سے

اسوقت غیر آئے تو کیا خوب سیر ہو ‎ — ‎ وہ منہ بنائے بیٹھے ہین کچھ بددماغ سے

عاشق یہ رشک ماہ ہے وہ رشک مہر ہے
داغ جگر مین تاب بڑہی دل کے داغ سے

## زاید از طرح

عنقا کو کیا مناسبت اس تیرہ زاغ سے ‎ — ‎ نسبت ہے داغ مہر کو کب انکے داغ سے

صیاد بد دماغ سے کب آشیان بچا ‎ — ‎ دو دن بھی عندلیب نہ بیٹھی فراغ سے

دو چار پیالیون کا روادار جو نہ ہو ‎ — ‎ باز آئے ہم تو زاہد یابس دماغ سے

محفل ہے ناؤ نوش کی افلاک پر بھی گرم ‎ — ‎ انجم نہین چمک ہے وہ فور ایاغ سے

اے آرمیدگان زمین غم سے چھٹ گئے ‎ — ‎ پھیلائے پانو لیٹے ہو کیسے فراغ سے

عاشق ڈرو خدا سے بتون سے حذر کرو ‎ — ‎ یاد خدا کرو تم کہین بیٹھو فراغ سے

ہے چشمہ ہائے اشک سے نشو و نمائی گل
اور روشنی جہان مین ہے عاشق کے داغ سے

ہچکیان لے لیکے توڑین دم تمھارے سامنے ‎ — ‎ تم نہ دیکھو ہائے تڑپین ہم تمھارے سامنے

ہمکو مرنیکا نہین کچھ غم تمھارے سامنے ‎ — ‎ غم سے چھوٹین مر مٹین گر ہم تمھارے سامنے

ساتھ ہو جب غیر کیا تسکین دل مضطر کو ہو ‎ — ‎ غم نہین ہوتا مری جان کم تمھارے سامنے

واہ کیا جوبن ہے کیا انداز ہے کیا ناز ہے
بن گیا حیرت زدہ عالم تمھارے سامنے

ایک ہنگامہ بپا ہو نوحہ گر ہو ساتھ ساتھ
ہم کرین گے دل کا یون ماتم تمھارے سامنے

ہم تمھارے تم ہمارے پھر نہین سُنتے تو کیون
مجھکو دین تکلیف درد و غم تمھارے سامنے

تنگ آئے ہین عدو سے وہ نہین یا ہم نہین
صاف کہدیتے ہین جیسا ہم تمھارے سامنے

تم وہ معنی قدم ہو۔ تم ہو وہ نورِ قدم
ہے ظہورِ حضرتِ آدم تمھارے سامنے

کب فزون بازیچۂ اطفال سے ایجان ہوگئے
معجزات عیسئ مریم تمھارے سامنے

قہقہہ مین سب اُڑا دیتے ہو تم شرم و حیا
کوئی محرم ہو کہ نامحرم تمھارے سامنے

ہے ہمارا دل یہی اچھی طرح پہچان لو
آئینہ رہتا ہے جو ہر دم تمھارے سامنے

ہے گذرتی کسطرح **عاشق علی** روز ہجر مین
مین ہی کیا کہدیگا اک عالم تمھارے سامنے

## زاید از طرح

گالیان کیسی مزے لے لیکے کھاتا ہے رقیب
رشک سے ہم کیون نہ کھائین سم تمھارے سامنے

غیر اوچھا تھا بگاڑی چال تمنے سر چڑھا
بے ادب رکھتا ہے کیا دم خم تمھارے سامنے

ہچکیان لیتا ہے تا نکلے نہ مے میرے لیئے
کیا چرا لیتا ہے شیشہ دم تمھارے سامنے

قبضہ مین ہین سیکڑون ساغر دل عشاق کے
ہے صنم کیا چیز جام جم تمھارے سامنے

نور ایسا جلوہ ایسا تاب ایسی ہے کہان
مہر و مہ دونون ہین مدہم تمھارے سامنے

## دیگر

شہرۂ عالم مری اُنکی محبت ہو چکی
جو کہ ہونی تھی بُری اچھی وہ شہرت ہو چکی

غیر سے ملکر تمھاری زیب و زینت ہو چکی
تھی جو پہلی آپکی صورت وہ صورت ہو چکی

وصل کی شب ہے ہنسو بولو کھلو کھیلو صنم
پچھلے شکوے ہو چکے پچھلی شکایت ہو چکی

رات کی صحبت کا لا حاصل ہے دن مین تذکرہ
تھی وہ عزت یا کہ ذلت بیمروت ہو چکی

ہمتو سنتے تھی قیامت ایک ہے لیکن یہ کیا
ہر ادا پر اُسکے ختم ایک اک قیامت ہو چکی

خنجر قاتل کے آگے سر جھکا سکتا نہین
غیر کو اکثر ندامت پر ندامت ہو چکی

کچھ نہین دیکھا جو کچھ دیکھا خیال و خواب تھا
آنکھ کھلتے ہی جو دیکھا تو قیامت ہو چکی

رنج پر رنج اور غم پر غم ہزارون ہو چکے
ہو چکی جو کچھ کہ ہونی تھی مصیبت ہو چکی

حال میرا اُنکا پچھلا ہمنفس ہو کیا بیان
لطف کیا کیا ہو چکا کیا کیا عنایت ہو چکی

برق ہے سیماب ہے یا شعلۂ جوالہ ہے
ہمکو اس دل کے سبب تسکین و راحت ہو چکی

ناتوانی کا بھلا ہو زورِ وحشت گھٹ گیا
ہو چکی جانے دو گرہ تاب و طاقت ہو چکی

خال و عارض کا نہ دیجے زلف و لب کا دیجیے
چار بوسون پر ہزارون بار حجت ہو چکی

اُنکو سمجھانے گئے تھے کیا سمجھ کا پھیر تھا
خود فضیحت ہو گئے ناصح نصیحت ہو چکی

وصل کی شب ہاے کیسی ہو گئی ہے مختصر
دو ہی باتون مین سحر حضرت سلامت ہو چکی

پہلے جلسے اب کہان ہین اب کہان عیش و وصال
اب وہ جگمگ ہو چکا ہمدم وہ صحبت ہو چکی

حضرتِ ناصح خود اُنپر ہو گئے عاشق تو پھر
میری اُنکی عمر بھر صاحب سلامت ہو چکی

## زایدار طرح

بڑھتے بڑھتے غیر کی الفت بنی دیوارِ رنج
تھی کدورت کی یہی غایت سو غایت ہو چکی

اُنکے قطراتِ جبین کو غیر نے پوچھا تو اب
چشم دریا بار کو رونے سے فرصت ہو چکی

## دیگر

شرکتِ غیر نہو جسمین خیال اچھا ہے
جسکے پہلو مین نہو ہجر و وصال اچھا ہے

یہ ترے تیر کے پیکان مین کمال اچھا ہے
دلمین چبھتا ہے مگر دل کا بھی حال اچھا ہے

حسنِ دلدار کے بازار مین مال اچھا ہے
اُنکے سائل کا یہ اندازِ سوال اچھا ہے

کیون بھٹکتے پھرین منت کش و ناکس کی کرین
بارگاہِ صمدی مین ہو سوال اچھا ہے

رہنما عشقِ حقیقی کا یہی ہے ناصح / چھوڑیں کیوں عشقِ مجازی کہ مآل اچھا ہے
ہم یہ ارمان ہی ساتھ اپنے لیے جائینگے / تمنے پوچھا کہ بُرا یا ترا حال اچھا ہے
بعد جس رنج کے راحت ہو نہیں ہے وہ رنج / جسکی مٹ جائے کدورت وہ ملال اچھا ہے
مانگتا ہوں جو حسینوں سے وہی ملتا ہے / وہ گدا ہوں کہ مرا طرزِ سوال اچھا ہے
مینے چہرہ کو جو تاکا تو جوانی نے کہا / دیکھ اُٹھتے ہوئے جوبن کا یہ مال اچھا ہے
آب و گِل میں سے گلرنگ کا ڈالا ہے خمیر / جامِ خورشید سے یہ جامِ سفال اچھا ہے
پوچھا عاشق نے مزاج آپکا کیسا ہے جناب / پھیر کر منہ یہ کہا ناز سے حال اچھا ہے
پر نکل آنے سے لیگا یہ عدم کا رستہ / طائرِ روح مرا بے پر و بال اچھا ہے
قد موزوں سے جو نسبت ہے تو بندھا ہی سدا / سروِ بے بار کو کہتے ہیں نہال اچھا ہے
اس شرارت کو تو دیکھو کہ دمِ نزع وہ شوخ / ہنسکے کہتا ہے کہ پہلے سی تو حال اچھا ہے
مانگتا ہے کبھی تجھسے تو تجھی کو عاشق / سارے عالم سے یہ اندازِ سوال اچھا ہے
خلد میں تیرے عوض ہوں نہ کبھی طالبِ حور / اُس سے سو درجہ صنم تیرا جمال اچھا ہے
گو دمِ نزع ہوئی ہے بُری حالت میری / اب بھی آجائیں اگر آپ تو حال اچھا ہے
ہم درِ بتکدہ سے جاتے ہیں کعبہ کی طرف / دلِ گمراہ سمجھ لے یہ خیال اچھا ہے
شوقِ تازہ کے مزے لیتے ہیں عاشق معشوق / وصل سے پہلے اگر ہو تو ملال اچھا ہے
تیری فرقت میں تصور سے مزے لیتا ہوں / دل ہے خوش اس سے تو یہ رنج و ملال اچھا ہے
کاسۂ سر لئے جاتا ہوں ترے کوچہ میں / جو نرالا ہو زمانے سے سوال اچھا ہے

سونگھ کر دل کو پلٹ جاتی ہے ناگن کیطرح
**عاشق** اُس زلفِ دوتا میں یہ کمال اچھا ہے

فرقتِ یار میں جینے سے وصال اچھا ہے / گر اجل سے کروں مرنیکا سوال اچھا ہے
کب ترے عاشقِ محزوں کا مآل اچھا ہے / ایسے بے حال سے غیروں ہی کا حال اچھا ہے

مجھسے کہتے ہین کہ تم چاہتے ہو کس مُنہ سے
آپکی شکل ہے اچھی کہ جمال اچھا ہے

آنکھ کے سامنے ہردم رہے صورت تیری
اور تصور سے جو ہو لطف وصال اچھا ہے

تو رہے بزم عدو مین تو یہ میرے دل مین
ہان مریجان ترا تجھسے خیال اچھا ہے

جسکو جی چاہے کہ لے لیجے وہ شئی اچھی ہے
اور نگاہون پہ جو چڑھ جائے وہ مال اچھا ہے

خاک ان سے ہو نو یہ اب ڈال کے دل صاف کرو
نہ کدورت ہی بھلی ہے نہ ملال اچھا ہے

غیر کو دیکے دلاسا وہ یہ فرماتے ہین
راہ حق مین جو دیا جائے وہ مال اچھا ہے

رحمت و عاجزی و جود و سخا و بخشش
جو پسندیدہ حق ہے وہی مال اچھا ہے

راہ تکتے ہین کہ کب وہ جزا آتا ہے
غیر کا یہان تو وہان اپنا مال اچھا ہے

آنکی منت جو بڑھائی تو خوشی یہ بولی
فال ہے نیک شگون نیک ہے سال اچھا ہے

آپکا دو نو جہان مین نہین ثانی کوئی
اچھی سیرت بھی ہے اور حسن و جمال اچھا ہے

واعظو صبر و تحمل کو بُرا کون کہے
گو بظاہر ہے بُرا اسکا مآل اچھا ہے

عارض صاف پہ خط کو نکہون مین اچھا
کون کہتا ہے کہ شیشہ مین یہ بال اچھا ہے

پھر تو کیسے وہ بگڑتے ہین الٰہی تو بہ
کوئی کہدے ترے بیمار کا حال اچھا ہے

غیر مٹ جائے الٰہی نہ کہین پھر وہ ہمین
سیرت اچھی ہے تمھاری نہ جمال اچھا ہے

تیری نعلین مبارک کے لئے فخر رُسل
گر بنے نعل خوشی سے تو ہلال اچھا ہے

وہ یہ کہتے ہین کہ ٹھوکر مین ہین ایسے لاکھون
دل ناچیز کو تم کہتے ہو مال اچھا ہے

ہائے وہ گنج شہیدان مین بھی آئے تو کہا
سارے کشتون مین بھی اسکا تو حال اچھا ہے

قد موزون پہ ترے سرو صنوبر صدقے
تیرے اُٹھتے ہوئے جوبن کا نہال اچھا ہے

بخت کا سونا جو کھوٹا ہو پرکھ لو اِسکو
چڑھ چکا ہو جو کسوٹی پہ وہ مال اچھا ہے

جاؤ جی جاؤ جی بہتان نہ اُٹھاؤ ہم پہ
کب کہا ہمنے کہ غیرون سے ملال اچھا ہے

کیون چلے جاتے ہو اک ہاتھ لگاتے جاؤ

پھر نہ کہئے گا کہ عاشق ترا حال اچھا ہے

## زاہد از طرح

بات اچھی ہے کہ اچھون کا وصال اچھا ہے / پر وہی وصل — نہ ہو جسکو زوال اچھا ہے

ناز و انداز و کرشمہ ترے غارتگرِ دل / ستم و جور و جفا مین بھی کمال اچھا ہے

بوالہوس تنے ہوئے ہین نرہی عشق کی قدر / ایسی ارزانی سے سچ پوچھو تو کال اچھا ہے

ملے جس ماہ مین وہ ماہ وُہی ماہ ہے نیک / آئے جس سال وہ کم سن وُہی سال اچھا ہے

اسکے باعث سے اک اُمید لگی رہتی ہے / گو نہ ہو ہمسے مگر کارِ محال اچھا ہے

مرغِ دانش کے لیئے خال کا دانہ بس ہے / طائرِ دل کے لیئے زلف کا جال اچھا ہے

آخری عمر مین کیا میری سُنئے وہ عاشق / جسکے دن اچھے ہین سن اچھا ہی سال اچھا ہے

گرد بیٹھی آہ کی سوزان ہوا چلے / ان سرکشون پہ ضعف مین بس اپنا کیا چلے

پانی شب فراق مین برسے ہوا چلے / بندہ کا زور اوسکی خدائی مین کیا چلے

آئے تھے خوش وہان سے یہان خفا چلے / میری طرف سے دلمین کہو لیکے کیا چلے

وہ خود نما رقیب کو رکھتا ہے ساتھ ساتھ / وقتِ خرام آنکو ذرا دیکھتا چلے

کوچہ مین اُسکے جان بچاؤن تو کیا بچے / فتنے جُدا اُٹھین تو قیامت جُدا چلے

تارے شب فراق مین ٹوٹے تو چرخ سے / مین یہ سمجھ گیا مرے تیرِ دعا چلے

اے حسرت تو خیال رہے دل نہ بیٹھ جائے / کہدو کہ تھوڑی دور عدم ہے چلا چلے

سب سے سوا ترا عملِ حُسن تیز ہے / جادو اگر جگائے بھی کوئی تو کیا چلے

کہتی ہے زندگی یہ دمِ یاس سے / کیون خیریت تو ہے ابھی کیا آئی کیا چلے

عاشق ہمارا انکا ہوا اک دم مین فیصلہ / محشر مین میرے ساتھ وہ پیشِ خدا چلے

## زائد از طرح

گھبرا کے میری آہون سے کہتے ہین ہمنشین
ایسی کبھی نہ گرم الٰہی ہوا چلے

## دیگر

ٹھہر جا دل ابھی مہمان کہان جاتا ہے
ہے جگر ساتھ نگہبان کہان جاتا ہے

جا کے ٹکڑے کر ڈالین مگر ہمکو نہ بھولیگا وہ شوخ
نامہ بر نامہ کا عنوان کہان جاتا ہے

جو گذر جاتے ہین دن ہاتھ پھر آتے ہی نہین
عمر گھٹ جاتی ہے نقصان کہان جاتا ہے

ناتوانی سے تو گر کرہین عریان تونکر
جیب سے ملکی گریبان کہان جاتا ہے

کر کے بسمل مجھے اے قاتل بے رحم کدھر
گویا کچھ جان نہ پہچان کہان جاتا ہے

دام کاکل مین چلا دل تو کہا حسرت نے
قفس تن کا یہ دربان کہان جاتا ہے

مہلت دید نہ دی سر تو کیا تن سے جدا
تیری شمشیر کا احسان کہان جاتا ہے

کیسی گلگشت یہ دھوکا ہے عدو کا سارا
میرے کہنے کو تو سچ مان کہان جاتا ہے

جانگزا غم وہ نہین اسکا کہ بھولے کوئی
ہجر کا وصل مین بھی دھیان کہان جاتا ہے

رہتے ہین اور تو دکھ درد شریک شب غم
پر خدا جانے کہ اوسان کہان جاتا ہے

حسرت و بیکسی و یاس کو آجانے دو
ساتھ جانا ابھی ارمان کہان جاتا ہے

[illegible]

بولی وحشت جو چلا سوئے بیابان عاشق
اسطرح بے سر و سامان کہان جاتا ہے

اور کچھ بنجاوُن جب وصل خدا ہونے لگے
ہر بن مو سے مرے سجدہ ادا ہونے لگے

وہ بت ناآشنا بھی آشنا ہونے لگے
گدگداہٹ وصل کی دل مین فرا ہونے لگے

ذرہ جب پہنچے فلک پر رشک مہر و مہ بنے
قطرہ دریا مین ملے تو کیا سے کیا ہونے لگے

چشم تیری ایسی کچھ افسون بھری عیار ہے
اک نظر دیکھا جدھر لاکھون فدا ہونے لگے

ہون وہ مشتاق شہادت دست قاتل مان جائے
عضو عضو اک ار مین تن سے جدا ہونے لگے

پھر رہے امید کیا ہمکو وصال یار کی
جب دعائے نیم شب بھی نارسا ہونے لگے

سب مٹائیں آرزوئیں سب نکالیں حسرتیں
آج مقتل میں سبھی وعدے وفا ہونے لگے

اک نگاہِ مہر نے بدلا زمانے کا یہ رنگ
جتنے بیگانے تھے سارے آشنا ہونے لگے

نام بھی اس ہجر کا وہ بد بلا ہے لوں اگر
پے بہ پے افلاک سے نازل بلا ہونے لگے

ایکدم میں ہوگیا قصہ ہمارا سب تمام
وہ خفا ہمسے تو ہم جان سے خفا ہونے لگے

ہمنشینوں کو جو کچھ دیکر رسائی ہے کی
کاش ہمپر مہرباں وہ مہ لقا ہونے لگے

یاد ہیں ابتک ہمیں وصلِ صنم کی لذتیں
بعد مُردن لب سے لب کیونکر جُدا ہونے لگے

چپکے چپکے غیر اور اُنمیں ہے اَن بَن کی خبر
بات بَن جائے مری گر برملا ہونے لگے

صورت اپنی ایسی کچھ کر لیجو جسپر رحم آئے
نامہ میرا نامہ بر جسوقت وا ہونے لگے

شیخ کا ٹوٹا وضو - زاہد کی توبہ ہمنشین
بزم میں جب اُسکے وا بند قبا ہونے لگے

کچھ اشارہ کچھ کنایہ کچھ تکلم کیا کیا
تم تو اچھے بھلے بیٹھے تھے خفا ہونے لگے

کیوں کہا جانے کو گر تم جاؤگے مرجاؤنگا
درد کم کم ہے نہ ایسا ہو سوا ہونے لگے

ہے غضب **عاشق** جو وہ آئینہ رو ہو خود نما
آئینہ کا آئینہ سے سامنا ہونے لگے

## زائد از طرح

پھر رہی ہے بھٹکی کیسی زیر آسماں
یا الٰہی اب دعا میری رسا ہونے لگے

ہوگئے کچھ بیخود ایسے بیخودیٔ شوق میں
راز جتنے تھے وہ خود ہی برملا ہونے لگے

## دیگر

استخوان شمع نمط ہیں مرے جلنے کے لئے
طفل اشک آنکھ سے ڈھلتے ہیں مچلنے کے لئے

تف ہجراں سے ہے سینہ میرا اچھلنے کیلئے
ساتھ دل کے ہے جگر آگ میں جلنے کے لئے

قفس تن سے مری جان نے نکلنے کیلئے
رنگ بدلے ہیں بہت شکل بدلنے کیلئے

عشق وہ شئے ہے کہ سر چڑھ کے اترتا ہی نہیں
یہ وہ جن ہے کبھی آتا نہیں ٹلنے کے لئے

سر قلم ہوکے جو تڑپا تو اُسے کھیل کہا
کیا تماشا ہے طبیعت کے بہلنے کے لئے

اُنکی رفتار قیامت ہے چھپیں گے کیونکر
غازہ کیون ملتے ہین وہ شکل بدلنے کیلئے

خاک پر لوٹ گئی بیکسی و رسوائی
پانو پھیلائے مرے ساتھ نہ چلنے کے لئے

ہائے آتش مین سمندر تو بہار مین لوٹے
ہم تف ہجر مین پیدا ہوئے جلنے کیلئے

کیا تماشا ہے سوا پانو نکالے اسنے
دل کو سوکا تھا بہت ہمنے سنبھلنے کے لئے

شب وصلت ہے شب ہجر نہین ہے ہمدم
لاکھ تدبیر کرون دن نہ نکلنے کے لئے

سخت جانی سے کرے دانت پھر اُسنے اسکا
کیا مرے خنجر قاتل نے نہ چلنے کے لئے

منتین کرکے بہت پانو پہ لوٹا لیکن
ضد مرے عجز سے ہے انکو مچلنے کے لئے

قد موزون کے ترے سایہ سے طوبا ہے نہال
آب گل نور کی ہے پھولنے پھلنے کے لئے

کیون بھٹکتے پھرین سیدھے نہ مدینہ کو چلیں
خوب رستہ ہمین پایا ہے سنبھلنے کے لئے

صید دل جوش مین بس ہے ہوی اُڑا دام کو بھی
راہ نکلی نہ کوئی جیکہ نکلنے کے لئے

نامہ بر وقت پہ لایا خبر آمد یار
مستعد ورنہ مری جان تھی نکلنے کے لئے

ساقی کی تیز نگاہی سے وہ جوش اسمین ہوا
کہ مزے خوب خم سے لگے اُبلنے کے لئے

کیا نکھارون مین انھین اور اُنھین پلکون سے ملون
زلف شانے کیلئے پانو دو ملنے کے لئے

خون عاشق کہین ملئے کہ جمے رنگ سوا
گر ہے درکار حنا پانو مین ملنے کے لئے

گر چلو باغ مین گلگشت کو تو سیر ہو خوب
یار کابی مین تری سرو ہو چلنے کے لئے

زلف لاکھون کو کئے جاتی ہے لقمہ مر رونہ
اژدہا ہے دل عشاق نگلنے کے لئے

دل نے کیا کیا تڑپ کی پہ سنبھلنا کیسا
کوچۂ عشق کی پھسلن سے سنبھلنے کے لئے

کچھ نہین دم کا بھروسہ یہ سمجھ لو عاشق
جان رہنے کے لئے ہے نہ نکلنے کے لئے

جسمین ہون لاکھون صنم بتخانہ ایسا چاہیئے
جسکی طلعت کم نہو جانانہ ایسا چاہیئے

دل ہے عاشق کا دل مردانہ ایسا چاہیئے
ہو جو اپنون سے سوا بیگانہ ایسا چاہیئے

رازداری کے لیئے فرزانہ ایسا چاہیئے
لب پہ آئے شکوہ بیجا نہ ایسا چاہیئے

کیا ہے وہ قصہ کہ جسپر دل کوئی مائل نہ ہو
جو فسون سے بڑھ کے ہو افسانہ ایسا چاہیئے

آشنا نا آشنا کے تذکرہ سے فائدہ
جو فدا ہو آپ پر بیگانہ ایسا چاہیئے

مثل رنگ و بوئے گل لب سی نہو ہم سے جدا
لب بلب اُس لب سے ہو پیمانہ ایسا چاہیئے

دل وہی دل ہے کہ جسمین کچھ نہین تیرے سوا
جسمین ویرانی نہو ویرانہ ایسا چاہیئے

ہو جو دیوانہ جہانمین وہ بڑا ہشیار ہے
جو نہ دیوانہ ہو وہ دیوانہ ایسا چاہیئے

جز جفاؤن کے وفا کرتے نہین کیا قہر ہے
دلمین سوچو ظلم معشوقانہ ایسا چاہیئے

غیر بیگانہ ہے ہمسے کچھ نہین ہے غم ہمین
خود سے بھی بیگانہ ہو بیگانہ ایسا چاہیئے

جب خطاؤن کی نہین حد رحم بیحد کیجیے
ایسے مجرم کے لیئے جرمانہ ایسا چاہیئے

سینہ سوز عشق جانان سے ہے گلزار خلیل
ہے یہ رشک خلد آتشخانہ ایسا چاہیئے

گیا جھگڑا چکا اب کیون لگاوٹھو کرین
جی اُٹھیگا دیکھنا جا شانہ ایسا چاہیئے

ہم نگاہِ مست ساقی سے ہین مخمور ازل
ہو مشابہ چشم کے پیمانہ ایسا چاہیئے

جسکو جلنے خاک ہونیکی ذرا پروا نہ ہو
شمع رو کے عشق کو پروانہ ایسا چاہیئے

دل جگر سے جام ہون اور خون غم کا بادہ ہو
مین وہ میکش ہون مجھے میخانہ ایسا چاہیئے

ہون شعاع عارض انور کے ذرلنے تمام
زلف لاثانی کو تیری شانہ ایسا چاہیئے

بزم دشمن گر نہو میرا دل صد پارہ ہو
ان بتون کے واسطے بتخانہ ایسا چاہیئے

قتل کرتے ہین کرین پر اک نظر تو دیکھ لین
اس اطاعت پر بھی انکو کیا نہ ایسا چاہیئے

کھلبلی پڑ جائے دل چل دو نو عالم مین پڑی
عاشقون کا نعرہ مستانہ ایسا چاہیئے

بھول جائین اپنی اپنی سب سنین میرا بیان
حشر کے دن پر اثر افسانہ ایسا چاہیئے

وہ جفاؤن سے کرین بس مین کہی جاؤن کہان
امتحان کے وقت دل مردانہ ایسا چاہیے

کیون نہ عاشق جان دے اُس شمع و پر تمثیل
جل کے فریادی نہ ہو پروانہ ایسا چاہیے

چشم باطن بین سے دیکھو جو ہے دلمین جلوہ گر
پھر کہو ہان جلوہ جانانہ ایسا چاہیے

خم کے خم خالی ہون جسمین جو نہ چھلکے ساقیا
تشنہ کامون کے لئے پیمانہ ایسا چاہیے

داستان عشق عاشق ہوگئی مقبول خلق
پچھلے افسانے مٹے افسانہ ایسا چاہیے

وہ جو بگڑے یاس کے آثار ظاہر ہو گئے
حسرت و ارمان میرے دلمین تر بتر ہوگئے

ہم جو راز وصلت دشمن سے ماہر ہو گئے
ہاتھ دھو کر اُنکے پیچھے پڑ گئے سہر ہو گئے

دیکھیئے ہے کس کی قسمت مین شہادت کا شرف
مرنے والے سب رِ قاتل پہ حاضر ہو گئے

یار کے پردیس جانے سے وطن صحرا بنا
ساتھ اُنکے ہم بھی گھر بیٹھے مسافر ہو گئے

اُنکی بزم غیر مین جانیکی خبرین مل گئین
جسقدر میرے تصور تھے وہ مخبر ہو گئے

پھر تمھاری نرگس بیمار کا آیا خیال
آؤ پھر درمان کرو بیمار ہم پھر ہو گئے

حضرت دل کیا اسی بر تر پہ چاہا تھا اُنھین
ابتدائے عشق مین ہی تم تو آخر ہو گئے

خاک کر نیکے لئے آمادہ ہین طیار رہین
مینے اُنکے پانو چومے وہ مرے سہر ہو گئے

ماتم یاران رفتہ نے بھلایا راگ رنگ
کیا کہین عاشق بہت افسردہ خاطر ہو گئے

شب غم تیرہ فام ہوتی ہے
مے بھی اس شب حرام ہوتی ہے

عمر نازک خرام ہوتی ہے
دم کے دم مین تمام ہوتی ہے

کبک نازک خرام ہوتی ہے
چاندنی بر تمام ہوتی ہے

مے کرین لطف ساقئ کوثر
توبہ توبہ حرام ہوتی ہے

جس مین کچھ بھی لگاؤ وصل کا ہو
بات اُن کی وہ خام ہوتی ہے

میری غیبت مرے رقیبون سے — ہو تی ہے لا کلام ہوتی ہے
سنکے فریاد میری بولے خموش — نیند اپنی حرام ہوتی ہے
تم نہین کہتے بات راز کی - کیون — برلبِ خاص و عام ہوتی ہے
غیر کی بزم مین خبر ہے مجھے — بادہ نوشی مدام ہوتی ہے
شعلہ باری مری زبان کی دیکھ — شمع بھی ہم کلام ہوتی ہے
جبکہ جوگی بنے بروگ مین ہم — تو صدا رام رام ہوتی ہے
آخری دور تو پلا ساقی — شبِ وصلت تمام ہوتی ہے
بادۂ وصل سے جو ہین بے خود — جانین کیا صبح و شام ہوتی ہے
رات زلفون مین ہے چھپی رہتی — آڑ مین رخ کے شام ہوتی ہے
سوچ لو کھوکے جانِ پروانہ — شمع کچھ نیکنام ہوتی ہے

ہاتھا پائی مین انکی اے عاشق
واہ کیا روک تھام ہوتی ہے

## زاید از طرح

خبرِ قتلِ عام ہوتی ہے — آج حسرت تمام ہوتی ہے
طرزِ رفتارِ یار سیکھی ہے — کیون صبا خوشخرام ہوتی ہے
ہین جو مغرور انکو غیرون سے — آرزوئے سلام ہوتی ہے
کر لو جو کچھ کہ نیکی کرنی ہو — دن ہے تھوڑا سا شام ہوتی ہے
مل کے ان سے ہوا اینٹھتے کیا شیخ — دم مین ترکی تمام ہوتی ہے
سنتے ہین ہم کہ شیخ کی دستار — رہن بادہ مدام ہوتی ہے

قتل سے کیون نہ خوش ہون مین عاشق
قبر پر دھوم دھام ہوتی ہے

اوس غیر سیہ قلب کی ظلمت نہین جاتی / سوہان سے گھسیئے تو یہ رنگت نہین جاتی

پھر جاتی ہے جس جا ہے طبیعت نہین جاتی / برپا ہے قیامت کہ قیامت نہین جاتی

اسکوچہ مین جو بھول کے آجائے تو پھر جان / گر آپ سلامت ہین سلامت نہین جاتی

یہ عشق عجب بھوت چڑھا ہے مرے سر پر / ہر وقت مصیبت ہے یہ الفت نہین جاتی

فریاد کرون تو بھی یہ کرنے نہین دیتی / جان جاتی ہے کمبخت محبت نہین جاتی

پچھتاؤ گے جان جاتے ہی پھر ہاتھ ملوگے / مین نزع مین ہون آپکی حجت نہین جاتی

درد و الم و رنج ہین سب ساتھ ہمارے / کچھ ایسی ہٹیلی ہے کہ حسرت نہین جاتی

گر یاد سے غافل نہ ہون عزت ہی ہماری / غافل ہون تو یارب تری عظمت نہین جاتی

نالون سے مرے غیر کے اوسان خطا ہین / گھبرا کے مگر یہ شب فرقت نہین جاتی

پیکان کو نکالون تو نکلتا ہے دل زار / ہان پاس رہے گی اسے الفت نہین جاتی

الفت ہوئی کیا میری طرح در سے تمھارے / ہے بیٹھی ہوئی اٹھ کے قیامت نہین جاتی

شیشے سے اگر بال نکل جائے تو یہ جائے / جب بیٹھ گئی دل مین کدورت نہین جاتی

مقتل سے نہین اٹھتی ہین عشاق کی لاشین / جب تک لب خنجر سے اجازت نہین جاتی

دیوانے ہی اچھے کہ یہ تسخیر ہے جن کی / آجاتی ہے جب پاس تو غفلت نہین جاتی

تو قیر گھٹی عشق مین عاشق کی تمھارے
تم کہتے تھے ان باتون مین عزت نہین جاتی

کیا خاک مین ملکر تری عزت نہین جاتی / چل دور ہو کیون اے شب فرقت نہین جاتی

رفتار پہ عاشق یہ سر راہ گزر ہے / کوچہ سے ترے دیکھ قیامت نہین جاتی

اڑ اڑ کے مری خاک یہ پہنچی ہے فلک تک / ہون خاک مگر عزت تربت نہین جاتی

تیرا ہی تصور ہے دم مرگ بھی ہمکو / مرتے ہین مگر دید کی حسرت نہین جاتی

محشر مین بھی ہم یار کا دم بھرتے ہین توبہ / دنیا مین جو حالت تھی وہ حالت نہین جاتی

برباد کیا بھی تو صفائی نہین ہوتی
مٹی بھی کیا تو بھی کدورت نہین جاتی

جو دل سے تصور رہو تصور نہین مٹتا
جو دل سے محبت ہو محبت نہین جاتی

وہ دیتے ہین دادِ غم و اندوہ و مصیبت
صد شکر کہ ضایع مری محنت نہین جاتی

آنکھون کی شرارت سے لگاوٹ نہین چھٹتی
چتون کی لگاوٹ سے شرارت نہین جاتی

زاہد جو برا کہتے ہین پروا نہین اُسکو
ان باتون سے میخوار کی حرمت نہین جاتی

آنکھون نہین ترا آئنۂ رخ جو بنا ہے
حیران ہین ان دونو کی حیرت نہین جاتی

خصلت ستم و جور کی وہ چھوڑ دین کیونکر
سچ ہے کہ بُری بات کی عادت نہین جاتی

اک وہ کہ ادھر اُنکی طبیعت نہین آتی
اک ہم کہ کہین اپنی طبیعت نہین جاتی

ہم مٹتے ہین لیکن غم الفت نہین مٹتا
دم جاتا ہے لیکن یہ محبت نہین جاتی

ڈرتی ہے مری آہ بھی جانیسے وہانتک
سمجھاتا ہون لیکن کسی صورت نہین جاتی

کس رات انھین اغیار بغلین نہین رکھتے
کس دن مرے ہاتھون سے طبیعت نہین جاتی

کیا پاس ادب ہے کہ جو کرتا نہین شکوہ
باہر مرے ہونٹون سے شکایت نہین جاتی

یہ بھی کوئی معشوق وفادار ہے شاید
کیون چھوڑ کے عاشق کو مصیبت نہین جاتی

## زاید از طرح

ظالم ہے وہ بت جور کی عادت نہین جاتی
بے رحم کے نزدیک محبت نہین جاتی

تم ہو وہ جفا جو کہ کبھی رحم نہ آیا
مین ہو وہ وفادار کہ الفت نہین جاتی

## دیگر

بھون کیسی نظر مین پھرتی ہے
تیغ سی کچھ جگر مین پھرتی ہے

لئے وحشت سفر مین پھرتی ہے
یعنی فکر اثر مین پھرتی ہے

شبِ غم روز دیتی ہے پہرا
رات بھر میرے گھر مین پھرتی ہے

لو قیامت کی شامت آئی ہے
یار کے رہگزر مین پھرتی ہے

اُن سا کوئی نظر نہین آتا
یون تو دنیا نظر مین پھرتی ہے

الفتِ خال پیستی ہے مجھے
ایک چکی سی سر مین پھرتی ہے

دیکھنا چشم یار کی گردش
دیدۂ نامہ بر مین پھرتی ہے

تیری نیت کو کیا ہوا **عاشق**
ہر گھڑی اُنکے گھر مین پھرتی ہے

مجھے تم دیکھکر سمجھو کہ چاہت ایسی ہوتی ہے
محبت وہ بری شے ہے کہ حالت ایسی ہوتی ہے

ازل مین جب ترا نقشہ کھنچا اول حسینون سے
تو صورت آفرین بولا کہ صورت ایسی ہوتی ہے

ترے کوچہ مین کوئی حور آجاتی تو مین کہتا
کہ وہ جنت تو کیا جنت ہے جنت ایسی ہوتی ہے

خدا کی شان ہمکو دیکھکر معشوق کہتے ہین
جو صورت پر مٹے ہین اُنکی صورت ایسی ہوتی ہے

قیامت ہے قیامت مین کسیکا ناز سے کہنا
سُنا بھی تمنے کیون جی کیا قیامت ایسی ہوتی ہے

شب ہجران جو تم میرے سیہ خانہ مین آجاتے
تو مین ہمکو دکھا دیتا مصیبت ایسی ہوتی ہے

تمھین پر کچھ نہین موقوف ظلم و جور کے شیوے
وہ بیشک بیوفا ہے جسکی صورت ایسی ہوتی ہے

تڑپ جاتی ہے جان قاتل کا نقشا ایسا ہوتا ہے
نکلجاتا ہے دم خنجر کی صورت ایسی ہوتی ہے

خدا کو مان اے بُت تو بھی تو غیرون پہ عاشق ہے
بس اب تو تونے دیکھا اُسکی قدرت ایسی ہوتی ہے

خدا سے ڈر ذرا اے چشم جانان تونے کیا دیکھا
جو غیرون سے مُروّت کی مُروّت ایسی ہوتی ہے

جو آکر دوسرے پر پھر نہ آئے دل وہی اچھا
نہ جائے جو کبھی پھرنا طبیعت ایسی ہوتی ہے

کبھی ہنستے گلی مین مل گئے تو ہو گئین باتین
جناب شیخ سے صاحب سلامت ایسی ہوتی ہے

تمنا ہے گلے سے وہ لپٹ جائین تو مین خوش ہون
رقیبون سے کہون دیکھو عنایت ایسی ہوتی ہے

یہ ہے تاثیر جذب دل کہ **عاشق** اب وہ کہتے ہین
محبت جیسی تمنے کی محبت ایسی ہوتی ہے

جھوٹ سچ اعتبار کون کرے / آچکے انتظار کون کرے

وہ رقیبون سے جا ملے افسوس / اب مجھے شرمسار کون کرے

فتنۂ خوابیدہ ہے تو سونے دو / غیر کو ہوشیار کون کرے

دے کے دل تمکو پھل ہی کیا پایا / ایسی دولت نثار کون کرے

جاتے ہین انتظار اب تیرا / گردشِ روزگار کون کرے

کیا کہون لاکھ ہین مرے ارمان / رُتّی رُتّی شمار کون کرے

نزع مین چلدیئے وہ یہ کہکر / اب بھلا انتظار کون کرے

اُنکی آنکھین عدو سے لڑتی ہین / مرغِ دل کا شکار کون کرے

ہمنے مانا کہ صبر اچھا ہے / پر اِسے اختیار کون کرے

نہین پہلو مین وہان جگہ خالی / دل کو اُمیدوار کون کرے

عشق معشوق کا گلہ کیسا / نام عاشق ہے پیار کون کرے

غیر سے جب گفتگو ہونے لگی / بڑھتے بڑھتے تم سے تو ہونے لگی

آئینہ دیکھا تو وہ لڑنے لگے / واہ وا کیا دوبدو ہونے لگی

داستانِ عشق پھیلی ہر طرف / یہ حکایت کوبکو ہونے لگی

کیا تصوّر کام آیا ہجر مین / اُنکی صورت روبرو ہونے لگی

میری الفت کی شکایت اب وہان / دشمنون کے روبرو ہونے لگی

غیر دلچسپی کو کیا کم ہین اُنھین / کیون ہماری آرزو ہونے لگی

توبہ ہمکو آپ کی ہوتے ہوئے / کیون کسی کی جستجو ہونے لگی

یہ زمانہ وہ ہے اے عاشق کہ اب / وجہ ذلت آبرو ہونے لگی

جُرمِ اُلفت کی کچھ سزا کہیے
تجھکو کس مُنہ سے بیوفا کہیے
مجھکو عاشق نہ کہیے یا کہیے
کہیے ان اپنا مُدعا کہیے
بات مطلب کی جو یہ سُنتا ہو
ہمسے کچھ وقت پر نہ بن آئی
میری سُنیئے تو بَرمَلا سُنئیے
اس نہ سُننے کو اُسکے کیا کیجے
خیر دونو کا کام نکلے گا
مجھکو سمجھاکے گالیان دیجے
عشق کی ابتدا ہی ہے انجام
نہ مین عاشق نہ آپکو چاہون
زیب ہے گر ہمارے ارمان کو
آشنا ہے رقیب بازاری
جان دیتا ہون کس خوشی سے مین
آئینہ مین دکھاکے کہتا ہون
جب مری جان آگئی لب پر

مین نہین مانتا بُرا کہیے
کوئی پوچھے سبب تو کیا کہیے
کچھ نہ کہیے تو آپ کیا کہیے
مجھکو دشمن کا دوسرا کہیے
اُس سے کیا خاک مُدعا کہیے
لے گئے دل وہ مفت کیا کہیے
اپنی کہیے تو برملا کہیے
اس نہ کہنے کو اُسکے کیا کہیے
قصۂ عشق جا بجا کہیے
فقرہ فقرہ جُدا جُدا کہیے
ابتدا ہو تو ابتدا کہیے
غیر سے اپنا مُدعا کہیے
کشتئ دل کا ناخُدا کہیے
آپ مجھکو نہ آشنا کہیے
آج تو آپ مرحبا کہیے
آپ ہی ہین کہ دوسرا کہیے
تب وہ کہتے ہین ماجرا کہیے

اب نہ کیجے موئے پہ سوُدِ زیان
اب نہ عاشق کو باوفا کہیے

کہتے ہین اب ہے شوق ملاقات کا مجھے
جب حوصلہ رہا نہ کسی بات کا مجھے
سمجھا یہ مین کہ دل کو مرے پھیرتا ہے وہ
باسی جب اُسنے پان دیا رات کا مجھے

دن رات دیکھتا ہون حسینون کے تذکرے
رہتا ہے شوق ایسی حکایات کا مجھے

جس رات یار تھا مرے پہلو مین جلوہ گر
برسون سے ہے خیال اُسی رات کا مجھے

پہلے سے اپنے دل کو کہین اور پھینکتا
ہوتا اگر یقین تری گھات کا مجھے

آتی ہین یاد یار کے کانون کی بجلیان
موسم نہ جینے دیگا یہ برسات کا مجھے

تیغ ادا کو کیا کہون جو سفت کر گئی
احسان مند مرگِ مفاجات کا مجھے

گل کھا کے اپنے سینہ کو رشکِ ارم بنائین
چھلاَّ خدا کے واسطے دو ہاتھ کا مجھے

مجھکو اگر غرض ہے تو ایک اُنکی ذات سے
عاشق نہین ہے ڈر کسی بد ذات کا مجھے

بڑی شہرت تری محفل مین ہو گی
کہونگا مین جو میرے دل مین ہو گی

شب غم جان تری محفل مین ہو گی
تری محفل ہمارے دل مین ہو گی

لیگا کیا بجز شوقِ شہادت
مری جان خنجر قاتل مین ہو گی

ہمارے خون کی گر دھار رکھے
روانی خنجرِ قاتل مین ہو گی

عدم کی راہ اک طولِ امل ہے
بہت مشکل بڑی منزل مین ہو گی

سبک رفتارئے ناقہ سے لیلی
بڑے آرام سے محمل مین ہو گی

صدائے درد مجنون سُنکے لیلی
یقین ہے مضطرب محمل مین ہو گی

شب ہجران مین لاکھون آفتین ہین
مصیبت بھی بڑی مشکل مین ہو گی

نہ بدلیگا کبھی دو نو جہان سے
جو نعمت کاسۂ سائل مین ہو گی

ترا خنجر اگر جھک کر چلے گا
تو ہر بانکی ادا بسمل مین ہو گی

سوائے شکر قاتل کیا سنوگے
اگر جنبش لبِ بسمل مین ہو گی

الٰہی رہنمائے عشق لیجائے
کہ آسانی بہت منزل مین ہو گی

صدائے درد سُنکر میری بولے
کہ جان اُسکی بڑی مشکل مین ہو گی

تصور مین بھی وہ صورت ہے پنہان ص نظر کے پردۂ حائل مین ہو گی
وہ یون فرماتے ہین ذکرِ وفا پر ص ہوائے وصل شاید دل مین ہو گی
کریگی دیکھنا برپا قیامت ص کوئی حسرت جو دل کی دلمین ہو گی
کبھی آئے گی خود ہی دخترِ رز ص کشش گر میکشون کے دلمین ہو گی

سمجھ لینا دلِ عاشق وہی ہے
بجھی سی شمع جو محفل مین ہو گی

تمنا پھنس گئی مشکلمین اب مشکل سے نکلے گی ص محبت غیر کی کیونکر تمہارے دل سے نکلے گی
نہ جبتک تم نکالو گے نہ حسرت دل سے نکلے گی ص یقین ہے جان نکلنے پر بھی یہ مشکل سے نکلے گی
تحمل دیکھکر میرا مرین گے رشک سے اعدا ص صدائے آفرین جب خنجرِ قاتل سے نکلے گی
گلوئے شیشۂ مے مین پڑیگی اک گرہ بن کر ص جو شوقِ قتل مین ہچکی لبِ بسمل سے نکلے گی
تڑپتی لوٹتی روتی ملیگی خاک مین جسدم ص کسیکی آرزو سے دل تری محفل سے نکلے گی
دھوین جم مین اڑا دیگی زمین و آسمان تک کے ص اگر آہِ با اثر ہجران مین میرے دل سے نکلے گی
نکالو گے بھلا تم محتسب کیا دخترِ رز کو ص رگ و پے مین ہے یہ بیٹھی ہوئی مشکل سے نکلے گی
جو مرگِ قیس کی اڑتی سی سن لیگی خبر لیلا ص گریبان چاک ہو کر پردۂ محمل سے نکلے گی
نہین ہے منتون سے فائدہ ای قیس شیدا کو ص کوئی پردہ نشین ہے کسطرح محمل سے نکلے گی
کہین تم ذبح کر دیکھو کہ یہان شوق شہادت مین ص صدا اللہ اکبر کی ہمارے دل سے نکلے گی
مرے دلمین یہ وسعت ہی عدم بھی جسکا ہے گوشہ ص یقین جانو قیامت بھی اسی منزل سے نکلے گی
ابھارے موج گر ڈوبے ہوئے میرے سفینہ کو ص صدائے تہنیت کیا کیا لبِ ساحل سے نکلے گی
زمانے کو نہ کیونکر رشک ہو گا ایسی میت پر ص جو بنکر حسرتِ دل کوچۂ قاتل سے نکلے گی
فلک کے جور سے دلکو تسلی دیکے کہتا ہون ص کوئی صورت تو اچھی پردۂ حائل سے نکلے گی
یقین ہے ساتھ جگمگٹ عاشقون کا اسکے جائیگا ص صبا پھولو نہین بس کر جب تری محفل سے نکلے گی

بھلا ہو دینے والیکا بھلا ہو دینے والیکا
دعا یہ ایک بوسہ پر دلِ سائل سے نکلے گی

جو داغِ معصیت کہولا ہے عاشق سے ملو زاہد
صفائی کی کوئی صورت اسی کامل سے نکلے گی

گذر جب ہوتا ہے نالہ آسمان سے
نہین پھرتا یہ ہرگز درمیان سے

سمجھ جاتے ہین پہلے ہی بیان سے
وہ رازِ دل بتاتے ہین زبان سے

عداوت ہو تو ہو دورِ زمان سے
دلی الفت ہے تیرے آستان سے

لگاوٹ گر نہ کرتے وہ جہان سے
لگن عشاق کو ہوتی کہان سے

رگڑتی ہے صبا سر آستان سے
یہ قسمت لائے گا عاشق کہان سے

یہ اک مدت سے سرکش ہے ہمارا
فغان وہ ہاتھ کرلے آسمان سے

شب ہجران کے شعلے تھے جو لپٹین
وہ بنکر برقِ نکلے آشیان سے

وہ آتش بار ہون کیا تابِ دشمن
ملائے گا زبان میری زبان سے

تصور مین بھی یہان حورین نہین ہین
دمِ آخر وہ کیون ہین بدگمان سے

کسی کی زلف کا سودا ہے دل کو
بچے گا کب بلائے ناگہان سے

لبِ قاصد پہ ہے مہرِ خموشی
کہے گا کیا بتِ شیرین زبان سے

ڈرا وہ بے دھڑک اندر گئے ہم
ہوئی جھنجھٹ جو شب کو پاسبان سے

ہے اسکی بیکسی بھی قابلِ دید
جو پیچھے رہگیا ہو کاروان سے

وہ آتشبازی اسکو جانتے ہین
جو شعلے جھڑتے ہین میری فغان سے

وہ مجھسے کہتے ہین سودائی تجھکو
اٹھا لائی ہے پھر وحشت کہان سے

شبِ ہجران بلا ہے فتنہ انگیز
اترتی ہین بلائین آسمان سے

عدو کہتا ہے مر جاؤن تو اچھا
مگر ہم سن بھی لین انکی زبان سے

نہین تو ایسی باتون کا مزا ہے
سنین گے گالیان انکی زبان سے

بتاؤن کیا جو پوچھین لائے ہو کیا
کہ خالی ہاتھ جاتا ہون یہان سے

تمھارے چشم کی گردش نے مارا
شکایت کیا ہمین پھر آسمان سے

تصور سے شریکِ بزم ہون جب
غرض پھر ہمکو کیا ہو پاسبان سے

ذرا دم لے اجل آئینگو ہین وہ
ہمین کیا کام عمرِ جاودان سے

مکین وہ خانۂ دل مین ہین عاشق
مکان سب پست ہین میرے مکان سے

وہ عاشق نے اُٹھایا بارِ اُلفت
نہ اُٹھا جو زمین و آسمان سے

ترے کوچہ سے پھر دیدِ اک عالم نکلتا ہے
سِسکتا کوئی جاتا ہے کسیکا دم نکلتا ہے

وہی حسرت تو حسرت ہی جو دلمین جم کے رہتی ہے
وہی ارمان تو ارمان ہے جو دل سے کم نکلتا ہے

تڑپنا لوٹنا سر پیٹنا آہ و فغان کرنا
نکلتا جو ہے کوچہ سے ترے بیدم نکلتا ہے

تمھارے حُسن پر ہی حسن اور جوبن پہ جوبن ہے
اداؤن سے اوا عالم یہ اک عالم نکلتا ہے

وہ کہتے ہین کہ جلکر ایک ٹھوکر سے جلا دینگے
کوئی کہدے کرم کیجے کسیکا دم نکلتا ہے

رُلایا مصحفِ رُخ کے تصور نے مجھے ورنہ
مرے دیوان کا ہر صفحہ کیون پُرنم نکلتا ہے

تمھارے انتظارِ وعدہ نے ٹھہرا لیا لب پر
اگر آنا ہے آجاؤ نہین تو دم نکلتا ہے

نہ دیکھا اُسنے جو بازار مین تنکے مجھے چُنتے
تو پوچھا دشمنون سے مرگیا یا کم نکلتا ہے

نوید مرگ دشمن سُنکے عاشق شاد ہو کیونکر
کہ نالہ درد سے لیکر صفِ ماتم نکلتا ہے

ستم ہے وہ پھر بدگمان ہو رہا ہے
پسِ امتحان امتحان ہو رہا ہے

صدا الامان الامان کی ہے ہمدم
یہ ہنگامہ برپا کہان ہو رہا ہے

خوشی کیون نہو قتل ہونے کی مجھکو
وہ نا مہربان مہربان ہو رہا ہے

اُڑائی ہے کب خاک دشمن کی ہمنے
گمانِ عبث آسمان ہو رہا ہے

گرہ کوئی اسکی بھی ہے سخت یارب
جو گردش مین یون آسمان ہو رہا ہے

تصدق تجھی پر زمین ہو رہی ہے
تجھی پر فدا آسمان ہو رہا ہے

جو تشہیر کرتا پھرے اک جہان مین
وہ تقدیر سے راز دان ہو رہا ہے

مجھے ہچکیون نے خبر دی ہے آکر
مرا ذکر جو کچھ وہان ہو رہا ہے

نہین رکتے روکے وہ ذکرِ عدو سے
شب وصل مین بھی بیان ہو رہا ہے

جسے غیر کہئے جسے دشمنِ جان
وہ قسمت سے وہان پاسبان ہو رہا ہے

مین آویزۂ گوش کیونکر نہ کرلون
وہ دشنام سے دُرفشان ہو رہا ہے

چلو سیر کر آئین جنت کی عاشق
عجب کچھ تماشا وہان ہو رہا ہے

ہین مصیبت مین شریکِ رنج و غم نالے مرے
یاس و حرمان رنج فرقت چاہنے والے مرے

لڑکھڑا کر مین چلا جب اضطرابِ شوق مین
بیخودی بولی کہ بسم اللہ متوالے مرے

انجم و شمس و قمر ہین آسمان پر جنکا عکس
دیکھ لیجے سینۂ پرداغ کے چھالے مرے

دل جگر مین آبلے ڈالے ہین اشکِ گرم نے
وصل جانان ہو تو پھوٹین ہجر کے چھالے مرے

چوکڑی بھولا ہون مین یاد آگئی پھر چشم یار
دشتِ غم مین سامنے آئے ہرن کالے مرے

ہون شبِ فرقت تپ فرقت سے سوزان اسطرح
شمع کے سانچے مین گویا استخوان ڈھالے مرے

بخت تیرہ روز فرقت کو کرون کیونکر سفید
دشمن جان ہوگئے کیسے یہ دو کالے مرے

ہو خبردار اے فلک تیرے دھوین اڑتے ہین اب
نالہ و افغان ہین آتش کے یہ پرکالے مرے

رنج و غم ہین مانگتے اک ایک کو ممکن نہین
کیونکہ دیدون دل جگر مدت کے ہین پالے مرے

اے جناب عشق عاشق کو نہ پوچھے کوئی کیا
تم رہو حضرت سلامت چاہنے والے مرے

یارب مرے لب تک کبھی فریاد نہ آتی
اچھا تھا اگر انکو مری یاد نہ آتی

بھولے سے بھی عاشق کو کبھی یاد نہ آتی — بیداد گرو کاش تمھیں داد نہ آتی

ہر روز نیا دل ہمین درکار نہ ہوتا — ہر روز نئی گر تمھین بیداد نہ آتی

سکھ نیند نہ سوتا کبھی اسطرح سی اب تک — شیرین جو ترے خواب مین فرہاد نہ آتی

گھبراتے ہو فریاد سے تو داد دو صاحب — بیداد نکرتے تو یہ فریاد نہ آتی

پامال ہی کرتے تو مری خاک نہ اُڑتی — جان کوچہ سے ہو کر ترے برباد نہ آتی

وہ آتے نہ یہانتک تو تصور سے بُلاتے — گر نیند تجھے اے دل ناشاد نہ آتی

اس خاک کے کوچے مین کوئی صید نہ پھنستا — گر خاک ترے دام پہ صیاد نہ آتی

مرتے نہین پر مرنے کے اقرار نے مارا — یہ بات دم نزع ہمین یاد نہ آتی

فریاد بھی فریادی ہے بیداد سے عاشق
اچھی تھی حسینون کو جو بیداد نہ آتی

جس شب آجائے وہ ہمکو ہے وہی رات نئی — شوق ہر دم جو نیا ہے تو ملاقات نئی

ہم یہ دیکھینگے مسیحا ترا اعجاز نیا — منہ سے بولے تری تصویر تو ہے بات نئی

چھوڑا منجھدار مین بسمل کو تڑپتا ہے ہئے — تیری شمشیر نے کی کیسی مدارات نئی

وہی توبہ ہے پرانی ترے پاس اے واعظ — مانین گر کہئے کوئی قبلۂ حاجات نئی

ایسے معشوق طرحدار سے دل کیونکہ بچے — جسکے سج دھج نئے انداز نیا گھات نئی

چیر کر پہلو کو دل ہاتھ پہ رکھکر یہ کہون — دیکھئے نذر نئی لیجیے سوغات نئی

ہے وہ معشوق نیا عیش کا سامان ہو نیا — مے دو آتشہ دے پیر خرابات نئی

گالیان ہمکو ملین اور دعائین ہم دین — دیتے ہین حضرت من آپ مکافات نئی

اپنے منہ یون تو میان مٹھو ہین سب اے عاشق
ہان جو مضمون اچھوتا ہو تو ہے بات نئی

جلنے تھے قعر جہنم دشمنون سے بھر گئے — وہ ہوئے میرے تو یہ سب جلتے جلتے مر گئے

بات اب سنتے نہین یا کل تھے میرے ہمزبان
آج پھر اغیار شاید کان اُنکے بھر گئے

ایسی ہیبت ناک دیکھی شکل تیری خواب مین
چونک چونک اُٹھی شبِ غم تجھسے ہم ڈر ڈر گئے

اسطرح تڑپا کہ حیرت بھی تماشائی ہوئی
بزم مین جو رات کو ہم بادلِ مضطر گئے

ہین بڑے عیار ہجو د کرکے چشمِ مست سے
لیگئے پہلو سے دل دل کے عوض بسمل دھر گئے

غم سے یہ چھوٹے تو وہ ہین مبتلائے صد الم
مرنے والے جی گئے اور جینے والے مر گئے

تیز رو جلد اور ہم آہستہ رو اس طور سے
گرتے پڑتے بیٹھتے اُٹھتے اُسی در پر گئے

یاس وحسرت بیکسی کیونکر نہون پھر نوحہ گر
جسقدر ارمان دلمین تھے وہ سارے مر گئے

بیوفا دم تھا گیا پر کیون گئے تم اُسکے ساتھ
حضرتِ دل آپ **عاشق** سے بدل کیونکر گئے

کیون لڑائی ہو تیری چتون سے
نہ لڑے گر کبھی یہ دشمن سے

چشمِ جانان مین سُرمہ دینے کو
خاک لایا ہون دشت ایمن سے

ہے برنگِ لباسِ یار سے رشک
دُھوین نکلے زبان سوسن سے

آتشِ عشق کی وہ حِدّت ہے
برق گرتی ہے بچکے مدفن سے

کشتۂ چشمِ یار ہون جو ہرن
آنکھین ملتے ہین میرے مدفن سے

چادرِ چرخِ کہنہ ہو گی رفو
لیجیئے تار میرے دامن سے

ہوگئے کیون یہ سب مرے دشمن
دوست ملتے ہین جا کے دشمن سے

وجد ہے مُشتری و زُہرہ کو
شوق ہے اُنکو میرے شیون سے

ہم تماشا دکھائین دشمن کو
ہو اشارہ جو چشمِ پُرفن سے

**عاشق** اللہ کا وہ بُت کا ہے
کیون لڑین شیخ جی برہمن سے

شرم وہ جس شرم سے ہے شرم شرمائی ہوئی
وہ حیا جس سے حیا کو ہے حیا آئی ہوئی

غم کی کالی سی گھٹا دشمن یہ ہے چھائی ہوئی
میری بن آئی گر اسکی ہے اجل آئی ہوئی

مان جاتا دل تو بڑھتی کیون یہ رسوائی مری
پانو رسوائی نے پھیلاے تو رسوائی ہوئی

اُنکے آنے سے ہوا یہ غمکدہ عشرت کدہ
محفل آرائی سے کوئی محفل آرائی ہوئی

بنگئی رشک ارم پریون کا جمگھٹ ہوگیا
جو زمین ہے آپکے پانون کی ٹھکرائی ہوئی

پردہ داری عشق پردہ دار کی آسان نہین
کب رُکے گا وہ کہ جسکو قید تنہائی ہوئی

آرزو کوچہ سے اُسکے نا اُمیدی کو لئے
بس ہجوم یاس سے آتی ہے گھبرائی ہوئی

ہاتھ قاتل کا مری قسمت سے جھوٹا پڑگیا
تیغ خود جھوٹی تھی یعنی زنگ کی کھائی ہوئی

اشک کے دریا بہت اُمڈے مگر خالی ہے وہ
کاوش غم سے جو میرے گرد دل کھائی ہوئی

روبرو میرے کہے سب ازان سے غیر نے
پھر اگونگا مین بنا کیا خوب دانائی ہوئی

جلد توبہ کیجیئے زاہد وہ مے اور ہو حرام
ساقی کوثر کی بخشش سے جو ہو آئی ہوئی

وحشتِ دل جوش پر ہے اِن دنون بارِ دگر
تھوڑی تھوڑی ہے طبیعت آپ پر آئی ہوئی

صور سے پہلے کہا جو قم باذنی آپنے
حشر برپا کر دیا یہ کیا مسیحائی ہوئی

بخشش غفار پہ نازان جو عاشق تھین
ابر رحمت کی گھٹا ہے قبر پر چھائی ہوئی

عالمِ ارواح سے آکر تماشائی ہوئی
آرزو کشنکے لئے پھرتی ہے گھبرائی ہوئی

ہائے اُسکو دیکھکر آتے پھری آئی ہوئی
موت اُس سے ڈر گئی مجھکو شکیبائی ہوئی

قتل مجھکو کر دیا شہرت ہوئی مین چھٹ گیا
حسنِ عالم کش کی تیرے خوب بیبائی ہوئی

گھس گیا سنگِ درِ تربت پہ نہ کچھ حاصل ہوا
جبہہ فرسائی سے یارب جبہہ فرسائی ہوئی

چھیڑتے ہی زُلف کو جنجال مین پھنس جائیگا
اے صبا کیا تیری شامت ہے کہین آئی ہوئی

پھر کسی بیکس کو قاتل نے کیا بے وجہ قتل
کو بکو پھرتی ہے شہرت آج گھبرائی ہوئی

ہان فقط دشمن کی باقی ہے کہو تو اُسکو کھائین
اور جو کھلائیے ہو گی قسم کھائی ہوئی

چشم حق بین سے جو دیکھو تو رسول پاک کی
دو جہان پر ہے تجلی ایکسان چھائی ہوئی

رنج و غم درد و الم تھے سب کے سب گھیرے ہوئے
ہمکو مثل ہجر کی شب بھی نہ تنہائی ہوئی

پھرتی ہے آوارہ بازارون مین انکی آرزو
یہ کہین کاکل کے سودے مین ہی سودائی ہوئی

تھا کسی پردہ نشین کا عشق جو عاشق تمہین
پردۂ شب مین تمہاری شام تنہائی ہوئی

دلمین انکے بل جو تیوری ہے بل کھائی ہوئی
جب کہا دیکھو تو بولے آنکھ ہے آئی ہوئی

وہ نگاہ ناز محشر مین تماشائی ہوئی
گر اٹھی میری طرف تو کیسی رسوائی ہوئی

اسنے غم نامے جلائے نامہ بر جاکر تھکے
انکی پا فرسائی میری خامہ فرسائی ہوئی

سوختہ برق نگہ نے کر دیا فوراً اسے
عالم امکان مین جس سے شناسائی ہوئی

غیر کے ملنے سے انکو کیا حیا آئی ہے آج
آنکھ کی پتلی نظر آتی ہے شرمائی ہوئی

[illegible] سے گلے ملتا ہے کیسا دوڑکر
خنجر قاتل سے کیا اچھی شناسائی ہوئی

باتون باتون مین الجھتے ہین بگڑ جاتے ہین
کچھ تو ٹیڑھی سیدھی دشمن کی ہے سمجھائی ہوئی

غیر کی قسمت مین عیش وصل تھا روز ازل
میرے حصہ مین غم و صبر و شکیبائی ہوئی

نامہ بر جب قتل ہو پھر کیا رہے امید صبر
بیکسی پھر کیون نہ ماتم مین ہو گھبرائی ہوئی

کیا سحر کو اس گل رعنا کی دیکھ آئی بہار
چل رہی ہے جو نسیم صبح اترائی ہوئی

شرم تم رکھو گے عاشق اس اجل کی یا نہین
یہ کسی امید پر ہے دور سے آئی ہوئی

## غزلہائے غیر طرح دیوان ردیف یائے تحتانی جو حضرت داغ کی غزلون پر قافیہ بقافیہ تحریر کی گئین

تمہارے گیسو و رخ سے شمیم عنبرین نکلی
بہت مشک ختن کو ناز تھا شیخی یہین نکلی

طبیعت سے تری کب ضد کی عادت نازنین نکلی
کہ جب یھان لب تک آن نکلی ترے منہ سی نہین نکلی

وہ آتش دم ہون مین دم مین جلا کر خاک کر ڈالا
تڑپ کر برق پر اِس طرح آہِ آتشین نکلی

عجب انداز سے تڑپا ہے بسمل آج مقتل مین
لب شمشیر قاتل سے بھی ہمدم آفرین نکلی

غضب ہے مر گیا مین تو بھی انکو بدگمانی ہے
یہ کہتے ہین ابھی اس نیمجان کی جان نہین نکلی

ہزار دن وعدہ و پر کیسا غضب ہے وہ یہ کہتے ہین
سُنی کس نے ہمارے مُنہ سے ان نکلی نہین نکلی

نگاہ ناز جانان کے مقابل برق ہو کیونکر
یہ وہ بجلی ہے جو گر کر کہین ٹھہری کہین نکلی

ہمارے دستِ وحشت نے جنون کو بھی دیئے خلعت
ہزارون مین ہماری آستین اک آستین نکلی

نگاہ ناز سے نکلی تو سیدھی پار ہے دل کے
حیا بھی شوخیون کا سانگ بھر کر شرمگین نکلی

زہے طالع مَلَک پڑھنے لگے توحید کا کلمہ
صدا اللہ اکبر کی جو وقتِ واپسین نکلی

بڑی مشکل پڑی ہے بُت پرستو نکو پرستش مین
جہان پتھر کوئی دیکھا تو عاشق کی جبین نکلی

ترے کوچہ کی وسعت بھی کوئی وسعت سی وسعت ہے
ازل سے تا ابد دیکھو وہی پہلی زمین نکلی

قیام حسن سے یہ بھی نہین بڑھتی قیامت ہے
گرہ جب عمر جانا کی گنی تو چودھوین نکلی

شب تاریک مین اللہ رے اُسکے مسکرانے سی
جہان مین غل ہوا وہ رات دیکھو چودھوین نکلی

حیا کے ساتھ ہے حسرت تمھارے دلمین عاشق کی
گیا دل ہاتھ سے لیکن نہ یہ پردہ نشین نکلی

ہزارون تفتہ جان نکلی ہزارون نیمجان نکلے
تمھارے بزم سے کہدو میری حسرت نہین نکلی

جلائے ہونگے دل عشاق کے اُس شمع محفل نے
صبا اُس بزم سے کچھ آج غمگین و حزین نکلی

نکلنا تھا اگر یون چھوڑ کر اے بیوفا بیکس
تو دل کے ساتھ ہی پھر کیون نہ ایجانِ حزین نکلی

غم ہجران کے ہاتھون سی سنبھالو کوئی عاشق کو
اب اُسکے پاؤ کے نیچے سے اے ہمدم زمین نکلی

## غزل دیگر قافیہ بقافیہ

پھر بازپرس کس لئے روزِ جزا ہوئی — کب توبۃ النصوح مین مجھسے خطا ہوئی

شوخی مین پہلے شرم و حیا تھی وہ کیا ہوئی — حالت تغیر ایسی یہ کیون دل رُبا ہوئی

تیری جفا بھی میرے لئے تو وفا ہوئی — غیرون کی بد دعا میرے حق مین دعا ہوئی

یہان کیا دھرا ہے غیر کے گھر جاکے بیٹھیے — کیون مرگ ناگہان تو عبث بدمزا ہوئی

صورت بدل گئی مری کیون ایسی عشق مین — جو بات راز کی تھی وُہی برملا ہوئی

دشمن مریگا میری صفائی سے ہمنشین — اُس سے تو کہدے گو نہوئی آئنے پا ہوئی

جُرأت سوال بوسہ کی وہان کون کرسکے — توبہ جہان گناہ بنی یا خطا ہوئی

خانہ خراب بھرنے لگی بیکسی مری — حسرت بھی دل کے ساتھ ہی دلکی فنا ہوئی

دی جان راہ حق مین تو عمرِ ابد ملی — خضرِ بقا ہمارے لئے یون فنا ہوئی

کیجیے جفائین آپ جہان تک قبول ہین — دشمن دکھائے آنکھ تو یہ بات کیا ہوئی

خانہ خراب کیسی ہے یہ دل لگی جناب — آخر وہین ہوئی کہ جہان ابتدا ہوئی

جس دل پہ جا پڑی اُسے بس خاک کردیا — برق نظر تری نہ کسی جا خطا ہوئی

کب دشمنون کو مینے کہا ہے بُرا بھلا — چھوڑو خدا کے واسطے پیچھا خطا ہوئی

پھر کیسا خون بہا کہ سبھی کچھ تو مل گیا — قاتل جو مسکرا کے کہے ہان خطا ہوئی

فرطِ خوشی سے ہنسین میرے زخم دل — جب بعدِ قتل ہنسکے کہین وہ خطا ہوئی

پھر داد خواہ کون ہو انکا جہان مین — بے رحمی ان بتون کے لئے جب روا ہوئی

گریہ کی میرے پہونچی جو آواز تا بگوش — بے چینی یہان جُدا ہوئی اور وان جُدا ہوئی

ترچھی نظر جو اُنکی ہوئی سیدھی اس طرف — مقبول جانتے ہین ہماری دعا ہوئی

اُنکی نگاہِ ناز قیامت تھی یا بلا — دنیا ہوئی تمام اک اُنکی ادا ہوئی

جس جس نے اُنکو دیکھ لیا آگئی قضا — ایسی ادا ہوئی تو بھلا کیا ادا ہوئی

تیرِ نگاہِ ناز کے پڑتے ہی جان گئی — میری قضا ہوئی تری ظالم ادا ہوئی

جب وہ پڑی رقیب بداطوار پر پڑی
پھر کہتے ہین نگاہ مری پارسا ہوئی

اپنا سا کر لیا ہے اب اُسکو بھی حق پرست
پڑھ لین دوگانہ بندگی حق ادا ہوئی

مین بھی یہ جانتا ہون کہ لڑتی رہی سدا
غیرون سے کب نگاہ تری آشنا ہوئی

جب تم گئے تو قبر مین ہمکو جگہ ملی
جب دل گیا تو درد کو پہلو مین جا ہوئی

عاشق عدو کو گھیر لیا اُسنے آنکر
جب کوئی آسمان سے نازل بلا ہوئی

زاہد نماز عمر مین تیری ہوئی نہ ایک
عاشق کی ایک سجدہ مین ساری ادا ہوئی

## غزلہائے غیر طرح دیوان

ہم ترے کوچہ مین اس طرح رہین آتے جاتے
سر کے بل چلتے ہین ٹھوکریان کھاتے جاتے

ہر قدم شور قیامت مین اُٹھاتے جاتے
آرمیدون کو ہین ٹھوکر سے جلاتے جاتے

جو بہت چلتا ہے تھکتا ہے وہ آخر اک دن
دُتین دم کو ہوئین سینہ مین آتے جاتے

خونِ دشمن کا لگاتے ہین زمین پر شقہ
خاک و خون مین ہین مجھے یون وہ ملاتے جاتے

پھول جھڑتے ہین گھر گرتے مین آتی ہین مرے
وہ ہین دشنام سرِ راہ سُناتے جاتے

مر کے یون خاک ہوئے تھے کہ رسائی ہوگی
ہائے وہ خاک سے دامن ہین بچاتے جاتے

رہرو منزل عقبیٰ کو جو وحدت ہے پسند
پا فتادون کو بھی لازم تھا اُٹھاتے جاتے

رہگزر مین ہے مرا کلبۂ احزان اے جان
اس طرف بھی تو گذر ہو کبھی آتے جاتے

آہین بھرتے ہین ترے سوختہ جان تفتہ جگر
ہین فلک زیرِ فلک اور بناتے جاتے

سوختہ دل ہین وہ مایوس کہ آہین بھر کر
اک فلک تازہ دھوئین کا ہین بناتے جاتے

لیچلے دل تو عبث چھوڑ کے جاتے ہو اسے
نقش امید بھی سینے سے مٹاتے جاتے

اثرِ رقت مضمون سے ہے قاصد گریان
حرف مٹجاتے ہین خط کے مرے جاتے جاتے

میکدے مین کبھی پایا کبھی بتخانہ مین
عاشق رند کو دیکھا ہے ین آتے جاتے

ہم بھی عاشق رہِ مقصد پہ پہونچ جائینگے
نقش پا پیش روون کے ہین جو پاتے جاتے

## دیگر

وہ گردِ رُخ جو زلف معنبر بنائین گے
ہالے کا گرد ماہ کے چکر بنائین گے

دود جگر سے چرخ کی چادر بنائین گے
چنگاریون سے آہ کے اخگر بنائین گے

لکھنے کو وصف مصحفِ رُخسار یار کے
تارِ نگاہِ شوق کا مسطر بنائین گے

وحشت کریگی گر خلشِ خار کی ہوس
مژگانِ یار کو سرِ نشتر بنائین گے

آب روانِ اشک سے اندوہ ہجر مین
ہم نذر یار کے لئے چادر بنائین گے

قاتل ہمارے قتل سے آئیگی او رآب
قطرون سے خون کے جوہر خنجر بنائین گے

ہمسے بگڑکے غیر بتون سے ملا تو ہے
اب تجھسے ہم بھی اے دل مضطر بنائین گے

بے ساختہ بناؤ تیرے ہائے کیا کہون
دل پر بنائین گے کبھی جان پر بنائین گے

دشمن کی روک کے لئے دل کے غبار سے
دیوار مثلِ سدِّ سکندر بنائین گے

احسان کسی کا لین گے نہ ہم راہِ عشق مین
قاصد کے بدلے آہ کو رہبر بنائین گے

تمکو تو ہائے دلشکنی کھیل ہو گئی
ہم کسکے گھر سے روز نیا گھر بنائین گے

خاموش ہوکے وصل مین یون تو نہ بیٹھئے
بُت بن کے آپ مجھکو بھی پتھر بنائین گے

واعظ مجھے ڈراتا ہے محشر کی پیاس سے
سب کام میرے ساقئ کوثر بنائین گے

تڑپا کے آپ ہمکو قیامت نہ لائیے
مضطر وہ ہین جہان کو مضطر بنائین گے

ہم کچھ عدو نہین کہ بنین اُنکے مُدّعی
کیون رنگِ خون سے قتل کا محضر بنائین گے

ہم اُٹھکے جائین گے وہ کرین لاکھ بندوبست
اب طائرِ خیال کا شہپر بنائین گے

عاشق چھنین گے وصل مین افشان جبین پہ وہ

اب آسمان حسن پہ اختر بنائین گے

ہم اے فلک ہین ستمگر کے دل دکھائے ہوئے
حزین ہین خستہ ہین مظلوم ہین ستائے ہوئے

اُٹھین نہ رشک سے کیون ہم بغیر اُٹھائے ہوئے
رقیب آئے ہین محفل مین بے بلائے ہوئے

قدم قدم پہ تھے فتنے بپا قیامت تھی
چلے وہ ناز سے دامن کو جب اُٹھائے ہوئے

اگر نہ آئے وہ دلبر تو موت ہی آجائے
دعا کو ہاتھ ہین مدت سے ہم اُٹھائے ہوئے

عدو یہ ناز تھا اب کیون بنا وہ موردِ طعن
بتاؤ پھرتے ہو کیون اپنا منہ بنائے ہوئے

عذاب روز جزا سے وہ کیا ڈرین واعظ
جو سختیان ہین غم ہجر کی اُٹھائے ہوئے

یہ کون بسمل پُرشوق آج قتل ہوا
لباسِ سرخ سے وہ خون مین ہین نہائے ہوئے

نہ غنچہ خود ہین شگفتہ نہ اپنے زخمِ جگر
یہ گل ہین اُس گل خندان کے سب کھلائے ہوئے

وہ دل کو لیگئے اپنے تو رہ گئے بس ہم
کلیجا غم سے مسوسے ہوئے دبائے ہوئے

جو کشتگانِ تغافل ہین خاک مین سوئے
اُٹھین کسیکے نہ ہرگز کبھی اُٹھائے ہوئے

رہیگی رونق حسن و جمال کب مخفی
نقاب مین ہون وہ گو لاکھ منہ چھپائے ہوئے

خطر ہو کیا انھین دریائے معصیت کا کچھ
جو بحرِ اشکِ ندامت مین ہین نہائے ہوئے

نہ کیون ہون بحر ندامت مین غرق اے **عاشق**
کہ میرا خون ہین وہ میرے گنہ بہائے ہوئے

کشتنی وہ ہین کہ ارمان قتل کے دلمین رہے
سر بکف ہو کر ہمیشہ کوئے قاتل مین رہے

نکلے ارمانِ شہادت ہائے دل ہی کسطرح
نازکی سے جب نہ خنجر دستِ قاتل مین رہے

کیا رہے ایسے تو رہنے سے نہ رہنا خوب تھا
جب سبک سمجھو نہین اور بھاری ترے دلمین رہے

بعد پامالی وہ کردی خاک بھی برباد جب
پھر کوئی کیا خاک جا کر کوئے قاتل مین رہے

پیٹین ہم اُن حسرتون کو جو سدا بھٹکی پھرین
روئین اُن ارمانون کو نکلے نہ جو دلمین رہے

تھے شہادت کے جو بھوکے کھا لیا پھل تیغ نے
قبضۂ شمشیر و خنجر دستِ قاتل مین رہے

دختر رز منہ لگی جسکے نہ چھوٹے گی کبھی
محتسب پیتے رہے خون فکر باطل مین رہے

عشق پردہ دار نے ڈھانکا ہے پردہ قیس کا
پھر بھلا لیلی کا پردہ کیون نہ محمل مین رہے

وہ نہین آیا گلستان مین تو آئی ہے خزان
وہ مزے پہلے سے کب شور عنادل مین رہے

کچھ دئے ہین مانگ کو کچھ زلف کو کچھ خال کو
میرے دل کے ٹکڑے یون دامان قاتل مین رہے

جھوٹا عاشق کو وہ کہتے ہین سوال وصل پر
ہجر کیسا عمر بھر جب تم مرے دلمین رہے

## غزل دوم ایضا

پوچھتے کیا ہو شب غم کن مشاغل مین رہے
رنج و غم درد و الم سے مشورے دلمین رہے

یہ زمین و چرخ کو افشان کریگا خون سے
دم اگر تھوڑا ابھی باقی تیرے بسمل مین رہے

ناتوانی سے نہ نکلے دو تو گھر سے ہجر مین
مین تو کیا ارمان بھی میرے سخت مشکل مین رہے

ہائے مین تڑپا نہین لوٹا نہین دیکھا نہین
سیکڑون ارمان بھرے قاتل مرے دلمین رہے

وہ تجلی نور کی اور دید بردہ حسن کا
روبرو اُسکے کوئی مبہا مقابل مین رہے

وہ عدم آباد کو پہونچین گے کیونکر رہرو
عمر بھر چل چل کے جو پہلی ہی منزل مین رہے

خوب لوٹے آپکے روئے مخطط کی بہار
گر ہمارا نقطۂ دل آپکے تل مین رہے

آنکھ مین ہو جلوۂ نظارہ تیرے دوست کا
یاد تیری ہر نفس یارب مرے دلمین رہے

کرتے ہین بے چین جو آ آکے اُنکو تمھین
میرے ارمان ہین جو وقت مرگ بھی دلمین رہے

پوچھو تو بتلاؤن مین شبکو کہان تھے پردہ دار
آنکھ کے تل مین رہے تم پردۂ دل مین رہے

ہجر مین عاشق جگر اور دلمین بھی بنتی نہین
یون تو سینہ مین بہت مدّت سے شامل مین رہے

## غزل سوم

جبکہ یکرنگی ہے پھر کیون وہم باطل مین رہے
جز ترے کوئی تصور کیون مرے دلمین رہے

رشکِ دشمن ہے غضب ہی جان لے آئے شعر و — بنکے ہم پروانہ شب کو تیری محفل میں رہے

جلد طے کرتے ہیں منزل کو جو ہیں آہستہ رو — زود رو کھا کھا کے ٹھوکر پہلی منزل میں رہے

بوند پانی کی نہیں چکنے گھڑے پر ٹھہرتی — بات عقل و فہم کی کیون طبع جاہل میں رہے

وصل میں ناخواندہ مہمان آتے ہیں اور ہجر میں — کون مہمان یاس و حسرت کے سوا دل میں رہے

بارِ سنگِ رشک دشمن ہے ہمیشہ سینہ پر — تیرے بیمار محبت مبتلا سِل میں رہے

شیخ مسجد برہمن مندر میں رہتے ہیں تو کیا — دل جگر انکا جو دائم کوئے قاتل میں رہے

یاد مژگان بت سفاک میں فرقت کی رات — خارِ غم نشتر صفت ہر دم رگ دل میں رہے

دیکھئے پہونچیں گے کب تک تا درِ ملکِ عدم — قافلے جتنے گئے سب پہلی منزل میں رہے

خارِ غم نے تیرے بخشے ہیں ہزاروں دل میں — آبلے جتنے پڑے بن بن کے دل میں رہے

**عاشق** اب وہ جو سزا دیں ہمیں نہیں اسکا جواب
کہتے ہیں کیون بے اجازت میری محفل میں رہے

کیا قیامت کے تماشے کوئے قاتل میں رہے — سیکڑوں دب دب کے نقشے پائے بسمل میں رہے

جان کھوئی ہو جسے وہ ایسی مشکل میں رہے — جز مرے دشمن کا کیا دل جو ترے دل میں رہے

دونوں کے ارمان نہ نکلے ایک اوچھے وار میں — کچھ مرے دل میں تو کچھ شمشیر قاتل میں رہے

تن کو وہ ڈھانکے نہ کیون پھر خاکِ کوئے یار سے — تار اک باقی نہ جیب و دامانِ سائل میں رہے

بال پڑ جائیں گے اس میں حیرتی بن جائے گا — تاب کب آئینہ کو تیرے مقابل میں رہے

داغ ہائے دل ہیں یہ سب خون کے چھینٹے نہیں — جو گلِ خندان نمط دامانِ قاتل میں رہے

میرے گریہ کا اثر ہے موجِ طوفانِ بلا — میری آہون کے شرر دامانِ ساحل میں رہے

ذبح ہونے میں بھی قاتل ہمدمی کا لطف ہو — جتنا دم خنجر میں ہو اُتنا ہی بسمل میں رہے

بیگنہ کے قتل سے جاتی رہی ہے آبرو — پہلے سے جوہر کہاں شمشیرِ قاتل میں رہے

یاس و حسرت کے سوا ہے کون اپنا ہجر میں — کاش کے پیکان قاتل ہی مرے دل میں رہے

آئے تھے دریا بہاتے اور چلے تو گور مین
عمر بھر مین پہونچے ہین یارب کنارے گور کے

ہم سدا مخمور اس آب اور اس گل مین رہے
دور ہے جانا ابھی تک پہلی منزل مین ہے

آج عاشق کچھ تسلی جانِ مضطر کو ہے کیون
تیر کے پیکان شاید ٹوٹکر دل مین رہے

نہ پایا میری آہون سے کہین اپنا نشان تو نے
نہ چھوڑا عندلیبانِ چمن کا آشیان تو نے
لگی کوچون مین خاک اُڑنے لگی شہرون مین چرچے ہین
گھٹی ہے شوکت افلاک تیرے آستانے سے
نہ نکلی صورت حسرت یہ کیسی بے وفائی ہے
کٹے جاتے ہین اعدا اور وہ خاموش بیٹھے ہین
جہان دیکھو جہان مین شور ہے غل ہے دہائی ہے
فسانہ گر مرا سنتا نہ سنتا پھر کوئی قصہ
تجھے غیرون سے نفرت ہوگئی سمجھا تھا سچ اسکو
ہزارون داغ سینہ کے کئے روشن یہان پہنچے
کہا بت نے خفا ہوکر یہ پیشانی کے بوسہ پر
غم سوز نہان صد آفرین شب بزم جانان مین

بتا سمجھا تھا کیا آخر مجھے اے آسمان تو نے
اجاڑا کیون بہاران مین گلستان باغبان تو نے
نبھائی راز داری خوب ہی اے رازدان تو نے
زمین جنت ہوئی جھان کی قدم رکھا جہان تو نے
کیا شرمندہ کیون قاتل سے جانِ ناتوان تو نے
نکالی دھار خنجر کی طرح کیون اے زبان تو نے
یہ کی ہے نوحہ خوانی خوب دل کے نوحہ خوان تو نے
فقط فرہاد و مجنون کی سنی ہے داستان تو نے
قسم کھا کر کیا ہے بدگمان اے بدگمان تو نے
جو شب بزم عدو مین گل کھلائے میری جان تو نے
بنایا کیا جبین کو میرے سنگِ آستان تو نے
جلائے شمع کی مانند میرے استخوان تو نے

تجھے سودا ہوا عاشق جو سودا دل کا کرتا ہے
سر بازار یہ کیسی لگائی ہے دکان تو نے

ہمارے قتل پر اکثر ہلائی ہے زبان تو نے
اٹھایا آہ دل سے کسقدر میرے دھوان تو نے
تصور مین بھی بوسون کیجیو یون لب بچاتی ہے

سوال وصل پر لیکن نہ ہون کی ہے نہ ہان تو نے
بنایا سر پہ تازہ اور بھی اک آسمان تو نے
بتا تو ذائقہ پایا ہے کیا ایسا زبان تو نے

غضب ہے قتل ہونے پر بھی مجھسے بدگمانی ہے
ہزارون بار مقتل مین لیا ہے امتحان تونے

ہوا جوشن مین مانند من کا بھی ساجھا تیرے باعث سے
بنایا زاہدون کو معتقد پیرِ مغان تونے

ترا ممنون ہون رکھا پتہ اُنکے نہ مسکن کا
اڑائی آہِ پر تاثیر خاکِ دشمنان تونے

جو جاتے ہین وہان عشاق مرجاتے ہین گھٹ گھٹ کر
بنایا ہے ہمارے عہدِ دل سے کیا مکان تونے

کیا سر کو جدا اتنا یہ کب بھاری تھا اسے قاتل
اس احسان سے کیا ہے دوش کو جتنا گران تونے

کبھی بتخانہ مین ڈھونڈا کبھی کعبہ تجھے جا کر
کہین کا بھی نہین رکھا مجھے عشقِ بتان تونے

جوانی رہگئی تھک تھک کے پیچھے پر نہ ہاتھ آئی
دکھائی چال وہ پیری مین اے عمرِ روان تونے

خدا جانے پسند آئے نہ آئے اُنکو اے **عاشق**
یہی تھا پیش قیمت دل جو بھیجا ارمغان تونے

تجسّس مین جو چھنوائی ہے خاکِ لامکان تونے
اڑائی خاک حسرت کی دلِ پُر غم کہان تونے

سلوک اچھا کیا وحشت یہ بنکر میہمان تونے
اڑائین خوب امن کی ہمارے دھجیان تونے

تری قدرت کی وسعت کا تجھی کو علم ہے یارب
کیا دو حرف کُن مین دونو عالم کو عیان تونے

تبسّم سے ترے ہر خار و خس مین پھول آئے ہین
گلستان مین کھلائے گل عجب غنچہ دہان تونے

صفت غلمان و حورِ خلد کی سچ مان لیتا مین
مگر دیکھا نہین زاہد کبھی کوئے بتان تونے

شبِ ہجران سے میرے اِسکی طولانی کہین کم ہے
ہوا کیا خضر گر پائی ہے عمرِ جاودان تونے

ہمارے سینہ مین کیا داغِ رشکِ غیر کچھ کم تھے
دیا ہے پھر فلک کیون داغ ہجر دوستان تونے

ترے **عاشق** نے زندہ کر دیا مردہ مضامین کو
خدایا وہ زبان بخشی اُسے معجز بیان تونے

کیا جو اُس بتِ نامہربان کو مہربان تونے
سکھائی ہوگی طرزِ جور کوئی آسمان تونے

کہین باقی نہین چھوڑا ہے کچھ آہ و فغان تونے
زمین بیچاری کیا پھونکے ہین ساتون آسمان تونے

قیامت کی یہ طولانی جو واعظ کی بیان تونے
درازی روزِ ہجران کی ابھی دیکھی کہان تونے

خدا جانے لقب پایا ہے کیون آرام جان تونے
نہین ناشاد ہی رکھا نہ رکھا شادمان تونے

چبھے جتنے تھے پیکان تیر کے دل بن گئے اُتنے
دیئے اک دل کے بدلے سیکڑون دل لستان تونے

یہ ٹھہری تھی کہ لیجئے امتحان آج اُسکا مقتل مین
وفا کی خوب ہی دشمن سے مرگِ ناگہان تونے

مرادامن ہے گویا دامنِ صد وادیٔ ایمن
کبھی نا اُٹھا مرے دامن سے دور اے آسمان تونے

ہزارون کوس بجلی بھاگتی ہے جسکی تابش سے
بتا مجھسا کہین دیکھا ہے کوئی تفتہ جان تونے

نہ آئے وہ تصور ہی مین نقشہ کھچکے آیا ہے
نہین کی جذب الفت میری محنت رائگان تونے

وفا کی تو جفا کی اور دعا کی تو دغا اُلٹی
اِدھر مینے اُدھر تونے یہان مینے وہان تونے

جہان بیٹھے زمین بیٹھی جہان اُٹھے فلک ٹوٹا
قیامت ہم پہ توڑی ہے زمین آسمان تونے

سخندانی کی شہرت ہے سخندانون مین یون عاشق
کہ فیضِ حضرتِ غالب سے پائی ہے زبان تونے

## رباعیات طرح دیوان قافیہ بقافیہ

### رباعی

اے ماہ لقا غیرتِ صد مہرِ منیر
کیونکر نہ ہو رشک سے یہ عاشق دلگیر
ہے طرفہ غضب کہ خواب مین غیر سے شب
باتین کرتی تھی ہنسکے تیری تصویر

### رباعی

بے رحمی و سفاکی مین بے مثل و نظیر
ہے کون وہ تم ہی تو ہو بیباک و شریر
کیا چھیڑ ہے کیون غیر کی بھیجی تم نے
ہمنے بھی جلائی مُنہ جلے کی تصویر

### رباعی

کیا مہر سے خالی ہے تمہاری تصویر
اچھون سے نرالی ہے تمہاری تصویر
کیا کھینچے کوئی کہ دور اپنے کو بہت
خود کھینچنے والی ہے تمہاری تصویر

### رباعی

بہزاد نے ہرگز نہ اُتاری تصویر
اس ناز و ادا کی ایسی پیاری تصویر
حیرت سے جو تصویر بنا جاتا ہے
پھر کھینچے وہ کس طرح تمھاری تصویر

## رباعی

بد عہد کمر تی ہے تمھاری تصویر
جھوٹا تمھین کرتی ہے تمھاری تصویر
بھرتے ہین تصور مین جو اسکا خاکا
عُشاق سے ڈرتی ہے تمھاری تصویر

## رباعی

حور و غلمان سے ہے یہ بڑھکر تصویر
ہے عکس فلک پہ اور زمین پر تصویر
پیوستہ یہ اُس سے اور وہ ہے اِس سے
پھر دل سے یہ کیونکہ نکلے باہر تصویر

## رباعی

سیکھی ہے کہان ناز تمھاری تصویر
دم دیتی ہے دمساز تمھاری تصویر
مانند بتون کے راز کہتی ہی نہین
پھر کیونکہ ہو غمّاز تمھاری تصویر

## رباعی

رمضان کے روزون سے مِلا خلد مین بار
اسکی گرمی سے سردی پہونچی نے النّار
روزہ ہو دو روزہ کے برابر عاشق
جائز نہین اک دن مین ہو دو بار افطار

## تمت بالخیر

## غیر طرح دیوان

## قصیدہ مشتمل بر مدح مہر سپہر عرفان و ہدیٰ شمع شبستان صدق صفا حضرت سید حسن رسول نما قدس سرہٗ

حسن رسول نما پیشوائے اہلِ یقین
اس آستانہ پہ گھستے ہین مہر و ماہ جبین

بلند گرچہ فلک ہے مگر کہان اتنا ۔۔۔ کہ جتنی رکھتی ہے رفعت اس آستان کی زمین

جنے جو ذرۂ خاکِ قدم سے افشان چرخ ۔۔۔ تو مہر و ماہ مین ہونے لگی خیانِ چنین

یقین ہے نہ رہے خاتم سلیمان مین ۔۔۔ گرانِ کا نام نہ ہو زیبِ بخشِ جرم نگین

بنے گی غیرتِ اکسیر گردِ پا اُسکی ۔۔۔ جو ہو وسے دشتِ مُعلّی مین کوئی خاک نشین

نہین بعید خرد سے کہ طالبون نے ترے ۔۔۔ نگاہ جبکہ اُٹھائی تو عرش بھی ہے قرین

لگی ہوئی ہے سہرِ رہ سبیل کوثر کی ۔۔۔ اس آستانے کی ہے خاک رشکِ ماءِ مُعین

جہان شرع مین مشہور نام ہے تیرا ۔۔۔ ہے جس سے رونقِ اسلام و زیبِ دین مبین

یہ فیض آپکے سب حُسنِ معنوی سے ہے ۔۔۔ کہ میری فکر ہے اچھی مرا خیال حسین

لیا یہ رحمتِ باری نے کام روضہ پر ۔۔۔ کہ پڑھتی رہتی ہے ہر وقت سورۂ یٰسین

جہان مین آپکی خاکِ قدم ہے خاکِ شفا ۔۔۔ نہ دردمند ہے کوئی یہان نہ کوئی حزین

تمھارا نام اگر دایۂ حیات نہ لے ۔۔۔ یقین ہے کہ شکم سے کبھی نہ نکلے جنین

یہ حُسنِ خلق کا سبزہ مین ہو گیا ہے اثر ۔۔۔ تمھارے دشت کے آہو مین رشکِ آہوئے چین

گر آپکی ہو توجہ تو ہے نجاتِ ابد ۔۔۔ سفارش آپکی ہو تو ملے بہشتِ برین

تمھاری یاد مین روؤن نہین پہ بیٹھ کے گر ۔۔۔ تو ہو بہشت کے قابل سرشتِ ماء و طین

جہان مین تا بقیامت تمھاری ذات سی ہے ۔۔۔ نظامِ شرع و طریقت قوامِ ملت و دین

تمھارے ہجر مین گریہ نے پائی یہ قیمت ۔۔۔ کہ قطرہ قطرہ ہے آنسو کا رشکِ دُرِ ثمین

یقین تو یہ ہے کہ پہنچے نگاہ تا سرِ عرش ۔۔۔ مُراقبہ مین کوئی ہو جو بر سرِ بالین

چڑھائے مرقدِ انور پہ چرخ گر چادر ۔۔۔ ستارہ ٹنکے گرے صورتِ گُلِ نسرین

رسولِ پاک سے جا ہا بلا دیا جسکو ۔۔۔ کیا ہے مُردے کو زندہ زہے زر و صدق و یقین

اویس قرنی سے بیعت ہوئی ہے رؤیا مین ۔۔۔ تبارک اسمک کیا مرتبہ ہے کیا تمکین

طریقت آپکی عرفان ہے معرفت ہی سلوک ۔۔۔ مُحبت آپکی ایمان ہے اور کفر ہے کین

نگاہ پڑتے ہی روضہ پہ عرش پر جائے
یہ تار کا ہے عجب سلسلہ کہین سے کہین

نمونۂ سلفِ صالحِ رسُول تھا
جناب سیدِ احمد حسن ہین صدر نشین

انھین کے دم سے ہے روضہ کو رونقِ تازہ
مثل یہ سچ ہے کہ ہے نہیتِ مکان بمکین

انہی سے شمع شبستانِ معرفت مین ہے نور
زمین روضۂ انور ہوئی فلک تزئین

فلک اگر نہ پڑھے انکے نام کی تسبیح
تو دانہ دانہ جُدا ہو نہ خوشۂ پروین

یقین ہے نعرۂ اشہد سے گونج اُٹھے گردون
اگر ہون کو یہ ذکرِ حسن کرین تلقین

شریعت انکا ہے رشتہ طریقت انکا چلن
حقیقت انکا ہے قانونِ معرفت آئین

بیان کیونکہ کرے لاکھ خوبیون مین ایک
زبانِ خامہ کو طاقت نہین مجال نہین

ہمیشہ روضۂ اطہر سے فیض ہو عاشق
لبِ سروش دعا پر مرے کہے آمین

غزلہای ردیف الف قافیہ بقافیہ تمامہ غزلہائے دیوان مرآۃ الغیب شاعر بیمثال سخنور نازک خیال فاضلِ اجل کامل اکمل جناب مولوی امیر احمد صاحب متخلص امیر مینائے لکھنوی و دو غزلہ ردیف یا صفحہ ۲۹۵ و ۲۹۶ دیوان مرآۃ الغیب قافیہ بقافیہ و قصیدہ مندرجہ دیوان مذکور مناظرہ شانہ و آئینہ قافیہ بقافیہ

## مناظرۂ زلف و رخ

جتنا ہو کم قصور ہے اپنے قصور کا
ہے بحر عفو جوش پہ ربِّ غفور کا

کچھ بھی نشان نہین مرے داغِ قصور کا
اللہ رے جوش رحمتِ ربِّ غفور کا

عالم مری نگاہ مین رہتا ہے نور کا — دریا سے موج کو ہے ارادہ عبور کا
جو اک پلک جھپکنے مین واصل ہو یار تک — ایسے سے وہم دور ہے نزدیک دور کا
درماندگی وصال صنم مین ہو کسلیئے — چلتا نہین کہ فکر ہو نزدیک دور کا
ذرہ سے کم نگاہ مین ہیرے مین مہر وماہ — عالم وہ چشم دل مین سمایا ہے نور کا
اللہ رے صاف دل کی ہماری صفائیان — جس جا نگاہ کی وہین جلوہ ہے نور کا
بینا ہے جنکی چشم دل اسرار عشق مین — گھر بیٹھے دیکھتے ہین تماشا وہ دور کا
مُرجھا دیا سمومِ ملامت نے اُگتے ہی — سرسبز کب نہال ہوا ہے غرور کا
شایان ہے تیرے واسطے زیبا تجھی کو ہے — اللہ رے دبدبہ ترے عزّ و غرور کا
نورِ خدا سے نور محمدؐ گیا ہے مل — کتنا عروج پر ہے ستارا یہ نور کا
بہتان اُٹھین گے شرک کے گھر غیر کے نہ جا — مخزن وہ تہمتون کا ہے معدن فتور کا
لٹے وہ ارم رہے نہ وہ شوکت نہ وہ شہی — شداد کو ملا یہ نتیجہ غرور کا
کون ومکان حبیب کی خاطر بنائے ہین — وہ نورِ پاک خاص سبب ہے ظہور کا
رکھتا ہون بے پری مین بھی وہ تیز پر کہ مین — پستی مین لاؤن اوج سے شہپر طیور کو
ابرِ کرم وہ دامنِ عصیان کو پاک کر — دھبا رہے نہ ایک بھی داغ قصور کا
وہ اسمین جلوہ گر ہے یہ پھرتا ہے ڈھونڈتا — یہ حال ہو گیا ہے دلِ ناصبور کا
اس آرزوئے دل نے اسے کیون بٹھا دیا — اُبھرا تھا بحرِ غم سے سفینہ قصور کا
گرداب مین بٹھائے گا گر بار معصیت — توبہ سبک کریگی سفینہ قصور کا
بھاری نکر ڈبو نہ ہوا و ہوس اسے — ہے بحرِ معصیت مین سفینہ قصور کا
پھر کیون نہ ہو مجھے فخر سی عرشِ برین پہ سر — ہو سایۂ قدم مرے سر پر حضور کا
اے بیکسی کہان ہین وہ سرمایۂ غرور — ملتا نہین نشان اب اُنکی قبور کا
چاہون مین تجھکو اور ہو پھر چاہ غیر کی — کافر ہون گر خیال کرون حسنِ حور کا

زاہد مین اُسکو چھوڑکے کب دم مین آؤنگا
لالچ جو دے رہا ہے تو غلمان و حور کا

پروہ نہین شراب کہ خالی ہون خم کے خم
اک جرعہ مکتفی ہے شرابِ طہور کا

پیتا نہین ہون کچھ بھی بجز خونِ دل کبھی
مشتاق اسقدر رہون شرابِ طہور کا

مجھکو مے وصال سے مسرور کیجیے
کب خواستگار رہون مین شرابِ طہور کا

وہ عشق پردہ دار نے ڈھانکا بروزِ حشر
کب جسم کوئی دیکھ سکا ہمسلے عور کا

عاشق کا بیڑہ پار لگا دیجیو خدا
بحرِ فنا سے جب ہو ارادہ عبور کا

جوش مین جس دم کہ دریائے شفاعت ہوگیا
سبکا بیڑا پار حضرتؐ کی بدولت ہوگیا

لوحِ دل پر نقش جب نقشِ شفاعت ہوگیا
محو داغِ معصیت اُسکی بدولت ہوگیا

جو کہ ہونا تھا وہ سب وقتِ شفاعت ہوگیا
سبکا چھٹکارا شفاعت کی بدولت ہوگیا

وہ گھٹا آئی کرم کی ابر رحمت ہوگیا
فضل سے لبریز میدان عدالت ہوگیا

دامن امید شوقِ جلوہ سے اتنا بڑھا
دور دامن کا مرے دورِ قیامت ہوگیا

ہوگئی بخشش ملی جنت خدا کے فضل سے
مختصر میرے لئے روز قیامت ہوگیا

سونے والون کی کھلین آنکھین جو آنکی چال سے
پوچھتے ہین مجھسے کیا روز قیامت ہوگیا

جو گرا قطرہ غمِ حسنین مین دریا بنا
جو دھوان آہون کا اُٹھا ابر رحمت ہوگیا

جسکو دربانی ملی اُس آستانِ پاک کی
اُسکو دنیا ہی مین حاصل قصرِ جنت ہوگیا

مل گئی کونین کی بس اُسکو پھر شاہنشہی
جسکو فرمانِ غلامی یہان عنایت ہوگیا

ابر رحمت لیکے جب غائب ہوا آغوش مین
چھوڑکر روح الامین حضرت سے رخصت ہوگیا

اُنکے آنے سے ہماری جان رفتہ آئی تھی
اُنکے جانے سے لبون پر دم تھا رخصت ہوگیا

نعرہ تکبیر جب خنجر کے مُنہ سے سُن لیا
اللہ اللہ کیا مجھے شوقِ شہادت ہوگیا

مین وہ تڑپا نکلی خنجر کی زبان سے آفرین
رشک سے دشمن کو بھی شوقِ شہادت ہوگیا

ہاتھ جو اُسنے لگایا تن کے سو ٹکڑے ہوئے
جو نمک چھڑکا وہ خوراک جراحت ہوگیا

خاکساری کے سبب پہونچا کہان سے یہ کہان
دل ہمارا وہ ترقی یاب رفعت ہوگیا

گھٹتے گھٹتے درد نے یہ حال میرا کر دیا
بڑھتے بڑھتے ضعف آخر رفعِ محنت ہوگیا

آپ جو چاہین کہین اور مین سنون حیرت زدہ
کیسا جلوہ ہے کہ جس سے محوِ حیرت ہوگیا

سونپی قسّام ازل نے قسمتِ عاشق انھین
جو زبان سے لفظ نکلا حرف قسمت ہوگیا

**عاشق** اب کیا شکوۂ بیداد گر سے فائدہ
جو کہ ہونا تھا وہ پہلے درج قسمت ہوگیا

فلک کیا ہو مقابل عاشقون کے دور داماں کا
ازل سے تا ابد اک گوشہ ہے طولِ گریبان کا

یہ دل جون آتشین شیشہ ہی منظر شعلہ رویان کا
تماشا خود بخود جس سے نمایان ہے چراغان کا

گذر کیا ہو سکے یہان فہم کا یا دخل امکان کا
بہا تھا کربلا مین خون کیون شاہِ شہیدان کا

گلِ عارض کی تیرے عشق نے بخشا اثر مجھکو
جہان رکھا قدم وان بنگیا تختہ گلستان کا

گر جنا گو بخشا نالہ کا میرے چرخ پر چڑھکر
مقابل سے کہین منہ پھیرتا ہے شیر میدان کا

بیان پیراہن اقدس کی عظمت ہو سکے کیونکر
ازل سے تا ابد اک تار ہو جسکے گریبان کا

قدم پہونچا جہان تیرا فرشتون کی گذر کب تھی
ترے ذرہ سے برتر رتبہ کب تختِ سلیمان کا

ہمارے سینۂ پرداغ کی دیکھی وہ گلکاری
کوئی مشتاق ہے عالم مین گر سیر گلستان کا

دعائین تا در ایجاب پہونچین میرے ہاتھون کی
مرادون سے بڑھا وہ سلسلہ میرے گریبان کا

خلش خار رہ الفت کی جسکے دلمین ہوتی ہو
نظر مین اُسکی شکل خار ہر گل ہے گلستان کا

تمھارے دستِ رنگین کا وہ سایہ ہے شفق کب ہے
حنائی ہاتھ سے دل خون ہوا ہے لعل و مرجان کا

خدا کی شان ہے نہ ادہر بھی دیوانہ ہوا اب تو
اثر ہے زلفِ حوران مین تری زلف پریشان کا

ہماری لاغری نے دی یہ آزادی نئی آزادی
بیابان در بیابان بن گیا ہے گوشہ زندان کا

ہلو ویران گلشن ہاتھ سے صیاد و گلچین کے
کسیکو خاک پھر ارمان ہو سیرِ گلستان کا

سیئے تارِ نظر سے مردمِ چشم اسکو زیبا ہے
دلِ صد چاک ہی پیوند ہے میرے گریبان کا

گھٹائے سے نہیں گھٹتا نہ یہ کاٹی سے کٹتا ہے
مرے طولِ امل کو سامنا ہے روزِ ہجران کا

درازی دیکھ لینا روزِ محشر کی ابھی کیا ہے
مقابل گر کبھی ہو جائیگا یہ روزِ ہجران کا

مکین ہین درد و غم اسمین کہان پھر عیش و راحت ہے
نہین دلمین ٹھکانا اب ہمارے اور مہمان کا

یہ مانا حضرت عیسیٰ جِلا دیتے تھے مُردون کو
علاج آسان نہین لیکن ہمارے دردِ پنہان کا

عدو کم ظرف تھا جو راز عالم مین کئے ظاہر
مشیر اسکو بنایا تمنے ناحق رازِ پنہان کا

بلا سے جان جائے یا رہے اسکی نہین پروا
ہمین تو امتحان لینا ہے اِکدن انکے پیکان کا

ترے تیرِ مژہ کے عشق مین حالت ہوئی ایسی
کہ ہر موئے بدن ٹکڑا بنا قاتل کے پیکان کا

لو آؤ دیکھ لو تم سینۂ عاشق کی گلکاری
تماشا دیکھنا ہے گر تمھین سروِ چراغان کا

دلِ پر خون نے وہ عالم کیا میرے گریبان کا
کہ گویا رنگ لایا خون پسِ مردن شہیدان کا

تعلق جسطرح جانکا ہے دل سے دل کو ہے جان کا
گلستان کو یون ہین بلبل کا بلبل کو گلستان کا

نہین آسان تماشا دیکھنا کچھ ملکِ امکان کا
کہ یہ ہو کا مکان ہے جسمین عالم ہے خموشان کا

ہزارون سر اڑے ابرو جدہر کو ہو گئے ترچھے
جہان مین غُل ہوا قاتل تری شمشیر بران کا

تمھاری ابروؤن سے دیکھ لیجے کٹ گئین موجین
پڑا ہے آئینہ مین عکس اس شمشیر بران کا

ضرورت تھی جو کرنون کی دیئے مہرِ درخشان کو
رہا اک تار کب باقی مرے چاکِ گریبان کا

چمن مین گل کھلے ہین اور دلمین داغ حسرت کے
مزا ہے سامنا ہوا اب گلستان سے گلستان کا

ہمارے زخمِ دل کو چاندنی سے گر بچاتا ہے
لگا اے چارہ گر بچھا کسی گل کے گریبان کا

شرر کہ آہون کے میرے دیکھ لیجے وہ چمکتے ہین
تمھین منظور ہے گر دیکھنا جلسہ چراغان کا

قیامت مین قیامت قاتلون کی سر پہ ٹوٹیگی
بہایا کیسی بے رحمی سے خون شاہ شہیدان کا

ہوا آئے گلشنِ دنیا پہ اے دل پھولتا کیون ہے
بدلجاتا ہے دم بھر مین یہان رنگ اس گلستان کا

مزے آئے خلش کے تیر مژگان کے تصور مین
مزا ہر تار بستر نے دیا خارِ بیابان کا

ہمارا خندۂ زخمِ جگر جب کھول دے ٹانکے
عبث سینا ہے پھر اے بخیہ گر چاکِ گریبان کا

پھرے فرہاد و مجنون جس بیابانِ تعشق مین
نہین آسان کنارہ ہاتھ آنا ایسے میدان کا

جہان پہونچا ہے یہ حُبِ نبیؐ مین وہ نہین پہونچا
تصور سے نہین پایہ بڑھا تختِ سلیمان کا

اگر دستِ جنون ہے نابنی تجھکو شبِ فرقت
تو کوئی تار ثابت رہنے دی میرے گریبان کا

چڑھا نالہ مرا یون چرخ پر اک آن مین شب کو
بگولہ چرخ کھاتا جس طرح اُٹھی بیابان کا

عدو کے گھر کے دھوکے مین وہ میرے گھر چلے آئین
اثر پھیلے جو عالم مین شبِ تاریک ہجران کا

تمہارے آستانے کا ملا ذرہ تو مین سمجھا
نگینہ ہاتھ آیا خاتمِ دستِ سلیمان کا

رسائی خار تک ان کی اور اسکی دستِ وحشت تک
بڑھے رتبہ نہ کیونکر جیب و دامن سے گریبان کا

بس اب باز آئیے اے چارہ گر مرہم لگانے سے
مزا مرِ زخمِ دل مشتاق و خوگر ہے نمکدان کا

یہ دل ہی کھوئے دیتا ہے ہماری جان کو عاشق
بھروسہ کس توقع پر ہو پھر ایسے نگہبان کا

اُلجھتا کیون ہے ناحق حوصلہ کب ہے یہ داماں کا
کہ ہو جائے مقابل صورتِ چاکِ گریبان کا

کھٹکتا ہے نظر مین خار بنکر عشق خوبان کا
بنا ہے داغہائے دل سے اک تختہ گلستان کا

رہا پردہ اسی باعث ہمارے جسمِ عُریان کا
کہ محشر مین بھی بس سایہ رہا تیرے گریبان کا

سبب نسبت ہی سمجھا تھا کہ جو شب کو ہوئی معراج حضرت کو
بجز اللہ واقف کون ہے اس رازِ پنہان کا

جگر دل ٹکڑے ہو ہو کر بہت اشکون کے ساتھ آئے
بہا دریائے خون ایسا ہمارے زخمِ پنہان کا

ہمارے داغہائے دل کے پھولون کا ہی یہ گنتھا
بتا دیجے اگر اک پھول ہو اسمین گلستان کا

ہمارے داغہائے دل کی کیفیت نہین دیکھی
کہ موسم ایکسان رہتا ہے اس اُجڑی گلستان کا

ہزارون چاک شانہ مین ہزارون پیچ گیسو مین
سُلجھنا ہے بہت مشکل پریشان ہے پریشان کا

دکھا دیتا ہون اے فرہاد و مجنون ادا الفت کی
سنبھلنے دو ذرا گوشہ تو چھوڑو تم گریبان کا

امیدین وصل کی شب کی اگر ہوتین ہم پہلو
کلیجا کسکا تھا جو غم اٹھاتا روز ہجران کا

تمھاری زلف پیچان مین ہمارا دل ہے پیچیدہ
ہوا نہ ہے ربط یہ اچھا پریشان سے پریشان کا

صفائے دست قاتل سے ہوئی حیرت وہ کشتون کو
نظر آتا ہے مقتل مین عجب عالم خموشان کا

یہ میرے ہی دل خون گشتہ کی رنگت سے ہین ایسے
وگرنہ سرخ ایسا رنگ کب تھا لعل و مرجان کا

پھٹا جاتا ہے سینہ سینۂ دلبر کی فرقت مین
الٰہی وصل ہو جائے گریبان سے گریبان کا

مٹائے خود نشان پامال کرکے اپنے کشتون کے
بتائے خاک کیا کوئی پتہ گور غریبان کا

غلامان نبی کا سایہ افگن ہو جو پیراہن
تو محشر مین رہے پردہ ہماری جسم عریان کا

کتان کا جوڑہ پہنا دے انھین کوئی شب مہ مین
تماشا دیکھنا منظور ہو گر جسم عریان کا

کسیکے عشق مین اللہ رے محویت ہی محویت
نشان تن کا نہین پھر کیا تردد جسم عریان کا

بجائے دل چھپا رکھے جو اسکو اپنے پہلو مین
بنے وہ رازدان ہمدم ہمارے راز پنہان کا

اسی سے سرخروئی ہو گئی حاصل زمانے مین
ترے تلوون پہ سر ملتا ہے یعنی پنجہ مرجان کا

تمھاری زلف میرا دل ہین باہم رازدان دونو
پریشان ہے یہی پوچھے ماجرا کوئی پریشان کا

شفیع المذنبین ہاجبکہ ہادی دے دیا ہمکو
نہین محتاج رکھا حق نے عیسیٰ سلیمان کا

ہوا جب آئینہ خود حیرتی اس شکل زیبا سے
تعجب ہے کہ پھر منہ دیکھتے ہین ایسے حیران کا

ہوئے وہ ناتوان فرقت مین اٹھا بھی نہین جاتا
تماشا دیکھتے ہین گھر مین بیٹھے ہم بیابان کا

قیامت ہٹ گئی ہے چال انکی دیکھکر **عاشق**
قد موزون کے آگے سر جھکا سرو گلستان کا

کھٹکنے کو مرے سے دل ہے عاشق نوک مژگان کا
مزا ملتا ہے گھر بیٹھے ہمین خار بیابان کا

کرے کیا بخیہ گر بخیہ مرے چاک گریبان کا
نشان ملتا نہین ہے ایک تار جیب و دامان کا

الٰہی بھول جائے عہد رشتہ کوئے جانان کا
ہراس آجائے دلمین اسکے کچھ خون شہیدان کا

ترے تار نظر سے سینے دامن کو اگر ناکا
الجھتا کیون ہے کیا اسمین اجارہ ہے گریبان کا

تری دربانی کی مین اسقدر عظمت سمجھتا ہون
گدا اسکے ہوتے کب طالب ہو دل تختِ سلیمان کا

خلش نوکِ مژہ کی یاد آئے تجھکو جب زاہد
کہ ہو تیرے کفِ پا مین کوئی کانٹا بیابان کا

پڑینگی پاے وحشت مین جنون کی بیڑیان ہمدم
لپٹ جائیگا کوئی تار گر میرے گریبان کا

سُنایا بیت ابرو کا جو مضمون تو وہ یہ بولے
اسے بھی آپنے سمجھا ہے مطلع اپنے دیوان کا

وضو کیسا طہارت کو بھی بھولے شیخ جی اَبتو
اثر یہانتک ہوا ہے عشق مین اُس بُت کی نسیان کا

سنوارو لاکھ زلفون کو پریشانی نہ جائیگی
پڑا ہے اسپہ وہ سایہ مری طبعِ پریشان کا

تمھاری دیکھکر آنکھین وہ اپنی چوکڑی بھولے
غزالون سے پتا معلوم کیا ہوگا بیابان کا

تمھارے شوقِ نظارہ مین گر آنکھین نہین لاکھون
تمھین ہر سو نظر [illegible] غنچہ بدن سے دل نے کیون چھانکا

چلا ہون عمر بھر پوری نہین ہوتی مگر منزل
کٹھن ہے کاٹنا یارب محبت کے بیابان کا

ترے تیرِ نظر سے کس طرح کوئی مقابل ہو
خلش سے جسکے دل زخمی ہے ہر خارِ بیابان کا

مری مژگان کا شانہ ہسکو سلجھائے تو سلجھائے
سلجھنا ورنہ ممکن ہی نہین زلفِ پریشان کا

سِسکتا کوئی کہتا ہے کوئی بیجان کہتا ہے
تری فرقت مین حال ایسا ہوا رشکِ قمر جانکا

نجاتِ عاصیان ہے تیمین فقط تسخیرِ دل اُنہین
کب اُنکے نقشِ پا سے نقش بہتر ہے سلیمان کا

بہت مرکھپ گئے عشاق پہ حسرت نہین نکلی
گریبان سحر دیکھا نہین شبہا ہے ہجران کا

فرشتون کو تفاخر کفش برداری سے ہے اُنکی
جنون پریون پہ بیشک بار تھا تختِ سلیمان کا

مدینہ کو چلین دیکھین وہان گلہائے گوناگون
بہارِ بے خزان ہے پھول ہر اک اُس گلستان کا

وہ حسنِ انتخاب یار کے اشعار ہین **عاشق**
خوشامد کی نہین — ہے منتخب ہر شعر دیوان کا

ہے دشمنِ قدیم عدو یار ہو چکا
ٹپکے یہ اب مرے بتِ عیار ہو چکا

انصاف ہو چکا کہ جو انصاف ہے یہی
لب تک نہ آئی بات گنہگار ہو چکا

مارا ہوا اجل کا تو اُٹھیگا حشر کو
جو مر گیا ہو آپ پہ بیدار ہو چکا

ملتی نہین ہے نبض ہماری طبیب کو
آزار کیا ہوا کہ تنِ زار ہو چکا

جسکے شفیق آپ ہون وہ جان سے گیا
جسکے معالج آپ ہون بیمار ہو چکا

میری طرح رقیب بھی محروم رہگیا
برخاست اُنکا شام سے دربار ہو چکا

نوبت سلام کی بھی نہ پہونچی غضب ہوا
ہم در پہ جاکے پہنچے کہ دربار ہو چکا

گوشہ ذرا سا اُنکے اُٹھا کیا نقاب کا
ہے سبکو یاس مہر نمودار ہو چکا

پابند ہون مین سلسلۂ عشقِ زلف مین
دلکے طفیل خود ہی گنہگار ہو چکا

محروم رکھا اُنکی نزاکت نے قتل سے
خنجر وہ لیکے ہاتھ مین تیار ہو چکا

اے دل تو مجھکو رکھے گا صیاد سے خجل
گر ہے تڑپ یہی تو گرفتار ہو چکا

جس باغ مین ثمر نہ ہون وہ بے بہار ہے
مرجھائین جسکے پھول وہ گلزار ہو چکا

پتھر سے سر کو پھوڑ کے فرہاد مر گیا
شیرین کا گرم آج سے بازار ہو چکا

وہ مُنہ بنا کے کہتے ہین مجھسے ہی نصیب
تنہائی مین کیا تھا جو اقرار ہو چکا

مشکل بہت پڑے گی اُسے دید کی وہان
نادیدنی یہان جسے دیدار ہو چکا

دل ہی نہین رہا تو خریدار کون ہو
سودا ہی جب نہ ہو تو وہ بازار ہو چکا

کیا پوچھتے ہو عاشق مجنون کا حال تم
رسوا وہ خوب بر سر بازار ہو چکا ہے

مر گیا مین تو مرے بعد ہے چرچا کیسا
خون بہا نام ہے کس چیز کا جھگڑا کیسا

یہ تماشا بھی مری جان تماشا ہے کوئی
جان عاشق کی نکلتی ہے تماشا کیسا

عشق ہے خالق منفرد کا جو دل مین منفرد
فرد عصیان کا مری جائزہ فردا کیسا

ہے ستم بھی تو تمھارا ہمین پیارا صاحب
خوگر شکر مین بیداد کا شکوا کیسا

زلف دل پھانستی ہے صید مژہ کرتی ہے
ہے گلو گیر ترے کان کا بالا کیسا

شب معراج کو اک دم مین براق حضرت تا
عالم لا مین گیا عالم بالا کیسا

چارہ گر چارۂ بیچارہ کا چارہ کیا ہے
لا دوا جسکا مرض ہو تو مداوا کیسا

تری ہر آن عجب ہے تری ہر بات نئی
لوگ عنقا سے تعجب مین ہین عنقا کیسا

پوچھو تو خلد سے بہتر ہی کہے گا مجنون
ملی جس راہ مین لیلی تو وہ صحرا کیسا

عشق فرہاد کے طعنے تو کبھی مجنون کے
وصل کی شب بھی جلاتے ہین وہ کیسا کیسا

چھین سکھا ہے مرا دل کبھی مانگون بھی اگر
بن کے انجان وہ کہتے ہین کہ کیسا کیسا

نزع کے حال مین بیمار کو دیکھا تو کہا
محو دیدار ہوا ہے اسے سکتا کیسا

کیجئے ذکر اُسی کا کہ ہون مجنون جسپر
ہمدمو تذکرۂ صورت لیلا کیسا

کیسی گھٹ جاتی ہے آنے وہی شب وصل کو تو
دیکھین پھر طول ہے تیرا شب طولا کیسا

اُنکی گیسو کی ہوا نے اُسے پھلنے نہ دیا
گر پڑا پھولتے ہی نخل تمنا کیسا

مجھکو نالہ کی اجازت نہ دو عاشق ہون مین
پھر کہو گے کہ ہے عالم تہ و بالا کیسا

کچھ ایسی ہنگئی کہ وطن سے نکل گیا
نالہ کمین دل تھا دہن سے نکل گیا

آنے سے اُسکے نعش پہ میری بفرط شوق
ہر ایک عضو میرا کفن سے نکل گیا

آکر خراب کیون ہوئے ہم اس جہان مین
بیقدر ہے وہی جو وطن سے نکل گیا

اُس رشک گل کے ساتھ کھٹکتا رہا سدا
کانٹا تھا غیر کیون نہ چمن سے نکل گیا

گلگشت کرکے باغ سے جسدم چلا وہ شوخ
بو بن کے گل بھی ساتھ چمن سے نکل گیا

پہنچی شمیم زلف جو تیری تو رشک سے
مشکین اثر غزال ختن سے نکل گیا

اس دل کی چاہ سے نہ اُبھرنے دیا کبھی
کب یہ غریب چاہ ذقن سے نکل گیا

سرخی لب سے ہوکے خجل دل عقیق کا
خوشاب بن کے کان یمن سے نکل گیا

تیرے خرام ناز نے جمنے دیے نہ پانو
آزاد ہوکے سرو چمن سے نکل گیا

چھوڑی نہ جان گریۂ خون نے شب فراق
جتنا لہو تھا سارا بدن سے نکل گیا

ہے ہے سُنی نہ ایک بھی فریاد صید کی
صیاد بند کرکے چمن سے نِکل گیا

فیضِ قدم سے کھل گیا ہر غنچہ باغ مین
شکلِ نسیم جب وہ چمن سے نکل گیا

کتنا کیا ہی ضبط مگر شکوۂ ستم
بے ساختہ زبان و دہن سے نکل گیا

صیاد تیرے جور نے عنقا کو کھو دیا
وہ آشیان کو چھوڑ چمن سے نکل گیا

گلچین کا جور اور خزان کی اُداسیان
دیکھین تو گل کا دور چمن سے نکل گیا

دیکھی جو تیری آنکھ تو سب بھولے چوکڑی
ایک اک غزال دشتِ ختن سے نکل گیا

مجھسے کیا جو وعدۂ دیدار روزِ حشر
ایسی خوشی ہوئی کہ وطن سے نکل گیا

عاشق کی قدر جب نہ کسی گل سے ہوسکی
بیچارہ سوئے دشت چمن سے نکل گیا

مشتاق اسقدر ہون الٰہی مین دید کا
روزِ جزا پہ صدقے کرون روزِ عید کا

کیا کچھ خراب حال نہ ہوگا پلید کا
محشر مین خوب بگڑے گا نقشہ یزید کا

مُدت سے نامہ بر کی ہوئی وہان رسید گُم
مین منتظر یہان ہون خطون کی رسید کا

عیسی صفت طیور ہزارون جلا دیے
ادنا سا ہے کرشمہ جنابِ فرید کا

کیا قدر ہو پھر اس دلِ ناشاد کی انھین
مُفت آگیا ہے ہاتھ نہین ہے خرید کا

وردِ زبان ہے نام محمّد کا رات دن
ہے فتح باب مین اِسے رُتبہ کلید کا

مقراض بنگئی ہے گلوئے سخن کی یہ
لپکا تری زبان کو ہے قطعِ بُرید کا

وہ رندِ بادہ کش ہین ہم اے خشک زاہدو
پیرِ مغان لقب ہے ہمارے مرید کا

اُس افتخارِ کون و مکان کا ہو عدو
مُنہ کیون نہ ہو سیاہ جہان مین یزید کا

قاصد کے عضو عضو کے پُرزے اُڑا دیئے
پرچہ دیا یہ میرے خطون کی رسید کا

لائیگا رنگ خون کے دریا بہائے گا
جس جا گریگا قطرہ تمھارے شہید کا

مجنون زلف کے لیئے زنجیر اور دو
زنجیر پا مین غُل ہے یہ ہَل مِن مزید کا

ترکیب وہ چلے ہو کہ دل مفت ہاتھ آئے
سر خیل کشتگان محبت کا ہو گیا

یہ ڈھنگ خوب تمنے نکالا خرید کا
اللہ رے مرتبہ یہ تمہارے شہید کا

عاشق رخ نگار ہے آنکھوں مین جلوہ گر
میری نظر مین رشتہ ہے حبل الورید کا

مشتاق اک جہان ہوا جسکی دید کا
لایا وہ رنگ خون تمہارے شہید کا

میلہ بھرا ہوا ہے عجب اُسکی دید کا
زاہد دوگانہ بھول گئے روز عید کا

بدلی ہے شکل ظلم نے نار سعیر سے
مسکن بنا ہے قعر جہنم یزید کا

پیر مغان سے رند خرابات بڑھ گیا
منہ پیر دیکھنے لگا اپنے مرید کا

چھینٹون سے خون کے جو گل افشانیان ہوئین
نظارہ کیون کرین نہ وہ اپنے شہید کا

بتلاؤن خاک کیونکہ گذرتی ہے ہجر مین
ہے رات قہر کی تو غضب دن ہے عید کا

بیعت کرون مین دختر رز سے تو کیا ہے ڈر
اک سلسلہ ازل سے ہے پیر و مرید کا

کٹ جائے سر جو بات کا دلمین خیال آئے
کیا ذکر ایسے حال مین گفت و شنید کا

پانی ملے نہ ساقیٔ کوثر کے لال کو
جاری تھا حکم جنگ مین ہر سو یزید کا

اُس رشک مہ نے رخ سے اٹھایا نقاب جو
عالم مین غل ہے چاند وہ نکلا ہے عید کا

واں ورنہ چشم حقیقت نگر ہو گر
ہر حرف معرفت ہے کلام مجید کا

پیغامبر کی وہان کبھی ملتی نہین رسید
پھر کیا پتہ ملے مرے خط کی رسید کا

جس شب وہ آئے یہان وہی شب ہو شب برات
جسدن وہ آئے دن ہو وہی ہمکو عید کا

جس سے نکل رہی ہے صدا یار یار کی
ہے بس وہی مزار تمہارے شہید کا

عاشق شکم کو نور توکل سے پہلے بھر
یون کب روا ہے باندھنا توشہ فرید کا

تشہیر سر کیا تھا حسین شہید کا
ہر کوئی تشنہ کیون نہ ہو خون یزید کا

بعدِ وفات بھی ہے ندیدہ یہ دید کا
وا رہ گیا ہے دیدہ تمھارے شہید کا

پہلے تو دل ہی کھینچتی تھی آپ کی نظر
اب طرز تو نکالا ہے جان کی کشید کا

کیا کیا شبِ فراق مین کرتا ہے بیقرار
ہونا وہ ہمکنار ترا روزِ عید کا

دیکھا نہ دیکھا اور سُنا ان سُنا کیا
کیا اعتبار اُنکی ہو دید و شنید کا

مِلتا نہین ہے نامہ برون کا کہین پتہ
دیتے نہین وہ کوئی بھی پرچہ رسید کا

پیرِ فلک نے چال تمھاری اُڑائی ہے
بگڑا ہے خوب نیل تمھارے مرید کا

کب یاد اُسکی دل سے بھلاؤنگا زاہدا
وابستہ ہون مین رشتۂ حبل الورید کا

زاہد جو کھولتا ہے تو عاشق کی لے دُعا
محتاج قفلِ راز ہے ایسی کلید کا

گر چاہتے ہو اپنی صفائی بروزِ حشر
محضر بناؤ تم مرے خط کی رسید کا

یھان جسنے جھیل لین ہین شبِ غم کی سختیان
ڈر اُسکو کچھ نہین ہے عذابِ شدید کا

زُہّاد ہین مریدِ شبابِ پری وشان
کب منحصر ہے پیر پہ ہونا مُرید کا

قُربان ایسے وعدے پہ کیونکر کرون نہ جان
اقرارِ وصل اُسنے کیا مجھسے عید کا

دشمن کے سامنے جو مری بات کاٹتے
سیکھا کہان سے ڈھنگ یہ قطع و بُرید کا

زاہد وہ منزلین بھی تو طے کر وصال کی
صرف اعتکاف ہی نہین چلہ فرید کا

قربان کیون نہ ہون خمِ شمشیرِ یار پر
**عاشق** نویدِ قتل کرون ہے یہ عید کا

جوہر نہین یہ دیدۂ مشتاقِ دید کا
خنجر پہ خون جھلکتا ہے تیرے شہید کا

مُنہ خم کا کھول پیرِ مغان دن ہے عید کا
لیتے ہین کام نالہ سے مَے کش کلید کا

وعدے کا تھا خیال جنابِ حسینؑ کو
ورنہ تباہ دم مین تھا لشکر یزید کا

یھان نانِ خشک جسکو سمجھتے ہو زاہدو
سرسبز ہوگا خُلد مین توشہ فرید کا

اے شیخ میکدہ مین ذرا چلکے دیکھ لو
کیا حال ہو رہا ہے تمھارے مُرید کا

وہ مجھکو ذبح کرکے یہ کہتے ہین غیر سے
ہے آج خون حلال کہ یہ دن ہے عید کا

احسان سر پہ تھا وہ کسی کا اُتر گیا
کتنا سُبک ہوا ہے جنازہ شہید کا

ماہِ صیام ختم ہے روزہ حرام ہے
ساقی پلا دے بادہ کہ دن ہے یہ عید کا

آئے ہین وہ ذرا ملک الموت صبر کر
موقع نہین ہے دوست یہ گفت و شنید کا

کیون جستجوئے رنگ حنا ہو گئی تمھین
بہتر ہے اُس سے خون تمھارے شہید کا

واعظ خدا کے واسطے خالی نکر دماغ
کھائے کہان تلک کوئی توشہ فرید کا

تیرا دہن ہے قفل تو اُسکی زبان کلید
ہوتا نہین ہے قفل کوئی بے کلید کا

مے نوش تیرا پیر مغان خُم کے خُم پیئے
تر ہو گلو نہ ایسے مُہوّس مُرید کا

دامن کو جتنا دھونا ہے قاتل تو دھو کہین
دھبّا کبھی نہ چھوٹے کا خون شہید کا

عاشق بتائے کیا تجھے ای غیر جلکے کچھ
مضمون کھلے گا دم مین عدم کی رسید کا

خوگر ازل سے ہے جو عذاب شدید کا
اللہ رے حوصلہ یہ تمھارے شہید کا

نادان ہین جو سمجھتے ہین رشتہ بعید کا
وابستہ دل ہے عقدۂ حبل الورید کا

کرتا ہے لینے والیکو اپنا سا بیقرار
پھر کسکو حوصلہ مرے دل کی خرید کا

انگور کے فشردہ کو زاہد مباح کر
پانی مین مل گیا ہے اثر کچھ کشید کا

کھلتا نہین جو قفل خزینہ کبھی بخیل
مُنہ بند ہو گیا تری بے شک کلید کا

یھان حوصلہ فراخ وہان کچھ کمی نہین
دل خواستگار کیون نہ ہو لطف مزید کا

اللہ رے فرط شوق کہ چھیڑے اگر کوئی
فوّارہ سان اُبلنے لگے خون شہید کا

مینے کیا سلام وہ سمجھے کچھ اور بات
پوچھا یہ کس لئے تو کہا مینے عید کا

کھنچتی نہین جہان سے تصویر آپکی
عاشق کو پھر بتایئے باعث کشید کا

تن سے جدا ہوا تو ہے قاتل کے پانو پر
سجدے سے کب اُٹھے گا یہ سر ہے شہید کا

بسمل کی یہ صدا ہے کہ اک وار اور بھی
اعجاز دیکھ لیجئے اپنے شہید کا

پائی ہے تل نے مصحفِ رخسار پر جگہ
حافظ بنا ہے خوب کلامِ مجید کا

دامانِ انبساط مرادون سے بھر خدا
مدّت کے بعد آج دن آیا ہے عید کا

کوئی قصور کوئی خطا بھی بتایئے
بیزار ہمسے کیون ہو سبب کیا کشید کا

تھوڑی سی داد پائین محبِّ حسین گر
محشر کی ٹھوکرون مین رہے سر یزید کا

عاشق کو قتل کرکے پشیمان ہوئے وہ خود
قدمون پہ اُنکے لوٹ گیا سر شہید کا

تھا جو مضمونِ خطا وقتِ رقم توڑ دیا
رحم نے جرم نویسی کا قلم توڑ دیا

تجھکو سمجھا وہ دکھاتا تھا مقابل ہوکر
آئینہ خوب کیا تونے صنم توڑ دیا

سنگ دل آہ ترے دل پہ ہوا کچھ نہ اثر
کیا ہوا نالون سے گر قصرِ ارم توڑ دیا

تیری خاطر سے لے اب غیر کی کھاتی ہین قسم
مدّتون سے تھا ہمین عہدِ قسم توڑ دیا

تیری شمشیر نے منہ وار سے پھیرا قاتل
ایک دم مین ترے بسمل نے بھی دم توڑ دیا

سلسلہ وار لگانے کا جو توڑا تونے
بس اُسی دم ترے کشتہ نے بھی دم توڑ دیا

خواب مین سیر کو دان تمکو نہین جانا تھا
کیون صنمخانۂ چین تونے صنم توڑ دیا

بخت کیون غیر کا عاشق سا ہو جب کاتب نے
بعد تحریرِ مقدّر وہ قلم توڑ دیا

کسلئے تیرا لقب حور شمائل ٹھہرا
حور کا حُسن کہان تیرے مقابل ٹھہرا

آج یہ کسکا سفینہ صفتِ دل ٹھہرا
کون یہ آکے الٰہی لبِ ساحل ٹھہرا

یون تری کاکلِ پُرخم مین مرا دل ٹھہرا
جسطرح کوئی مسافر سرِ منزل ٹھہرا

گوشِ گل تک مرے نالون کی صدا جانے دے
باغبان بہرِ خدا شورِ عنادل ٹھہرا

لیکے وحشت نے بڑھایا ہے قدم بسم اللہ
مجھسا دیوانہ گرفتارِ سلاسل ٹھہرا

مین تو خود سلسلۂ عشق مین پیچیدہ ہون
بیوفا مجھکو نہ پابند سلاسل ٹھہرا

دلِ بسمل کے تڑپنے پہ مجھے رحم آیا
کچھ تو باعث ہے کہ خنجر ترا قاتل ٹھہرا

آفرین غیر کو کہتے ہین مرے قتل پہ وہ
کشتۂ ناز کا مرنے پہ یہ حاصل ٹھہرا

خط لکھون اُنکو تو وہ غیر کو دیتے ہین جواب
ہائے لکھا مری تقدیر کا باطل ٹھہرا

چلنے والے نہ کبھی چین سے دم بھر بیٹھے
تری چتون کبھی ٹھہری نہ مرا دل ٹھہرا

وہ چلے آئین تماشائی مری میت پر
صفِ ماتم کو خدا رونق محفل ٹھہرا

کششِ دل کو غلط کہتے ہو پر یہ تو کہو
کیا ہی تھمے کہ جب چلتے ہوئے محمل ٹھہرا

تیغ قاتل کے مقابل مین نہ ٹھہرا کوئی
کوئی ٹھہرا تو ہمارا دل بسمل ٹھہرا

شوق مین تیرے تجسس کے رہا آوارہ
دل مضطر نہ ہمارا کسی منزل ٹھہرا

وحشتِ دل نے نہ اکدم اُسے دم لینے دیا
چھاؤنی چھا کے نہ عاشق کسی منزل ٹھہرا

جا گزین رہتے ہین کیون اسمین بتان عالم
دل **عاشق** بھی الٰہی کوئی محمل ٹھہرا

یون جانیئے کہ جان سے گویا جدا ہوا
نا آشناؤن کا جو کوئی آشنا ہوا

اتنی سی آرزو مین دم اپنا فنا ہوا
اُس خال لب کا بوسہ نہ ہمکو عطا ہوا

وہ کون ہے جو مرگ سے نا آشنا ہوا
اللہ کے سوا تو سبھی کچھ فنا ہوا

ناحق ہمارے سینہ سے اے دل جدا ہوا
دیکھا اسیر طرۂ زلفِ دوتا ہوا

جان ہجر سے بہ تنگ تھی دم ہو گیا فنا
تیری ادا مین فرض ہمارا ادا ہوا

قسمت سے ناز اُسکو ملا اور ہمین نیاز
تقدیر مین جو کچھ کہ لکھا تھا ہوا ہوا

منہ بیخودی شوق مین منہ سے ملا دیا
کیجیے قصور عفو کہ اب جو ہوا ہوا

دشمن کے بدلے لیتے ہین وہ امتحان مرا
مقصود اور کچھ تھا یہ کیا ماجرا ہوا

جانا کہ نامہ بر کے بھی ٹکڑے اڑا دیئے
خط پرزے پرزے ہو کے جو آیا اڑا ہوا

تاریکیٔ مزار کا مجھکو خطر نہین
رکھتا ہے رنگ شمع مرا دل جلا ہوا

لوٹے گا اسطرح کہ جہان لوٹ جائیگا
پھر سیر دیکھنا جو مرا سر جُدا ہوا

بوسے ہزار مانگے تھے لیکن ملا نہ ایک
میرا سوال اُسکو گدا کی صدا ہوا

دل میرا اُسکی زلف مین جاکر جو پھنس گیا
یہ صیدِ نیم جان خورشِ اژدہا ہوا

خط مین خراشِ دل نے کچھ کیسا اثر کیا
جو حرف مدعا تھا وہ دیکھا مِٹا ہوا

پہلے تو آپ کہتے تھے اب تو ہے برزبان
تکیہ کلام آپ کا یہ دوسرا ہوا

کم حوصلہ تھے تم جو اُسے سر چڑھا لیا
کم حوصلہ تھا غیر اُسے حوصلا ہوا

بولے وہ میرے دیدۂ پُرخون کو دیکھکر
ہے ہے چھلک نہ جائے یہ ساغر بھرا ہوا

لایا ہے رنگ خون یہ تمھارے شہید کا
تمنے ملا تو رشک سے خون حنا ہوا

اک وار مین صفون کی صفون کو لٹا دیا
قاتل کا ہاتھ دیکھئے دستِ قضا ہوا

پامالیون کا شوق ہوا اور بھی سوا
دیکھا جو اُسنے راہ مین دل کو گرا ہوا

اے شوخ باحجاب ذرا آنکھ تو ملا
جاتا ہے نیچی نظرون سے کیا دیکھتا ہوا

اے شیخ تیرے کہنے سے کیا آج چھوڑ دین
مدت سے اپنا دل ہے بتون سے لگا ہوا

آتا ہے کس خوشی سے تمنا تو دیکھئے
سر پانو پر تمھارے مرا لوٹتا ہوا

محفل مین غیر کو جو بٹھایا تو کیا کرین
اُسکو بٹھائے کون جو دل سے اُٹھا ہوا

آہ و فغان کے ساتھ تڑپ اسقدر رہی
کہتے ہین بعد قتل کے یہ مجھکو کیا ہوا

ایسا نہو کہ اُس سے کہین ہمکلام ہو
قاصد کے ساتھ دم بھی ہمارا ہوا ہوا

کیا اشتیاقِ دید ہے اللہ رے اشتیاق
خط دستِ نامہ بر سے اُڑا اور ہوا ہوا

حیران ہون کا اشتیاق بتون سے ہے اجتناب
عاشق خدا سے ڈر کہ تجھے اب یہ کیا ہوا

مری تشنہ دہانی نے جو ساغر مے سے بھر رکھا
نگاہ تیز ساقی نے ادھر ٹپکا ادھر رکھا

مری وحشت نے بعد مرگ بھی اتنا اثر رکھا
چڑھایا پھول بھی لاکر کسی نے تو کتر رکھا

بڑھایا ہر طرح دشمن کو اور ہمکو گھٹایا ہی
گرایا آنکھ سے ہمکو اُسے پیش نظر رکھا

جبین گھستے رہے ہم عمر بھر جس آستانے پر
برائے ہنگ تربت چھانٹ کر وہ سنگ در رکھا

گنوایا آپ ہمنے اپنے دل کو اپنے ہاتھون سے
کسی سے جا کے کیا پوچھین کہان کھویا کدھر رکھا

رقیبون ہی مین نبھتے تو بھی ہمکو صبر آجاتا
تعجب ہے کسیکو بھی نہ اپنا تمنے کر رکھا

وہ کہتے ہین کیا تھا تو نے رسوا مجھکو عالم مین
مری تعذیر کا الزام بھی میرے ہی سر رکھا

ہمین کو قتل کرتے ہین ہمین ملزم بناتے ہین
کہ تو نے خون کے چھینٹون سے کیون دامن کو بھر رکھا

عدو کا ذکر گوش دل سے تم دنرات سُنتے ہو
ہمارا حال سُنکر ہاتھ تمنے کان پر رکھا

فلک لاکھون بنائے ایک چرخ پیر کی ضد پر
ہمارے دود دل کے جوش نے آہون کو گھر رکھا

تری تلوار نے جو زنگ کاٹا مجھکو اے قاتل
نہ دل رکھا نہ جان رکھی نہ تن رکھا نہ سر رکھا

شکستہ شیشۂ دل رہگیا ہے پاس اے **عاشق**
یہ اک ٹوٹا سا پیمانہ مری قسمت نے بھر رکھا

بھروسا کیا کوئی رکھے بھلا دنیا کے گلشن کا
کہ دانہ دانہ پس جاتا ہے آخر جسکی خرمن کا

ترا کوچہ بھی اے قاتل عجب تختہ ہے گلشن کا
جہان ہے بسملون کا شور یا ہنگامہ ہے رن کا

بڑھاؤ طوق منت کا خدا کے واسطے کوئی
نہ رکھو اپنی گردن پر مری جان بوجھ گردن کا

ہمارے خون کے غازے سے ہی جوبن ترے رخ پر
ترے رنگ گل عارض سے چمکا رنگ گلشن کا

ہوئی تھی چادر چرخ کہن کیا چاک جو اکثر
لگایا بخیہ گر نے تار اسمین میرے دامن کا

یہ مانا موتیون سے منہ ہزارون کا کوئی بھر دے
نہین بھرتا ہے پر آسان زخم دل کے روزن کا

حیا جس جا نگہبان ہو وہان دربان کی کیا حاجت
نگاہون کا جہان پردہ ہو وہان کیا کام چلمن کا

یہ سبحہ ہاتھ مین رکھا ہے وہ زنار گردن مین
اسی رشتہ سے رشتہ ملگیا شیخ و برہمن کا

کسیکے حسن کے پردہ نے یہ پردہ دری کی ہے
جنون کے ہاتھ سے اک سلسلہ ہے جیب و دامن کا

وہ جس دھجی سے مسی پونچھکر پھینکے گلستان مین | عجب کیا ہے وہ دھجی پھول گر بنجائے سوسن کا
خیال آیا تجھے کیون رشتۂ الفت کا ای قاتل | لگا رکھا ہے باقی کیون یہ تسمہ میری گردن کا
نہین کچھ کام کفر و دین سے رندِ لاابالی کو | گلہ کچھ شیخ کا اُسکو نہ شکوہ کچھ برہمن کا
جگہ باقی ہے ہمنے جان دیکر اُنکے کوچہ مین | نشان کچھ نام ہی کو بیکسی رہنے دی مدفن کا
کبھی کچھ خود بخود ہنسنا کبھی کچھ خود بخود رونا | نیا انداز ہے سارے جہان سے میرے شیون کا
مسی مالیدہ لب کو چوس کر جو مینے جان دی تھی | اُگا ہے خود بخود تربت پہ میری پھول سوسن کا

بڑھاپے مین یہ چرخ پیر ڈھاتا ہے ستم **عاشق**
خدا جانے زمانہ ہوگا کیا اسکے لڑکپن کا

نہ اندیشہ رقیبون کا نہ دھڑکا شوخ پُرفن کا | مگر رہتا ہے کھٹکا کچھ نہ کچھ اُس چشم رہزن کا
لپٹنا یاد آیا جب کسی سے دست و گردن کا | رہا اے ہمنشین پہرون نہ ہمکو ہوش تن من کا
دبستانِ محبت مین پڑھایا ہے سبق مینے | مجھے مجنون نے بھی اُستاد مانا عشق کے فن کا
پھنکا جاتا ہون ای سوزِ درون کچھ رحم کھا مجھپر | کہ ہر تنکہ شرارہ بن گیا میرے نشیمن کا
تو سب سختیان جھیلون کا مجھکو سخت جان سمجھے | تمھارا دل ہے پتھر کا تو میرا دل ہے آہن کا
ترے دیوانہ کی وحشت سے زنجیرین بھی چیخ اُٹھتین | ذرا تو دیکھ لے زندان مین کیا غل ہے آہن کا
اشارہ سے عدو کے تمنے میرا سر اُڑایا ہے | رہیگا کسکی گردن پر ثواب اس بار گردن کا
ہوا ہے ابر ہے ساقی ہے مے ہے مطرب باجے ہے | بہار آئی ہوئی ہے زور پر ہے رنگ گلشن کا
رقیب روسیہ کو اور اپنے رنگ کو دیکھو | کہان جوبن ہے گل کا اور کہان ہے پھول سوسن کا
مسی مالیدہ لب پر مین کسیکے ہون وہ دیوانہ | کہ نیلے چرخ کو بھی جانتا ہون پھول سوسن کا
بہت مدت سے روتا ہون الٰہی اب تو سنوا دے | عدو کے گھر مین تھوڑا سا اثر ہو میرے شیون کا
تمھاری آرزو مین ایک سے لاکھون ہوئین دلمین | کہ دانہ دانہ سے انبار ہو جاتا ہے خرمن کا
جھڑی گریہ کی یہ مینے لگائی اُسکی فرقت مین | کہ پھر دھوکا ہوا عالم کو ہے برسات ساون کا

ستم ڈھایا کہ اُسکو آپ اپنے پر کیا مفتون
دکھا آئینہ نے اُسکو نقشہ اُسکے جوبن کا

تو کسکی جان کا دشمن ہے کہدے جانِ عاشق کا
مین عاشق کسکا عاشق محوِ حیرت تیرے جوبن کا

آرزو طور کی کس طرح سے موسیٰ کرتا
دستگیری نہ اگر یون یدِ بیضا کرتا

تیری افشان کا جو اک ذرہ بھی پیدا کرتا
تو فلک سر پہ چڑھا کر اُسے تارا کرتا

رشکِ دشمن نہ مرے واسطے پیدا کرتا
تو مین دل کو ترے سر سے اُتارا کرتا

ہم تو خود اچھون کو کر دیتے ہین رسوا دیکھو
ہمسے رسوا کو بھلا کیا کوئی رسوا کرتا

امتحان غیر کا مقتل مین اگر ہو جاتا
ہمسری کا نہ مری وہ کبھی دعوی کرتا

خانۂ یار کی دیوارون سے سر ٹکراتے
اے جنون تو نہ اگر بادیہ پیما کرتا

اک جہان جسکا تماشائی ہے وہ بسمل ہون
طائرِ قبلہ نما خاک تماشا کرتا

اُنکی شہرت کی بھی تصدیق ذرا ہو جاتی
کبھی چارہ جو مرا آکے مسیحا کرتا

ہون وہ سودائی جو ملتا اُسے سودا ہوتا
میرا سودا نئے سودے کو مہیا کرتا

فتنہ گر تو نئے فتنون کو جو کرتا ایجاد
اک نہ اک مین بھی نئی بات کو پیدا کرتا

ہمنشین کیا کہون میرا کبھی جانا نہ ہوا
تھا مزا جب کہ وہ عاشق کی تمنا کرتا

تمھارا سلسلۂ زلف سر بلند ہوا
یہ عاشقون کے دلون کے لئے کمند ہوا

کوئی نہ میرا زمانہ مین دردمند ہوا
مین جلتے جلتے تبِ عشق مین سپند ہوا

سُنا رہا تھا تمھین لن ترانیان دشمن
ہمارے ایک ہی فقرہ مین لیجے بند ہوا

فلک کو شرم سے جھکنا پڑیگا آخرِ کار
مرا غبار جو اُس سے کبھی بلند ہوا

خدا سے بندہ نوازی ہو بندگی ہے یہی
وہی ہے بندہ جو معبود کو پسند ہوا

پناہ مانگتے ہین ساکنِ زمین و زمان
الٰہی خیر وہ دستِ ستم بلند ہوا

کہان ہے زلف مین دل خوب غور سے دیکھو
یہ کسکو قید کیا تمنے کون بند ہوا

ہمین خبر تو ہو ہم لیکر آئے ہین دل کو
یہ ناپسند ہوا تم کو یا پسند ہوا

بلا سی اپنی بہار آئی ہے جو گلشن مین
ہمارا ضعف ہمارے لئے کمند ہوا

جو تیرے پانون پہ قربان ہو جان پاتا ہے
جو تیرے سر سے ہو صدقے وہ سر بلند ہوا

کریہ منظر و کم ظرف اور بد باطن
خدا کی شان عدو پھر تمھین پسند ہوا

اُسی کو کرتے ہو پامال واہ رے انصاف
جو ناز اُٹھا کے تمھارے نیاز مند ہوا

نہین پسند کسیکو جو ناپسند تمھین
وُہی پسند جہان جو تمھین پسند ہوا

یہ دل مین رہتا ہے اُس بت کی آرزو بنکر
ہمارا نالہ نہ لب سے کبھی بلند ہوا

مری نگاہ مین آکر نکل نہین سکتے
وہ نازنین ہو کہ تارِ نظر کمند ہوا

لگائے چارہ گرون نے ہزار ہا مرہم
ہمارا زخم جگر پھر کبھی نہ بند ہوا

اُٹھائے ہین وہ ستم تمنے بیگمان **عاشق**
کہ واہ واہ کا غل ہر طرف بلند ہوا

نہ نکلا حوصلہ دل کا نہ نکلا حوصلہ دل کا
لگایا تھا مگر اوچھا پڑا ہے ہاتھ قاتل کا

جگر تو دیکھو بسمل کا جگر تو دیکھو بسمل کا
کہ منہ مُڑ مُڑ گیا ہر وار پر شمشیر قاتل کا

بشر کو چاہیئے شاکر رہے اللہ کے اوپر
کہین مطلب نکلتا ہے بھلا سائل سی سائل کا

وہ پہونچے ضعف سے کیا منزلِ مقصود کو ہے ہے
کہ اک اک گام بھی جسکو سفر ہو پوری منزل کا

نگاہون مین ترے بسمل کی حسرت تھی دمِ آخر
کبھی قاتل کا منہ دیکھا کبھی شمشیر قاتل کا

تری دلمین گرہ بنکر مرے دل کی تمنا ہے
تری حسرت مرے دل مین پھپھولا ہے مرے دل کا

تصور سے تھکا جاتا ہون وہ ہے ضعف کا عالم
خیال آتا ہے جب دلمین مجھے الفت کی منزل کا

غضب کی چاٹ ہے اسکو یہ ہر دم خون پیتی ہے
تری شمشیر کیون منہ چومتی ہے زخمِ بسمل کا

ہماری آنکھ مین آکر ہمارے دلمین آجاؤ
پتہ منزل ہی پر جاکر ملا کرتا ہے منزل کا

انھیں صحت علاجِ چارہ گر سے ہو تو کیونکر ہو
دہانِ زخم پھر دم بھر رہے ہیں تیغِ قاتل کا

نہیں سمجھتا جو یہ دن رات کے چکر میں ہے یارب
فلک پر بھی مجھے اکثر گمان ہوتا ہے محمل کا

لبِ معشوق کا بوسہ پسِ مردن تو حاصل ہو
بنا کر انکو دینا کوزہ گر ساغر مرے گل کا

نہ اسکو جیتے چین آئے نہ اسکو مرتے چین آئے
عجب حالت ہے کچھ دل کی عجب نقشہ ہے کچھ دل کا

یہ صورت اور میں شوقِ شہادت تیرا احسان ہے
مرے سینہ پہ زانو اور گلے پر ہاتھ قاتل کا

ترے کوچہ سے گھر آنے کو میرا دل نہیں ہوتا
اٹھانا اک قدم بھی کاٹنا ہے مجھکو منزل کا

چمکتے ہیں چمکتا دیکھکر برق جہندہ کو
وہ کیونکر دیکھیں اے عاشق تڑپنا اپنے بسمل کا

شہادت کو مضر ہے خود تڑپنا جانِ بسمل کا
کہ پورا پڑ سکا جمکر نہ کوئی ہاتھ قاتل کا

اسے باقی ہے شوقِ دید ابتک اپنے قاتل کا
کھلے دیتا ہے دارہنا برابر چشمِ بسمل کا

ہے یارب تشنۂ دیدار کس نہرہ شمائل کا
اُبل کر منہ تک آجاتا ہے پانی چاہِ بابل کا

کبھی بوسہ لیا خنجر کا گاہے دستِ قاتل کا
فزون ہے اسقدر شوقِ شہادت نیم بسمل کا

اجل بھی چھپتی پھرتی ہے ہوا جب سے یہ شہرہ
نہیں تسمہ لگا رکھتا روان ہے ہاتھ قاتل کا

سمجھتا ہون اُسے بھی راہبر اللہ رے محویتا
بتا مین راہزن سے پوچھتا ہون اگلی منزل کا

بھروسا ہے تری رحمت کا گرچہ پُر معاصی ہون
نہ لینا جایزہ یارب مرے اعمالِ باطل کا

جہان ڈوبے گا وہ دریا ہے گا خون کا قاتل
زمین پر ایک قطرہ بھی گرا اگر تیرے بسمل کا

نہیں ہے انتہائے ابتدا الفت کسطرح پہونچون
الٰہی راہبر مجھکو بنایا سخت منزل کا

کیا بارے اثر اتنا تو میرے عشق نے اُسپر
کہ کھینچا چاہتا ہے عطر خاک گورِ گل کا

پہنچنا تھا کہین اور ہم کہین پہنچے خدا حافظ
دلِ گم گشتہ نے رستہ بھلایا ہمکو منزل کا

نہ دیکھا آج تک ایسا کوئی چکنا گھڑا ہمنے
خدا جانے عدو کمبخت ہے کس آب و گل کا

کہین بادِ صبا چھو لے نہ تیرے مصحفِ رُخ کو
بنایا دل کو ہمنے اسلئے حافظ ترے تل کا

کہان بلبل کے سوز و ساز کو نسبت مرے دلسے / وہ دیوانہ ہے گلشن کا یہ پروانہ ہے محفل کا

یہ مانا وہ چمک وہ آب و تاب اسمین نہین لیکن / ترے نقشہ سے کچھ ملتا ہے نقشہ ماہِ کامل کا

سِسکتا چھوڑ اُسکو تو کہان جاتا ہی مقتل سے / کہ اک عالم تماشائی ہے قاتل تیرے بسمل کا

کسی کی چشمِ ابرو ہل رہی ہے خیر ہو یارب / قیامت ہو گی مجھپر سامنا ہے دو دو قاتل کا

تمھین ہے اختیار اسکو سزا دو یا بری کر دو / تمھین پر ہمنے رکھا منحصر اب فیصلہ دل کا

ہمیشہ حسنِ خوبان کا رہا ہے پردہ در عشق / ہوائے آہ مجنون نے اُڑایا پردہ محمل کا

عدم کو ہم سمجھتے تھے بہت ہی دور ای عاشق
مگر بستر لپیٹ کر راستہ پٹا ہے منزل کا

تمکو عاشق سے نہ دم بھر بھی جُدا رہنا تھا / دلمین رہتے تھے مگر گھر مین بھی آ رہنا تھا

ایک ہی وار مین کیون رشتۂ الفت توڑا / قاتل اک تسمہ تو گردن کا لگا رہنا تھا

آفت آئیگی بڑا ہو گا اگر غیر کے ہاتھ / بیخودی خط کا لفافہ نہ کُھلا رہنا تھا

تیرے کوچہ سے جو ہم جاتے تو کیونکر جاتے / زندہ درگور ہی قسمت مین پڑا رہنا تھا

ورنہ دم بھر بھی تو دربان نے ٹھہرنے نہ دیا / عمر بھر کے لئے اس جا ہمین کیا رہنا تھا

کر لیا چشم و دل و جان کا بھروسہ ناحق / سب مین مل کر ہمین ان سب سے جُدا رہنا تھا

یار کی ٹھوکرین تو کھاتے ہم آتے جاتے / صفتِ سنگِ در اُس در پہ پڑا رہنا تھا

دل جگر ایک نشانی مین جو ناوک کی چھدے / اِسکو رہنا تھا جُدا اُسکو جُدا رہنا تھا

تمکو واجب تھا کہ دلمین مرے آکر بیٹھو / تمکو لازم مری آنکھون مین سما رہنا تھا

عذر ہے بات نہ سُننے کا ہماری کیا خوب / آج ہی غیر کی باتون مین لگا رہنا تھا

سخت جانی نے مری دیکھ لے مُنہ پھیر دیا / تیغ قاتل تجھے مجھسے نہ کھچا رہنا تھا

بزم اغیار مین کچھ بس نہ چلا کیا کیجے / پردہ بنکر تری آنکھون پہ پڑا رہنا تھا

آتشِ حسنِ جہان سوز کو چمکا دیتے / تمکو پردہ مین مری جان نہ چھپا رہنا تھا

مجھسے وہ کہتے ہین کیون دل کو لگایا ہمسے
تمکو ایسا ہی اگر گھر مین پڑا رہنا تھا

تیرے قدمون کے تلے سر کو مرے تھا رہنا
تیری شمشیر تلے میرا گلا رہنا تھا

شوق نظارۂ عاشق سے پڑے پیچ اس مین
یون تری زلف کو چہرہ پہ نہ چھا رہنا تھا

کیا کہین ہمسے الگ ہمسے جُدا کیونکر ہوا
آشنا ہو کر وہ بُت نا آشنا کیونکر ہوا

کب تھا کب اُسکو یہ اسے کبر یا کیونکر ہوا
آشنا تھا وہ تو اب نا آشنا کیونکر ہوا

مینے مانا درد بے درمان ہی میرا علاج
جب دوا تم خود ہو تو وہ لا دوا کیونکر ہوا

دوستی کا میرے دم بھرتے ہو ظاہر ہین بہت
پھر مرا دشمن تمھارا آشنا کیونکر ہوا

دیکھنا اُنکا تجاہل سُنکے میرا حالِ مرگ
پوچھنا ایک ایک سے یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

تمکو خالق نے بنایا شاہِ خوبان جہان مین
پوچھتے ہو کس لئے پھر تو گدا کیونکر ہوا

بندۂ حق ہون مین مجھکو بندگی پر ناز ہے
پھر یہ حیرت ہے کہ بندہ آپکا کیونکر ہوا

عاشقِ ناشاد سے برسون ملے ہو بیحجاب
اب تمھین پردہ ہوا یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

دل ہی واقف ہے اُٹھائے ہین جو چھپ چھپ کر مزے
کیا بتاؤن وصل مین کیا کیا ہوا کیونکر ہوا

نامہ بر چلتی نہین وھان اچھے اچھون کی زبان
تجھسے پیغامِ زبانی پھر ادا کیونکر ہوا

غیر اچھا مین بُرا پر یہ بھی تو معلوم ہو
وہ بھلا کیونکر ہوا مین نا سزا کیونکر ہوا

وہ ہے نازک اور اُسکی ناز کی مشہور عام
سخت حیرت ہے کہ اُسکا دل کڑا کیونکر ہوا

اک بُتِ نا آشنا کی ہے عنایت ہمنشین
کیا کہون مین بحرِ غم کا آشنا کیونکر ہوا

گر نہ کھو یا تو نے ہمسے ناز برداری اُسے
وہ ہمارا کم نما پھر خود نما کیونکر ہوا

لیلئ محمل نشین اپنے ہی دل سے پوچھ لے
قیس کیا بتلائے اُسکا ماجرا کیونکر ہوا

آ گیا ہو گا تصور اُسکے دل مین غیر کا
وہ مزے کے وقت ہمسے بدمزا کیونکر ہوا

غیر کو بُلوا کے اُسکے ساتھ گلشن مین گئے
یہ ہوا کیونکر ہوا اور وہ ہوا کیونکر ہوا

شکر ہے بڑھتا چلا ہے اب تو اُن سے ربط ضبط
آپکا اور اُنکا **عاشق** فیصلا کیونکر ہوا

زخم ہے شمشیر کا کوئی تو کوئی تیر کا
بن گیا رشکِ چمن سارا بدن نخچیر کا

اُنکو نو مشقی سے باور ہے دہانِ تیر کا
مُنہ کھلا دیکھا جو مقتل مین کسی نخچیر کا

مُنہ کھلا رہتا ہے قاتل کے ہمیشہ تیر کا
تشنۂ خون ہے مقرر یہ کسی نخچیر کا

دید کے قابل عجب ہے اتحادِ حسن و عشق
میری صورت سے ملا نقشہ تری تصویر کا

سلسلہ سے ہو گئی پابند آزادی مری
جب پسندیدہ ہوا کھٹکا انھین زنجیر کا

عشق سے دل کو تعلق اور دل سے عشق کو
دیکھ لیجے حال یکسان ہے مرید و پیر کا

سارے عالم مین تری سفاکیان مشہور ہین
موجین دریا مین ہین کب یہ کاٹ ہے شمشیر کا

کوڑیون کے مول بھی اُسکا کوئی خواہان نہین
خاکساری سے مری دل خاک ہے اکسیر کا

میری وحشت نے ہزارون کو کیا وحشی مزاج
رشتۂ الفت نہ توڑے سلسلہ زنجیر کا

مہربانی سے کسی دن تو کرو وعدہ وفا
کچھ تو اُٹھے لطف میرے شوقِ دامنگیر کا

قتل گاہ عشق مین دل ہے مرا قبلہ نما
جسطرف کو یہ پھرا مُنہ پھر گیا شمشیر کا

وہ رمیدہ ہین تمھارے آہوان چشم شوخ
کچھ نہین چلتا ہے بس صیاد آہو گیر کا

کون پاس آئے مین وہ ہون وحشی نازک مزاج
آنکھ دکھلاتا ہے ہر حلقہ مری زنجیر کا

میہمان کو لینے کیا خوش خوش چلا ہے میزبان
دل مرا کرتا ہے استقبال تیرے تیر کا

چرخ گونجا ساکنانِ ہر دو عالم مین ہے غل
حشر کرتا ہے بپا نالہ مری زنجیر کا

اسلئے ہوتے ہین **عاشق** ہم اسیر دام عشق
پیچ ملتا ہے کسی کی زلف سے زنجیر کا

چھد گیا اک وار مین دل اور جگر نخچیر کا
توڑ ہے ناوک فگن کیا خوب تیرے تیر کا

دود آہِ دل ہمارے نالۂ شبگیر کا
بن گیا حلقہ تمھاری زلف کی زنجیر کا

کھینچ لاتی ہے کشش دل کی تصور مین مجھے
عکس لے لیتا ہون مین تصویر سے تصویر کا

تاب ہی مجھ مین نہین ہے تم ترش ابرو نہو
مجھ مریض عشق پر اور کھینچنا شمشیر کا

جان وابستہ ہے تیرے گیسوے پر پیچ مین
دل ہوا پابند تیری زلف کی زنجیر کا

پرتو برق تجلی نے مجھے تڑپا دیا
وار خالی جائیگا قاتل تری شمشیر کا

خانۂ دل مین ہوا ہے یاس و حرمان کا ہجوم
درجہ بڑھجائیگا ویرانہ سے اس تعمیر کا

رنگ لایا ہے مرا شوق شہادت دیکھنا
خون کے چھینٹے ہین یہ جوہر نہین شمشیر کا

جان تک بھی رونمائی مین جو کرتا ہی فدا
حوصلہ کتنا بڑا ہے عاشق دلگیر کا

کاٹ لو تم سر مرا یا کاٹ لو میری زبان
کاٹنا آسان نہین ہے عشق کی زنجیر کا

تیغ ابرو کا تمھاری کچھ نیا انداز ہے
زخم بھرتے ہی نہین دیکھا ہے اس شمشیر کا

یار آئے اور بنائے ہمنشین کرکے مجھے
واہ وا کہنا ہے کیا اس خوبی تقدیر کا

آپ جائین یا مین جاؤن آپسے مجھسے نہی بات
غیر کو کیا دخل اس تقریر مین تقریر کا

ہے شکستہ دل کا پابندی مین بھی اتنا اثر
ہوگیا ہے حلقے سے حلقہ جدا زنجیر کا

نارسائی بخت بد کی ہائے مین کس سے کہون
ہاتھ بھی قاتل پڑا اوچھا تری شمشیر کا

دیکھکر عاشق انھین کیونکر نہ مین حیران ہون
انکی صورت پر ہے عالم دیکھئے تصویر کا

مقتل مین خاک و خون سے جب دل لپٹ گیا
اللہ رے رحم کشتہ سے قاتل لپٹ گیا

جاتے تھے وہ رقیب کے گھر چھپکے رات کو
نالہ ہمارا انکے سلاسل لپٹ گیا

زلفون سے اور دل سے عجب کشمکش ہوئی
وہ دل سے الجھے اُس سے مرا دل لپٹ گیا

آنکھون مین ہے ترے اثر کہربا ضرور
جس پر پڑی نگاہ وہین دل لپٹ گیا

رخسار پر یہ تل تو نہین رشک گل ترے
دل گل سمجھ کے مثل عنادل لپٹ گیا

وہ بحر غم مین نالہ نے طوفان کیا بپا
ساحل کو موج موج کو ساحل لپٹ گیا

گو راہزن نے لوٹ لیا بنکے راہبر — رستہ تو تیرا رہرو منزل لپٹ گیا

لیلی ہوائے شوق کا مجنون کے ہے اثر — محمل کے سر سے ہے پردۂ محمل لپٹ گیا

دیوانگی مین آج تو عاشق کی بن پڑی
اُس بت سے جاکے وہ سر محفل لپٹ گیا

غیر کے بھید کی صورت نہین کھلتا کہنا — مجھ سے آتا ہے تمھین خوب معمّا کہنا

میرے رونے کو یہ کیا ہے کہ نہ رونا کہنا — میرے ہنسنے کو بھی رونے کی تمنّا کہنا

دل ہی دل مین ہے خدا جانے یہ کیا کیا کہنا — کس طرح کوئی سمجھ جائے کسی کا کہنا

وصل مین بیخودی و دید مین چپکا رہنا — یاد آتا ہے شب ہجر مین کیا کیا کہنا

اُنکی تعریف یہ بھی ہے وہی آفت نازل — چھیڑنے کو وہ کہین مجھسے ترا کیا کہنا

چشم تر پر انھین طوفان اُٹھانا ہر دم — کبھی نالہ کبھی ندّی کبھی دریا کہنا

ہاتھ ٹوٹین جو ہمین چھیڑے کوئی دور پرے — یاد آتا ہے شب وصل مین تیرا کہنا

آتش حسن خدا داد نے پھونکا ہے مجھے — حال میرا بھی تم اللہ سے موسیٰ کہنا

یہ بھی کچھ بات ہے جھوٹے کو بتانا سچا — یہ بھی انصاف ہے کچھ سچّے کو جھوٹا کہنا

آزما دیکھو مری بات اگر جھوٹ رہے — پھر اگر سچ بھی کہون تم مجھے جھوٹا کہنا

سُنکے افسانہ مرا بولے وہ کروٹ لیکر — اب تو نیند آتی ہے تم پھر کبھی اچھا کہنا

بات گھڑتا ہے جو قاصد مین سمجھ لیتا ہون — نہین ملتا کسی کہنے مین تمھارا کہنا

چل دیئے ذکر عدو سُنتے ہی تم تو صاحب — ورنہ تھا اسکے لئے اور بھی کیا کیا کہنا

ایسے انداز سے تعریف کی ہمنے اُنکی — وہ بھی بیساختہ کہہ اُٹھے کہ ہان کیا کہنا

عاشقی کیا ہے یہی شیوۂ تسلیم و رضا — اچھا ہر ایک سے سُنا ہمین اچھا کہنا

غیر اچھا بھی ہو تو اُسکی عیادت کرنا — میرے حال متغیر کو بھی اچھا کہنا

جب غرض ہی نہین کچھ ہمکو کسی سے اے دل — کس سے کہنا ہمین کیا کہنا ہے کس کا کہنا

کاٹ دینا انھیں مقصود ہے باتونکا مری — مری ہر بات پہ کچھ اُنکا لطیفا کہنا

نیم جان ہون جو مرا جامۂ عُمر پہ غم — کر چکو قطع تو پھر تم اُسسے نیما کہنا

وہ ہین نازک تو ہی قاصد کو یہ میری تاکید — سخت جان کہتا ہے تو حال نہ میرا کہنا

عاشق اچھی نہین ہوتی ہے تعلی ہرگز
رشک اغیار سے چھپتا نہین اچھا کہنا

وہ شمع حُسن جو رونق فزائے خانہ ہوا — تو سنگِ طور مرا سنگ آستانہ ہوا

تمھاری زلف سے جب دل مرا یگانہ ہوا — ملی یہ داد کہ صد چاک مثلِ شانہ ہوا

فلک بہت شب وعدہ رہا جو گریہ کنان — بہانہ جو کو مرے خوب یہ بہانہ ہوا

ہمارے جذبۂ دل نے اثر کیا اُلٹا — کہ سوئے خانۂ دشمن وہ بُت روانہ ہوا

وہی ہے سینہ جو شمشیر کے چڑھا مُنہ پر — وہی ہے دل جو ترے تیر کا نشانہ ہوا

یہ ہے محال کہ لین نقد جان اُنھیں دیکر — جو اُنکے ہاتھ لگا داخل خزانہ ہوا

پسِ فنا بھی مرا دودِ آہ کام آیا — کہ میری گور پہ آکر وہ شامیانہ ہوا

یہ نازکی ہے اور اسپر بنے ہین وہ قاتل — کہ لی جو ہاتھ مین تلوار دردِ شانہ ہوا

نہ خالی وار گیا تیری تیرِ مژگان کا — جو دل بچا تو ہمارا جگر نشانہ ہوا

ملا جو زلف سے تو اور ہو گیا وحشی — سمند دل کو مرے اور تازیانہ ہوا

الٰہی پھیر دے اب تو زمانہ کی گردش — ملے ہوئے ہمین اُنسے بہت زمانہ ہوا

رہا نہ خالی کبھی نقد دل کی کثرت سے — تمھارا حلقۂ گیسو بھی اک خزانہ ہوا

تری گلی مین ہمین شب کو خوب نیند آئی — کہ تکیہ سر کا ترا سنگِ آستانہ ہوا

ہے سجدہ گاہ جبینِ نیاز شیفتگان — کہ سنگ کعبہ ترا سنگِ آستانہ ہوا

یہی دعا مین گذرتی ہے رات دن عاشق
الٰہی خیر مرا نامہ بر روانہ ہوا

ترا مطیع فقط مین ہی کیا زمانہ ہوا ۔ وفا پسند مگر چرخ بے وفا نہ ہوا
ہمارے خون سے افشان وہ آستانہ ہوا ۔ کہ جس سے چین کا پھیکا نگار خانہ ہوا
ہمارے عشق سے واقف اگر زمانہ ہوا ۔ تمہارے ظلم کا شہرہ بھی خانہ خانہ ہوا
فراق و یاس و غم و درد میرے ساتھ چلے ۔ مین اس جہان سے تنہا نہین روانہ ہوا
تو اپنے آگے جلاتا نہ ہو نظر تجھکو ۔ ہمارا دل اگر اسپند ہی کا دانہ ہوا
کہان تلاش کرین کیونکہ باریابی ہو ۔ کہ لامکان ہمین اُنکا عیش خانہ ہوا
رقیب بد سے بھلا ہم برے ہین ہیچ ہی ۔ جدھر کو تو ہوا اُدھر جانِ من زمانہ ہوا
عدو کے چین منانے کو اُنکا گھر ہے ۔ ہمارے سر کے لئے سنگِ آستانہ ہوا
تمہارے تیر جو آتے ہین تشنۂ خون ۔ ہمارا دل نہ ہوا اک عذاب خانہ ہوا
یگانون کو تو بنایا ہے تو نے بیگانہ ۔ جو غیر تھا ترے نزدیک وہ یگانہ ہوا
کہا تھا شیخ نہ تجھسے اُلجھ نہ رندون سے ۔ جُدا جُدا ترے سبحہ کا دانہ دانہ ہوا
رکھا تباہ اسے باغبان و گلچین نے ۔ کبھی نصیب نہ بلبل کو آشیانہ ہوا
نگاہ جیسے پڑی لوٹ پوٹ ہو ہی گیا ۔ تمہاری چشم ہوئی یا شراب خانہ ہوا
ملا ہے خونِ جگر کھانیکو تو پینے کو اشک ۔ ہمین نصیب یہ قسمت سے آب و دانہ ہوا
گریگی برق تڑپ کر نہ کیونکہ ہے دلسوز ۔ کہین ہمارا جو خرمن مین ایک دانہ ہوا
وہ عہد مہر و وفا کیا ابھی سے بھول گئے ۔ ابھی تو ایسی نہ مدت نہ کچھ زمانہ ہوا

فرد
خدا نے تجھکو اگر حسن مین بنایا فرد ۔ تو عشق مین ترا عاشق بھی اک یگانہ ہوا

اللہ اللہ جلوۂ پرتاب تیرے نور کا ۔ رشک سے سوزان ہے جسکے شعلۂ شمع طور کا
وہ جلال و سوز کا عالم ہے اُسکے نور کا ۔ ایک ذرہ تک رہا باقی نہ کوہِ طور کا
بند ہوتا مُنہ نہین دیکھا کبھی ناسور کا ۔ پھاہا اثر کافور سے ہے خود مرہم کافور کا

تیغ قاتل کو ہمیشہ دیکھکر ہنستے رہے
دل کے زخموں نے نہ دیکھا منہ کبھی انگور کا

پھونک دے فوراً تمہارے حسن کا شعلہ ہمیں
گر زبان پر میری نام آجائے اے بت حور کا

حور سے آنکھیں لڑاتا ہوں وہ ہوں عالی خیال
دور بین ہوں مجھکو مضموں سوجھتا ہی دور کا

ہمنے جھیلا سر پہ بار عشق کچھ تم بھی تو دو
بے لئے بڑھتا نہیں ہے دل کسی مزدور کا

جان خوبی مجمع خوبی ہے تو ای کان حسن
جسم ہے تیرا پری کا اور چہرہ حور کا

تونے شیریں جان شیریں اسکی کیوں ہتھیا لی
کام تھا یہ کوہکن کا یا کسی مزدور کا

کیا اثر ہوتا کہ میں ہے ناوک مژگان یار
چارہ گر مشکل ہے آنا زخم پر انگور کا

دل لئے پھرتا ہے انبار غم و حرمان پاس
منصفی کیجے کلیجہ دیکھئے مزدور کا

ہر گھڑی کی چشم پرنم اشک باری چھوڑ دے
بند ہونا غیر ممکن ہوگا اس ناسور کا

تیرے دیوانوں کی وہ زنجیر پا کا غل ہوا
دب گیا ہیبت سے جسکی شور بانگ صور کا

تابش برق جمال یار کیا دیکھی نہیں
ہر گھڑی اچھا نہیں موسیٰ ارادہ طور کا

یہ حسینوں کی ملاحت یہ نزاکت ہے کہاں
تجھکو ہی زاہد مبارک ہو تماشا حور کا

پیتے ہیں بے رنگ کی غٹ غٹ جناب شیخ جی
اور کہتے ہیں فشردہ یہ نہیں انگور کا

**عاشق** اسکا سلسلہ اب دیکھئے کب قطع ہو
طول بیغایت ہوا اپنی شب دیجور کا

وصل کی شب نور پھیلا وہ رخ پر نور کا
ہے گمان گھر پر ہمارے جلوہ گاہ طور کا

لال ہے خون جگر سے منہ مرے ناسور کا
رنگ پھیکا پڑ گیا ہے مرہم کافور کا

مجھکو اک تو چاہیے کب اور سے ہو کچھ غرض
کون مشتاق پری ہے کون طالب حور کا

توڑ کر اسکو کہاں سے لاؤ گے تم اسکا جوڑ
ساغر دل زاہدو شیشہ نہیں بلور کا

ہے قیامت آشکارا ہو گیا ہے روز حشر
نالہ دل میں اثر ہے اب صدائے صور کا

ہو گیا ہے اب تو دولت کو شرافت پر شرف
مرتبہ دیکھا نہیں کچھ مرد بے مقدور کا

چاندنی کے فرش پر جب لوٹتی ہو چاندنی
سوت بھی کمبخت اُسکے خوف سے آتی نہین
نیش ہی سے نوش ملتا ہے یہ نکتہ یاد رکھ
سوجھتی ہے اور کچھ رندون کو بس خاموش رہ
قلقل مینائے مے ہے مست حال و قال مین
دوستو ہون جان و دل سے دختر رز پر نثار
وہان تو اک موسیٰ تھے یہان ہین سیکڑون مشتاق دید
حیثیت اپنی بدلنی عشق مین زیبا نہ تھی
وہ انا الحق مین تھا بیخود مین ترا جز ہو گیا
زاہد و پیر مغان کی تم کرامت دیکھ لو
حور کی چاہت مین زاہد کو ملا اچھا خطاب

دست بلّورین مین اُنکے جام ہو بلّور کا
حال کیا تم سے کہون رنگ شب دیجور کا
بے مشقت کے نہین ملتا عسل زنبور کا
وصف بیحد تجھکو نازیبا ہے واعظ حور کا
دھوم سے ہے عرش اک بادہ کش مغفور کا
گور پر میری لگانا تم شجر انگور کا
بام تیرا رشک وہ ہے جلوہ گاہ طور کا
کوہکن افسوس یہ تو کام تھا مزدور کا
مرتبہ رتبہ سے میرے کب بڑھا منصور کا
جان دیکر رند نے پایا لقب مغفور کا
رند پھبتی سے اسے کہتے ہین بندہ حور کا

عاشق اس دنیا کو سچ کہتے ہین سب عبرت سرا
ہے گدا کی ٹھوکرون مین آج سر فغفور کا

نور کا پرتو ترا اللہ رے جلوہ نور کا
ہے اثر اُڑنے لگا سایہ مرے دل محرور کا
دیدۂ بینا سے جلوہ دیکھئے اُس نور کا
چٹکیان تیرا تصور لیکے چونکا دے مجھے
المدد اے نالہ ہائے آتشین و شعلہ بار
قتل کرنے سے ڈرا تا کیا ہے او قاتل ہمین
ہے بسکہ وحشی سے جلتا خوب سا عشق مین
جسمین شوخی و ادا و ناز و غمزہ کچھ نہین

غیرت خورشید ہے ہر ذرہ کوہ طور کا
بنگیا آتشکدہ ہر زخم اب ناسور کا
بنگیا کحل البصر ہر ذرہ سنگ طور کا
خواب مین بھی گر خیال آجائے وصل حور کا
پھونکتا ہے اب مجھے دامن شب دیجور کا
دور سے ہم آئے ہین کرکے ارادہ دور کا
بوجھ باندھین ساتھ اپنے کیلئے مزدور کا
تو بھی اے زاہد ہوا شیدا تو کسکا حور کا

وادی ایمن سے نکلا کونسا خورشید رو
نور ڈھونڈھ لایا ہوا کیون ہے چراغ طور کا

لیلی شب پر فدا اپنا دل مجنون ہوا
ہے ازل سے سابقہ میری شب دیجور کا

تیرے برق حسن عالم سوز کو یہ ننگ ہے
پھونکنا برق تجلی کیا ہے برق طور کا

پاس والون کا بھی تمکو پاس کچھ مطلق نہین
کرتے ہین خاطر جو گھر آجائے کوئی دور کا

عقل کہتی ہے کہ پاس آبرو بھی چاہیے
شوق کہتا ہے کہ ہے اپنا ارادہ دور کا

دار مژگان پر یہ چڑھکر ہوگیا سردار عشق
رتبہ میرے دل نے پایا عشق مین منصور کا

کون ہمدردی کرے اپنی سوائے بیکسی
پوچھنے والا نہین کوئی دل رنجور کا

کسطرح سے ہاتھ ڈالین تم پہ ہم اب کیا کرین
تم عسل ہو تو عدو بھی نیش ہے زنبور کا

ہے ترش روئی مین بھی پیر مغان کو میرا پاس
مجھکو سرکہ بھی اگر بھیجا تو بس انگور کا

عمر ضایع کر نہ بیجا رہرو ملک عدم
رکھ لے کل کے واسطے توشہ سفر ہے دور کا

بیگنہ کے خون کا چھینٹا تمھارے سر ہوا
کون کہتا ہے اسے قشقہ ہے یہ سیندور کا

پھونک دے برق تجلی صنم اک آن مین
نام آجائے زبان پر بھول کر گر طور کا

جب نہ ہو جلوہ نصیب اسکا تو عاشق کیون جائی
شور ہے محفل مین اسکی دورباش و دور کا

نالون سے تو نہ اے دل نالان گجر بجا
دم نکلے گا جو یون ہین یہ آٹھون پہر بجا

خود ہی گجر نواز کو ایسا ہے آپکا
اور مجھسے پوچھتے ہین گجر ساکدھر بجا

رکھتے ہو شام زلف بھی صبح جبین بھی
تم رشک مہر اور ہو رشک قمر بجا

تھا انتظار یار شب وعدہ کس قدر
سیراجو کان شام سے لے تا سحر بجا

مفلس کو پوچھتے بھی نہین ہین حسین لوگ
اے ہمنشین پہلے ہے یہان فکر زر بجا

اسمین بھی کوئی بات ہے اور کوئی چال ہے
کہتا ہے بات بات پہ اب نامہ بر بجا

اٹھ جلد بزم غیر سے وقت سحر ہوا
تجھکو خبر نہین کہ ہے کیا بے خبر بجا

کہتے ہین بے وفا تمھین ہوتے ہو کیون خفا — پھر کیا کروگے نکلا یہ الزام اگر بجا

جانے بقا کو جو کہ فنا آدمی ہے وہ
**عاشق** ہے اس قیام پہ فکرِ سفر بجا

گر ایک قطرہ گرا میرے دیدۂ تر کا — پتہ ملیگا نہ اہلِ جہان کے گھر کا
نوشتہ دیکھتے کیا ہو مرے مُقدّر کا — لکھا ہے اس پہ سب احوال روزِ محشر کا
تجھے تو پینے کی عادت نہین ہے ای زاہد — پیئے گا حشر مین کسطرح جامِ کوثر کا
اُبل رہا ہے پیاسو پیو سبیل ہے آج — وفورِ رحمتِ باری سے آبِ کوثر کا
مجھے نہ فخر ہو کیونکر سیاہ بختی پر — کہ اس مین رنگ ہے اُس گیسوئے مُعنبر کا
تمھاری زلف نے بیقدر کر دیا سبکو — رہا نہ کوئی خریدار مُشک و عنبر کا
نہین ہے خوف مجھے آفتابِ محشر سے — کہ سر پہ سایہ رہا دامنِ پیمبر کا
کسی کے ہجر مین اشکون کی آبرو نرہی — غضب ہے خاک مین ملجائے دانہ گوہر کا
کسیکے یہ شکمِ صاف کی صفائی ہے — ہے لوح ہیرے کی یا تختہ سنگِ مرمر کا
اُنھین فسانۂ الفت سے ایسی نفرت ہے — سُنا نہین کبھی قصہ گُل و صنوبر کا
ہر اک حسین سے کھاتا ہے دل ہمارا داغ — یہ جمع بھیک سے کرتا ہے ٹکرہ گھر گھر کا
کبھی تو وصل کا وعدہ کرو کبھی تو ملو — خُدا کا واسطہ اور واسطہ پیمبر کا
ہمارا دل صفِ مژگان سے جا کے لڑتا ہے — سپاہی سامنا کرتا ہے ایک لشکر کا
بنا کے آئینہ خود بین کیا حسینون کو — قصور اسمین ہے سب حضرتِ سکندر کا
وہ دل کی خاک کو گھر گھر لئے جو پھرتا ہے — گمان ہے ترے عاشق پہ کیمیا گر کا
ہزار طرح سے سنگِ ستم گراتے ہین — یہ بُت وہ بُت ہین کہ رکھتے ہین دل بھی پتھر کا
رقیب ایک بھی ٹھہرا نہ آج مقتل مین — یہ مین ہی ہون کہ تمھارے نہ پاس ہے سر کا
بناؤ اشک کا دُرِ دانہ اپنے واسطے تم — یہ قطرہ وہ ہے کہ رکھتا ہے حکم گوہر کا

کہا جو سنگ دل انکو تو کیا ہی غصہ سے
وہ مجھسے بولے کلیجا ہے تیرا پتھر کا

کسی کی گردش چشم سیہ پہ مرتا ہون
فقط مین اسلئے عاشق ہون جام ساغر کا

مین انسے جذبِ شوق مین وہ ایک تن ہوا
ہر بند بند جسم کا وصلِ بدن ہوا

خارِ غمِ فراق یہان رخنہ زن ہوا
ہمراہ تیرے غیر جو رشکِ چمن ہوا

نازک بدن کے عشق مین نازک یہ تن ہوا
خود ہمکو جامۂ تنِ عریان کفن ہوا

وردِ درود و ذکرِ خدا کا اثر ہے یہ
مشکِ ختن کی طرح معطر دہن ہوا

آوارگان راہ محبت کا کیا مقام
دھونی جہان رمائی وہ انکا وطن ہوا

سایہ کی طرح ساتھ ہین ہم تیرے اے صنم
جس جا کہ تو ہوا وہ ہمارا وطن ہوا

انجم نثار کرنے لگا سر سے آسمان
جس دم وہ شب کو زیب دہِ انجمن ہوا

مانا کہ ہم تھے سیدھے مسلمان پر یہ کیا
بت تجھسے بھی تو رام نہ اے برہمن ہوا

اس رشک ماہِ مصر کی چاہت مین کیا ملا
ناں دل اسیرِ الفتِ چاہِ ذقن ہوا

تار نظر کے عشق مین تیرے زہے نصیب
حورون کے پیرہن سے ہمارا کفن ہوا

عریانیون نے ڈھانک لیا ہے ہزار شکر
ممنونِ بخیہ گر نہ مرا پیرہن ہوا

غیرون کے ساتھ آئے ہین پھولو نہین وہ گھر
ماتم کدہ بھی رشک دہِ انجمن ہوا

سایہ کی طرح آئے یہان اور ڈھل گئے
ملکِ عدم ازل سے ہمارا وطن ہوا

انداز سارے تیرے ہمارے لئے ہین موت
غمزہ ہوا کہ ناز ہوا بانکپن ہوا

جس جا نگاہ تیری پڑی گل کھلا دیئے
رکھا جہان قدم وہین پیدا چمن ہوا

تھے ابتدائے شوق مین سمجھے جسے سبک
قسمت سے بارِ عشق ہمین لاکھ من ہوا

عاشق کا دل ہے رازِ حقیقت کا رازدار
گنجینہ معرفت کا ہمارا سخن ہوا

تار شعاعِ مہر سے اپنا کفن ہوا — اُس رشکِ مہر کا یہ عطا پیرہن ہوا

تار فلک سے لُوٹتے یہ رشکِ سخن ہوا — کچھ دُر فشان جو آج وہ درجِ دہن ہوا

وہ رشکِ گل چمن مین اگر خندہ زن ہوا — شرمندگی سے ہر ورقِ گل شکن ہوا

جس جا مین میہمان وہ مہمان سرا ہوئی — اگر جہان سے جاینِ جہان وہ وطن ہوا

اے دل کہین امید کا رشتہ نہ ٹوٹ جائے — کوئی اگر کلام وہان دل شکن ہوا

نکلی ہے کوئی بات اگر تیری بات مین — پیدا ہر اک سخن سے ہمارے سخن ہوا

گوہر نکل کے بطنِ صدف سے ہوا عزیز — قدر اُسنے پائی جو کہ غریب الوطن ہوا

لکھا مرے نصیب کا مٹتا نہین ہے کیون — یہ بھی کوئی تمھاری جبین کا شکن ہوا

بوسون کی لذتون سے پھنسا صیدِ اشتیاق — دل شکلِ خال باعثِ زیبِ ذقن ہوا

ہے اُنکی میٹھی باتون سے وہ لذتین نصیب — شیرینیٔ کلام سے شیرین دہن ہوا

وحشت کے جوش نے مری مٹی خراب کی — آوارگی مین خاک بھی اک پیرہن ہوا

زاہد مرے گلے مین یہ رشتہ ہی عشق کا — زنار کب ہے اور مین کب برہمن ہوا

آئی کسیکی زلفِ معنبر کی کچھ ہوا — کیسا معطّر آج ہمارا کفن ہوا

پا اُسکے خیال سے ہوئی راہِ عدم جو طے — گھر بیٹھے ہی مین آج غریب الوطن ہوا

کہیئے یہ کیسا تکیۂ بالین پہ ہے نشان — عارض پہ خط نہ تھا تو یہ کیونکر شکن ہوا

آوارگان عشق کا کوئی وطن نہین — عنقا جہان رہا وہی مسکن وطن ہوا

**عاشق** وہ میری بات پہ باتین سناتے ہین
کیا نکتہ چینیون کو ہمارا سخن ہوا

فیضِ چمن سے یار کے رنگین چمن ہوا — کیا تازہ تر ہر ایک نہالِ کہن ہوا

واعظ بھی آج شوق سے توبہ شکن ہوا — وہ دل ہا جو زیب دہِ انجمن ہوا

سینہ ہمارا داغون سے رشکِ چمن ہوا — تازہ غمِ فراق سے زخمِ کہن ہوا

عشقِ ستم کے واسطے اُسکے بنا ہدف
آماجگاہِ تیر ہمارا بدن ہوا

وہ اِس سے پھنس گئے تھے یہ اُس سے لپٹ گیا
دل زلفِ یار سے جو شکن در شکن ہوا

کیا دھجیان اُڑائی ہین دستِ جنون نے ہائے
کیسا یہ تار تار مرا پیرہن ہوا

آوارگیٔ شوق ترا ہو جیو بھلا
غربت کا دشت اب تو ہمارا وطن ہوا

ہین اور سے پیون مگر اے شیخ کچھ نہ پوچھ
جھوکا ہوائے سرد کا توبہ شکن ہوا

آئے ہین فاتحہ کے لیئے اور یہ ناک چھانک
دستارِ شیخ کے لئے میرا کفن ہوا

کیا پوچھتے ہو اہلِ وطن ہمسے سرگزشت
پردیس مُدتون سے ہمارا وطن ہوا

پژمردہ دل ہمارا کچھ ایسا کھلا ہی آج
اُس رشکِ گل کے آنے سے رشکِ چمن ہوا

وہ رشکِ ماہ آیا شبِ ماہ وقتِ نزع
صد شکر چاندنی کا ہمارا کفن ہوا

اس ضعف سے یہ حال ہوا کوئے یار مین
گویا قدم قدم پہ ہمارا وطن ہوا

گل جامہ در تھے رشک سے وہ رنگ دیکھکر
آتے ہی اُٹھے اور ہی رنگِ چمن ہوا

دکھلائی آنکھ اُسنے غزالانِ دشت کو
میرا خیال چوکڑی بھر کر ہرن ہوا

وہ گالیان سُنا کے طلب کرتے ہین جواب
یہ بھی کوئی سوال ہوا یا سخن ہوا

اللہ رے توڑ آپ کے تیرِ نگاہ کے
چھن چھن کے جن سے چھلنی ہمارا بدن ہوا

عاشق تصورِ لبِ جاناں مین ہے مٹھاس
آیا خیالِ بوسہ تو شیرین دہن ہوا

آہن ہوا کہ سنگ ہمارا بدن ہوا
لیکن کسی کے سنگِ ستم کا کفن ہوا

بلبل کو گرچہ ہجر سے رنج و محن ہوا
ہر گل بھی سوک سوک کے نازک بدن ہوا

وہ روئے رشکِ ماہ جو پرتو فگن ہوا
پانی ہوا یہ شیشہ کہ نہرِ لبن ہوا

وحشت سے جس زمین پہ مین سایہ فگن ہوا
بنکر ہرن نگاہ سے سایہ ہرن ہوا

لعل و گہر کی بات کوئی پوچھتا نہین
گوہر فشان وہ بزم مین میرا سخن ہوا

زاہد کو اُسکی مست نگہہ دم مین لے اُڑی ... ساقی سے خواستگار شراب کہن ہوا

تردامنی نے مجھکو دیا تھا یہ مرتبہ ... رندون کے واسطے جو تبرک کفن ہوا

آتا نہین مین غیر کے ہرگز خیال مین ... اک نازنین کے عشق مین نازک بدن ہوا

غلمان حور سونگھتے ہین کس خوشی سے آج ... کیا حُلّہ بہشت ہمارا کفن ہوا

شرمندہ ہو کے بطن صدف مین جو چھپ گیا ... پھیکا رُخِ صبیح سے دُرِّ عدن ہوا

آتی مہک ہے دور سے اُسکے لباس کی ... یوسُف کے پیرہن سے سوا پیرہن ہوا

کیونکر نہ روئے بیکسی ایسے کی موت پر ... نے گور ہی ملی نہ میسّر کفن ہوا

تیرے ہی نام پاک سے پاکیزہ ہے زبان ... تیرے ہی نام پاک سے شیرین دہن ہوا

جوڑے کو اُسنے باندہ کے جب کج کلاہ کی ... یہ طُرہ ہے کہ اور شکن پر شکن ہوا

پونچھا پسینہ رُخ سے تمھارے بُرا کیا ... بیوجہہ کیون جبین پہ تمھاری شکن ہوا

تسخیر ہے کہ سحر ہے کیا جانے کیا ہے یہ ... مشہور اک جہان مین تمھارا سخن ہوا

**عاشق** مین اپنے ضعف کا احسان مند ہون ... دیوار یار کا مجھے سایہ وطن ہوا

زخمی جگر ہوا تو دل افگار ہوگیا ... ترچھی نظر سے دیکھنا تلوار ہوگیا

ناں تجھہ سے ہی بتون کا خریدار ہوگیا ... بدنام جو کوئی سرِ بازار ہوگیا

کیا جانے کس سبب سے وہ بیزار ہوگیا ... مین بے گناہ مُفت گنہگار ہوگیا

کیا فیض شکرِ دہن یار ہوگیا ... طوطی خود اپنا عاشقِ منقار ہوگیا

قسمت سے روشنی نہ مجھے مانگنی پڑی ... داغ جگر ہی شمع شب تار ہوگیا

اب ضعف سے نگاہ اُٹھانا محال ہے ... مژگان کا پردہ بھی مجھے دیوار ہوگیا

زاہد بندھے ہوئے ہین سبھی ایک تار مین ... تو سبحہ کا مین عاشقِ زنّار ہوگیا

نیزہ پہ میرے سر کو چڑھا کر وہ کہتے ہین ... تو نخلِ نامرادِ ثمردار ہوگیا

دل کو بکو صنم کی جو تجھکو تلاش ہے
ثابت قدم تھا لیک تو سیار ہوگیا

مین محو روئے یار چمن مین اگر گیا
ہر خار میری آنکھ مین گلزار ہوگیا

ہے کونسا یہ شمع شب افروز بزم مین
پُر تاب آج سایۂ دیوار ہوگیا

فرمائشین ہین مجھسے کہ تازہ غزل کہو
وہ بت بھی اب تو شایقِ اشعار ہوگیا

ادنے سا ہے یہ نرگسِ بیمار کا اثر
اچھا بھلا تھا دل ابھی بیمار ہوگیا

اب تو جنون ہوا ہے گلو گیر بے طرح
طوقِ گلو گلے کا مرے ہار ہوگیا

یہ انقلاب ہے خلش دل سے ہمنشین
گل آتے آتے میری طرف خار ہوگیا

اُس سنگدل کی سنگدلی نے اثر کیا
صد شکر غیر صورتِ دیوار ہوگیا

سوئے نصیب غیر کے اللہ رے انقلاب
**عاشق** کا بخت خفتہ جو بیدار ہوگیا

کچھ تو سبب ہے رنگ جو تغییر ہوگیا
اُٹھتی جوانی تھی تری کیون پیر ہوگیا

اے نامہ بر بتا تو کہ کیا گذری تجھپہ وہان
صورت ہی دیکھ صورتِ تصویر ہوگیا

پنہان ہین ساز عشق بتون مین جناب شیخ
جائے بتان مین کعبہ جو تعمیر ہوگیا

پابند کر لیا ہے ہمین عشقِ زلف نے
نالہ کیا تو پانو کی زنجیر ہوگیا

لو اور بڑھ گئی شب تیرہ کی تیرگی
آہون سے تار نالۂ شبگیر ہوگیا

جان اس قفس سے ہجر مین آزاد ہوگئی
تن لاغری سے صورتِ زنجیر ہوگیا

مجھ بے گنہ کے خون سے چمکا ہے اُو حُسن
لا بادہ رنگ غازۂ تصویر ہوگیا

حسرت کے واسطے ہے ٹھکانہ کہ زیر چرخ
غمخانہ میری آہ سے تعمیر ہوگیا

اللہ رے ناتوانیٔ دل کا معاملہ
مین ابتدائے عشق مین کیون پیر ہوگیا

صورت یہ صدقے ہونیکو باقی ہے جان مری
دل پہلے گو تصدقِ تصویر ہوگیا

بیداد گر کو مژدہ جفاؤن کو ہو نوید
دل خوگرِ عقوبت و تعزیر ہوگیا

میرا دلِ شکستہ نہیں بتکدہ ہے شیخ
سو بار ٹوٹ ٹوٹ کے تعمیر ہو گیا

پہنایا ہار پھولون کا کیا غیر نے اُسے
اشکون کا سلسلہ جو گلوگیر ہو گیا

اُس چشم سرمہ گین کے تصور مین آہ ہم
رونے لگے تو گریہ گلوگیر ہو گیا

نام خدا جوان تھا ابھی عشق تازہ کار
چرخ کہن کے سامنے کیون پیر ہو گیا

لکھا نہ مٹ سکا کبھی عاشق خط فراق
یہ بھی کوئی نوشتۂ تقدیر ہو گیا

مہر کیا ہے ایک ذرہ ہے تری درگاہ کا
روضۂ اقدس سے ظاہر نور ہے اللہ کا

قصہ پہونچا یا فلک تک اس غم جانکاہ کا
دیکھ لو ادنے کرشمہ ہے ہماری آہ کا

آستان بوسی کو جھک کر ہو گیا چسپان ہین
ہو مبارک سر بھی سنگ در بنا درگاہ کا

ناصحا تو عاشقون کو راہ بتلاتا ہے کیا
ہے مناسب راہ پر لانا کسی گمراہ کا

قیصر و فغفور کمتر ہین ترے دربان سے
تیرے کوچہ کی گدا سے کم ہے رتبہ شاہ کا

پھولتا ہے کیون فلک رنگ شفق پر اسقدر
عکس ہے یہ اک مرے خون شہادتگاہ کا

داغ دل ہمنے سر راہ عدم روشن کیا
شاید آجائے ادھر بھی کوئی طالب راہ کا

پوچھتے کیا ہو جناب شیخ تمکو کیا خبر
جسکو کہتے ہین عدم مرجع ہے اپنی آہ کا

دیدۂ حق بین و چشم باطنی درکار ہے
کونسی جا ہے جہان جلوہ نہین اللہ کا

غیر مفسد ہے اسے بھی اے خدا فی النار کر
جسطرح شیطان ہے راندہ تری درگاہ کا

عاشقون کی عمر سب رنج و بکا مین کٹ گئی
لے فغان کا کچھ اثر دیکھا نہ ہمنے آہ کا

چشم حق بین چاہیئے کعبہ ہو یا بتخانہ ہو
یہ بھی گھر اللہ کا ہے وہ بھی گھر اللہ کا

جان و دل کو سینہ کو پہلو کو وہ کرکے ہدف
غیر کو مشتاق کرتے ہین تماشا گاہ کا

جسقدر فرقت کی شب رنج والم کا طول ہے
مختصر ہے عیش وصلت کی شب کوتاہ کا

ناپتا ہے دامنِ محشر سے کیون اے آسمان
میری وحشت سے سوا ہے وہ راس کوتاہ کا

کاٹنا راہ بقا کا غافلو دشوار ہے
دو قدم ہے راستہ بس ہستیٔ کوتاہ کا

طامع دنیا کو دیکھا ہی نہیں ہے سرخرو
زرد گون ہوتا ہے چہرہ ایسے دولتخواہ کا

پھر پشیمان ہو کے ہونگے آپ رسوائے جہان
مانتے ہو اتو کہنا دشمن بدخواہ کا

بحر غم سے پار ہو جائیگی کشتیٔ امل
التفات ادنےٰ سا ہو جائے جو تجھ سے شاہ کا

اے محمد **عاشق** دل خستہ کو لینا بچا
آپکی امت مین ہے بندہ ہے گر اللہ کا

ملتفی ہمکو وسیلہ ہے تری درگاہ کا
خادم دیرینہ ہون سرکار عالیجاہ کا

وہ بنا جگر شب ہجران ہماری آہ کا
داغدار دائمی جس سے ہے سینہ ماہ کا

زاہدان شیخ مصنوعی سے دل رستہ نپوچھ
معتقد کیون ہو چلا اُس خشک اس گمراہ کا

اور کچھ ملتا نہیں ہے عشق کی سرکار سے
سکۂ داغ جگر پایا عوض تنخواہ کا

جلوۂ روئے بتان ہے صنعت خالق پہ دال
دیکھ لے زاہد تماشا قدرت اللہ کا

یک بیک شبکو جو بزم غیر مین ہل چل پڑی
یہ مقرر تھا اثر ہمدم ہماری آہ کا

کیون کرین زاہد کی منت اور خوشامد شیخ کی
راہبر ہمنے نیا پایا ان کو سیدھی راہ کا

کسلئے محروم رہتا یہ ترے افضال سے
بندہ بھی تو بندہ ہے آخر تری درگاہ کا

یھان نہ پروائے ارم نے حور و غلمان سے غرض
آز کا بندہ نہین بندہ ہے جو اللہ کا

غیر کی اسمین جگہ کب ہو بجز نام خدا
ثبت ہے دل پر ہمارے نقش بسم اللہ کا

حال سے بے حال ہو کر بھولگی ہو حق تمام
نام ہی لینا نہ زاہد تم بتون کی چاہ کا

فلس ماہی کی روش ہین آبلے تن پر ترے
بلہوس دیکھا اثر مجھ تفتہ دل کی آہ کا

چاہیئے تبعیت فرہاد و مجنون عشق مین
راہرو سے کچھ پتہ ملتا ہے اے دل راہ کا

حرص دنیائے دنی سے پاک رکھنا چاہیئے
یون تو دل کو سب کہا کرتے ہین گھر اللہ کا

تھا بھروسہ دم مین پھونکے گی زمین و آسمان
حیف ہجران مین اثر جاتا رہا کیون آہ کا

قطرہ قطرہ سے صدا آتی ہے الا اللہ کی
بن گیا بسمل جہاں میری شہادتگاہ کا

ہو گیا عالم میں عاشق کا سخن مقبول عام
ورد ہے دایم زبان پر اسکے بسم اللہ کا

یہ نہیں قائل کسی حق بین حق آگاہ کا
راہ پر دشوار ہے لانا دل گمراہ کا

حال سب ظاہر ہے زاہد کے دل آگاہ کا
یہ بتائیگا ہمیں چلنا خدا تعالیٰ کی راہ کا

نور عارض کے مقابل ہو یہ منہ ہے ماہ کا
مہر کا پرتو ہے وہ یہ نور ہے اللہ کا

صدقے آزادی کے اسکو موت کا بھی غم نہیں
پھر برابر ہو گدا کے عیش کیونکر شاہ کا

ہر بن مو سے صدا پیدا ہوئی تکبیر کی
مجھکو دھو دھو کر پلا نا نقش الا اللہ کا

نکلے گر تکبیر قاتل کی زبان سے وقت ذبح
نعرۂ بسمل کی زبان سے نکلے الا اللہ کا

بیوفا اتنا ستم اتنا تغافل خوب ہے
نام پھر لیگا نہ کوئی دیکھ تیری چاہ کا

خاکساری سے ہوئی ہے مدعا عاشق کی نجات
قبر پر میلا بھرا رہتا ہے خلق اللہ کا

کوچۂ قاتل میں جانا زاہد و کیا کھیل ہے
ذرہ ذرہ ہے قیامت جسکی بازیگاہ کا

جسکا دل معمور ہو ہر دم خدا کی یاد سے
اسکی آنکھوں میں سدا جلوہ ہے بیت اللہ کا

میری آہوں سے دھوئیں اُڑ جاتے ہیں افلاک کے
میرے نالوں سے ابل اٹھتا ہے پانی چاہ کا

اس سے بہتر ہی نہیں کوئی عمل تسخیر کا
سچے دل سے نام لینا چاہیئے اللہ کا

جب نہیں سمجھا کوئی خالق کوئی رازق تو پھر
آستانہ کیونکہ چھوڑوں تجھسے شاہنشاہ کا

اسکو حلم و عدل و انصاف و ترحم چاہیئے
شاہ پر ہوتا ہے بار حفظ خلق اللہ کا

ڈوبکر دریا سے تو صدہا نکل آتے ہیں پر
تیرتا دیکھا نہیں ڈوبا ذقن کی چاہ کا

دیر ہو کعبہ ہو بتخانہ کلیسا کوئی ہو
چشم حق بین میں وہی جلوہ ہے اک اللہ کا

اُف رے خون روتی ہے ہر لحظہ ہماری چشم غم
گرم رہتا ہے ہمیشہ پانی اپنے چاہ کا

اک فقط تو چاہیئے ہر حال میں کافر ہوں گر
چاہ کر تجھکو کسیکے نام لوں پھر چاہ کا

آفتاب حشر کی حدت سے عاشق کیا خطر
ظل عالی اپنے سر پر ہے رسول اللہ کا

ہمراہ غیر کو لئے مرقد پہ ہو گیا
مجھ ڈوبتے کو اور بھی ظالم ڈبو گیا

کوچہ کسی کا ملک عدم سے نہین ہے کم
قاصد وہین کا ہو گیا صد حیف جو گیا

وہ خاک مین ملا کے مجھے محو سیر ہے
لوگون سے پوچھتا ہے کہ کیا اسکو ہو گیا

اس عشق فتنہ ساز کا شکوہ نہین ہمین
اچھا برا ازل مین جو ہونا تھا ہو گیا

نوک مژہ کی یاد نہ دل سے کبھی گئی
تار نفس مین سوزن مژگان پرو گیا

ڈوبا ہوا تھا پہلے ہی بحر فراق مین
آکر وہ رشک غیر مین مجھکو ڈبو گیا

باد خزان کے جھونکے اڑاتے نہ پھر اسے
اے ابر مشت خاک نہ میری بھگو گیا

دنیا کی لاکھ رنج مصیبت سے چھٹ گیا
آرام سے وہ ہے جو تہ خاک سو گیا

حال نزار و بیکسی دل کو دیکھکر
آیا مریض غم کی جو بالین پہ رو گیا

عاشق ہے راہ زلف گرہ گیر پیچ پیچ
ملتا نہین وہ دل جو وہان جاکے کھو گیا

کوئی مجبور رہا باقی نہ مغرور رہا
دور دورہ نہ زمانے کا بدستور رہا

عادی جور و جفا وہ بت مغرور رہا
خوگر صبر دل زار بدستور رہا

کب زبان پر ترے شکوہ بت مغرور رہا
شیوۂ شکر جو اپنا تھا بدستور رہا

آئے تو کیا وہ عیادت کو نہ آئے تو کیا
جب تنفس کا نہ ہرگز ہمین مقدور رہا

چارہ گر چارہ گری سے تری ناسور پڑا
آرزومند نمک زخم کا انگور رہا

زاہدا کیون رہ پر پیچ ہوئے تجھکو پسند
کوچۂ یار ترے راستہ سے دور رہا

نام باقی ہے سدا دہر مین حق گوئی سے
حشر تک تذکرۂ دعوی منصور رہا

نام حق دار پہ بھی چڑھ کے زبان سے نکلا
یاد حق سے جو نہ غافل کبھی منصور رہا

اپنی محنت سے نہ اصلا وہ ہوا شیرین کام / تھک کے اس راہ مین فرہاد سا مزدور رہا

کھولے عقدے تو بہت تو نے زمانے کے فلک / پیچ پر کاکل پرخم کا بدستور رہا

چرخ نے رنگ زمانے کے بہت سے بدلے / شیوۂ ظلم و ستم تیرا بدستور رہا

انقباض دل دلدار سے ہجران کیطرح / دم کا گھٹنا کبھی شب وصل بدستور رہا

کسکو جلوہ ہو بجز عاشق صادق حاصل / جلوہ گر بھی ہے وہی اور وہی طور رہا

تابش حسن کی حدت نے اڑایا اسکو / روبرو تیرے صباحت کے نہ کافور رہا

توسن ناز ترا اس سے کچھ ایسا چمکا / رہ سکا ساتھ نہ شوخی کے بہت دور رہا

مسجد و بتکدہ دونون مین اسی ڈھب **عاشق**
بت کا اور بادہ گلفام کا مذکور رہا

جز پیمبر کے وسیلہ ہے تجھے جان کسکا / اہل محشر مین بتا کون ہے پرسان کسکا

منتظر دم ہے نکلنے مین مریجان کسکا / دوست دشمن کا نہین پھر ہو وہ پرسان کسکا

ایک نظارہ مین جسکے ہو وصال دایم / یہ مرے دل کے سوا اور ہے ارمان کسکا

وامق و کوہکن و قیس ہوئے جب معدوم / منتظر میرے سوا اب ہو بیابان کسکا

چرخ چکرائے مرین رشک سے اعدا لاکھون / مہربان تو ہو تو خطرہ مجھے جانان کسکا

جسکی شیرینی سے لب بند تصور مین ہوئے / ذائقہ بخش یہ ہے سیب زنخدان کسکا

غیر کو جانتے ہو میری روش دیوانہ / مثل گل چاک ہے فرمائیے دامان کسکا

رنج سے شانۂ صد چاک ہوا کیون مائل رشک / زلف برہم نے کیا حال پریشان کسکا

جب وہ گل چہرہ ہے اپنا تو ہے سب کچھ اپنا / نخل کسکے ہین یہ گل کہئے گلستان کسکا

واعظا ماہ کو اس گل سے بھلا کیا نسبت / چہرہ انصاف سے کہئے کہ ہے خندان کسکا

قیس و فرہاد تو پہونچے نہ سر منزل تک / ہے لپیٹا ہوا یہ بستر میدان کسکا

داغ دل کا ہے مرے یا کف پا کا اسکے / عکس ہے ورنہ فلک پر مہ تابان کسکا

مجھکو اک چاہیئے تو اور نہین کچھ خواہش
ہے ارم چیز ہی کیا تخت سلیمان کسکا

ہائے دل ہاتھ سے نکلا جو چلا جاتا ہے
یاد آیا یہ مجھے طرز خرامان کسکا

شاہی عشق مین سُنتا نہین کوئی زاہد
کون حاکم ہے یہان اور رہے فرمان کسکا

چاہ مین جسکی مین ڈوبا ہی چلا جاتا ہون
غوطہ دیتا ہے مجھے چاہ زنخدان کسکا

سر تہ خنجر قاتل نرہا اے عاشق
پھر خُدا جانئے ہے منت کش احسان کسکا

ایک ہی وار مین جھگڑا جو چُکایا عاشق
تیغ قاتل کے سوا سر پہ ہے احسان کسکا

صاف دل جو نہین مشکل ہے اُسے پانا تیرا
یعنی گمراہ نہ پائے گا ٹھکانا تیرا

مضطرب دل ہے قیامت کی لیئے جب سے سُنا
تیغ سے روز قیامت نظر آیا تیرا

ہر رگ و پے مین سمائی ہے محبت تیری
ہے مری جان مری آنکھون مین ٹھکانا تیرا

اسکے لڑنے سے لڑائی ہے جہان مین تیری
ہے غضب ترچھی نگاہون کا لڑانا تیرا

جبکہ تو میرا ہے تو کیا رہے مجھکو پروا
سارا عالم ہے مرا سارا زمانا تیرا

ناوک ناز و کرشمہ سے ہے بسمل عالم
کوئی خالی نہین جاتا ہے نشانا تیرا

تیری زلفون کی پریشانی نہ جائے گی کبھی
دل صد چاک سے دلریش ہے شانا تیرا

ناز و انداز مین اُن روزون عجب شوخی تھی
ہم نہین بھولے لڑکپن کا زمانا تیرا

جان کا نا دم آخر ہے تو ہمدم اے دل
کون جز جان حزین یہان ہے یگانا تیرا

کف افسوس ہمین رشک سے ملنا ہے
غیر کے ہاتھ مین مہندی کا لگانا تیرا

جگر خستۂ ابرو کو نگہ نے مارا
شوق رکھنا ہے نشانے پہ نشانا تیرا

تیغ ابرو کا کبھی ناوک مژگان کا کبھی
وار تیرا ہے غضب یار نشانا تیرا

زندہ در گور نہ ہون کیون ہمین جب یاد آئے
چٹکیان لیکے شب وصل جگانا تیرا

کوچۂ یار سے مژدہ مجھے لائی ہے صبا
نامہ بر لیکے ہوا نامہ روانا تیرا

مین اسی بات سے خوش دل ہون مرا ایس تو ہے ۔ غیر سے گو ہے نہ ملنے کا بہانا تیرا

قتل کے نام پہ کچھ سر تو جھکاتا تہ تیغ ۔ غیر نے اتنا بھی کہنا نہین مانا تیرا

کس سے فریاد کرے جور و ستم کی عاشق
دور تیرا ہے جہان تیرا زمانا تیرا

جسے یقین ہے خدا تیری کبریائی کا ۔ کبھی خیال نہین اُسکو خودنمائی کا

قفس سے صید کو یہ رنج ہے جدائی کا ۔ کہ جان ہوا ہو اگر نام لو رہائی کا

سما سکا نہ عدم مین بھی غم جدائی کا ۔ وہ مجھ تک آئے اگر حکم ہو رہائی کا

بتون نے سکہ چلایا یہ بیوفائی کا ۔ جہان سے محو ہوا نقش آشنائی کا

عجب طرح کی ہے شکل مہیب و نا زیبا ۔ خدا دکھائے نہ پھر منہ شب جدائی کا

عدو کے دل کے پرخچے اُڑا دیئے صد شکر ۔ یقین تھا مرے نالون کی نارسائی کا

ہم اپنے آئینہ دل کو رونما کر دین ۔ جو خود نما کو ہو کچھ شوق خودنمائی کا

شب وصال مین باتین ہین پیار کی لازم ۔ فسانہ پوچھو نہ مجھسے شب جدائی کا

نہ اپنے پردۂ عصمت کو بیحجاب کرو ۔ لگاؤ مجھکو نہ الزام آشنائی کا

بتون کے ہاتھ مین دستار و ریش ہے اُنکی ۔ جناب شیخ کو تھا ناز پارسائی کا

صفائی غیر سے کرلون تمھاری خاطر سے ۔ صفائی اُسکی ہو تو لطف ہے صفائی کا

جدا ہو تن سے مرا سر کہ جان تن سے رواں ۔ مگر نہ اُٹھ سکے صدمہ تری جدائی کا

سمجھ کے مجھکو وہ بیگانہ ملتفت تھی مگر ۔ بگڑ گئے جو لیا نام آشنائی کا

قیامت آئی بہت بارہا لبون پہ ترے ۔ نہ دن ہوا کبھی آخر تری جدائی کا

ہماری جان ہی جائیگی کوئے جانان مین ۔ پیامبر نے کیا عذر نارسائی کا

سوال وصل مین پھرتا لیے ہون کاسۂ سر ۔ طریق سب سے نرالا ہے یہ گدائی کا

ہمین تو اس دل خانہ خراب نے کھویا ۔ گلہ نہ اُنکا نہ قسمت کی نارسائی کا

نہائے غیر کے وہ روبرو جو دریا مین ۔ سفینہ ڈوب گیا اپنی آشنائی کا

عدو کو ساتھ لئے آیا قبر عاشق پر
وفا مین بھی ترے پہلو ہے بیوفائی کا

یقین ہے دل تجھے گر اُسکی بیوفائی کا
نہ لے تو نامِ خدا نام آشنائی کا

لقب جہان نے دیا تمکو بیوفائی کا
خراب تمنے کیا نام آشنائی کا

یہ شیوہ خوب بتون کی ہے دلربائی کا
وہ جان لیتے ہین دم دیکے آشنائی کا

بجز وصال کے چارہ نہین جُدائی کا
فگارِ غم یہ اثر کیا ہو مومیائی کا

بکھیر زلف کو دل پھانستے ہین خلقت کے
بچھایا جال ہے یہ خوب آشنائی کا

ہمارے عیش مین کیسا ہی یہ خلل انداز
شب وصال مین کھٹکا شب جُدائی کا

سوا ترے مین کسی سے غرض نہین رکھتا
بتون مین شہرہ ہی یون میری پارسائی کا

یہ داغ تیرگیِ دل کا عکس ہے زاہد
نشان نہین ترے ماتھے پہ جبہہ سائی کا

طبیعتون مین حسینون کی بیوفائی ہے
یہ ناشناس ہین کیا کام آشنائی کا

طریقِ عشق کو طے کیجے سر کے بل عاشق
کہ عشق کام نہین زور آزمائی کا

رہے یہ جان حزین یا نہ ہمنشین لیکن
مین دل گرفتہ ہون اُس بت کی دلربائی کا

ترے فراق مین جینا ہے موت سے بدتر
نہین ہے غم ہمین کچھ جان کی جدائی کا

نہ گل نہ ماہ نہ خرشید ہو سکے ہمسر
بیان ہو کیا ترے رُخسار کی صفائی کا

وہ بیٹھتے ہین لبِ بام صبح و شام اے دل
یہ شوق تازہ ہوا اُنکو خودنمائی کا

صبا نے خاک نہ پہونچائی کوئے جانان تک
ہو شکوہ کیا ہمین طالع کی نارسائی کا

نکل کے طرۂ پُر پیچ سے کہان جائے
ہمارے دل کو نہین شوق کچھ رہائی کا

نہین ہے چین کسی طرح روز و شب ہمکو
وبال جان ہے سہنا تری جدائی کا

ہزار حیف کہ عاشق بجائے گردشِ دست
بنا رفیق تپِ غم سے چارپائی کا

ادائے یار مین پہلو ہے کج ادائی کا
ملاپ مین بھی نیا ڈھنگ ہے لڑائی کا

بتون کا شیوہ نرالا ہے کج ادائی کا
نظر سے اُنکی عیان طرز ہے لڑائی کا

ہے شوق دل کو مرے اُنکی رُخ نمائی کا
اثر اب اُنکو ہوا ہے سُنی سُنائی کا

ادا و ناز پہ اپنے وہ خود ہوئے مفتون
نکیونکہ ہو اُنھین پھر شوق خود نمائی کا

عدو کو پھونک دیا چرخ تک دُہائی ہے
گمان اتنا نہ تھا آہ کی رسائی کا

مین سر کے بل چلون کیونکر نہ اُسکے کوچہ مین
کہ دل کو شوق ہے اُس در پہ جبہہ سائی کا

شب وصال ہے اے جان خوشی مین بخود
کرو نہ ذکر خُدا کے لئے جُدائی کا

عدو کے سامنے بیباک اور مجھسے حجاب
لگا دو خود کو نہ یون داغ بے حیائی کا

ہمارے روبرو کرتے ہین شیخ جی ہُو حق
یہ ڈھنگ خوب دکھاتے ہین پارسائی کا

عدو کا نقش قدم ہو جہان ہان صد حیف
کہ نام لے کوئی بیچارہ جبہہ سائی کا

خیال کو جو رسائی ہو بزم جانان تک
کرون گا پھر نہ تردد شکستہ پائی کا

عدو کو ساتھ لئے پھرتے ہو غضب کیا ہے
سکھایا کس نے طریقہ یہ خود نمائی کا

ہزار رنج و الم یون تو ہو کے مٹتے ہین
نہ اُٹھکے درد اُٹھایا گیا جُدائی کا

سوال وصل پہ پھیرو نہ تم مجھے ناکام
صلا دلاؤ مجھے کچھ مری گدائی کا

شکست دل کی صدا جب کہ یار تک پہونچے
شکستہ دل کو خطر کیا شکستہ پائی کا

جفائین کرکے وہ کہتے ہین پیش داور حشر
گلہ خُدا کے لئے ہو نہ بے وفائی کا

نکیون ہون یار کی یہ لن ترانیان **عاشق**
کہ خود نمائی کو دعوے ہے اب خُدائی کا

سُنے گا حال جو مجھسے شب جُدائی کا
عدو بھی نام نہ لیگا پھر آشنائی کا

جہان مین جلوہ ہے چارون طرف خدائی کا
مگر حجاب ہے آنکھون پہ کبریائی کا

تمام مچھلیان دریا مین لوٹ پوٹ ہوئین
پڑا جو عکس نہانے مین اُس کلائی کا

وہ بدلو آنکھین کہ بدلے زمانے کی گردش
جُدا ہو غیر سے تو لطف ہے جُدائی کا

وہ آج چین بہ جبین ہین کرینگے ذکر عدو
ہمین یہ یاد ہے افسون گرہ کشائی کا

کمند شیخ نہ جائیگی بام عرفان تک
کہ پارسائی کو خدشہ ہے نارسائی کا

یہ وہ ہے زہر ہلاہل کہ ہوگیا پانی
لکھا جو حرف کسی سنگ پر جُدائی کا

ہمارا کام تو نکلا نہ بندگی سے بتو
اسی خودی پہ تھا دعوی تمھین خُدائی کا

شب وصال کا ہووے مجھے یسترِ جل
نصیب غیر ہو یارب یہ دن جُدائی کا

لبون پہ دم کبھی پہونچتا ہے سخت مشکل سے
یہ حال ہے مرے طالع کی نارسائی کا

ابھی رقیب سے ہے تاک جھانک چلمن میں
بڑھے گا شوق اُنھین اور خود نمائی کا

نگاہ تھی ترے دل پر کہ جان ساتھ گئی
ہے دلربائی مین بھی شیوہ جان ربائی کا

مریض ہجر صنم ہون خُدا سے ڈر اے ضعف
یہ وقت کا ہیکو ہے طاقت آزمائی کا

الٰہی خیر دلون کی یہ برق ہے بیڈھب
نگاہ تیز کو ہے شوق خود نمائی کا

ہمارے آبلۂ پا مین جوش مین بیتاب
نہ شوق کیون ہو ہمین پھر برہنہ پائی کا

ہماری آہ رسا نارسا ہوئی **عاشق**
رسائی مین بھی ہوا دخل نارسائی کا

ہجر مین تاریکی شب سے وہ مجھپر جبر تھا
گوشہ بیت الحزن صد رشک گنج قبر تھا

کسلئے چاہا تھا اُنکو کیون جفا پر صبر تھا
اختیار اُنپر نہ تھا پر دلپہ کسکا جبر تھا

میری آہ سرد تھی یا دود دل تھا شبکو جو
ٹھنڈی ٹھنڈی تھین ہوائین کالا کالا ابر تھا

سادگی سے جان دی چالاکیون سے دل لیا
مین تو تھا سید حذا سلمان وہ ستمگر گبر تھا

بعد مردن کنج تربت مین کھلے گل ہمدمو
داغ جو فرقت کا تھا دل مین چراغ صبر تھا

انکی زلفین دام انکا ہوگئین اے ہمنشین
یہ گرفتاری مری آہ رسا کا صبر تھا

دشمنون کے دم پہ کیا گذری الٰہی صبح تک

**عاشق بیچارہ شب بیتاب تھا بے صبر تھا**

اُس چشم مست ناز کا اتنا اثر ہوا — تھا باخبر خودی سے بھی مین بیخبر ہوا

ہستی پہ چڑھا جو عشق کے اسکا نہ گھر ہوا — آوارہ و خراب ہوا دربدر ہوا

اک وار مین صفون کی صفون کو مٹا دیا — قاتل کا ہاتھ دستِ قضا و قدر ہوا

برقِ جہندہ کو بھی تو رشک اسپہ آگیا — مضطر شبِ فراق مین دل اسقدر ہوا

آخر شکستہ ہو گیا رشتہ حیات کا — طول اسقدر ہوا کہ بہت مختصر ہوا

بس دردِ دردمند کا اب چارہ ہو چکا — چارہ سے چارہ ساز کو بھی دردِ سر ہوا

تن گھٹتے گھٹتے تارِ نظر بن گیا مرا — جس روز سے مین عاشق موئے کمر ہوا

سر لوٹتا ہے دوڑ کے قاتل کے پانو پر — خون شہید خنجر بُرّان کے سر ہوا

فرقت کی رات آہ و فغان مین جو ہو پڑی — گُتھم گُتھا ہوئی کچھ ایسی کہ پیدا اثر ہوا

اُسکی خرامِ ناز سے اُٹھا تھا جو غبار — آورگان عشق کا نورِ نظر ہوا

تنہا نہین ہے لطف قیامت ہو ساتھ — یون نوحہ گر ہوا بھی تو کیا نوحہ گر ہوا

اچھا تھا ہمنشین مرے آنسو نہ پوچھتا — ہو آستین کی خیر کہ قطرہ شرر ہوا

پنہان ہین جسمین تیر وہ اُنکی نظر ہوئی — پیدا ہین جسمین زخم وہ میرا جگر ہوا

سرمہ کا تل بنا ہے جو دنبالہ کے قریب — تیر نگاہ یار کے بازو پہ پر ہوا

جوبن چڑھا ہے سینہ پہ اُس گلعذار کے — حیرت یہ ہے کہ سرو مین پیدا ثمر ہوا

سر پھوڑنے کے واسطے دیوار چاہئے — وحشت عجب بلا ہے کہ جنگل مین گھر ہوا

**عاشق ہون چشم مست بتِ خود پسند کا**
**اے بیخودی سنبھال کر مین بے خبر ہوا**

ہر گل گلستان فدائے روئے جانان ہو گیا — موئے کاکل کا بکھرنا سنبلستان ہو گیا

ماہ جب پیش رخ پُر نور جانان ہو گیا — دیکھتے ہی دیکھتے نظرون سے پنہان ہو گیا

دی مدینہ کی زمین کو وہ خدا نے برتری
ذرہ ذرہ خاتم دست سلیمان ہوگیا

جلتے جلتے تیرے سوز ہجر مین اے لالہ زار
داغہاے تن سے مین سرو چراغان ہوگیا

تیر اُس سفاک کے گھل گھل کے مرہم بن گیے
زخم دل گویا مرا رشک نمکدان ہوگیا

داغ دل داغ جگر سے مین سراپا داغ تھا
سب سے بڑھکر داغ دوری عزیزان ہوگیا

بخیہ گر بس رہگیا منہ دیکھتا کا دیکھتا
ٹکڑے ٹکڑے دست وحشت سے گریبان ہوگیا

عارض تابندہ سے تیرے قمر پھیکا پڑا
سرخی لب سے خجل لعل بدخشان ہوگیا

کوچہ گیسو سے آئی ہے یہ شاید ہمنشین
دل نسیم صبح سے اپنا پریشان ہوگیا

جان میری تیرے ابرو پر تصدق ہوگئی
اور دل مشتاق نذر تیر مژگان ہوگیا

اب کہان وہ لن ترانی وہ مشیخت ہے کہان
محفل رندان مین پیچھے شیخ عریان ہوگیا

وادی وحشت مین ہون مین اسقدر وحشت پسند
سایہ میرے ساتھ سے ہمدم گریزان ہوگیا

پھولکر کندھا دیا اُس غیرت بلقیس نے
تختہ تابوت بھی تخت سلیمان ہوگیا

ہجر کی شب دیکھتا تارے شرارے بنگیے
میری آہون سے فلک پر بھی چراغان ہوگیا

کیا تری زلفون کی آوارہ ہے یہ بھی کوئی
خانہ گلشن ہے کیون سنبل پریشان ہوگیا

آؤ دکھلائین تمھین بھی اپنے زخمون کی بہار
اب میسر ہمکو سامان چراغان ہوگیا

غیر بھی اب چاہتا ہے اُنکو عاشق کیطرح
شیر قالین صورت شیر نیستان ہوگیا

عید کے دن سے مبدل روز ہجران ہوگیا
اُسکے آنے سے مجھے عیش سلیمان ہوگیا

تھا گرانی سے گران مین کار آسان ہوگیا
دل مین اُسکے عشق دشمن تھا سو ارزان ہوگیا

آگیا اب تو نمک پاشی کا قاتل کو مزا
زخم پر چھڑکا نمک ٹکڑے نمکدان ہوگیا

ناامیدی حال بیکس پر ہوئی ہے نوحہ گر
بارہا تربت پہ گریان ابر باران ہوگیا

اُسکی زلف خم بخم کا جب کبھی آیا خیال
سینہ پر داغ اپنا سنبلستان ہوگیا

مثل بلبل گلرخون کے ہاتھ سے بچتا نہین
دامن عشاق بھی گل کا گریبان ہوگیا

دست وحشت بنگئی اُس ترک کی نوکِ سنان
زخم سینہ صورت چاکِ گریبان ہوگیا

ہجر کی شب اژدہا تھی یادِ گیسو تھی بلا
دودِ دل دل سے نکل کر مارِ پیچان ہوگیا

برہمن کہتا ہے کیونکر بت پرستی چھوڑدون
کعبہ مین رہنے سے وہ بت کیا مسلمان ہوگیا

میرے چھالون نے دیا وہ آنکو پانی ای جنون
خار ہر اک صورتِ نخلِ مغیلان ہوگیا

بے تمھارے تیر باران بنگیا تھا باغ مین
گل ہوا زخمِ جگر اور غنچہ پیکان ہوگیا

لاغری نے شرم رکھی خوب بزمِ یار مین
مین رہا محفل مین اور نظرون سے پنہان ہوگیا

عارضِ جانان کی سرخی دیکھکر دل خون ہوا
لو شہیدِ ناز اب لعلِ بدخشان ہوگیا

چارہ گر کچھ کہہ رہا ہے پھر لبِ زخمِ جگر
پھر پھٹا انگور پھر خالی نمکدان ہوگیا

ہاتھ مین دامن لیا اسنے خدا کی شان ہے
دامنِ امید بھی میرا گریبان ہوگیا

خنجرِ ابروئے جانان ہوگیا ہے دل نشین
جاگزین سینہ مین میرے تیر مژگان ہوگیا

ہون اسیرِ قید لیکن قید سے آزاد ہون
لاغری سے دشت کی مانند زندان ہوگیا

خونِ ناحق نے کیا ہنگامۂ محشر بپا
جب گذر انکا سوئے گنجِ شہیدان ہوگیا

کیا کہون تیرِ نگاہِ یار کی سفاکیان
آنکھ مین کھٹکا ہمارے دل مین پنہان ہوگیا

لاغری نے میری خنجر پر کیا اتنا اثر
جب گلے ملنے گیا ہمشکل پیکان ہوگیا

عرض کرتا ہون کبھی اُنسے جو اپنا حالِ دل
کہتے ہین اس داستان سے دل پریشان ہوگیا

کب تک اے عاشق سُنین ہم گفتگو نااہل کی
ایسی باتون سے دماغ اپنا پریشان ہوگیا

ہنس کے اُسنے تیر مارے زخم خندان ہوگیا
سینۂ عشاق صد رشکِ گلستان ہوگیا

اُف رے گرمیٔ محبت بلکہ سوزِ ہجرِ یار
خشک میری چاہ سے چاہِ زنخدان ہوگیا

ظاہری طاعت ہے یون تو گبر ترسا مین بہت
کیا ہوا گر نام کو کوئی مسلمان ہوگیا

جوشِ وحشت نے بہاران مین جو پھیلائے ہین پانو
مجھسے وحشی کے لئے صحرا بھی زندان ہوگیا

ہر لبِ تربت پہ آئی ہے ہنسی کیا اے صبا
وہ گلِ خندان سوئے گورِ غریبان ہوگیا

میری وحشت نے بیابان کردیا ہی بوستان
داغِ سینہ سے مرا زندان گلستان ہوگیا

اُس بتِ پُرفن کی اتنو آگیا ہے راہ پر
شیخ ساحیوان بھی صد شکر انسان ہوگیا

زخم قاتل نے لگایا میرے سر پر تیغ کا
ہو مبارک نیرِ اقبال تابان ہوگیا

یہ بھی میرے اشکِ خونی رنگ کا اعجاز ہے
آستین رنگِ شفق دامن بدخشان ہوگیا

رفتہ رفتہ دیکھنا زنجیرِ پا بنجائے گا
اے جنون جو تھا گریبان کل وہ دامان ہوگیا

طالعِ بیدار نے شب وان مجھے پہونچا دیا
بختِ خفتہ اپنا خوابِ چشمِ دربان ہوگیا

اُنکی پتلی کی سیاہی کہہ رہی ہے آنکھ سے
مشک جتنا تھا وہ سب وقفِ غزالان ہوگیا

تھا یہی ہمدم ہمارا چارہ سازِ دردِ دل
دم لبون پر تھا گیا کیا خوب درمان ہوگیا

وقتِ کشتن تھا یہ میری تلخ کامی کا اثر
تلخ آبِ تیغ کھاری آبِ پیکان ہوگیا

اے صبا اب دیدۂ لیلیٰ وشان مین ہے غبار
مرکے مجنون سرمۂ چشمِ غزالان ہوگیا

نوبتِ سینہ شگافی آگئی **عاشق** کہ اب
چاک ہوتے ہوتے دامن بھی گریبان ہوگیا

وسعتِ وحشت تجھے اے قیس سزاوار نہ تھا
کیا ترے سر کے لئے سنگِ درِ یار نہ تھا

یار سمجھے تھے اسے ہائے مگر یار نہ تھا
دشمنِ جان تھا پہلو مین دلِ زار نہ تھا

شبِ فرقت مین کوئی مونس و غمخوار نہ تھا
اے فلک رحم کہ اتنا مین گنہگار نہ تھا

آپکے پانو مین گرتا رہا بیخود ہو کر
آپ انصاف سے کہئے کہ مین ہشیار نہ تھا

جوشِ حسرت تھا کہین جوشِ تمنا تھا کہین
شب تری بزم مین اک مین ہی گنہگار نہ تھا

عاشقِ برقِ جمالان جہان تھا اے طور
یہ وہ دیدہ نہین جو قابلِ دیدار نہ تھا

شکر صد شکر کہ آنکھون کو ملا تارِ نظر
گوہرِ اشک پروتے کے لئے تار نہ تھا

ابتدا عشق کی اچھی تھی کہ تھے سب اچھے
غیر کو تم سے تمھین ہمسے سروکار نتھا

تارِ انظار بنا بام پہ چہرے کا نقاب
وہان بھی بے پردہ ترا جلوۂ رخسار تھا

باندھ لیتا وہ کمر سے تو گران کیون ہوتا
ناتوانی سے یہ مین کب جون کمرِ یار نتھا

محتسب توڑ دیا تونے دل رند عبث
شیشہ نازک سا تھا یہ توبہ میخوار نتھا

تونے کیون اپنی نزاکت کو لگایا دھبہ
چشم خونخوار تھی خنجر ترا خونخوار نتھا

تیر قاتل مرے سینہ مین رہا چین بجبین
کیا تبسم کے لیئے بھی لب سوفار نتھا

صورت آئینہ حیران ہون سیہ بختی سے
اے فلک زلف نتھا کچھ مین رخِ یار نتھا

ایک دل اپنا تھا وہ بھی نرہا اے عاشق
ورنہ دنیا مین ہمارا تو کوئی یار نتھا

مانند تیر سامنے وہ بت جب آگیا
آنکھون کی راہ سے مرے دلمین سما گیا

دین گالیان رقیب کو اور میرے سامنے
مین اُسکی انجمن سے بہت بدمزا گیا

دو چار پھول کیسے یہ نفرت ہی بعد مرگ
وہ بت مرے مزار پہ تیوری چڑھا گیا

قاتل مرے خدنگ سے بھر آئی زخم دل
یعنی جو آیا تیر وہ ٹانکا لگا گیا

پامال کر دیا مری تربت کو کس لیئے
کیا حرفِ مدعا تھا کہ وہ بت مٹا گیا

مر کر بھی اُسنے داغ دیئے مری قبر پر
لا کر چراغ گھر سے عدو کے جلا گیا

دو دن کی ہے بہار فقط باغِ دہر کی
مانند رنگ و بو کے جو آیا اُڑا گیا

تاثیر سرد مہری جانان ہے اسقدر
عاشق تپِ فراق مین بھی تھرتھرا گیا

اُس خانمان خراب کو تم جانتے بھی ہو
مثل گدا صدا جو گلی مین لگا گیا

اللہ رے یہ رشک وہین آنکھ کھل گئی
جب خواب مین وہ غیر کے ہمراہ آگیا

حسرت ہے پاس دل کی شکایتین ہین
جو کچھ رہا رہا جو گرہ سے گیا گیا

ابرو نے جان لی ہے تو سر شوقِ قتل نے
کعبہ کو وہ گیئے یہ سوئے کربلا گیا

پھر تنگ آگیا ہون مین زندان کے ہاتھ سے
زنجیر در کو دستِ جنون پھر ہلا گیا

**عاشق** ہمارے دردِ جگر کا ہوا یہ رنگ
دھونی جہان رمائی وہین ابر چھا گیا

نورِ خدائے پاک رسولِ کریم تھا
سب انبیا سے آپکا رتبہ عظیم تھا

نظارہ کی نہ تاب رہی اُف ری بیخودی
گویا زبان قفلِ دہانِ کلیم تھا

اغیار تازہ عشق پہ کیون لطف اسقدر
سب عاشقون مین عاشقِ صادق قدیم تھا

دیتے نہ کیونکہ اشک کو آنکھون مین ہم جگہ
دروازۂ کریم طفلِ یتیم تھا

دیکھا جو آستان کو ترے مینے خواب مین
جاتا رہا جو شوقِ بہشت و نعیم تھا

بسمل نے اُسکے پانو پہ دی جان وقتِ قتل
ورد زبان شکر و سپاسِ کریم تھا

یارب وہ نازِ غیر کے کیونکر اُٹھا سکا
جس کو حنا کا رنگ بھی بارِ عظیم تھا

دیکھا تھا ہمنے آپکے وحشی کو دشت مین
عریانیاں لباس تھیں سایہ گلیم تھا

بھٹکے پھرے شب آرزوئے غیر بزم مین
دل اپنا اُسکے گوشۂ دل مین مقیم تھا

روکے سے دل رُکا نہ ملا خاک مین مدام
جانان تری گلی مین شعار قدیم تھا

ہنگامۂ نشور دو عالم مین تھا بپا
ہر موئے تن نوا مین زبان کلیم تھا

بیشک تو آج کوچۂ جانان سے آئی ہے
اتنا کبھی دماغ نہ تجھکو نسیم تھا

یون بھی وصالِ یار میسر نہ ہو سکا
ہمراہ خواب مین بھی عدوئے لئیم تھا

تھا شمعہائے گورِ غریبان پہ یہ سمان
گویا ظہورِ رجالِ عظامِ رمیم تھا

**عاشق** خرامِ ناز سے دھوکا ہوا مجھے
تھا نامہ بر مرا کہ ہوائے نسیم تھا

وہ لطفِ خاص ہونے پہ لطفِ عمیم تھا
چلنا کسی کا غیر کی جانب نسیم تھا

دامن نے پرورش کو لیا کیا بُرا کیا
آنسو ہماری آنکھ کا دُرِ یتیم تھا

پردے میں بیٹھکر ہیں یہ کیون لن ترانیان
کس دن مرا سوال کلام کلیم تھا

کیا جانئے کیا بنی ترے بیمار ہجر پر
تھا دم لبون پہ حال نہایت سقیم تھا

کیا دن تھے وہ بھی تمسے تعلق نتھا ہمین
امید وصل کی تھی نہ ہجران کا بیم تھا

عین وصال مین تپ فرقت تھی سامنے
جنت مین جاکے کیون یہ خیال جحیم تھا

توبہ سے ہو رہا ہون پشیمان مین ہمنشین
ہوتے گناہ اور کہ خالق کریم تھا

کچھ ہو سکا کسی سے نہ ہرگز علاج عشق
تھا بوعلی طبیب فلاطون حکیم تھا

تقدیر کی ہے بات کہ کھانے دیا نہ پھل
ہرچند جانتا ہون کہ خنجر کریم تھا

دود فغان کے ساتھ ہے کچھ بوئی عطر بھی
مجھکو خیال کاکل عنبر شمیم تھا

چھو کر کسیکی زلف معنبر کو جب چلی
دیکھا تو آسمان پہ دماغ نسیم تھا

اللہ رے لاغری کہ نہ دیکھا رقیب نے
مین اسکی انجمن مین برنگ نسیم تھا

مارا اس آرزو نے کہ مدفن ہو کوئے یار
شوق جنان تھا ہمکو نہ خوف جحیم تھا

مین تھا وہ دردمند کہ ہرگز نہ اٹھ سکا
اک درد میرے واسطے ناز حکیم تھا

**عاشق** وہ گل چمن مین تھی محو خرام ناز
کھٹکا تھا کچھ صبا سے نہ خوف نسیم تھا

چھپتا تھا مہر رشک سی وہ خوف و بیم تھا
ہر داغ اپنا رشک ریاض نعیم تھا

جس سے بنا ہے چرخ وہ بیکس کی آہ تھی
گر کر ہوا گہر جو وہ اشک یتیم تھا

وہ تفتہ دل ہون آہ تجلی طور تھی
میرا غبار سرمۂ چشم کلیم تھا

حیرت یہ ہے کہ خانۂ دشمن ہوا نہ خاک
دوزخ کو آہ دل سے عذاب جحیم تھا

مانند شمع جلنے لگین انگلیان تمام
حدت سے میری نبض کی سوزان حکیم تھا

زاہد کہے گا حشر مین رحمت کو دیکھکر
ترک گناہ ایک گناہ عظیم تھا

کچھ مین ہی تیرے جلوۂ عارض پہ غش نہین
مدت سے سن رہا ہون کہ بیخود کلیم تھا

در پر تمھارے شبکو یہ ہنگامہ تھا بپا
فریادیون کی بھیڑ تھی شورِ عظیم تھا

بیمارِ غیر تھا وہ صنم پھر شفا کہان
خود چارہ جو تھا جو وہ ہمارا حکیم تھا

ہر بات مین بہت سے تھے پہلو دبے ہوئے
تھے لاکھہ فقرے ایک کلامِ کلیم تھا

سرمہ بنا تھا دیدۂ عبرت کے واسطے
جتنا غبار صرف عظامِ رمیم تھا
استخوان ہائے کہنہ

غیرون کے فقرے پہ ہوتی تھی آفرین
خاموش میری بات پہ لیکن کلیم تھا

اس نیمجان کو عشق ہے شمشیرِ یار سے
وھان نیمچہ کھچا تھا یہان دل دو نیم تھا

تھی جسکے تار تار کی حورون کو آرزو
وہ حلۂ بہشت ہمارا گلیم تھا

عاشق سناتے حال کسی کو ئی یار مین
ہر نقشِ پا بصورت گوشِ صمیم تھا

زلف کیون برہم ہوئی جہر کسکا عالم ہوا
مین نہین کہتا تمھین مرگِ عدو کا غم ہوا

مجمعِ امید سارا برہم و درہم ہوا
بیکسی و یاس کا ہجران مین وہ عالم ہوا

چارہ گر کچھ اور لا بھرنے کو ہے زخمِ جگر
تھا نمکدان مین نمک جتنا وہ سب مرہم ہوا

عمر جتنی گھٹ گئی جینے کی حسرت بڑھ گئی
درد جتنا بڑھ گیا اتنا مداوا کم ہوا

وہ بھی کچھ صورت بنائے نوحہ گر ہین ساتھ ساتھ
مر گیا ہے کون جسکا اسقدر ماتم ہوا

تیرے احسان مین نہ بھولونگا کبھی اے دردِ دل
بیکسی مین کون جز تیرے شریکِ غم ہوا

رازداریٔ محبت جان من آسان نہین
کیا ہوا اگر غیر تیرے راز سے محرم ہوا

اسکو کہتے ہین مقدر مین وہی ناکام ہون
خود پسندی بڑھ گئی جب عشقِ دشمن کم ہوا

کر دیا برباد سب موجِ نسیمِ عفو نے
دفترِ عصیان ہمارا برہم و درہم ہوا

ایک مدت سے اسی امید مین تھا تشنہ لب
آب خنجر زخمِ دل کے واسطے مرہم ہوا

مین ازل سے خوگرِ جور و جفا ہون اے فلک
رنج میرا بڑھ گیا جب ظلم مجھپر کم ہوا

کیا خوشی کی بات ہے اب غیر روئین رشک سے
لوگ کہتے ہین مرے مرنیکا انکو غم ہوا

آئے وہ بزم عزا مین میری قسمت دیکھنا
کیا تماشا ہے کہ شادی مرگ کا ماتم ہوا

چشم دریا بار نے ڈھالے ہین یون لعل گہر
گاہ آنسو خون ہوا گہہ قطرۂ شبنم ہوا

دم لیا تھا مینے عاشق اسکے شوق دید مین
پر یہ حسرت رہگئی خنجر کا دم کیون کم ہوا

غم کوئی جاتا رہا دل سے تو مجھکو غم ہوا
یعنی اپنا اک رفیق بیکسی کیون کم ہوا

اسقدر اپنی خودی سے آپ نا محرم رہا
جسقدر اسرار عرفان سے کوئی محرم ہوا

تھی ازل مین باعثِ تکوینِ عالم چار یار
خاک و باد و آب و آتش سے بہم آدم ہوا

غنچے ہین پژمردہ خاطر سرو ہے حسرت زدہ
پھول کسکے ہین چمن مین جسکا ایسا غم ہوا

اے صبا وہ رشتۂ الفت ہے دل کو زلف سے
یہ ادھر برہم ہوئی اور وہ ادھر برہم ہوا

یا خدا آباد رکھ پہلو مین دردِ عشق کو
یہ مرا ہمدرد ٹھہرا یہ مرا ہمدم ہوا

کیون کھچا جاتا ہے اک خورشید رو کی چاہ مین
دل ہمارا کیا ہوا اک قطرۂ شبنم ہوا

انکو دل دیکر ابھر آئین ہزارون حسرتین
سیکڑون پیدا ہوئے گر ایک دشمن کم ہوا

عشق تھا روز ازل مین بھی مجھے گھیرے ہوئے
عالمِ امکان مین آکر وہی عالم ہوا

وصل مین شب بھر مجھے کھٹکا رہا اے نسیم
زلف اب بکھری مزاج یار اب برہم ہوا

پرتوِ عارض سے کسکے آگ پانی مین لگی
عکس رخ سے کسکے دریا برہم و درہم ہوا

رشک مین اک دل لگی تھی چھیڑ مین اک بات تھی
نرم دل وہ ہون مجھے مرگِ عدو کا غم ہوا

دیکھ قاتل تھا یہ مشتاق شہادت سخت جان
کاش دونی ہوگئی تیغ دو دم مین خم ہوا

اب نہین عاشق کہین برق تجلی کو قرار
حسن عالم سوز کا اسکے عجب عالم ہوا

ہماری طرح جہان مین کوئی خراب نتھا
شباب جوشِ تمنا تھا کچھ شباب نتھا

نصیب غیر مین ہمدم جو انقلاب نتھا
یہ شام و صبح یہ مہتاب و آفتاب نتھا

ادب سے مین جو نہ تڑپا تو یون کہا اُسنے
کہ اسکے شوق شہادت کو اضطراب نتھا

سزا ملی ہے مجھے عذرِ بے گناہی پر
الٰہی شکر کہ مین قابلِ عذاب نتھا

اشارے چشم سخنگو کے ہم سمجھتے ہین
مخاطب اُنکا عدو تھا مگر خطاب نتھا

فسانہ عالمِ رویا کا کیا کہین ہمدم
جو ہمنے دیکھ لیا خواب تھا شباب نتھا

دہن نہو تو کمر کی نظیر تھی معدوم
کمر نہو تو دہن کا ترے جواب نتھا

تری گلی مین بتا تو سہی مجھے کوئی
حزین و خستہ و آوارہ و خراب نتھا

گناہ چھوڑکے رحمت سے بڑھ گئی ہے یاس
ثواب جسکو سمجھتے تھے ہم ثواب نتھا

ہزار بوتلین اُٹھین گلو بھی تر نہ ہوا
دہان تشنہ تھا میرا خمِ شراب نتھا

خدا کی شان اُٹھاتے ہین اب وہ نازِ عدو
وہ سر چڑھا جو کبھی قابلِ خطاب نتھا

تمھارے ہاتھ مین خنجر تھا کل جو مقتل مین
تمھاری ابروے بیباک کا جواب نتھا

یقین ہو کیونکہ اُنھین بیقراریان دل کی
کہ پاس آکے جو بیٹھے تو اضطراب نتھا

عدو کو چشمِ حقیقت کہان میسّر تھی
وگر نہ آپکا جلوہ تو بانقاب نتھا

دلِ خراب سے کہتی ہین حسرتین میری
جہان مین ہمسا کوئی خانمان خراب نتھا

سوالِ وصل ہوا لاجواب اے **عاشق**
دہانِ تنگ مین اس شوخ کے جواب نتھا

حجاب برقِ تجلّی تھی گو حجاب نتھا
وہ شوخ بام پہ آیا تو بے نقاب نتھا

حجاب مین وہ نتھا اور بے حجاب نتھا
حیا کا پردہ پڑا تھا اگر نقاب نتھا

ہمین تھا پاس مُروّت کہ لاجواب نہو
وگر نہ آپکی باتون کا کیا جواب نتھا

نگاہِ شوق ہے بیتاب کیون پس چلمن
یہ سچ ہے غیر سے کس دن تمھین حجاب نتھا

ہمارے پانو کو اُس کو مین دبدیا ہوتا
ترے نصیب مین اے پاسبان جو خواب نتھا

کبھی نہ جائیگی تا حشر بے خودی میری
سرورِ حُسنِ بُتان نشۂ شراب نتھا

وہی نصیب مین اپنے وہی ہے محرومی
یقین ہے کہ زمانے مین انقلاب تھا

نکل کے گھر سے گئے ہم جو دشتِ وحشت مین
چلے وہ چال کہ سایہ بھی ہمرکاب تھا

وہ منہ لگی کبھی چھٹتی نہ حشر تک زاہد
یقین جان یہ منہ قابلِ شراب تھا

عیان ہو پردۂ دل سے نہان ہو آنکھون مین
تمہارے جلوہ کا مانع کوئی نقاب تھا

کسی کی حیرتِ دیدار سے وہ تسکین تھی
کہ وقتِ مرگ بھی بسمل کو اضطراب تھا

خطاب کرکے مجھے غیر سے ہوئین باتین
یہ التفات بھی انکا کم از عتاب تھا

نہ بھیجنا تھا قلم کرکے پھر سرِ قاصد
ترے قلم مین مرے خط کا گر جواب تھا

کہان گیا اثر بے قراریِ بسمل
یہ کیا کہ خنجرِ قاتل کو اضطراب تھا

نمود دامنِ قاتل سے کب گئی عاشق
ہمارا قطرۂ خون تھا کوئی حباب تھا

دل مایوس تو کیون کوئے بتان سے آیا
کون یون تیری طرح جا کے جنان سے آیا

جو گیا چھوڑ کے سر تیرے مکان سے آیا
صد گلِ زخم لئے باغِ جنان سے آیا

داغِ فرقت مجھے دیدیجے وہ فرماتے ہین
ہاتھ یہ چاند کا ٹکڑہ سا کہان سے آیا

دل مین اُس تیر کو کیونکر نہ جگہ دون ہمدم
ہو کے برباد جو یون دورِ کمان سے آیا

جو گیا سنگِ درِ یار بحسرت سے
آدمی بہکے کوئی کوئے بتان سے آیا

کیا تسلی ہے دمِ گریہ جو یون کہتے ہین
تجھ مین تو دم ہی نہ تھا اشک کہان سے آیا

تیرے کوچہ کی ہوا ہو کہ خیالِ دشمن
جو کچھ آیا وہ اجل بنکے وہان سے آیا

تشنہ لب جانکے ساقی نے لگا دی ہے سبیل
بادہ خواری کا مزا کچھ رمضان سے آیا

مین تو کیا خنجرِ قاتل کا بھی دل لوٹ گیا
لطف تکبیر وہ قاتل کی زبان سے آیا

چارہ گر آج چھڑکتا ہے نمک اے عاشق
رحم اسکو مرے زخمون پہ کہان سے آیا

پھنس کے زلفون مین جو دل خاموش تو ہو جائیگا
فقرہ فقرہ ہر گرہ کا گفتگو ہو جائے گا

بام پر شبکو اگر بے پردہ تو ہو جائے گا
ماہ مین تجھمین مقام گفتگو ہو جائے گا

قاتل اچھا ہے جو خونِ آرزو ہو جائے گا
ہر گلِ باغِ شہادت مین یہ بو ہو جائے گا

ہون وہ مشتاقِ خلش ہنجائے گا یادِ مژہ
تیرِ قاتل دلمین سرکر آرزو ہو جائے گا

قامت جانان کا گر باندھون تصور باغ مین
یا بگل سروِ کنارِ آبجو ہو جائے گا

رنگ لاکھے نے جمایا اُسکے لب پر دیکھنا
لعل کا دل اب بدخشان مین لہو ہو جائیگا

برق خوبیون سے یہ آنکھین سینکنی اچھی نہین
ایک دن اُلٹا تو اے ماہ تو ہو جائے گا

سمجھے کیون گر نہ ہوتا نامہ بر پر اعتبار
ہم نہ سمجھے تھے کہ وہان جا کر عدو ہو جائیگا

آہ کیون کرتے جو ہوتا ٹوٹ پڑنے کا یقین
کیا خبر تھی چرخ اُلٹا تندخو ہو جائے گا

گر یہی شوق شہادت ہے تو قاتل دیکھیو
آبِ خنجر اب کوئی دم مین لہو ہو جائے گا

دل وہ مشتاق شہادت ہے کہ قاتل وقت ذبح
ٹکڑے ٹکڑے ہو کے پیوند گلو ہو جائیگا

زاہدو مین کعبۂ ابرو مین پڑھلونگا نماز
آب سے اُس آئینہ رو کے وضو ہو جائیگا

خم کے خم خالی ہون تو بھی تر نہون ہونٹ تو کیسے لب
تشنگی سے میرے وہ تشنہ سبو ہو جائے گا

ہو کے اس محراب مین قاتل شہیدونکی نماز
آبِ خنجر صورت آبِ وضو ہو جائے گا

بزم جانان مین نہ ہوگی باریابی غیر کو
اسقدر میرا ہجوم آرزو ہو جائے گا

کاٹ ڈالیگا جو **عاشق** غیر کو جو رنگ شاہ
خنجر قاتل کا شہرہ چارسو ہو جائے گا

تیرے رخ سے گرد و چار اے تندخو ہو جائیگا
آب آئینہ سے طوفان چارسو ہو جائے گا

اے جنون وابستۂ عاشق جو تو ہو جائے گا
ہو کے دامن دھجیان طوق گلو ہو جائے گا

معجزہ دکھلائین گی اکدن تمھاری شوخیان
اُس زبان پر آپ آتے آتے تو ہو جائے گا

المدد اے ضعف اُس بُت کو کمر پر ناز تھا
ناتوان اب یہ مقابل مو بمو ہو جائے گا

میکدے مین جائے گا ساقی جو یہ گردش نصیب
پھر ساغر ہوئیگا گردون سبو ہو جائے گا

آج پھر قاتل نے شمشیرِ دودم کو آب دی
آج پھرا ے دل ہرا زخمِ گلو ہو جائے گا

آئینہ مین بال پڑجائین گے عکسِ زلف سے
پھر ہو کر روبرو بے آبرو ہو جائے گا

گھٹتے گھٹتے ایک دن امید ہو جائیگی یاس
شوق بڑھتے بڑھتے ایکدن آرزو ہو جائیگا

دشتِ وحشت مین بلند و پست ہے سب ایکسان
پانو کی بیڑی مجھے طوقِ گلو ہو جائے گا

حشر کے دن مر او محشر ہے ۔ تم ہوا ے بتو
فیصلہ میرا تمھارا روبرو ہو جائے گا

اے خدنگِ یار اس گھر مین ہے تجھسے روشنی
زخمِ دل شکلِ چراغِ آرزو ہو جائے گا

طائرِ رنگِ حنا کی طرح یہ لائے گا رنگ
دل ہمارا اُس گلِ عارض کی بو ہو جائیگا

جوشِ ارمان مُنہ سے بول اُٹھے گا ایکدن دیکھنا
میری خاموشی کا فقرہ گفتگو ہو جائے گا

خوبیٔ قسمت سے میری رشک ہوگا حور کو
میری تُربت پر اگر وہ خوبرو ہو جائے گا

رنگ لائے گا شہیدِ ناز قاتل بعدِ قتل
آبِ خنجر خونِ ناحق سے لہو ہو جائے گا

دیکھ لینگے روئے جانان سے ملا کر ماہ کو
آئینہ سے آئینہ جب روبرو ہو جائے گا

کاکلِ پیچان سے سنبل کے نکلجائینگے بل
بوئے زلفِ مشکبو سے مُشکبو ہو جائے گا

پھل ملیگا اسکو اے قاتل اگر شمشیر کا
باروَر عاشق کا نخلِ آرزو ہو جائے گا

کھلا مقدر دلِ حزین کا مکان ہے یہ ایک نازنین کا
نگین ہے وہ جو نہین کہین کا دماغ ہے عرش پر زمین کا

ہماری اشکون نے تار باندھا ہوا ہے بحرِ روان کو سودا
فلک جسے کہتے ہین جسکو جہزادہ و تخت گوشہ ہے آستین کا

تمھارے کوچہ مین سر سے آتا نشانِ پائے عدو مٹاتا
کسیکی چوکھٹ سے چھوڑ جاتا جبا سے آتا مجھے جبین کا

بنا ہے عاشق کے خون کا محضر گواہ اغیار مین سراسر
جو مُہر کے ہین حروف نشتر تو رنگ تک سُرخ ہے نگین کا

ارادے ہین شکلِ پائے طین کے کبھی فلک کے کبھی زمین کے
ازل سے ہے یہ نقش یہ جبین پر یہ ہے نوشتہ خطِ جبین کا

زبان پہ آیا جو حرفِ مطلب تو انگوٹھے کی ہے غرض کیا
وہ بند کر دیتے مٹھی مین لب گھٹا ہے دم حرفِ دلنشین کا

عدو کے دعوے ہین سارے باطل وہ میرے آئیگا کب مقابل
کہان ہے دینے کو لائیگا دل یہ حوصلہ کب ہے نکتہ چین کا

نصیب مین لمین اگر ہین رتبے تو دیکھ لیگا وہ سب کرشمہ
جو نقش الفت تمہارا بیٹھے تو بھاؤ بڑھجائے اس نگین کا

الٰہی ہوجائے شکر شیون یہ شوق کہتا ہے وقت مردن
جھکاؤن قاتل کے آگے گردن تو غل ہو مقتل مین آفرین کا

جواب کیا دوگے روز محشر وہان بناؤگے بات کیونکر
یہ مانا دھو لوگے اپنا خنجر نشان نجائیگا آستین کا

عجیب لائی ہے رنگ دنیا طلسم کیا کیا ہوے ہویدا
کہ سبزہ و گل نئے ہوکے پیدا بتا دیا صورت آفرین کا

پسند کرتے ہین اسپہ مرنا کہ اپنے کوچہ مین نعش دھرنا
ہمارا مٹی بھی عزیز کرنا دیا ہے جان ہوا اس زمین کا

یہ حال داغون سے ہے بدن کا کہ رنگ پھیکا ہو چمن کا
ہوا ہے منہ فق جو یاسمن کا تو رنگ ہی زرد یاسمین کا

کیا تھا کسدن عدو کا شکوا عبث وہ دشمن ہوا ہمارا
جو عشق دشمن اسے نہوتا یہ حال ہوتا نہ مہ جبین کا

یہ حال ہے عشق مین تمہارے کہ جہان ہارے ہین شست سارے
وہ پانو نکلے ہین اب ہمارے کہ چاک دامن ہوا زمین کا

نصیحتین سب ہین فکر ماضی نصیب پر ہی ہو اپنے راضی
نہین ہے ناصح کہین کا قاضی کہ دل نہو زلف عنبرین کا

نہین ہو دشمن ہے تم شناسا یہ تمپہ الزام سب ہے بیجا
تمہارے دلمین نگر ملیگا مکان ہے یہ اسی مکین کا

پڑھی ہین ہمنے نوشتے اپنے نصیب مین بھی جو حرف لکھے
کیا ہی خط اسنے پرزے پرزے یہ مدعا تھا خط جبین کا

یہ کہہ رہا ہے دل مصفا پلٹ کے ہوجائیگا کچھ اچھا
نہ ہوگا ورنہ نصیب سیدھا یہ خط معکوس ہے نگین کا

نگون کا اسنے رنگا ہے جامہ دیا ہے مرجان کو رنگ کیسا
شفق تلک جسکا عکس پہنچا وہ رنگ ہی اپنی آستین کا

بشکل سایہ مین جا پڑا ہون نصیب کہتا ہے مین سیاہ ہون
تمہاری چوکھٹ کو کیون نہ چاہون کہان ہے رتبہ مری جبین کا

عدو کے دلمین مقام کیسا نکالا تمنے یہ خوب رستا
پتا تو دو مجھکو اپنے گھر کا مگر ٹھکانا نہین کہین کا

وہ بیخودی سے ہوئی خموشی نہ منہ سے عاشق کے بات نکلی
برنگ سرمہ ہے اشک غم بھی یہ عشق ہے چشم سرمگین کا

نہ مین فلک کا نہ مین زمین کا کہان ٹھکانا ہے مجھ حزین کا
تری گلی کے سوا کہین کا نہین ہے عاشق کہ ہے یہین کا

غم جدائی سے ناتوان ہین نشان وحشت کے سب عیان ہین
کہ جیب و دامن کی دھجیان ہین خیال کسکو ہے آستین کا

عبث ہے تدبیر سعی باطل کہان سے مطلب ہو کوئی حاصل
نصیب سیدھا نہوگا اے دل کہ خط ہے الٹا مرے نگین کا

تو میں ہوں خاکسار کتنا نہیں ہے گریہ سے فرصت اصلا
کہ چشم مینا کو مجھپہ گویا گمان ہے دُردِ تہ نشین کا

ہوا ہوں بالکل جنوں کا پیکر کہ جیب صد چاک ہے سراسر
رہا جو وحشت کا سایہ سر پر تو کام کیا ہے پھر آستین کا

ہزاروں بیچین سینہ بند ہے ہزاروں آرام سے ہیں مُردے
جہاں کے دیکھے عجیب نقشے مزاج پایا عجب زمین کا

بچھے ہیں شیشے لفوں کے دام سے کم نثار عارض ہے ایک عالم
بنا تھا شاید خمیرِ آدم تمھارے کوچہ کی سرزمین کا

خیال تھا اُسکے قد کا ایسا لپٹ گیا میں جو سرو آیا
چمن میں لالے کو دل یہ سمجھا کہ عکس ہے روئے آتشین کا

یہی ہے یارب خیال دلکا یہ آرزو ہے مری خدایا
کہ وجد میں ہو مرا جنازا ملے جو کندھا کسی حسین کا

جو خم میں مانند برق چمکا پیالہ جسکا ہے دست موسٰی
وہ قطرہ قطرہ ہے اک شرارا ہمارے صہبائے آتشین کا

کرے نہ کیوں بخت زر کنارا نہیں ہے فرقت میں کچھ گوارا
بنا ہے گویا لہو ہمارا وہ رنگ ہے آب آتشین کا

مرے عزیزوں سے جا کے کہدو کہ حاجت غسل کیا ہے یارو
کفن کی چادر نقاب مجھکو شہید ہوں چشم شرمگین کا

یہ ہے مقدر کی نارسائی کبھی جو تقدیر آزمائی
گئی ہے برباد جبہ سائی یہی تھا لکھا مری جبین کا

یہاں بھی ایذا وہاں بھی ایذا نہ یہ یہاں کا نہ یہ وہاں کا
نہ شہر بھائے نہ اسکو صحرا ہوا یہ عالم دل غمین کا

ترے تبسم سے گل کھلا ہے تمام گلشن مہک رہا ہے
خوشی سے غنچہ جو ہنس پڑا ہے اثر ہے لبہائے نازنین کا

تمھارے رخ کا ہے عکس سارا ہزار ہو ماہ عالم آرا
کریگا کس طرح یہ ستارا مقابلہ تم سے مہ جبین کا

وہ جان شیرین جو ہے مانگیں تو عذر کسکو شعر وقت لیں
فراق میں آنکھ کیوں نہ دیدیں عزہ ہے یہاں تلخ انگبین کا

عجب طرح کی ہے شرمساری حیا کا فرمان ہوا ہے جاری
کہ چھپ کے لیتا ہے جان ہماری خدنگ اس چشم شرمگین کا

نظر میں شمشیر بھی مقدر دماغ رکھتی تھی زلف دلبر
کبھی جو گھر سے جو نکلے باہر جگر ہوا خون مشک چین کا

رقیب کیا ہو مرے مقابل وہ ہوں میں تیغ جفا کا بسمل
کہ بچ ہو نہیں مجھکو قاتل خیال تھا تیری آستین کا

وفا کا اُس بت کی ہے یہ نقشہ خیال عاشق کا دل سے اُترا
دم پسین بھی وہ پاس ہوتا جو عشق تھا روز اولین کا

دو غزلہ قافیہ بقافیہ بر غزلہائے مندرجۂ دیوان مراۃ الغیب حضرت
امیر مینائی لکھنوی صفحہ ۲۹۵ و ۲۹۶ مطبوعہ

خورشید ماند ہے ترے گالون کے سامنے — کچھ ہے گھٹا گھٹی ہوئی بالون کے سامنے
اب دیکھتے ہی دیکھتے یہ بات ہو گئی — وہ دیکھتے ہین دیکھنے والون کے سامنے
ڈوبا ہے اُنکے چاہِ زنخدان مین دل مرا — کچھ بس چلا نہ زہرہ جمالون کے سامنے
چھینٹا پڑا ہے اُنپہ مگر آب رشک کا — پانی ہوئے حباب جو چھالون کے سامنے
شمشاد و سرو اُس قد بالا کے رشک سے — کیا پابگل ہین تازہ نہالون کے سامنے
رہتا ہے مجھکو خوف کہ انکی نظر نہ ہو — آیا کرین نہ آپ غزالون کے سامنے
کیا کیا مزے اُڑائے ہین شب ہمنے خواب مین — کیا کیا رہے ہین حور جمالون کے سامنے
رونے سے میرے دہر مین طوفان بپا ہوا — جل تھل ہین خشک آنکھ کے تھالون کے سامنے
تیرے غمِ فراق نے ایسا مٹا دیا — دل مٹی ہو گیا ہے ملالون کے سامنے
جو چیز مل سکے وہ غنیمت ہے ہمنشین — مٹی ہے جام جم بھی سفالون کے سامنے
بہتان ہین افترا ہین سراسر دروغ ہین — اُنکے جواب میرے سوالون کے سامنے
قربان اُن ابروؤن پہ ہین سو جان سے شہید — ہم ہو گئے حلال ہلالون کے سامنے
یون گرد چشم مست کے مژگان کا ہے ہجوم — بیٹھے ہین مست مے کے پیالون کے سامنے
محفل مین مجھکو دیکھ کے آنکھین چرا گئے — یہ چوری اور دیکھنے والون کے سامنے
کترا کے دور ہی سے نکل جاتے ہین حسین — کیا چور ہین یہ پہچاننے والون کے سامنے
چلتی نہین ہین چرخ کی کچھ چال بازیان — چکرا گیا ہے یہ تری چالون کے سامنے
مُنہ فق ہے ماہ کا ترے تلوے کے روبرو — لرزان ہے مہر رشک سے گالون کے سامنے
یہ وہم کیا ہے دور سے بوسہ نہ لین گے ہم — کیون آپ ہاتھ لاتے ہین گالون کے سامنے
مخلوق کی زبان پہ سنبل کا نام تک — بیشک وبال ہے ترے بالون کے سامنے
ترشا ہوا سا ناخنِ پا ہے ہلالِ عید — ان تیرے ابروؤن کے ہلالون کے سامنے
ایسا ہوا ہون محو قد یار دل نواز — مین ہاتھ جوڑتا ہون نہالون کے سامنے

عاشق کو ناز کیون نہ ہو طبع بلند پر
ہے پہلی سیڑھی عرش خیالون کے سامنے

پھولے گی کیا شفق ترے گالون کے سامنے
بال آئینہ مین پڑ گئے بالون کے سامنے

پڑھتا ہون شعر لکھنؤ والون کے سامنے
مین بھیجتا ہون شیر غزالون کے سامنے

دہلی کے لوگ لکھنؤ والون کے سامنے
ایسے ہین جیسے شیر غزالون کے سامنے

اک دہلی والہ لکھنؤ والون کے سامنے
شیر عرین ہے لاکھ غزالون کے سامنے

دل لیگئے وہ حسرت و ارمان کو چھوڑ کر
مین لٹ گیا ہون قافلے والون کے سامنے

بے پردہ یون تو بام پہ بیٹھے رہین گے وہ
آتے نہین ہین چاہنے والون کے سامنے

آخر کو پھنس گئے تری زلفون کے پیچ مین
ہم بال بال بندھ گئے بالون کے سامنے

یاد آگئی تھی دشت مین ہمکو وہ چشم یار
محو نظارہ ہم ہین غزالون کے سامنے

وہ گلعذار سرو رواں ہے چمن مین آج
غنچے ہین سب نہال نہالون کے سامنے

وہ نونہال حسن بگڑ جائے گا ابھی
اے باغبان نہ چھیڑ نہالون کے سامنے

عشاق انکے سامنے ہین کس حساب مین
کرتے ہین ناز حور جمالون کے سامنے

یہ عین بیوفائی ہے دیکھو تو اے بتو
آنکھین نکالو دیکھنے والون کے سامنے

ظاہر مین مجھسے آپنے پردہ کیا تو کیا
ہر دم ہین آپ میرے خیالون کے سامنے

کانٹے ہمارے دلکے پھپھولون کو پھوڑ کر
کیا پھوٹ پھوٹ روئے ہین چھالون کے سامنے

یہ کیا ستم ہین ان سے بھی افزون کر و ستم
مشکل نہین نباہنے والون کے سامنے

ہے آگے ہاتھ باندھے قیامت کھڑی ہوئی
فتنے تڑپتے ہین تری چالون کے سامنے

شیرون سے بھی جو آنکھ لڑی ہو بلا خطر
شرمائے اب وہ آنکھ غزالون کے سامنے

اے آفتاب حشر جلائے گا کیا ہمین
ہم رہ چکے ہین برق جمالون کے سامنے

اے ابرو دو گھڑی کے لئے ہی تری چھری
پانی بھریگا تو میرے چھالون کے سامنے

شرمائے سر جھکائے وہ بیٹھے ہین بزم مین — ہین لاجواب میرے سوالون کے سامنے
ہے خار ہائے دشت کو میرے قدم سے فیض — سوکھی زبان دکھاتے ہین چھالون کے سامنے

عاشق عدو کے دلمین ہے بیشک غبار پر
ہے خاک دھول میرے ملالون کے سامنے

## قصیدہ مشتمل بر مناظرۂ زلف و رخ بر قصیدۂ جناب امیر مینائی لکھنوی مندرجۂ دیوان مطبوعہ جسمین شانہ و آئینہ کا مناظرہ ہے قافیہ بقافیہ ہر شعر بمدح جناب مستطاب معلی القاب شاہ کج کلاہ آصفجاہ حضرت میر محبوب علی خان صاحب بہادر نظام دکن ادام اللہ اقبالہم

کل شب وصل فلک پر جو گئی میری نظر — رخ جانان سے خجل ہو کے چھپا صاف قمر
ایک تو حسن جہان سوز اور اسیر طرہ — رشک سے ماند ہوئے دیکھ کے اختر زیور
خاک مین ملگئی سب آبروے کاہکشان — سرمگین چشم کو دنبالہ ہوا مد نظر
شکم صاف کے نظارہ سے پتھر ہو جائے — بال پڑجائے اگر آئینہ دیکھے وہ کمر
اسکے گیسوئے مسلسل کا کہون کیا عالم — بتدا تھا کہ نہ تھی جسکی دو عالم مین خبر
خود نمائی نے پلک تک نہ جھپکنے دی اسے — کبھی زلفون پہ نگاہین تھین کبھی رخ پہ نظر
رخ نے زلفون کو دیا طعن سیہ روئی کا — زلف نے رخ کی عداوت پہ کسی اپنی کمر
زلف سے رخ نے کہا دور رہے کالا منہ — سر حسینون کے چڑھی توبھی یہ تیرا ہے جگر
مین ہون عالم مین وہ صد غیرت ماہ و خورشید — آئینہ ہے مری حیرت سے ہمیشہ ششدر
ماند ہو چاند اور آئینہ ہو پانی پانی — پس چلمن کبھی اپنے جو دکھا دون جوہر
منہ کی کھائے جو قمر میرے مقابل آئے — میری تنویر کا شہرہ ہے جہان مین گھر گھر
صبح صادق کو مری ذات سے یہ تابش ہے — مدعی سامنے کیا آئے کہ جھوٹا ہے گہر

سچ تو یہ ہے کہ سعادت یہ سعادت ہو نصیب ۔ مجھکو گر دیکھ لے کوئی عوضِ ماہِ صفر
مین ہون وہ نور کہ جس گھر پہ مرا عکس پڑے ۔ غیرتِ وادیِ ایمن ہو سراسر وہ گھر
لمعۂ حسنِ جہان سوز سے میرے دم مین ۔ کوئی باقی رہے دنیا مین نہ دیوار نہ در
آنکھ سورج کی طرف کون اُٹھا سکتا ہے ۔ مین بھی وہ پیش نظر ہون کہ نہین پیش نظر
ہون مے حُسن سے بدمست الٰہی توبہ ۔ پر وہ ہشیار ہون رہتی ہے زمانے کی خبر
مین زمانے مین ہون اک شعلۂ راہِ ظلمات ۔ ساتھ مجھکو نہ لیا چوک گیا اسکندر
میری افشان سے ملے ہین یہ فلک کے تارے ۔ ذرّے تابش سے مری بنتے ہین رشکِ اختر
مرا جلوہ مرے جلوے کیلئے ہے وہ نقاب ۔ وقتِ نظارہ پہنچتی نہین موسیٰ کی نظر
مینے سمجھائے ہین والفجر کے معنے اسکو ۔ جہل مین حضرتِ واعظ کی ہوئی عمر بسر
میرے دعوی کی شہادت ہے کہ ہر صبح و مسا ۔ آئینہ داری مین حاضر ہین دی شمس و قمر
سامنے میرے ہو لالہ تو سُناؤن پھبتی ۔ گویا کوّے نے نکالا ہے یہ سُرخاب کا پر
گرد سے چاند زمانے مین کہان چھپتا ہے ۔ مری زینت ہو جو بالفرض ملون خاکستر
ایک مین صورتِ آئینۂ قلبِ مومن ۔ ایک تو ہے دلِ کافر کی طرح بد اختر
تیرہ و تار و سیہ باطن و زاغ و زنگی ۔ تجھکو القاب ملے از طرفِ اہلِ ہنر
تجھسے اے تیرہ درون ہان شبِ یلدا اچھی ۔ تجھسے سو مرتبہ ہے شامِ جُدائی بہتر
ایک عالم مین ہے تو تیرہ دروں تیرہ برون ۔ وہی ظاہر وہی باطن ہے وہی زیر و زبر
ہمنے مانا دل عاشق کے لئے بید سبھی ۔ کس نے دیکھا ہے کہان بید مین لگتا ہے ثمر
سانپ کہئے تجھے چپکے سے اگر دل کو ڈسے ۔ آشکارا تیری الفت ہو تو ہے پھانسی گھر
صرف مجنون کی اٹکن کے تو نہین ہم قائل ۔ تو ہے شبرنگ یہ لیلا کے کہان ہین جوہر
گلشن عارض جانان کی نگہبانی مین ۔ دو بلائین ہین کہ رہتی ہین ادھر اور ادھر
بال بال آپکا مجرم تو نہین ہے لیکن ۔ کشمکش ہاتھ کی رہتی ہے یہ کیون آٹھ پہر

دلربا یون سے تجھے قطعِ تعلق اچھا
کیون بلا بن کے ہوئی ہے تو حسینون کے لئے

سر پہ گر شام شبِ غم ہو تو تجھ سے اولٰے
آستین مین ہو اگر سانپ تو تجھ سے بہتر

صورتِ آئینہ جب صاف رخِ انور نے
زلف کے عیب نمودار کئے - اپنے ہنر

مو بمو ہو کے زبان بھر کے بہت بل دلمیز
زلف نے طول دیا پاسِ سخن کو یکسر

یون لگی کہنے کہ اے دشمنِ عقلِ روشن
عیب جوئی سے دلِ پاک کو ہوتا ہے حذر

قدر ہے میری حسینون مین تجھے کیا معلوم
سلسلہ حسن کا ہے ختم مرے دعوے پر

سر پہ رہتی ہون حسینون کے ہمیشہ لیکن
طوق ہون گردنِ عشاق کا مین آٹھ پہر

سرنگون یادِ خدا مین ہون وہ ہون شب بیدار
مجھمین موئی نہین - دیدہ ہے مرا خوف سے تر

ختم واللیل کی تفسیر ہے مجھ پر غافل
ہے مری تاب سے عالم مین عیان نورِ سحر

پھیلتی ہون تو شبِ وصل سے بڑھ جاتی ہون
مین سمٹتی ہون تو ہون مردمکِ اہلِ نظر

کھینچ لیتا ہے جو نشتر کو رگِ جان کی طرف
رگِ مجذوب مین یہ میری کشش کا ہی اثر

ہو گیا عشق سے میرے دل شانہ صد چاک
جگر انسان کا ہے دیکھے جو مجھے ایک نظر

چاہنے والون کی گردن کے لئے ہون وہ کمند
لشکرِ حسن کو مجھ سے ہے بس امیدِ ظفر

ملتی جلتی ہے مری شکل سے تصویرِ ہلال
کملین جامہ ہے میرا صفتِ پیغمبر[۲]

رات ہو کر مین ابھی یومِ دخان دکھلا دون
ہے عیان مجھ مین عجب شانِ خدائے اکبر

چشمِ بد بینِ تو برکندہ بود تا بہ ابد
جملہ اش عیب نماید ز سراپائے ہنر

عیب گر تیرے گنون منہ پہ ہوائی سی چھٹے
مین نہین وہ کہ پرولاؤن گی جھوٹے گوہر

تجھکو گر چاند کہون داغ کہان جائے گا
سنگِ مرمر کہون تو ذات ہے تیری پتھر

مینے مانا ستعدی ہے صباحت تیری
پر یہ ایسا ہے کہ جیسا تنِ ابرص کا اثر (یعنے کوڑھی[۱۲])

شام وصلت تری تنویر سے ہے صبحِ فراق
واہ کیا شام تھی اور آہ یہ کیسی ہے سحر

شمعِ محفل نہ رہا جب پسِ جلق آیا
ایک جلوہ کے سوا اور نہ تھا تجھ مین ہنر

یاد آجائے وہین چادرِ پر نورِ کفن
ترا جلوہ کسی بیمار کو آئے جو نظر

نہ ملے پر نہ ملے مُنہ بھی چھپانے کو جگہ
تجھ مین جو عیب ہین سب منہ پہ وہ کہدُون اگر

الغرض بات بڑھی بحث کچھی طول ہوا
یہ پہنچی دونون کے طرفدارون کو اُڑتی سی خبر

حامیٔ رُخ ہوا آئینۂ صافی باطن
شبِ یلدا نے کسی زلف کو لشکر مین کمر

ماہ کامل نے دیا ساتھ رُخِ انور کا
زنگیٔ خال نے لی زلف کی خاطر سے سپر

جانبِ رُخ وہ چلی یہ طرفِ زلف بڑھی
فوجِ تاریکیٔ شب اور سپہ نورِ سحر

زلف کے ساتھ ہوا بختِ سیاہِ عُشّاق
تابشِ برق ہوئی جانبِ روئے انور

ایک ہونے کو تھا ہنگامۂ محشر برپا
کیا تعجب تھا کہ ہو جائے جہان زیر و زبر

پیرِ دانش نے کہا جنگ نہین ہے اچھی
صلح ہو جائے جو دونون مین تو سب سے بہتر

جائین اس درگہِ عالی پہ یہ ملکر دونو
ہے جو آفاق مین مشہور عدالت گستر

**میر محبوب علی خان بہادر جمجاہ**
مصدرِ مہر و کرم مظہرِ صد علم و ہنر

اُسکے لشکر کی اگر خاک ہو نہ سرمہ فروش
کور عالم مین رہے دیدۂ ماہ و اختر

فکر کہتی ہے کہ اب مطلعِ ثانی لکھئے
دل مین جو کچھ ہے وہ آجائے زبان پر

## مطلعِ ثانی

اُسکا اقبالِ عدو مالِ زمانے کی سپر
کر دیا ہے صفِ خُدّام کے پیدا ہے شکر

عدل اُسکا ہے وہ عالم مین زمانے کی سپر
شیر بکری ہے سدا سے صفتِ شیر و شکر

اُسکا گر حکم ہو خرشید حلم کو تھامئے
قتلِ اعدا کے لئے باندھ لے مریخ کمر

نام اُسکا جو لبِ سوختہ جان پر آئے
فیضِ مقدم سے ہوا اکسیر ہین خاکستر

نہ تو دارا کو میسّر تھا نہ جمشید کو یہ
ایک ذرّ کا دیا اللہ نے جیسا اُسے در

اُسکا گر نام نہ ہو اسپہ تو ہو جائے ہلال
ماہِ کامل صفتِ موئے میانِ لاغر

اثرِ عین عنایت ہے یہ اللہ اللہ
چشمِ مظلوم کا آنسو بھی ہے صد رشکِ گہر

ہاتھ چھوٹا بھی پڑے تو بھی ہو دشمن چچ زنگ
جان شمشیر کی کھا بیٹھی ہے سوگند ظفر

طبل لشکر کی صدائین ہون جو گردون پہ بلند
آسمان ٹوٹ پڑے رعد کا پانی ہو جگر

اُسکی اک ذات مین پنہا ہین ہزارون صفتین
جسطرح گنج معانی ہے فقط اک مصدر

دلمین تادیب عدو کا جو کبھی آئے خیال
پیشوائی کے لئے عیب سے حاضر ہو ظفر

لشکر بحر ظفر خضر قدم ہے اُسکا
خشک صحرا مین اگر جائے تو سب ہو خضر

اُسکے خدام مین جمشید و فریدون سے بہت
اُسکے لشکر مین ہین دارا سے ہزارون افسر

بانی کعبۂ دل ہے وہ جلیل عالم
بانی کعبۂ گل ہے جو خلیل آذر

شرق سے غرب تلک سکۂ بخشش رائج
شہرۂ لطف و کرم عام ہے کشور کشور

چادر چرخ کہن مین نہ تھی پہلے یہ چمک
ذرہ خاک کف پا سے بنے ہین اختر

اُسکی توصیف سے عاجز ہے زبان خامہ
اُسکی مدحت کے لئے فرد ہین سارے دفتر

بام گردون پہ نہین کاہکشان اور ہلال
در عالی کی وہ زنجیر ہے یہ حلقۂ در

قوت و زور خداداد کے معنی یہ ہین
ایک جھٹکے مین ابھی توڑ دے رستم کی کمر

اُسکی مدحت مین زبان سے جو نکلتا ہی سخن
آب حیوان ہے وہ یہ ماہئ آب کوثر

اُسکی شمشیر عدو سوز کی تابش یہ ہے
ہو تصور سے کبھی گر دل دشمن مین گزر

برق کی طرح جو کانون سے سماعت چھینی
صاف لیجائے اُچک دیدۂ بینا سے نظر

غیرت حافظ شیراز طبیعت ہے مری
کیونکہ اسکو ترے اوصاف ہوئے ہین ازبر

لعل بخشی کا اگر اُسکے کرے ذکر کوئی
ابھی دریا سے نکلنے لگین گوہر احمر

اُسکے خنجر کے دم و خم کا اگر ہو مذکور
بھاگ جائے سر میدان سے عدو کا لشکر

بخشش عام نے عالم مین بٹھایا سکہ
فلس ماہی کو دیئے غنچون کو بخشا ہے زر

نگہہ قہر سے کردے ابھی پانی پانی
اُسکے آگے نہ ہو خم گر سر تیغ و خنجر

اس سے وابستہ ہے رنگ عرض جان عدو
جوہر فرد ہے شمشیر کا اک اک جوہر

جام بردار سر بزم ہے جمشید اسکا — آئینہ دار حضوری مین ہے گر سکندر

نگہ لطف سے شمشیر کو پھل ملتا ہے — نظر قہر سے کٹ جاتے ہین تیرون کے پر

داد خواہی کرے گر اسکی حفاظت سے چراغ — سر سر آئے نہ کبھی باغ جہان مین صرصر

جیسہ تحریر ہو کچھ رائے منور کی صفت — کاغذ مدح بنے غیرت مہر انور

اسمین ہون گرمی احسان کے شامل قطرے — عمر انسان کا لبریز نہ ہووے ساغر

محل سینۂ دشمن مین چھپے جون لیلا — اسکی شمشیر سیہ تاب مین ہے یہ جوہر

ہو اشارہ تو ابھی برق ہو اسکی تلوار — اسکا ایما ہو تو آجاے سپر بنکے قمر

تاب کیا دشمن دین سامنے آئے اسکے — اک اشارہ مین ہیولے سے جدا ہو پیکر

سر اعدا ہے سر دار یہ ہے یہ اعجاز — نخل تابوت پہ دیکھا نہین لوگون نے ثمر

اسکی شمشیر نے تسخیر کیا ہے عالم — اسکی تدبیر سے منقاد (یعنی مطیع) ہین ساتون کشور

شہرۂ فیض ہے ہر سمت جہان مین یکسان — شرق سے غرب تلک شام (نام ملک) سے لے تا خاور (نام شہر)

نسر طایر (ستارہ بصورت کرکس) کا بس اک دم مین کلیجا چھیدے — تیر اسکا ہے پرواز جو کھولے شہپر

ہے یقین مشک ہی پیدا ہو بجائے سبزہ — نکہت خلق جو شامل ہو ہوا کے اندر

توسن تیز روان کی ہے یہ ادنی تشبیہ — طبع شاعر سے سوا۔ وہم و گمان سے بڑھکر

صورت کبک دری غیرت پرواز پری — لامکان ایک ڈپٹ ایک قدم تا نظر

**عاشق** اب بس یہ دم ہرزہ سرائی کب تک — کہ نہین طول کلامی صفت اہل ہنر

مدح ممدوح زمن تجھسے ہو کب ہے ممکن — نہ تو خامہ کو یہ طاقت ہے نہ یہ حد بشر

ختم ہو جائے دعائے در دولت پہ سخن — منتظر ہاتھ اٹھانے کا ہے مدت سے اثر

جب تلک تابش اختر سے ہے زیب گردون — جب تلک جلوہ خورشید سے ہے نور قمر

اسکا ہر وقت رہے مہر سعادت تابان
نیر مہر درخشندہ رہے تا محشر

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمدے کہ عالم عالم اعتراف نارسائی نکتۂ کنہش پیرامون دانش گردد - یگانہ داورے راسزاست
کہ از ماہ تا بماہی و از ثریٰ تا ثریا وجود ہر ذرہ با صد زبان بے زبانی بنوائے لا الٰہ الا انت گویا
وسمند فکرت بلند پروازان اوجِ سپہرِ وحدت جولی دربیدائے ناپیدائے وصول میدانِ
حقیقت چگونگی ذاتش بہر طرف پویا - واجبے کہ صور ایجاد را از یک تجلی امرِ کن در مرآت وجود
چنان جلوہ گر ساختہ - کہ شہبازِ عقولِ اولی الالباب ہرچند تیز پری بکار بردہ لیکن آخر الامر
باصد عجز بال و پر انداختہ - ہر ذرہ را در وصفش صد خورشید ستایش در آستین - و ہر قطرہ را
در ثنایش صد قلزم تسبیح گوئی ساحل پیرائے موج جبین - دیدۂ حقایق بین ہر سو نگر
شعشعۂ تجلی چہرۂ شاہد ظہورش بیند - و دست عرفان گزین از ناوکِ نوک ہر خارے گلہائے گوناگون
چیند - نالہ بیدلان از شوق جلوۂ دلداران در ہر آہنگے صد نغمۂ جذبۂ عشقش سراید -
و استغنائے سیمین تنان از نازئے ہوئے دلدارگان از ہر جلوہ ہزار رمز بے نیازی وے
وانماید - مشتِ آب و گلے را شیوۂ دلربائی دہد - و در ہر مادۂ جوہر انسانی تاثیر جبہ سائی بزم
نیاز نہد - تا گرمی بازار قدرتِ خویش افزاید - و عجین ما و طینی را از حضیض بشریت بذروۂ
ہمپایگی الوہیت رساند - تا عرفۂ مطلق العنانی خلاقی خویش بر چہرۂ طالبان جلوۂ عارض
شاہد حق الیقین کشاید - زہے توانائے کہ مور ناتوان را ہم پہلوئے پیل دمان سازد -
و خہے جوادے کہ پشۂ ضعیف بالے را در عرصۂ وجود با عنقائے تیز پرواز ہمعنان تازدہ ہر کجا
شمع خلوتخانۂ وحدتش نور بخش محافل قدس گردد - ظلماتِ کثرت را چون اعتقادِ بے اعتقادان
رہگرائے ملکِ عدم سازد - و ہر سو کہ کثرتِ حقیقی حقیقت فطرتِ ازلی ذاتش جلوہ گری نماید

ازہر گوشۂ ابرو ہزاران ترانۂ وحدت بہ سر انگشت ایما نوازد - اگر نہ تاثیر حقیقت فطرت ازلی ذاتش و جلوہ قدرتش نافذ موجودات بودے - کجا ممکن راخیال یارائے حمد واجب بر سر افتادے - واگر نہ جذبۂ عشقش در دلِ ہر مخلوق کشیدے کے انسانِ ضعیف البنیان سر در بادیۂ محویتِ صنعتش بیخودانہ نہادے - نے نے کہ جز از بیخودی و حیرت ناخن عقل عقدۂ نتواند کشاد - و جز از اعتراف عجز نفس ناطقہ جبہ بر آستانے نتواند نہاد -

## ابیات

| | |
|---|---|
| ہرچہ غواصِ تفکر در بحار حمد او | غوطہ دُر گرد دنیابد جز دُرِ عجز و نیاز |
| گرچہ وصفِ صُنع او ہر ذرہ را دارد بر قص | لیک عقل خُردہ بین محو است با این رمز و راز |
| ملکِ استدراک و شہرِ فکرِ انسان شد خراب | بسکہ جیشِ وصف او وارد در اینان ترکتاز |
| جلوۂ تاثیر صنع خویش چون سازد عیان | در دلِ محمود آرد شورشِ عشقِ ایاز |

ہان اے ریزشِ کلک ہوشدار کہ دشت ستایش واجب الوجود راپیمودن نہ کار تست وا اے شہبازِ خامہ قلۂ قاف نیایش ہر گز نہ جائے اوج پیمانہ کار تو دمے سرگرم رہ پیمائے میدانِ نعت خیر الوریٰ واوج گزین سپہر ثنائے خلاصۂ آفرینش ارض و سما گرد اعنی قدسی سرشتے کہ در جامۂ امکان رمز وجوب را آشکار ساختہ - و غلغلۂ اوّل ماخلق اللہ نوری در کاخ استماع مستمعانِ بزم متقربان قرب حضوری انداختہ - زیبندۂ افسرِ لولاک و رونق افزائے سریر زینت بخشی آب و خاک -

## اشعار

| | |
|---|---|
| محمدِ عربی رہنمائے راہِ یقین | کہ یافتہ ست نبوّت از و بہا و ضیا |
| حبیبِ حضرتِ حق پیشوائے کون و مکان | کہ خواندہ ختمِ رُسل خالقش بفضل و عطا |

رونق بخش اورنگ نبوتے کہ پنجۂ معجز نمایش بیک اشارہ ماہ تابان را دو نیم ساخت - وفارس میدانِ رسالتے کہ فرس اشتیاق را طرفۃ العینے یک سرہ بسر حد عرصۂ مواصلت حق جل و علا تاخت

نازم برتبهٔ نبوتش که مقامی را که بنای سلف را آرزوی جبهه سائی جلوه گر خاطر بود و صورت
امکان نه پذیرفتی که امکان پذیرد به نعلین مبارک مشرف نمود - و عرصه را که قدسیان کمال
فخر از تمکن آن بودی نه غبار اقدام میمنت التزام زینت بر زینت افزود - اگر نه جلوهٔ
ذاتش علت غائی ایجاد بودی - تا ابد وجود از عرصه عدم رخ نه نمودی - تا ساحت
عالم را از جمال جهان آرای خویش پر نور - و قلب عاشقان را تجلی وجود قابض وجود
پرسرور ساخت - آن یک نرد برتری با علی علیین - و این یک کوس همسری بر قطان
ملاء اعلی باخت و نواخت - اگر نه خوشه از نشیدگان حضیض کوته نظری داشتمی - لوائے
تفاخر رب الارباب از وجود حقیقت نمود حضرتش بر اوج مبین بر افراشتمی - مخلوق نمائے
خالق صفتی که هر ذره را امکانش غیرت ده صد خورشید وجوب - و بشر صورتے که مشاطهٔ
فکرتش شانه کش طرهٔ دقایق رمز اسرار علام الغیوب است - رحمة للعالمینے که کردگار
دو سرایش مدح سرا باشد انسان را کجے تاب آنست که تخم نعتش در مزرعه بیان باشد
پس همان به که طوطی قلم را در ثنائے اصحاب کبار و اولاد اطهارش شکر افشان سازم
و سیف مدح ایشان از نیام بیان بر آرم - ثنائے که جهانش ثنا گوید سزاوار والا گوهر یست
که خلیفهٔ بلا فصل و نخستین جانشین خاتم انبیا است قدسی نژادے که پس از سرور پیغمبران
نظیرش جز در آئینه تصور نتوان دید - و بانی بنائے شریعتے که هر کس از زلالش بهره ور
نگردید ذائقهٔ حصول روضهٔ مینو نه چشید - اگر نه پرتو خورشید ذاتش عرصهٔ دین را منور ساختے
توان گفت که تندباد ظلمت کفر سفینهٔ شرع را در گرداب عدم انداختے - و الا ثنی که شاهد السابقون
را بهین پیرایه و مصداق اذ یبایعونک را بهین سرمایه است تا حسام احتسابش رگ [illegible]
دینداری گردید بنیاد عصیان پروری منهدم شده در آغوش عدم آرمید - اسلام از وی همان
فخر است که تن را از روان و گلستان را از ابر نیسان - و صداقت را از وجود مسعودش همان ناز که
از نور و قطره را از عمان و ذره را از مهر درخشان - حقش مقرب حضرت احد و سر لشکر صدیق اکبر اند - کجا بشر را توان گفت که شمع [illegible] پرده دار

پروردگار و برعرش برین کلیم احمد مختار بحضور کردگار باشد غفران نامحدود و رضوان
رب ودود نثار روان پاکش باد - اینک سمند منقبت در مضمار مدح قامع بنیان کفر حضرت
فاروق افطر در جولان آرم - و قطرات گہر صفتش را از سحاب خامہ بر صفحہ نامہ بارم صمصام سر دامن
لقبے کہ برق بیارم کفر گذارش خرمن جان اعدا بجدے بود کہ دست زمانہ در زمانش حرف الحاد
را از لوح ہستی بزدود - و عکس عارض شاہد ایمان را در مرآت ایقان ہر ذی روح نمود - و غضنفر فری
کہ بہر دیار رایت لوائے نصرت التوائے جیش جہانگیرش رخ نہادے - نو عروس فتح با صد شعف
بر شیم مراکب دلیران اقلیم کشایش فتادے - اسلام را طراوت از رشحات ابر وجودش علی الدوام
ہم آغوش - و فروغ دین حنیف از پرتو مہر لقائے حقیقت انتمایش با آفتاب عالمتاب
دوشادوش بودے - خسروان کیوان پاسبان بغلامیش سر افتخار بر سپہر سودندے - و
فرمانروایان ہفت کشورش حلقۂ اطاعت در گوش جان نمودندے - نہ چنان سرشار جام عشق
یزدان بود کہ از ہستی خویشش خبرے - و نہ آنقدر گرم رو جادۂ رضائے آفریدگار کہ سوائے
بنیاد اسلامش و رجال خودش نظرے باشد یا زورے نبوت را ہمین استظہار و ملک خلافت را ہمین
کارگزار - از یک تدبیر صد ملک را در حصار ظفر بستے - و از یک تکبیر ہزاران لشکر شکستے - عدل را تا دیدہ
بر رخسار مہر آثارش نیفتادے خود را در جہان بے ثمر پنداشتے - و شجاعت را تا شعشعۂ جمالش
جلوہ گر نشدے کیہان را بے نگہبان انگاشتے - از حقیقت امکانش تا وجوب جز از لفظ مجاز تفاوت
یکسر مو نے - پس در حقیقت جز از آرزوے مبدا اصلش ہوائے در سر نے - کے راکش نہ شمردے
و حاتم طے را بہ سخا نام نبردے - حبیب حضرت کبریا مدح سرائیش در کلام رب علا فرماید - و واجب
الوجودش رضی اللہ عنہم ستاید - اگر خلافت را لباس از وے سزاواری - و شریعت را مددگاری بسزا
بود کاتب وحی یزدانی و صہر محبوب سبحانی تابان نیر فلک حلم و ایمان حضرت عثمان رض است کہ
بستان حیا را از آبیاری ذات اقدسش سرسبزی ابد قرین - و شہر بند فتوت را از عون
وجودش آرایش ازلی در آستین ہست گنجینۂ سینہ اش را لآلی اسرار حق سرمایہ کہ حد شمارش خارج

از حد شمار وخامۂ مشکین ختامہ اش شکر فگن طوطئے کہ وردش اظہار معرفتِ پروردگار می بود حفظ کلام احدش حرز بازوئے بیان نطق بود - وجز از وصل حقش اشتیاقے در خاطر رُخ نہ نمود - اگر جودی جودش دستگیری سفینۂ فقر نہ کردے تند بادِ افلاس کے کشتیٔ درماندگانِ بحرِ حیات را بسلامت گزاشتے - واگر یکتا از طینت قدس خمیرش اقلیم شرع را مصئون از ترک وتاز کفر نداشتے چسان دست دین بیرق ظہور برج حصار آفرینش برافراشتے ملّت بیضا از حمایتش پائے شہرت بر فرق فرقدان گزارد - وسر انگشت معجز نمائش نعش عنوان فرمودۂ رب الارباب را بر صفحۂ ہستی تبئین نگارد - رسول داوارش وجگر گوشہ دہد تا ذوالنون لقبش خوانند - وبہ تحریر وحیش فرمان دہد تا خازن رمز حقیقت حقش دانند - سرشتِ ایمان را بہترین آب وگل از وے عیان - وظہورِ وحدت در کثرت در عالمِ امکان از حقیقتِ وے زینت بخش بیان است - حالیا مشام روحانیان را از رائحۂ ثنائے مولائے متقیان معطر ودیدۂ قدسیان را از جلوۂ منقبت لنگر زمین وآسمان منوّر سازم وصفحۂ کاغذ را از یمینِ نامِ نامی واسم مبارکش روضۂ رضوان نمایم - ہو اسد اللہ الغالب المطلوب لکل طالب - نبی عم محبوب کبریا وبرگزیدہ خالق دوسرا شہسوار عرصۂ لافتا وصدر آرائے صفحۂ قل انما - کنندۂ درِ خیبر مقاتل عمرو انتر - چسانش برگزیدہ وشرف نخوانم کہ چنانکہ فخر سرور عربی از خاتم انبیا است ہمچنین وے را اعزاز خاتم خلفا والی ملک خلافت کہ در مہد اژدر درد - ودر عرصۂ رزم بیک اشارہ سر از مرحب برد - وبنیان اسلام را ذوالفقار کافر کشش بانی - ومزرع ایمان را سیف اعدا سوزش ابر نیسانے - خراج ملکے بگدائی دہد - وگردن کشے نہ تواند کہ جز از قبول ایمان از برق تیغش باز دہد - آسمان ولایت را خورشیدے تابان وسماء سماحت را نیّر درخشان

## اشعار

آنکہ در مدحش سر آید از شغف پروردگار — لافتا الا علی لاسیف الا ذوالفقار

با والایش قعر دوزخ خوشتر از خلد برین — بے رضائش صحن مینو بد تر از نیران نار

حبذا ید اللہ کہ بازوئے صف شکنش محی ملت بیضا - وزہے ضرغام تہمتن تنے کہ پنجۂ قلعہ کشا
رونق افزائے اعجاز حضرت حبیب رب دو سرا است - پس ہمان بہ کہ عنان ابرش تیز گام
کلک را باز کشیدہ عنان عزیمت را بدار الملک خاموش و عجز منعطف تمام و نغمۂ درود نامحدود
بروان قدس آشیان حضرت خیر الورا و اصحابہ الصادقین و اولادہ الطاہرین سرایم
سیما بر سیدی شباب اہل الجنۃ ابی محمد ن الحسن و ابی عبد اللہ الحسین دو نور دیدۂ شفیع ہر دو سرا
و سرور سینۂ بتول زہرا و صدیقۂ کبری فارسان بیدای حقیقت پژوہانی کہ عرش اعظم را
دو گوشوارۂ گران بہا و سپہر امانت را دو اختر خورشید ضیا - راکبان دوش نبی - و زینت
آغوش محمد عربی اند - فردوس برین را از گرد نعلین شان پایۂ افتخار بر ذروۂ فلک دوار
- و ذرۂ مجازی را از جلوۂ حقیقت ظہور شان از ہمسری آفتاب ہزاران ننگ و عار -
جہان صداقت را دو محیط بیکران و چرخ فتوت را دو نیر رخشان - شبستان شریعت را
دو شمع فروزندہ - و خرمن کفر را دو برق سوزندہ یکے از شوق جمال زہر ہلاہل اشتیر
از شکر خورد - و یکی در آرزوئے وصال سر بکف نہادہ جان را بشوق شہادت سپرد
یکے مسموم زہر اسما گشتہ ہفتاد و دو پارۂ جگر - و یکے شہید خنجر اعدا بخون آغشتہ
بے سر گردید - یکے در جنت البقیع از ظلم عدوان بخاک - و یکے در دشت کربلا از زخم
نیزہ و شمشیر غرقۂ خون آشام سینہ چاک -

## ابیات

برای بخشش عاصیان بروز جزا — یکے سر و دگرے جان خود فدا کردند
ہنوز جلوہ نکردہ ز دست ظلم عدو — و زین جہان فنا رخ سوئے بقا کردند
چو عہد دادن جان از ازل بہ یزدان بود — ز شوق وعدہ خود را بحق وفا کردند

اما بعد این خوشہ چین مزرعہ بزم آرایان محافل سخندانی - دریوزہ گرد الا ہمان
ملک شیوا بیانی احقر العباد محمد اقبال حسین ولد منشی نور الدین احمد صاحب مرحوم مغفور

لکھنوی و دہلوی گوید کہ اگرچہ درین آوان گوہر نایاب کمال سخن ہمسر سنگ سیہ و نکتہ سنجان
ادیب ہمپایہ عنقا گردیدہ - و نہ چنان دست زمانہ نبل بیقدری بر رخسار شاہد معانی
کشیدہ کہ چون کیمیاے وجود انسان کامل جز در عرصہ عدم نشان توان داد خانۂ اہل کمال از
نایابی سخندانی ہر دم سرشک حسرت از دیدہ بارد - و طوطی نطق ہنرمندان ہر لحظہ از شوق
تمنائے حصول قدردانان یاد از قفس جلوگاہ بیان آرد - آوخ کہ جوہر جبین بے بہا
نہ چنان از نظر افتاد کہ جز از نامش نشانے - و دردا کہ روحانی نژاد چنین والا پایگاہ
نہ چنان پایمال خاک مذلت گردید کہ در محفل جہانبانش باریابی واماندے باشد خوشا زمانے
کہ نقل محفل شاہنشاہیش خواندندے - و یاد از او آنے کہ در حضور خسروانش
ارمغان بردندے - اگر ذائقہ چشان خوان سخن ماتم علم گیرند رواست - و اگر
نادرہ گفتاران چارسوق کمال و فن مرثیۂ دانش سرایند بجاست - آرے ارباب ہنر
را کجا فروغے باشد کہ شعر را کم از شعر پندارند - و نکات پژوہان را کے مقدارے باشد
کہ شاعری را یاوہ گوئی انگارند - اگر در سالف زمان بہترین شرف گوہر انسانی را
ادب و کمال دانستندے - حالیا اہل مذاق را فروترین طبقۂ ناس شمارند - و جہل
خصلتان را بر ہنر پیشگاہ برگمارند -

| کو آن وقار دانش و آن عزت سخن | | دردا کہ قدر فضل و ہنر رفت از جہان |
|---|---|---|

نے نے غلطم کہ بازار جہان کنون نیز خالی از خریداران جنس معانی و دار العباد گیہان
تہی از گوہر شناسان لعل و لآلی نکتہ دانی نیست - مشتاقان جلوہ جمال دوشیزہ گان
مضامین در ہر گوشہ سرمست بادہ جویائے این قدسی نہاد - و فرہادان بیستون شیرین
لبان نغز نکات شیفتۂ این حورائے معنوی نژادند - اے بسا فاتح قلاع خرد پژوہی
کہ توسن کمال را رام و براو رنگ ہنرپروری بادلارام سخن سنجی ذوقے تام دارد
- پس خزف نزیدہ چند کہ گاہ گاہے از بساط طبع فرو ریختہ بود

درطبقِ انفعال نمودہ بایک جہان عجز کم مایگی حاصر پیشگاہ انظار ارباب معرفت می نماید وترنم چامہ جفنا بہ بضاعتِ مزجات - بامید عطائے عفو خطا مے سراید

آمدیم بمتاع حقیر

## قطعہ

دارم امید کہ گر سہو خطائے بینند — پردہ از لطف بہ پوشند بران اہلِ کمال
زانکہ خود آئینہ ذاتِ خود انسان باشد — مے توان دید شبہ را ازرو ذرا چو سفال

## تمت بالخیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# قصیدہ در حمد باری تعالیٰ عز اسمہ وجل شانہ در بحر رمل

فاعلاتن فاعلات فاعلاتن فاعلات

تا بپا این گرد گردون گنبد میناستی ‌ ‌ ‌ ‌ شاہد یکتائی خلاق بے ہمتاستی

صانع بیچون خداوندے کہ از یک حرف کن ‌ ‌ ‌ ‌ عالم و کون و مکان از قدرتش برپاستی

قادرے کاندر قضائے قدرت خلاقیش ‌ ‌ ‌ ‌ صد چو افلاطون و لوقا یا یم و شیداستی

واہبے کز کلک قدرت نقش امکان تا کشید ‌ ‌ ‌ ‌ محو کلک صنعتش صد آذر و ماناستی

کل اشیا را اگر بینی بچشم حق نگر ‌ ‌ ‌ ‌ ہر یکے با صد زبان در حمد او گویاستی

عقل گوید خالق از مخلوق گر باشد بری ‌ ‌ ‌ ‌ لیک او چون از ازل خود مبدأ اشیاستی

عین وحدت کثرت ست و عین کثرت وحدت ست ‌ ‌ ‌ ‌ لیک گویم فاش نے چون قطرہ و دریاستی

وحدت و کثرت اگر خواہی ببین خورشید و ضو ‌ ‌ ‌ ‌ گو بود یک خور و لیکن پرتوش ہر جاستی

اوست خلاق و قدیم اندر وجود خویشتن ‌ ‌ ‌ ‌ نے بمانند خیال صرف سوفسطاستی

آنکہ گوید عالم و معلوم باشد متحد ‌ ‌ ‌ ‌ نے معاذ اللہ غلط این نزد ہر داناستی

بود عالم در وجود خویش و معلومی نبود ‌ ‌ ‌ ‌ زانکہ آیۂ لا یذکر الانسان درین پیداستی

ده عجب آمد مرا زانکه گوید در جهان — ذات واجب حاش لله مخزن اشیاستی

ذات حق نے ظرف و نے مظروف باشد از ازل — زانکه الله احد شاہد برین دعواستی

[خدا فرد ست ۱۲]

چونکه او موجود بود او رده ست اندر وجود — کل موجودات اگر اعلی و گر ادناستی

ہر کجا بینی بچشم دل نہ بینی غیر او — چشم دل بکشا بہ بین او را اگر بیناستی

واجب ار خواہی شناسی ہمکنا خود را شناس — من عرف نفسه درین ره مجتبے زیباستی

با وجود کنت کنزا پس عجب آید مرا — کز تحیر ما عرفنا عقل کل گویاستی

[حدیث قدسی بودم گنج پوشیده ۱۲] [نه شناختیم ترا چنانکه تا باید]

چونکه نادانی درین ره عین دانائی بود — اے بسا بینا که درین راه نابیناستی

گفت موسی گر بکوه طور ارنی نے عجب — کاز جواب لن ترانی تا ابد شیداستی

[نمی توانی دید ۱۲]

غرقه این بحر حکمت نوح گشته است و ہنوز — رشته این حیرت اندر سوزن عیسیٰستی

کل ما میزتموه رامی توان کردن دلیل — زانکه ذات او برون از حد فہم ماستی

[حدیث روایت است از حضرت علی کرم الله وجهه هر چیز را که تمیز کنید … ۱۲]

ار رسے ارسے کے توان از واجب را شناخت — لا یحیطون به علما درین پیداستی

[آیت کلام مجید احاطه نمی کنند علم شما او را یعنی خدا را ۱۲]

ممکن و در کار واجب دم زدن حاشا غلط — کور کردن وصف بینا وه چه نازیباستی

اے که ہستی بس عیان و بس نہان از چشم و دل — نے توان گفتن که پیدا و نه ناپیداستی

نے مکانے از تو خالی تا که بینم غیر تو — بے بود جائے ترا تا گویمت کانجاستی

گر کسے بیند بچشم حق نگہ بیند که تو — در دل ہر ذره چون مہر جہان آراستی

ہر کجا کنجت ویران گنجے اندروے بود — خانهٔ دل را تو ہم ویران کن ار داناستی

گنج حق را جائے ده در گوشه ویران دل — زانکه ہر جا قلب ویران جای حق آنجاستی

عاشقا این حمد خلاق است نے مدح کسان

اندرین لب فرو بستن کنون زیباستی

## قصیده در نعت سرور کائنات خواجهٔ مخلوقات ختم المرسلین و حبیب رب العالمین احمد مجتبی محمد مصطفی صلی الله علیه و آله وسلم

در بحر هزج مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

سرم سرگشتهٔ عشقست بے برگیست ...     دلم لخته در رہست و بیدل نیست درمانش
دلے دارم که خواند در فضائے عالم وحدت     تنی منصور قانون انا الحق در دبستانش
ز بستانے مکان دارم که هست از جلوه هیچش     بیان لن ترانی خامه از او ورق اغصانش
بمکتب خانهٔ طفل وجودم کرده درس اندر     که نیم صفحهٔ ہستی ندارد خط دیوانش
دلیل حق شناسی چیست قرب حق طلب زان     نبودن در پئے فردوس و فکر حور و غلمانش
معاذ الله از زاهد بگوید سجده بر گل کن     ز شرع عشق اجازت هست سنگے زن بدندانش
حدیث قدسی از خواندی طریق بندگی آموز     که یا عبدی اطعنی را کن مثلیست احسانش
ولے از خاک بوسی نایدا ز دیر و حرم بگذر     مبادا سر تهی بر منت زهاد و رهبانش
ببین بر ظاهر واعظ ومی از دیدهٔ باطن     نگه کن تا ببینی صد حیل در زیر دامانش
عدام المسلم من سلمه خواند ولے هر دم     کمر بندد بخون مسلمی فتوائے هذیانش
اُنکے وصال سے دور ہے مگر ایک چوڑیل جسکا نام جہل مرکب ہے انکے گلے پڑی ضرور ہے ہر چند
کہ ہم بھی لطیف خطاؤ نہین طائف ہیچ مگر اسکی تصحیف سے خائف ہر کیا کرین دنیا مین عالم خیال
عجب بے مثال ہے کہ زندگی بغیر اسکے شاق ہے جسکو دیکھو اسکا مشتاق ہے یہ تنہائی کا یار
ہے شب ہجران کا غمگسار ہے ناکسون مین کس ہے بیکسون مین بس ہے ہاتھ مین دامن یار
ہے ویرانون مین گلزار ہے شوق بے اُسکے بیکار ہے اور تمنا بے مددگار مجنون کا کیف ہے
شیوہ شاہدون کا سیف ہے کہین سوز ہے کہین ساز ہے اور کہین ناز ہے اور کہین نیاز
بغیر اسکے زندگی حرام اگر کوئی جیا بھی تو گمنام یہی مایۂ بساط ہے اور یہی فرش نشاط خلوت
مین جلوت کا نگہبان فرحت اور انبساط کا غزلخوان متاع صحبت اور سرور ہے یہ وہ نشہ ہے
کہ نا اہلون سے کوسون دور ہے شیرازہ بند دیوان ہستی ہے اور نغمہ سنج عیش و مستی بادہ
شبانہ کی مستیان اسی سے بھاتی ہین خواب نوشین سحر کی انگڑائیان اسیکے باعث دلکو
لبھاتی ہین جو سامان خوابمین نہ دیکھا ہو یہ پیدا کردے جو راز مشکل اور معمار مالا ینحل ہو

اُسکو ہویدا پاس اسکے پاس نہین کسی سے اسکو ہراس نہین زندگی کیسی ہی تلخ کیون نہو
اسکے باعث خواب شیرین سے زیادہ آسان کیونکہ اسکو تکلیف کا نہ وہم نہ گمان -
کیا کیا اشکال عجیب اور غریب تمثیل اور تشبیہ مین لاتا ہے اُن سے اپنی کہتا اور اُنکی
سنواتا ہے بچھڑون کو ملاتا اور اُنکو راہ پر لاتا اسی سے سوجھتا ہے آواز قلقل مینا کے
بلبل وہ کسی کا قابو مین نہ آنا وہ اُٹھکے چلا جانا وہ ملاقات کی گھاتین وہ شوق کی
باتین وہ لب ساغر کا منہ لگانا وہ ہچکیان لینا خود بھی رونا اور وَنکو رُلانا وہ روزن
دیوار سے تاکنا وہ نقاب مین نگاہ شرمگین سے جھانکا وہ ہجوم آرزو وہ شیرین لبونکی
میٹھی میٹھی گفتگو وہ بیقراریان وہ بیتابیان وہ شب ہجران کی درازی وہ فراق مین
جانگدازی وہ شب وصل کا جلد سحر ہونا وہ مرغ سحر کا چلّانا اور شمع محفل کا جھلملانا وہ
جگر کی خراش وہ غمزون کی تراش وہ حیا سے پیغام وہ مجاز مرسل سے کلام وہ رنگین
استعارات وہ کنایہ اور اشارات غرضکہ جہانتک سوچو یہ سب حضرت خیال کی بدولت
انسان کو حاصل ہے یہ ہر شئے کو اور ہر شئے اسکو شامل ہے دنیا مین عجب نعمت ہے
بغیر اسکے زیست مستعار اکارت ایک روز بندہ درگاہ انھین حضرت کے ہمراہ ایک
وادی ناپیداکنار جسے گذرنا دشوار ہے جسکا نام میدان کلام مشہور انام ہے جا نکلا
دیکھا عجب قیامت خیز گویا میدان رستخیز ہے جسکا اُوزہے نہ چھور ہر فرد بشر حیران ہے
عجب میدان ہے ایک جانب اتھاہ سمندر روان یون تو بے تعداد مگر کہنے کو
اُنیس بحور اُسکے ساتھ دوان عقل دنگ قافیہ تنگ تھا کہ یہان نہ اپنا کوئی ردیف ہے
نہ حریف اولا اس میدان کا قطع کرنا محال بہران دریادن سے سالم جانا کیا مجال یہ ایسی
مدید اور طویل ہین کہ انکے پار جانے سے پرندتک مقصور ہین آدمی تو ایسے بحر بسیط کے
بالکل معذور ہین مگر مشارکت سے شاید منسرح ہو تنہائی مین محض رجز اور اضطراب کرنے سے
کب فرح ہو یہی رمل بیابانی اور اسی بحر قریب کا پانی اور تمھاری زندگانی - محوی چہ نوشت

ہمنوایان رفتند ؛ بیگانہ نشین کہ آشنایان رفتند ؛ ایام خزان رسید و گلہا ہمہ ریخت ؛
از صحن چمن نغمہ سرایان رفتند ؛ اسی حیص و بیص مین تھا کہ ایک مشاکل کی آواز مزج[12]
یعنی ترنم کی کان مین آئی تازہ جان پائی سمجھا کہ یہ کوئی متدارک[13] کامل[14] ہین یا میرے حال مین شامل[15]
ہین قدم سریع[16] اُٹھائے کہ کہین امن ہاتھ آئے یہ بیدان منقطع ہوا و یہ بحر مجتث[17] باعث زندگی
جدید ہو کالمتقارب[19] روز عید ہو (حافظ) آن کیست کز روی کرم با من وفاداری کند ؛ بر جائے
بدکارے چو من یکدم نکوکاری کند ؛ چون من گدائے بے نشان مشکل بود یار فلان ؛
سلطان کجا عیشش نہان با رند بازاری کند ؛ دلبر کہ جان فرسود ازو کام دلم نکشود ازو ؛ نومید
نتوان بود ازو باشد کہ دلداری کند ؛ غور سے جو دیکھا تو میرے حبیب لبیب ترجیع بند معانی
ترصیع جواہر نکتہ دانی تجنیس قدسی صفات توشیح مکارم اخلاق و برکات مربع نشین مسند عزت مسدس
پیرائے شش جہت تبئین کلام توضیح نظام قلب زدائے کدورت استوا پرداز رجعت مخزن
علوم مہذب عموم احترام آفتاب نظام ماہتاب احتشام روز روشن صبح گلشن صراح مضامین برا
ہین قاموس گوہر صحاح جوہر مفتاح سخندانی نجم فیض رسانی تلویح عطا تحفہ ضیا چمنستان کرامت
نگارستان فطانت خطبہ فرحت مصدر عشرت خرمن اتحاد چشمہ فیضان و داد رشحہ اشعار
معارف گفتار کشاف اشارات موئد تحقیقات قانون شفا روضۃ الصفا بلبل ہزار داستان گلشن فیضان
تعویذ حب و ایمان جلوہ باغ اخوان گلدستہ بند نازک خیالی شمع محفل عدیم المثالی تقویم دو
عنوان پاسداری محیط علم بحر حلم معیار حسن گفتار محک درست اشعار افصح الفصحا ابلغ البلغا
کحل الجواہر عینین منشی **محمد اقبال حسین** صاحب تخلص عاشق وکیل ریاست بیکانیر
ادام اللہ اقبالہ و حشمتہ لازال شموس رافتہ و محبتہ اُس پار کھڑے مجھکو بلاتے ہین کہ ادھر آ
کیون زحافات مین ہمسے بچھڑنے سے آفات مین ہے مینے عرض کیا کہ اے میرے ممدوح
میری کیا مجال اور کہان سے لاؤن ایسے پر و بال جو شہباز کی طرح مواج بحور کو قطع کرون
اور آپکے قدم لون فرمایا اے انجان دیکھ ہمنے ان پر عبور کیسا آسان کیا ہے ایک پل بنایا ہے

اس منشور گذار کو شاہراہ بنایا ہے سینے بچشم حیرت دیکھا کہ ایک عمارت جسکو فصاحت
اور بلاغت کے ستونون پر قیام ہے اُسکی تاسیس کو قیامت تک دوام ہے اصول
سہ گانہ پر تعمیر اور ہر ایک شئی اُسکی بے نذیر ہے ہشت ارکان اُسکے اوتاد ہین بڑے
خوبصورتی کے اُستاد ہین گویا ایک دوسرے کا ردیف ہے چل کیا ہے باغ رضوان کا
حریف ہے پھر تو شوق مین قدم یہ کہتی ہوئی اُٹھایا کہ ؎ خرم دل آنکسے کہ صحبت تو
بایار علی الدوام دارد ۔ اور جناب ممدوح کی بندشون کو خیال مین لایا سبحان اللہ سبحان
اللہ دیوان عام ہے گذرگاہ انام ہے آثار زندگانی کی نشانی ہے عاشق اور معشوق
کی کہانی ہے ابر نیسانِ معانی ہے غنچہ کشائے طبع جہانی ہے یا اخبار حیات کی جاودانی
ہے دریائے عمیق سخندانی ہے گلشن پیرائے صانع ہے فرحت افزائے طبایع ہے ہر نکتہ
موزون ہے شمشیر زبان افسون ہے نکہت گل ہے نقارۂ افرین بلبل ہے گنجینۂ صلاح ہے
نوائے فلاح ہے بزم افروز حسن و عشق ظلمت زدائے کفر و فسق ہے سرور دل ہے بادشاہ
منزل ہے بلبل بوستان ہے نواسنج گلستان ہے سحر سنج ہے نوائے گنج ہے گلشن مہر گستر ہے
چمن سخنان دلنشین ہے مایۂ امید ہے نوید جاوید ہے آرامگاہ خداوند و بندہ ہے نیرنگ ساز
گریہ و خندہ ہے منزل فضائل ہے محفل خصائل ہے طوطی گفتار عندلیب خوش ہنجار جا کی گفتگو
وسیلۂ معشوق موبمو چمنستانِ بیان مربی اخلاق و مہربان نقش نگین اثر رنگ چین عنوان محبت
مضمون مروت صورت طراز دقایق واللہ کہ از ہمہ فایق آبشار نیرنگی شمع افروز خوبیرنگی سکۂ
اسرار نہانی معیار الفاظ و معانی نیرنگ خیال مضمون وصال بہار تمنائی طالب مطلوب مسرت افزائی
عاشق و محبوب دُر افشان ازرنگین شاہد ناز دام صیاد و صید مرجع تحسین و امید صراف نقد و قلب
خازن بزم وصلب شاہد ہوش ربا مرأت جلوہ نما سحر عشاق و بتان خزینۂ گوہر و گنج راز نہان
بہزاد حسن افزائی گفتار شعرا حیرت طراز نہت انتما مصور خیال تصویر مقال کسوت خوبی جلوۂ
محبوبی غرض کیا کیا کہوں ۔ آنچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ۔ یون تو دیوان داغ کا جو آج ہے

مگر حق یہ ہے کہ یہ لاجواب ہے ماہ کامل اسکے گرد گرداں بحر ایک مطلع سے خورشید عیاں ہے مقطع حاسدوں کا دنداں شکن ہے ہر غزل غزالان صحرائی سی زیادہ پرفتن ہے اسکو وہ جانتے جسکو مذاق سخندانی ہے ورنہ گھامڑ کے آگے تو رام کہانی ہے - اے حفیظ بس کر آگے نہ ہوس کر انکا پایۂ سخن تیرے فکر سے زاید ہے تجھپر الزام مرتبہ ناشناسی کا عائد ہے - قطعۂ تاریخ اختتام تقریظ تحریر کر اور جناب ممدوح کے حق میں دعا تسطیر کر -

قطعہ

ہر چند کہ بادہ اوج مستی بخشد
یکروزہ بود و باز پستی بخشد

روحے کہ بہ بخشدت کلام عاشق
راحیست کہ با تو روح ہستی بخشد

تو حرف دعا بگو حفیظ برحق
تا ہست غذائش تندرستی بخشد

بخشد ہمہ اسباب کرا و مے خواہد ۱۳۰۵ ہجری
ایمان و ہم فراخ دستی بخشد

قطعہ مادۂ تاریخ اُردو حضرت معظم بالا

جناب خضر کو عمر ابد جو تھی منظور
گئے تلاش میں حیوان کے چھوڑ کر انسان

ملی حیات تو اُنکو فقط وسلے بے سود
ہوئی جو کنج خموشی میں جاکے وہ پنہان

ہمارے پاس نہ آئے کہ ہم بتا دیتے
کہ آب دیکھ لیں عمر ابد کا ہے یہ نشان

وہ کیا ہے یعنی کہ دیوانِ عاشقِ صادق
جبین مہر پہ حرفوں کی جھلکے ہے افشان

جو دیکھیں مانی و بہزاد اُسکے لفظوں کو
مثال دیدۂ تصویر وہ بھی ہوں حیران

اگر شبیہہ گلی بھی سُنے تو پھر وہ بھی
بسان زہرہ برقص آید و شود حیران

بسحیر تم کہ چہ افسوں دمیدہ است عاشق
ندید چشم فلک اینچنین نگارستان

ترے سحاب فصاحت سے پھر ہوا شاداب
چمن سخن کا پڑا تھا جو مثل خارستان

تمہاری جلوہ طرازی سے حضرتِ عاشق
زمین ہے ساری گلستان بساط ہے بستان

عجب فصیح و بلیغ آپکا کلام ہے یہ
کہ جس سے بحر خجالت میں غرق ہو سحبان

دیا ہے تمنے عروس چمن کو وہ جلوہ ۔ کہ جسکو دیکھ پھڑک جائین پیر اور جوان
سجا ہے اسکو اگر مین لکھون عروس چمن ۔ گل سخن کو ہے جس سے حیات جاویدان
ترے کلام سے مُردون مین جان آتی ہے ۔ تو وہ کلیم مسیحا صفت ہے سحر بیان
بجز نوشتۂ تقدیر کچھ نہین باقی ۔ محال طبع رسا سے تری ہوا امکان
تری طراز سے احباب کو ہے ذوقِ طرب ۔ ترے سخن سے گریزان نہین مگر شیطان
نوائے بلبل شیدا نہ کیون اسے کہیئے ۔ نسیم گلشنِ اقبال سے ہے یہ شادان
اسے تو طائرِ عرش آشیان سمجھ لیجے ۔ مقدر آپ سے دنیا مین آگیا مہمان
کلیدِ گنجِ سخن گویمش وسے گویم ۔ ہمائے عرش نشین عندلیب خوش الحان
بروے اہل طراز و سلوک داعیہ ہم ۔ کشودۂ تو در از باب ہائے باب جنان
ہمین کہ گفتم و گویم ز وصف بس نبود ۔ نوید راحتِ جان نسخۂ ہمہ درمان
الا کہ باز معانی ہمی پرد در شوق ۔ کہ تا شکار کند ہر کہ راست روح و روان
چکد ز کلک نگار تو حرف چون طاؤس ۔ شود بکاغذِ دیوان چو دلبرِ رقصان
الٰہی تا کہ زمین و زمانست مہر و نجوم ۔ الٰہی تا کہ روانست جوئے کاہکشان
ہمیشہ رایت اقبال باد بر اوجش ۔ ہمیشہ بخت معین باد دولت و سامان

خموش طالب خستہ کہ از تو کے آید
ثنائے فکر رسا آمد آمد اہل زبان

تقریظ از نتیجۂ فکر آسمان پیمائے نظیری نظیر فاضل نبیل شاعر جلیل جناب سید محمد اقبال حسین صاحب المتخلص بہ بسمل خیرآبادی وکیل و معتمد ریاست ٹونک متعین ریزیڈنسی راجپوتانہ مقام کوہ آبو

جو سُنایا بخت نے سُنتا رہا
جو دکھایا چرخ نے دیکھا کیا

عاشق مآل اندیش کی بے سر و پا باتین سنین ۔ معشوق جفاکیش کی بر ملا صلواتین سنین

ہجر یار کی راتین دیکھین۔ حسن و عشق کی وارداتین دیکھین۔ اب خدا نہ سنوائے۔ حضرت عاشق کا دیوان۔ عشق خانمان سوز ننگ و نام دشمن کی داستان۔ اب اللہ نہ دکھائے۔ معشوق پردہ نشین کا جلوہ حسرت و ارمان کا ناحق و نلواجب بلوہ۔ سُنا جو سُنا اور دیکھا جو دیکھا۔ ہائے وہ بھرے پُرے زخم دل جو بردائی کی ایک نہین سنتے تھے۔ ہمارے مخدوم جان نواز کرم بے انباز۔ طریق مہر و وفا مین صادق منشی محمد اقبال حسین صاحب عاشق کی متواتر نمک افشانی سخن کے ہاتھون از سر نو ہرے ہو کر پسنے لگے ہین۔ اور ہمارے وہ ارمان مضمحل جو نا امیدی کی بدولت اپنے حصول مطالب کی جان کو رو بیٹھے تھے ایک معشوق عاشق نواز کی پیہم نظارہ بازیون سے خبردار ہو کر خندہ دندان نمائے ناکامی بر دانت پیسنے لگے ہین۔ کیون نہو۔

| | | |
| --- | --- | --- |
| | دکھایا جب خدا نے مال پھر جی کیون نہ للچائے<br>پرائے دل پہ کسکا زور کوئی کیون نہ للچائے | |

مگر کیا ہوتا ہے۔ اپنی اپنی قسمت۔ اپنا اپنا بھاگ۔ اپنی اپنی کنگری اپنا اپنا راگ۔ دولت سخن وہ دولت نہین جو کسی کے بانٹے آئے۔ اس گلشن ہمیشہ بہار مین کسی نے پھول چنے کسی کے پلے کانٹے آئے۔ کہان بلبل و گل کے دلی لگاؤ۔ کہان گلچین و باغبان کے منافرانہ برتاؤ۔ کہان عاشق و معشوق کی بیحجابیان۔ کہان غیر آرزومندون کی بےتابیان۔ کہان سرو و صنوبر کی ہمسری۔ کہان بیچاری غیر جنس قمری۔ کہان نرگس و لالہ کی نگاہ بازیان۔ کہان سبزۂ ناآشنا بیگانہ روش کی دراندازیان۔ کہان نسرین کا ہنسنا۔ کہان شبنم گریان کا ترسنا۔ کہان شاخون کا میل۔ کہان پامال و سرنگون بیل۔ کہان گنجان درختون کا باہم شورا۔ کہان زہر نصیب دھتورا۔ کہان چشمون کی روانی۔ کہان ڈبرون کا گندلا پانی۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔ اب اگر بسمل آرزو خود دل الہی کو ریا گرم تمنا کو۔ آب سرشک چشم مایوس کے چھینٹون سے ٹھنڈا کرے تو کیا کرے۔ ہان

یہ دعا کرے کہ اللہ تعالی جناب عاشق معشوق نواز کی خیر کرے کہ جنکے کلام شیرین کے طفیل
مین کسی کے حسن دلفریب وجانستان کی حواس رُبا شہرتین سن لیا کرتے ہین - اور باہمی
معاملات کی ہو بہو تصویرین دیکھکر شوریدہ طبعانِ ولولہ پسند سرُ دھن لیا کرتے ہین -
جہان اُس غارتگر دین و دل کی عصمت کا بیان آتا ہے - جی لوٹ جاتا ہے - جس جگہ اُس
موتگر شوخی و انداز کی بیباکانہ ادا کا اظہار رہتا ہے - کوئی کانٹا سا دل مین چبھوتا ہے اور تم
لیا ہین ع حسرت آتی ہے کہ یہ شخص ہمین کیون نہ ہوئے - سال حال کے راز و نیاز کا
خاکا - جسے ہمنے دیدہ تصور سے خوب تاکا یہ دیوان ہے ماشاء اللہ کیا بیان ہے - پیارین
بند شین اَ ترُہ معشوقون کو چوٹیان گوندھنا سکھاتی ہین - دلاویز ترکیبین پر دگیانِ پردہ دار
کو ترپا چر ترسپاتی ہین - اچھوتے مضامین کی یکرنگی پر نو عروسانِ چمن بہار کے جوبن وارنیکو
جی چاہتا ہے ہر مصرع سالم البحر دوسرے مصرعہ قایم الوزن سے چولی دامن کا ساتھ نباہتا ہے
اختراعی محاورات جو طبع جودت آشنا نے نذر ناظرین کئے ہین سب سے جُدا ہین - معانی الفاظ
دوست بر نگاہ کیجے تو موافق مطالب و خلاف مدعا ہین - سمجھنے والا سمجھے کہ مین نے سمجھ لیا مگر پوچھیے
تو گر زبان ندامت بن منہہ ڈالکر چپ ہو رہے - جاننے والا جانے کہ مین جان گیا لیکن جانچیے
تو سوائے خموشی کچھ نہ کہے - انصاف یہ ہے کہ اگر روح غالب داد دے تو داد ہے - ورنہ
فریاد ہے - اس دیوان کو دیوان وہ کہے جو دیوانہ ہو - مین تو یہ کہونگا کہ یہ دیوانِ عام ہے
جسمین حضرت عاشق نے عاشقان جانباز کا دربار عظیم قرار دیکر ایک پریوش معشوق بوالعجب
کی خوبیون کا مژدہ سنایا ہے - یا خلوت خانہ خاص ہے کہ جسمین خود بدولت نے کسی شاہد زیبا کو
اپنا ذریعہ حصول مطالب گردان کر نقاش خیال سے فوٹو کھچوایا ہے - اور ابجد خوان مکتب وصال
کو نمیجہ حسن و عشق دکھایا ہے - ہمارے نزدیک یہ دیوان دیوان کائنات مین انتخاب ہے - سبحان
اللہ - اور اپنے نزدیک آفتاب داغ کا جواب ہے واہ واہ - اگر آفتاب داغ اپنی عالم افروز
روشنی کے دامن سے افکار عاشق کے فروغ کو چھپانا چاہے محال ہے کیونکہ دونو حضرات

شہر دہلی کے باشندے ہین دونو کی ایک بول چال ہے آن آفتاب داغ و آفکار عاشق ہے
یہ فرق لا کلام ہے کہ گریہ محوشی اشک اُسکا معجزہ ہے اور تحریک خندۂ بیساختہ اسکا کام ہے
اب سخنوران نازک خیال انصاف فرمائین کہ جو ہنستے کو رُلائے وہ اچھا - یا جو رُوتے کو ہنسائے
وہ اچھا - چونکہ طول کلام سبب کم توجہی طبع انام ہے اسلئے یہ تقریظ تمام ہے اور میرا سلام ہے

تقریظ ریختہ خامۂ نازش بمثال شاعر نازک خیال افتخار الشعرا مولوی سید افتخار حسین صاحب
متخلص بہ مضطر برادر عزیز حضرت مولانا بسمل خیر آبادی

اُس کے رونے آتشین ہائے پالا پڑ گیا
شکل گیسو میرا گورا رنگ کالا پڑ گیا

اے خرمن صبر و شکیبائی کے رکھوالو - اپنا اپنا مال سنبھالو - آج ہوائے تیز کی بے تحاشا رفتار کے رنگ ڈھنگ بُرے ہین کوئی فتنۂ خوابیدہ جگانے والی ہے - دیکھو وہ زرد زرد پتے جنکی طبیعی عمر بہار کی لذتون مین اور قیام یکجائی کی حالتون مین کوئی شاخ بے کیفی و جُدائی - اجتک نہین پیدا ہوئی تھی - آپ ہی آپ اپنے قدیم مقامون کو چھوڑ چھاڑ کس بے برگی و بینوائی سے اُڑی چلی جاتی ہین - ہو نہ ہو کوئی آفت تازہ آنیوالی ہے - بگولون کو نہین معلوم کس افتاد کی پڑی ہوئی ہے جو مارے مارے پھرتے ہین - ذرّون پر خدا جانے کیا بن گئی ہے کہ پریشان حال اپنے سرون کی اُتارے پھرتے ہین شاخون پر کیا گزر رہی ہے کہ خود بخود ٹوٹے جاتی ہین رگ گل پر کیا بیت رہی ہے کہ نبضین چھوٹی جاتی ہین مہر فلک کے چہرۂ نورانی پر اسقدر غبار چھا ہے کہ کسی کمسن حسین گھروند کھیلنے والے کے گالون پر بھی نہوگا - اور مسافران دشت غربت کے بکھرے بکھرائے بالون پر بھی نہوگا - سُنا بھی ہے کیا کہا - اے وہ دیکھو دیار سخن کیجانب سے کیسی کالی آندھی اُٹھی ہے خدا خیر کرے - کہین ایسا نہو کہ اس بلائے آسمانی کا زور تمھارے واسطے باعث شور ہو جائے اور اُس بیش بہا خورد و خواب کا جسے تمنے اپنا سرمایۂ حیات قرار دے رکھا ہے اور جسکے طفیل سے اپنی زندگی راحت طلب کی ہزارون راتین سکھ چین سے بسر کر چکے ہو اور کر رہے ہو

بھور ہو جائے - کوئی آفت ہو سہی نہین جاتی - مثل مشہور ہے کہ بُری گھڑی کہہ کے نہین آتی - آدمی کچھ ٹھوکے پاتا ہے - گھڑی کے بات کوئی لینے نہین جاتا ہے - اگر تمھاری غفلت بیجا اپنے والیون سے باز نہ آئی - تو دیکھ لینا بنے بنائے کھیل بگڑ جاینگے - اور اب سے دور لینے کے دینے پڑ جاینگے - سُنا گیا ہے کہ اقلیم سخن کے محلۂ نظم آباد مین ایک دشمنِ جان شعرائے حال - آتش مزاج و تیز مقال لذت دنیا و دین سے سیر - قلب فنون و علوم قابض نا قابو وہ کون حضرتِ مُعظمی و مکرمی منشی محمد اقبال حسین صاحب عاشق جا وکیل بیکانیر مستعینہ رزیڈنسی کوہ آبو کی گرما گرمی سے آگ لگی ہوئی ہے - مبادا کہ اُس آتش سوزان کی شوخ شرر چنگاریان ہوا کے گھوڑون پہ سوار ہو کر تمھارے ارمان و امید کی نئی نئی یکائی کھیتیون مین آپڑین اور دانے دانے کو چٹ کر جائین - اے حسرت و آرزو کے شہر آباد مین بسنے والو اپنے خیالات خام کے کچے گھرون کو اور ناکامی و یاس کے سوکھے ساکھے چھپڑون کو دیکھو بھالو - اب سرشک پیہم کا پورا بندوبست رہے - شگاف زخم جگر کے نالے بند کر دو کہ اب نہ بہے - چھوٹی بڑی تمناؤن سے کہدو کہ اگر اپنی جان کی خیر چاہتی ہین تو خم آبلۂ دل مین پانی بھرے تیار رہین - بلکہ پھپھولون کے گھڑون پر ہاتھ دھرے ہشیار رہین اگر کوئی شرارۂ آہِ حضرتِ عاشق آچھلے تو فوراً ٹھنڈا کر دین - ہر ایک جنس کی سنبھال رکھین ہر ایک چیز کو ٹھکانے دھر دین - تمکو تو یہ حکم دیتا ہون اور مین جاکر اپنی جھونپڑی کی خبر لیتا ہون -

چلو مضطر چلین دیکھین تماشا گھر کے جلنے کا
کہ ہمکو بھی ہے شوق بے تماشا گھر کے جلنے کا

لیکن گھر مین دو دانے بھی نہین جلیگا کیا خاک - اُس ویران کدۂ بے سر و سامانی کی گئی گذری حالت کا پوچھنا ہی کیا - اُسکی بنیاد ایسی گہری پڑی تھی کہ پردہ داری معاملات کیواسطے چار دیواری بھی نصیب نہوئی - اور خواب شیرین کی دور بلا - ایکدن شبِ فراق کی آزار نما بیداری بھی نصیب نہوئی مگر خیر - جیسا ہے پھر اپنا گھر ہے - یہ کہا اور قدم بڑھایا - خُدا خُدا کر کے گھر تک پہونچے - دیکھا تو

کوئی سلامتی مین کہرام مچا ہوا ہے کوئی روتا ہے کہ ہائے میرا دل جل گیا کوئی پیٹتا ہے کہ ارے میرا لال جل گیا - کوئی چلاتا ہے کہ پانی لاؤ - کوئی کہتا ہے ادھر بجھاؤ کوئی کہتا ہے ادھر بجھاؤ - غرضکہ ایک ضد ہے کچھ تو آگ ہے اور کچھ ہوائے تند ہے - ہم ایک حیلا کر کے طرار اپنے مطلب کے آشنا اتنا سنتے ہی چھو ہو گئے - اور حضرت عاشق و معشوق در بغل کے در دولت پر جا ڈٹے - اور کہنے لگے -

ترے عشق مین ای بت شوخ نظر گھر پھونک تماشا دیکھ لیا
اب اور کہان جائے مضطر گھر پھونک تماشا دیکھ لیا

غرض ان چند روزہ قیام مین وہ آگ لگانیکا مصالحہ ہاتھ آگیا - اور آتش بے دود کا پر کالہ ہتھے چڑہ گیا - درحقیقت جناب عاشق نے عجیب نسخہ بہم پہونچایا ہے کہ جسکے نظارہ سے مردم دیدہ گریان کے تن بدن مین آگ لگ جاتی ہے - وہ کیا - (افکار عاشق) عمر معشوق کا تخمینہ کہون تو بیجا ہے - دولت حسن یار کا خزینہ کہون تو بجا ہے - چشم بد بین مین خاک - ایسی ایسی بلند پروازیان فرمائی ہین گویا اڑتی چڑیا پر جال ڈالے ہین - ماشاء اللہ کیا ہاتھ پانو نکالے ہین - کیون نہو کسکے دیکھنے والے ہین - حسن بندش آپ کے گھر کا غلام ہے - مضمونہائے مختلفہ کو خلعت ہمہ تنی عطا کرنا آپ ہی کا کام ہے - کنایہ اور رمز وصال کو اس صفائی سے ظاہر کیا ہے گویا وفادار معشوق دریچہ آئینہ دار کی اوٹ سے کسی کو بلا رہا ہے - شدائد فراق یار کو اس خوبی سے باندھا ہے جیسے کوئی دشمن جانی کسی نازک بدن آدمی کا گلا دبا رہا ہے - دیوانگان زلف کی وحشتین - پریوشان کمسن کی دہشتین - چشم بیمار کے بیمارون کی دوائین - زخمیان تیغ ابرو کی دردناک صدائین عزاداران کشتۂ جفا کی ناکامیان - رہروان کوئے محبت کی بدنامیان - عالم غربت کا تفصیلی حال کشور حسن و عشق کی صاف بول چال - سیر انعشاق کا نمونہ - حسن دلکش کی شہرت کا گلگونہ - عاشق کی کہانی - معشوق کی اٹھتی جوانی - اسی دیوان پر قربان اسی کے حسن بیان پر صدقے - اگر جان مضطر امانت پروردگار نہوتی تو وہ رند ہزار شیوہ ضرور اس شاہد دلنواز پر نثار کر دیتا -

لیکن وہ بیچارہ ڈرتا ہے کہ کہین اس عالم حیرانی و پریشانی مین سکے نقصان مایہ و دیگر شماتت ہمسایہ کا مصداق نہ ہو - ورنہ وہ ابتک مُدت کا لذت وصال چکھہ چکا ہوتا - اور چڑھے ہوئے دریائے شباب مین پائے طلب بغرض حصول صدف مُراد رکھہ چکا ہوتا - اب بھی کچھ نہین گیا ہے (یار زندہ و صحبت باقی) سچ تو یہ ہے کہ عجب دلربا دیوان فرمایا ہے - بھلا آفتاب داغ کا ایسے سے مقابلہ کیا - کہان داغ - کہان چراغ - کجا آفتاب کجا اُسکا جواب - اللہ تعالی حضرت عاشق حوصلے کو ترقی عطا فرمائے - کہ غمگینانِ عزلت نشین - وافسردگان حزین کے جی بہلانیوالے آپ ہی ہین - اور وقت بے وقت کام آنیوالے آپ اللہ بس باقی ہوس -

تقریظ جناب شاعر بے مثال ناثر باکمال مولوی محمد عبدالحی صاحب جوڈیشل افیسر دربار سر دہی -

| برقع برخ افگندۂ و ہر سو نگرانند |
| --- |
| فریاد کہ این پردہ گیان پردہ درانند |

معشوقہ پردہ نشین ہر دل عزیز کے ذوق خود نمائی نے مارا - عاشق مدعا نافہم کی سادگی وصفائی نے مارا - ہائے - ہے سانس دیکھے تن بسمل مین جو آتے جاتے ہے اور جلاد نے جرکا دیا جاتے جاتے ہے مطلوبۂ شہرت پسند شیرین حرکات کی جرأت جلوہ فروشی نے مارا - طالب مطلب ناشناس کی مدہوشی خود فراموشی نے مارا - آہ -

| ٹھنڈا ہوا جو کشتۂ الفت تو شوخ نے | | اک چلتے چلتے اور بھی ٹھوکر رسید کی |
| --- | --- | --- |

اِدھر دیکھیئے تو بظاہر مُنہ پر نقاب - مگر انتہا کے بے تکلف اور بلا کے بے حجاب - اِدھر دیکھیئے تو وفور شوق مین غضب کی بیقراری اور ستم کا اضطراب - اُدھر حسن لاثانی کی بدولت وہ تغافل و استغنا کہ کیسے دم پر بنی ہی کیون نہ بن آئے مگر وہ لب جان بخش نہ کھولین - اِدھر جوش وحشت کے ہاتھون یہ سبک سری و ہرزہ سرائی کہ کیسا سر ہی کیون نہ پھر جائے مگر یہ اپنی ہی ہانک لگائین اور اپنی ہی بولی بولین - اُدھر بناوٹ کی شرم اور دکھاوے کی حیا سے یہ مد نظر کہ کسیکی چشم تصور بھی حسن ہوش رُبا تک نہ پہونچے - اِدھر من احب شیئاً اکثر ذکرہ کا مصداق تام بننے کی ہوس مین

یہ بیخودی کہ صدمۂ رقابت سے لینے کے دینے ہی کیون نہ پڑجائین مگر یہان حسن سراپا مین کوئی دقیقہ باقی نہ رہے ۔ وہان
نظارہ بازی کا لپکا ۔ یہان سخن سازی کا چسکا ۔ اُدھر نئے ناز اور نرالی ادائین ۔ اِدھر جنون خیز تقریرین اور وحشت انگیز
صدائین ۔ انکو سب زیر نظر ۔ اِنکو خیر نہ خبر ۔ انکو ہر ایک سے ساز ۔ یہ انھین کے دلدادہ عشوہ و انداز ۔ وہان اُمنگون کا زمانہ اور
ولولونکا سن ۔ یہان اختر شمری کی راتین اور دم شماری کے دن ۔ المختصر ۔ او بتاراج دلم مائل و من مائل او تر
او بفکر دگر و من بخیال دگرے ۔ الحاصل ۔ یہان دلمین خیال اور ہے وہان مد نظر اور ہی ہے حال طبیعت
کا اِدھر اور اُدھر اور ہی حیرت تو یہ ہے کہ یہ بتائین ۔ اور آپسین نباہ ۔ ایسا تخالف اور باہم رسم و راہ ۔
اور حیرت کیون نہ ہو ۔ آخر ہم بھی اُسی ہوش ربا تجلی کے محو دید مین ۔ اور اُسی تیغ ادا کے شہید ۔ اُسی شعلہ رو کے مائل مین
اور اُسی خنجر ابرو کے گھائل ۔ اور باینہمہ ۔ گو شایو سِ پیام و چشم محروم جمال ہون ایک دل اسیر تمنا امیدواری ہائے لئے
اور اگر احیاناً کبھی نصیب جاگے بھی ۔ تو اسطرح کہ یہی کہتے رہگئے ع ایک ہی جلوہ دکھا کر مجھے دھوکے مین
نہ ڈال ہو دل کبے یار ہی تھا مین یہ کہون یار نہ تھا ۔ صاحبو ۔ کچھ سمجھے کہ وہ معشوقۂ لاابالی خرام کون ہے ۔
اور وہ عاشق ہوش و خرد باختۂ ذوق کلام کون ۔ وہ معشوقہ ۔ معشوقۂ سخن ہے ۔ جسکے فراق و اشتیاق مین ہم کیا
ایک زمانہ جان بیچا تا ہے اور وہ عاشق ۔ حضرت عاشق وحید زمن ہین جنکی موافقت گوئی و خوش نصیبی پر باینہمہ اتحاد
و دعوی نیاز بیخودی خود غلط کو بھی رشک آتا ہے ۔ ناظرین ۔ اگر میری الجھی ہوئی تقریر نے اب بھی اصل مطلب سمجھنے کا
موقع نہ دیا ہو ۔ تو یہ سُنیے کہ کاتب نیاز سرشت کی شفیق یگانہ و رفیق فرزانہ منشی محمد اقبال حسین صاحب وکیل متعدد راج سرکار
بیکانیر متعین البخشی راجپوتانہ جو دلدادہ جمال شاہد سخن اور اس گئے گذرے زمانہ مین یکتائے عصر و وحید زمن ہین
۔ انھون نے اُسی محبوبہ عالم آشنا اور مطلوبہ شیرین ادا پر کچھ ایسا پھندا مارا ہے کہ ہم ۔ اور ہم ایسے سیکڑون کشتۂ غم
سر پٹکتے اور خاک اُڑاتے رہگئے ۔ ونعم ماقیل ع تھے سبھی دنیا مین مشتاق عروسان بہشت پر اسکے سر سہرا رہا
جو فکر سامان مین تنہا تھے بارے شکر ہے کہ انکے کلام فصاحت التزام کی بدولت ترسی ہوئی آنکھونکو کبھی
کبھی وہ جلوۂ نورانی نظر آجاتا ہے ۔ جسکے ذوق و شوق مین ہم ایسے زبون حالون ۔ اور نارسا طبیعت
والون کا کلیجہ تلملاتا ہے ۔ چنانچہ ابھی ابھی حضرت ممدوح کا پہلا دیوان اسرار عاشق حلیۂ طبع سے
محلی ہو کر نظر افروز عالم ہو چکا ہے ۔ اور اب دوسرا دیوان افکار عاشق و ترانۂ عشق مطبوع ہو کر

سرمۂ چشم اہل بصیرت ہوتا ہے ؎ ہے جلوۂ بہار سخن شورش آفرین ؂ یار بیجا ہیو دل وحشت پناہ کو ؂
اگرچہ از خود رفتگان تجلی حسن عالم سوز اس پیہم جلوہ فرمائی سے (ہینتائی) بیحد ممنون ہین - مگر حضرت
عشق سے کوئی اتنا پوچھے کہ حضرت - کیا سرِ عاشق نے سرمستان بادۂ سخن کو از خود رفتہ کرنیکی
کوئی کسر اٹھا رکھی تھی - جوابِ افکار عاشق و ترانۂ عشق آمادہ ہوش ربائی ہے - کیا آپنے یہ نہین سُنا
بے پردہ پس چلمن یکبار تم آبیٹھے ؂ یہان تاب نظر کسکو کیون جلوہ گری اتنی ؂ کیا مشتاق
نگاہین اور حسن دوست طبیعتین اُسکے نظارۂ جمال سے فارغ ہوگئی تھین - جو یہ ناطورۂ نظر فریب
محو خود نمائی ہے - کیا کوئی یہ نہین کہہ سکتا - ہم بھی جگر کو تھام لین دلکو سنبھال لین ؂ ہم تھم
کے رخ سے زلف چلیپا اٹھایئے ؂ بیخود آشفتہ خیال و سراپا ملال ان دیوان فصاحت
عنوان کی ثنا و صفت مین اسکے سوا کہے تو کیا کہے - اور لکھے تو کیا لکھے - کہ یہ دیوان ہین یا کسی
کشتۂ حسرت کا نہ نکلنے والا ارمان - یہ کلام ہے یا ناسورِ کُہن کے لئے نویدِ التیام - الغرض حُسن
خود نما کی تجلی سے صیقل کیا ہوا آئینہ ہے تو یہ ہے - اور عاشق و معشوق کی سادگی و عیاری کے
خزینہ ہے تو یہ - مصرع مصرع اگر قامت موزون سے دوشادوش ہے - تو فقرہ فقرہ حُسن تبسم
سے ہم آغوش ہے مطلع مطلع اگر مہتاب بامہتاب ہے - تو مقطع مقطع روکش آفتاب - تعقید کا
نام ہے نہ اغلاق کا نشان - فصاحت کی مملکت ہے تو بلاغت کا جہان - نثر مین نظم کی موزونی
ہے - تو نظم مین نثر کی روانی - کیسی موت ہے تو کیسی زندگانی - اور ان خوبیون کے سوا زلف
معنبر کی نکہت - رخسار منور کی رنگت - مژگان سرمہ سا کی درازی - چشم سحر آفرین کی فتنہ پردازی
- بینی زیبا کی خوش آئینی - تبسم کی نمکینی - تکلم کی شیرینی - تیغ ابرو کی برش و تیزی - گیسوی مشکین
کی غالیہ سائی و عنبر بیزی - لب جان پرور کی معجز نمائی - گلوئے مصفا کی صباحت و صفائی -
سینۂ انداز خزینہ کا اُبھار ساعد و بازوئے سیمین کی بہار - موے میان کی نزاکت - ساق
صندلین کی لطافت - کف پائے نازک کی رعنائی و زیبائی - خرام ناز کی شوخی و محشر آرائی -
غرض سر کی تا کف پا - ایک ایک خوبی - ایک ایک ادا - ہر شعر کے حرف حرف مین پنہان ہے - اور

نقطہ نقطہ سے عیان ۔ جس نے یہ کلام ہوش ربا سُنا اُس نے سب کچھ دیکھا ۔ جس نے یہ نسخۂ فرحت افزا پایا ۔ وہ چلا اُٹھا کہ دنیا مین آکر اب کچھ دیکھا ۔ عاشقانِ معشوقہ سخن اگر بجیود اسیر محن آپ مین ہوتا اور حضرتِ عاشق کا کلام تاب تکلم نہ کھوتا ۔ تو خدا معلوم وہ کیا کچھ کہتا اور آپ کیا سنتے ۔ اور اب تو سوا اسکے کچھ کہتے بنتی ہے نہ لکھتے ۔ کہ ۔

حبذا دیوانِ عاشق جس سے ہے ۔ ہر سخنور غرق بحرِ انفعال
بندشین نادر ہین ترکیبین نئی ۔ تازہ مضمون سب سے بیگانہ خیال
دنگ ہون عرفی بلاغت کا یہ رنگ ۔ ہون خجل سعدی فصاحت کا یہ حال
اسکے ہر فقرے مین آتا ہے نظر ۔ اک سراپا ناز کا دلکش جمال
دل دکھاتا ہے اگر ذکرِ فراق ۔ پر تجلین دیتی ہے امیدِ وصال
انکا مصرع قامتِ موزون کا عکس ۔ انکا نقطہ عارضِ خوبان کا خال
نظم کا کیا تذکرہ سچ تو یہ ہے ۔ نثر مین بھی یہ روانی ہے محال
ہجر مین پڑھیئے اگر اسکو تو ہو ۔ ہر غزل پر مرثیہ کا احتمال
وصل پیش نظر رکھئے تو ہو ۔ رنجش بے جا سے بھی رفع ملال
کیون نہ کہیئے انکو معشوقون کی شان ۔ کیون نہ کہیئے انکو عاشق کا کمال
کیون نہ لکھیئے انکو ماہ بے کلف ۔ کیون نہ لکھیئے انکو مہر بے زوال

از سر صنع و ذکا ہے یہ کلام
بے نظیر و بے عدیل و بے مثال

۱۲۹۳
۹
۱۸۹۰ع

تقریظ من نتایج فکر بلند شاعر یکتا نازش زمن جناب حکیم سید محمد حسن خانصاحب متخلص بہ حسن خلف جناب حکیم سید منور علی خان صاحب مرحوم آشفتہ متخلص دہلوی ۔

لو اور سنو سمجھ بوجھ والون کو کیا سوجھی ہے ۔ کیا لعل اُگلے ہین کہ ۔ الف افترا باسے بہتان تا

تہمت جیم جنون حائے حماقت خائے خرافات دال دروغ ذال ذلت رائے رسوائی زائے زبونی سین سفاہت شین شناعت
صاد صرع ضاد ضلالت طائے طامات (بمعنی بیہودہ گوئی) ظائے ظلمت عین عصیان غین غوایت (بمعنی گمراہی) فائے فسق قاف قباحت کاف کدورت
گاف گناہ لام لغویت میم ملاہی نون نکبت واو وبال ہائے ہذیان یائے یاوہ کی باہمی آویزش و ہم آغوشی کے نتائج سے
جو نوبچگان الفاظ تیار اور دوشیزگان معانی نقاب کشا ہوتے ہیں وہ حلل نظم سے ہرہفت اور پیرایۂ موزونی سے آراستہ
ہوکر لوطیان امارد ہوا و ہوس کا دل گدگداتے اور عشاق فساق کی قوائے شہویہ اور چراغ کامجوئی کو اکساتے
ہیں یعنی شعر و شاعر کے لغو خیالات شر عار (منہی عنہ) ہیں ہم اس امر کو تسلیم اور اس قول کو مردود نہیں
سمجھتے کلام ہے تو اتنا ہے اور بحث ہے تو اتنی ہے کہ اسکو کلیۃً شعر اگر گدہے گھوڑے کو ایک لاٹھی ہانکنا
اور اچھے برے کو ایک گھاٹ اتارنا منافی آئین انصاف ہے - قوت ممیزہ اسی غرض سے بخشی گئی ہے کہ کھرے
کھوٹے کو پہچانیں پاک و ناپاک کو چھانٹیں برے بھلے کو الگ کریں اگر جائز و ممنوع میں تفرقہ اور گدلے نتھرے
میں تمیز نکی تو ضعف اجتہاد ہے - سخافت رائے ہے - اندھیر ہے - ظلم ہے - قباحت ہے - اے
اہل الرائے ہوش میں آؤ اپنے حواس کا صدقہ اتروا ؤ - (نحن مافیہ) کو بغور سنو اور دیکھو کہ بوالعجب تماشاگاہ
حسن و عشق - پاکیزہ گو مبرا از فجور و فسق ابر طوفان بار موزونی خیالات عجیبہ ابو البشر موالید غریبہ شاعر
نغز گفتار نادرہ بند سحر کار نظم میں صفدر، تنومند ریاض سخنوری میں نخل باسق مولانا محمد اقبال حسین
عاشق کی شاعری اور انکے نتائج طبع وقاد اس سے مستثنی ہیں اور کیوں نہو انکا دیوان معانی دقیقہ
کی جان مضامین رشیقہ کی روح رواں انکا کلام دل آویز شیوۂ بیانی کی دستاویز ماشاء اللہ -
الف الفت بائے بیتابی تائے تپش جیم جفا حائے حسن خائے خفقان دال درد دل ذال ذوق
رائے رقابت زائے زاری سین سوزش شین شوق صاد صعوبت ضاد ضعف طائے طنز ظائے
ظلم عین عشوہ غین غمزہ فائے فغان قاف قلق کاف کاہش گاف گریہ لام لجاجت میم ملال نون
ناز و نیاز واو وصال ہائے ہجر یائے یاس کے عناصر حروف نے باہمی آمیزش و کنار و بوس سے جب صورت
زیبا پائی تو یہ سحر حلال - لعبت فصاحت و بلاغت تمثال - حجالہ طبع سے جلوہ آرا ہوکر بہار نظارہ سے
نظر افروز ناظرین و نوید چہرہ کشائی سے ذریعہ اہتزاز سامعین ہوا - سمیع بصیر اس

یادگار اعجوبہ روزگار کو نقل بزم سرخوشان بادۂ معانی وگلدستہ نظر فریب ارباب سخندانی فرما دے ۔ اور مصنف کو دیرگاہ سلامت رکھکر ہر سال افکار نو بنو و خیالات تازہ بتازہ سے احباب نوازی کی توفیق دے تا احسن انجمن آسیمہ کار ہرزہ نوا کو ہدیۂ تقریظ جدیدہ کی پیشکشی مادام الحیات نصیب ہے آمین ثم آمین فقط

سراسیمہ و پریشان

قطعہ تاریخ از نتایج فکر شاعر نازک خیال وحید عصر حضرت حکیم محمد عمر صاحب فصیح خلف الصدق جناب حکیم محمد یحیی بیگ صاحب ملازم ریاست ٹونک

اے زہے دیوان عاشق واہ واہ
لطف سے ہر ایک مالا مال ہے

اسکا ایک اک شعر ہے زیب کلام
اسکا ہر مصراع حسن قال ہے

اسکے لفظوں میں محبت ہے بھری
عشق بازی کا سراسر حال ہے

ہے کہیں وصف گل رخسار یار
اور کہیں توصیف خط و خال ہے

پھر جھلک نکلا ستارہ عشق کا
عاشقی کا اوج پر اقبال ہے

فکر میں تاریخ کے مت کو فصیح
اس قدر کس واسطے اہمال ہے

کہہ بھی دو جھٹ پٹ ز روئے آفرین
گوہر نظم عجائب سال ہے

سنہ ۱۳۱۲ ہجری

مادۂ دیگر از جناب موصوف مخازن الفصاحت

سنہ ۱۳۱۲ ہجری

تقریظ از نتیجۂ فکر رسا میاں محمد بخش صاحب متخلص بہ ضبط شاگرد حضرت داغ

کدھر گئے جوہر سخن کے دیکھنے والے اور گوہر کلام کے پرکھنے والے ۔ کہاں ہیں نشست الفاظ کی داد دینے والے آئیں اور برشستگی اور روانی پہ مٹنے والے آج ایک مرقع خیال بیمثال رات دن کی بول چال شجر شاعری کا نہال تازہ بلاغت و فصاحت کی کان بے اندازہ رنگین مزاجوں کی جان عاشقوں کا ایمان معشوق خیالی کی تصویر حضرت عاشق کی تحریر پُر تاثیر کو دیکھکر اپنے جلے دلوں کے پھپولوں کو پھوڑیں جلد ادھر دوڑیں اور اس گل گلزار سخن کی بو جسکی مشک ختن سے گفتگو ہے سونگھیں ۔ اور حضرت عاشق کی جادو بیانی کی داد دیں اپنی عمر دلیں اسکو پڑھکر آپ شاد ہوں

اور ہمارے دلکو شاد کرین عاشق کے رنگین ارشاد پر اپنی آنکھون سے صاد کرین اور بیساختہ یہ کہین کہ سبحان اللہ اس دیوان بے خزان کا ہر نقطہ گوہر ناسفتہ ہے اور ہر دایرہ شمس و قمر کا ہالہ معشوق بے وفا کے کان کا بالا آتش کا پرکالہ زاہد خشک سالہ کو بے چین کرنے والا اور ہر شعر انسان کیطرح جان و دل مین جگہ پانے والا ہے یہ دیوان نہین ہے حضرت عاشق اور معشوق طرحدار کی گفتگو دوبدو ہے - نہین نہین معشوق باوفا کا انداز اور طرحدارون کے ناز کا حلیہ بنایا ہے بے رحمون کو ہلایا ہے نرالا گل کھلایا ہے زور شور طبیعت کا دکھایا ہے جسکو دیکھکر ہر کوئی کہتا ہے کہ یہ دیوان نہین راز و نیاز کی باتون معشوقون کی ملاقاتون کا فوٹو ہے کوئی کہتا ہے کہ نہین یہ وظیفہ عشاق ہے کوئی کہتا ہے کہ نہین صوفیون اور درویشون کے لئے عالم بالا پر جانیکا زینہ ہے کوئی رنگین دل کہتا ہے کہ تم سب جھوٹے ہو یہ میرے معشوق کی انگشتری کا نگینہ ہے کسی طامع نے کہا کہ واہ یہ تو مضامین کا دفینہ ہے کسی سوختہ دل نے پکار کر ندا دی کہ حضرت عاشق کے جلے دل کا پھپولا ہے جو یون پھوٹکر بہا ہے کسیکو کوئی بولا کہ تو نے دیکھا نہ بھالا ارے دیوانے یہ تو سحر سامری اور جمشید کا منتر ہے کسی نے کہا کہ نہین یہ جنتر ہے کسی کی زبان پر ہے کہ یہ حضرت عاشق سراپا کمال نازک خیال دل کے اقبال کی اعجاز بیانی ہے کوئی کہہ رہا ہے کہ کیون نہو عاشق حضرت غالب کی برگزیدہ نشانی ہے خدا کی مہربانی ہے جو یہ کلام ہمکو نصیب ہوا اب یہی کہنا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کلام اور کلیم کو تاقیامت سلامت رکھے فقط

## قطعہ تاریخ

دوست دشمن ہین شاد پڑھنے سے — ہے وہ عاشق کا دل پذیر کلام
یون تو ہر کوئی شعر کہتا ہے — پر نہین ایسا دل پذیر کلام
تجھکو تیری قسم ہے سچ کہنا — ایسا دیکھا ہے چرخ پیر کلام
مجھکو تاریخ کا جو دھیان آیا — یون لگا کرنے چرخ پیر کلام
اسکی اے ضبط ہے یہی تاریخ — چھپ گیا آج بے نظیر کلام

سنۃ ۱۳۱۳ ہجری

## تمام شد

# غلطنامہ دیوان افکار عاشق عرف شاہد نظام

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۳ | رکیبو | رہ کیبو | ۶۶ | ۱۱ | خازہم | نمازہم |
| ۸ | ۵ | بہا ی | بہاری | ۶۶ | ۱۳ | کی ہینگی نماز ہم | کی پڑہین گے نماز ہم |
| ایضاً | ۱۷ | جا ی | جاتی | ۶۸ | ۱۴ | غم درنج | غم و رنج |
| ۱۰ | ۱۳ | جینی جی | جیتے جی | ۶۹ | ۱ | آن کو چل | آن کو چلی |
| ایضاً | ۱۹ | کرنا نہ ہو | کرتا نہ ہو | ۷۳ | ۱۰ | جو قابل ہین | جو قابل ہین |
| ۲۱ | ۱ | کریبان | گریبان | ۷۷ | ۱۲ | مجرم | محرم |
| ۲۲ | ۱۳ | انکی جانبار بن | انکی جانبازرون | ۷۸ | ۳ | ملاقا تون | ملاقاتون |
| ۲۲ | ۱۹ | اوٹھی | سروٹھی | ۷۸ | ۹ | رتری | رنری |
| ۲۳ | ۶ | عجب | غضب | ۷۹ | ۱۴ | لو تم | تو تم |
| ۲۷ | ۱۰ | دل پر | دل پڑ | ۷۹ | ۱۴ | جانا | جانان |
| ۲۸ | ۱۸ | بے آرزو | بیمار زودہ ہی | ۸۲ | ۱۵ | آاکر رہی | آکر رہی |
| ۲۹ | ۸ | یان ہی کا | یان ہی | ۸۶ | ۱۴ | عاشق جانبار | عاشق جانباز |
| ۲۹ | ۱۰ | اٹھہ گیا ہی | مرگیا ہی | ۸۹ | ۷ | دعا دیتی ہین | دورا دیتی ہین |
| ۲۹ | ۱۵ | یو برملا | یون برملا | ۹۳ | ۷ | جو تھے | جو تھی |
| ۳۱ | ۶ | طالب دیدار | طالب آزار | ۹۳ | ۱۴ | قیامت ہی | قیامت ہے |
| ۳۲ | مصرع اول از شعر چہارم باقی رہگیا | | اک تم کرواں ہنو یہ حیا ہی ابتک | ۹۶ | ۹ | تندون کو | رندون کو |
| | | | اک میں کرنی ہی تجہے بیزاری رہا | ۱۰۰ | ۱۳ | لاؤ جی جام | لاؤ جی اک جام |
| ۳۳ | ۵ | پہوڑا ہی | تہوڑا ہی | ۱۰۰ | ۲۰ | بی جگر کوئی | بے جگر کوئی |
| ۳۸ | ۳ | توجای گا | لو جاتی | ۱۰۵ | ۸ | مین ہی ہون | مین ہی تو ہون |
| ۳۸ | ۸ | سکہ رو داغ | سکہ داغ | ۱۱۰ | ۲ | سمشہ | سینہ |
| ۴۰ | ۱۱ | بالوس | مالوس | ۱۱۲ | ۱۱ | لوا ہی | تو ہی |
| ۴۰ | ۱۸ | حسین فتی | حسین تقی | ۱۱۷ | ۱۱ | و ہر | ور ہین |
| ۴۵ | ۱۴ | کہدیتا ہی | کہہ دیتا ہی | ۱۱۸ | ۹ | لال ہو ہم | لال ہو ہم |
| ۴۷ | ۶ | کہہ رہی ہاس | کہہ رہی ہی | ۱۲۲ | ۶ | آ کی کی | لا کی |
| ۵۱ | ۱۰ | دربان | اذان | ۱۲۳ | ۳ | دعا کری | دعا کری |
| ۵۴ | ۱۹ | بیہودہ نغمہ | یہ نغمہ | ۱۲۳ | ۷ | دعا کری | دعا کری |
| ۵۶ | ۲ | پریشان | پشیمان | ۱۲۳ | ۹ | کہدین گے | کہہ دین گی |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۸ | ۱۳ | گیا جھگڑا چکا | مرگیا جھگڑا چکا | ۱۹۳ | ۸ | بیخودی و دیدہ مین | بیخودی دیدہ مین |
| ۱۴۶ | ۶ | دوات مجھی | دو بات کا مجھی | ۱۹۳ | ۱۲ | بہر لکا ہی | پھونکا ہی |
| ۱۴۸ | ۲ | کہولا ہی | کہوتا ہی | ۱۹۳ | ۱۳ | جھوٹی لو بنانا | جھوٹی کو بنانا |
| ۱۵۳ | ۱۹ | ای صیا | ای صبا | ۱۹۷ | ۵ | عرش | عرس |
| ایضاً | ۲۱ | اور جو کہلای | اور جو کہلوائی | ۲۰۱ | ۲۰ | دل ما جو | دل رُبا جو |
| ۱۵۴ | ۸ | آسنی غم تابے | اُسنی غم تامی | ۲۰۳ | ۱۷ | فیغض شکر | فیض شکر |
| ۱۵۴ | ۱۴ | امید صبر | امید وصل | ۲۰۴ | ۱۷ | لا باده | لا یا وه |
| ۱۵۶ | ۱۵ | ہی ہنہین | سی کیون نہ ہنہین | ۲۰۶ | ۲ | چیره | چهره |
| ۱۵۷ | ۱۰ | جلالی | جگالی | ۲۰۶ | ۱۳ | نیایا | نبایا |
| ۱۵۸ | ۱۱ | ہمسی بڑے | ہمسی بگڑ کے | ۲۰۸ | ۱۸ | آرزمند | آرزومند |
| ۱۵۸ | ۱۵ | دلکشی کہ - ل | دلکشی کہیل | ۲۰۹ | ۱۵ | کہی | کہئی |
| ۱۵۹ | ۲۱ | جو ھو کی | جو بہو کی | ۲۱۰ | ۹ | نظر آیا | نظر آتا |
| ۱۶۲ | ۱۶ | ملند | مانند | ۲۱۰ | ۱۳ | سے سی | سی ہی |
| ۱۶۷ | ۳ | ہی ہنیب | ہی زینت | ۲۱۱ | ۲ | جہکانا | جھکاتا |
| ۱۷۱ | ۱۹ | شرکرآہون | شرر آہون | ۲۱۱ | ۱۹ | پیا مہری لی | پیا مہرلی |
| ۱۷۲ | ۱۳ | عورت | صورت | ۲۱۵ | ۱۱ | آورگان | آوارگان |
| ۱۷۹ | ۱۳ | باٹ کاٹ دی | بات کاٹ دی | ۲۱۷ | ۱ | کلرجوب | گلرخون |
| ۱۸۲ | ۷ | کیا بتی تہی | کیا بجی تہی | ۲۲۰ | ۱۲ | خیر | غیر |
| ۱۸۲ | ۱۴ | ہ دوتا ہوا | دوتا ہوا | ۲۲۳ | ۵ | عم کوہی | غم کوہی |
| ۱۸۳ | ۱۹ | ننہ | منہہ بیخودی | ۲۲۵ | ۱۸ | بادہ خوای | بادہ خواری |
| ۱۸۳ | ۵ | کچھ کیتیا | یہ کیتیا | ۲۲۶ | ۵ | باندھون | باندہون |
| ۱۸۴ | ۲۰ | مین رکھا ہی | مین رکہتا ہی | ۲۲۶ | ۱۸ | تندجو ہوجائی گا | تندخو ہوجائی گا |
| ۱۸۵ | ۱۳ | سمت جان | سخت جان | ۲۲۷ | ۹ | حوش ارمان | جوش ارمان |
| ۱۸۶ | ۱۴ | کہرن | کہون | ۲۲۹ | ۳ | مراج پایا | مزاج پایا |
| ۱۸۷ | ۲۰ | پیتی ہین | پینتی ہین | ۲۳۲ | ۵ | مناطرہ | مناظرہ |
| ۱۸۸ | ۱۷ | ره لفت | راه الفت | ۲۳۳ | ۱۰ | - ی تمش | بری تمش |
| ۱۸۹ | ۱ | گلشن پہ پروانہ | گلشن کا یہ پروانہ | ۲۳۴ | ۱۰ | شب وصل | شب ہجر |
| ۱۸۹ | ۲ | ارحل رہی | ایہ وحیل رہی | ۲۳۴ | ۱۷ | مین نہین دہ | مین نہین رہ |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳۵ | ۴ | زلف کو | زلف کی | ۲۴۸ | ۱۴ | بے بود جائی | بی بود جائے |
| ۲۳۶ | ۴ | عیب سے | عیب سی | ۲۴۸ | ۱۵ | حق نگر | حق نگر |
| ۲۳۷ | ۷ | ایا موتو | ایا ہوتو | ۲۴۸ | ۱۹ | اندرین لب فروبستن | اندرین رہ لب فروبستن |
| ۲۳۹ | ۸ | نگر | نگرد | ۲۴۹ | ۲ | عشقست نے برگیت | عشقست بی برگیت |
| ۲۳۹ | ۱۱ | دلدارگان | دلدادگان | ۲۴۹ | ۴ | نہ لبتاقی | بہ لبتانی |
| ۲۳۹ | ۱۱ | بی نیاری | بی نیازی | ۲۴۹ | ۶ | حور غلمان | حور و غلمان |
| ۲۴۰ | ۴ | خراز بیخودی | جز از بیخودی | ۲۴۹ | ۸ | زرخواندی | ار خواندی |
| ۲۴۰ | ۵ | برآسالی | برآستانی | ۲۴۹ | ۱۲ | کو آتش | کو آتشی |
| ۲۴۰ | ۱۹ | خالعش | خالعتش | ۲۴۹ | ۱۵ | ارز درباشد | آرزو باشد |
| ۲۴۱ | ۵ | قالبض اجودش | قالبض الجودش | ۲۵۰ | ۲ | چنان اوشن | چنان روشن |
| ۲۴۱ | ۱۱ | بیان باشد | بیان پاشد | ۲۵۰ | ۶ | طفل زتت | طفل ذاتت |
| ۲۴۲ | ۳ | فاروق اظر | فاروق اعظم | ۲۵۱ | ۲ | بارغ | بارخ |
| ۲۴۲ | ۵ | روح نمود | روح نمود | ۲۵۲ | ۶ | ازمہر | از مہرت |
| ۲۴۲ | ۱۱ | آفردگار | آفریدگار | ۲۵۳ | ۱۳ | آنبوترک حدامکانی | آنسوترک از حدامکانی |
| ۲۴۳ | ۳ | نہ نے نمود | نہ نمی نمود | ۲۵۳ | ۱۹ | برلبطق | بر لطق |
| ۲۴۳ | ۷ | ذوالنون | ذوالنورین | ۲۵۴ | ۷ | شکر زیراست | شکر ریز است |
| ۲۴۳ | ۱۸ | بازدہد | باز زہد | ۲۵۴ | ۱۷ | حورعین | حورالعین |
| ۲۴۴ | ۲ | تیزکام | تیز گام | ۲۵۴ | ۲۰ | نورجبین | نور جبین |
| ۲۴۴ | ۳ | خاموشی وعجز منعطت تمام | خاموشی وعجز منعطف نمائیم | ۲۵۴ | ۲۱ | کجا بپایۂ جاست | کجا بپایۂ جاہت |
| | | | | ۲۵۵ | ۲۱ | نبود اندر ارل | نبود اندر ازل |
| ۲۴۵ | ۲ | نیل بیقدری | نیل بیقدری | ۲۵۶ | ۱۱ | دربارہ جنت | دربارہ جنت |
| ۲۴۵ | ۷ | نہ چنا پایال | نہ چنان پایال | ۲۵۶ | ۲۰ | کرنا بجرودی | کرنا بجزودی |
| ۲۴۶ | ۱۱ | شعر راکم از شعر | شعر راکم از شعیر | ۲۵۷ | ۱۱ | ہیچہ | ہیچ |
| ۲۴۶ | ۱ | حاصر | حاضر | ۲۵۹ | ۱۹ | قیص | فیض |
| ۲۴۷ | ۷ | آذر دانا ستی | آذر ربانا ستی | ۲۶۰ | ۳ | تخصص وحق | تخصص وحس |
| ۲۴۸ | ۲ | فی مطروف | فی مظروف | ۲۶۰ | ۱۰ | ازعوان | ارغوان |
| ۲۴۸ | ۳ | موجود لبود | موجد لبود | ۲۶۰ | ۱۶ | عم | غم |
| ۲۴۹ | ۱۱ | نوازد وحیب | نوان از ہم وحیب | ۲۶۱ | ۲۰ | ازحشن فرط ساری | در حشن ترنو |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۲۶۲ | ۵ | بائد | پاشد |
| ۲۶۳ | ۲۱ | جامہ | جامہ |
| ۲۶۴ | ۶ | بہ تخلص لو بازید | بہ تخلص تو بازید |
| ۲۶۵ | ۱ | صوت ہزار | صوت ہزار |
| ۲۶۵ | ۱۰ | سالہ | سازہ |
| ۲۶۵ | ۱۳ | زجاے | نہ جاے |
| ۲۶۵ | ۱۷ | از بہ شل | ار بہ شل |
| ۲۶۶ | ۶ | از چو | ازل چو |
| ۲۶۷ | ۱۴ | از تیر نگی | از نیرنگی |
| ۲۶۷ | ۱۷ | جاروت | جاروب |
| ۲۶۹ | ۲ | غلط زجہ | غلطہ زجہ |
| ۲۶۹ | ۸ | آمد بگزشت | آمد و بگزشت |
| ۲۷۰ | ۱۲ | عاشق پہ | عاشق چہ |
| ۲۷۰ | ۱۵ | بینی از | بلبلی ار |
| ۲۷۱ | ۱۹ | خیال وصال | خیال وصل |
| ۲۷۸ | ۲ | چمن تو غزلخوان | چمن رو تو غزلخوان |
| ۲۷۸ | ۹ | نگرفتہ تنگ | نگرفتہ رنگ |
| ۲۸۰ | ۱۴ | من حال | من ز حال |
| ۲۸۱ | ۱۵ | شکر خند | شکر خندہ |
| ۲۸۵ | ۱۴ | قرار نفس | قرار ز نفس |
| ۲۸۶ | ۴ | ہر سر | ہر سحر |
| ۲۸۹ | ۱۳ | زبانی کو | زبانی کو |
| ۲۹۰ | ۵ | کراگہ | کرناگہ |
| ۲۹۱ | ۵ | لب ملت | لب منت |
| ۲۹۲ | ۱۹ | رشک گرم | اشک گرم |
| ۲۹۳ | ۱۳ | نہ فاغ عشق | نہ داغ عشق |
| ۲۹۳ | ۱۴ | فراغ اندر داغ | داغ اندر داغ |
| ۲۵ | ۵ | اگر نمازد خمہ | اگر نمازد خبر |

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح |
|---|---|---|---|
| ۲۹۷ | ۶ | ازسرم | از شرم |
| ۲۹۷ | ۱۵ | نقش پای جس | نقش پای جس |
| ۲۹۸ | ۳ | بیاد قدتو | بیاد قد تو |
| ۲۹۹ | ۸ | ہر لحظہ لویان | ہر لحظہ لویان |
| ۲۹۹ | ۱۶ | عاشق چون لو | عاشقا چون تو |
| ۳۰۰ | ۹ | آخر بہ تنگ | آخر بہ تنگ |
| ۳۰۰ | ۱۰ | کردہ اید ولی | کردہ ای دل ولی |
| ۳۰۰ | ۱۹ | نشود کس آشکار | نہ شود بر کس آشکار |
| ۳۰۰ | ۱۹ | سیکنم | سیکنیم |
| ۳۰۰ | ۲۰ | تو کم کردہ ایم | تو کم کردہ ایم |
| ۳۰۰ | ۲۱ | از شر خویش | از شرم خویش |
| ۳۰۱ | ۱ | مار فرط شوق | ماز فرط شوق |
| ۳۰۱ | ۱۵ | دہ گر | در گر |
| ۳۰۲ | ۶ | مدنگاہ | بہ نگاہ |
| ۳۰۲ | ۱۰ | ای جان نگاہ نرخ | ای جان بگاہ نرخ |
| ۳۰۳ | ۷ | نفس باز کردمی | نفس باز کردمی |
| ۳۰۴ | ۶ | رار و امید | دار و امید |
| ۳۰۴ | ۹ | زام زدی | زارم زدی |
| ۳۰۵ | ۱۹ | کہ جنگ | کہ خنگ |
| ۳۰۶ | ۶ | دمرو برم جہان | دمہ بزم جہان |
| ۳۰۶ | ۹ | بیناے | بینہ ہاے |
| ۳۰۶ | ۱۴ | باشیر | تاثیر |
| ۳۰۶ | ۲۰ | نتاگی | نتاکی |
| ۳۰۶ | ۲۱ | عروز یبرو | فروز بیرو |
| ۳۰۸ | ۶ | شتی | گشتی |
| ۳۰۸ | ۷ | لبسل | لبمل |
| ۳۰۸ | ۱۴ | تہ سرباستان | تیر است باستان |
| ۳۰۸ | ۱۸ | گرسہ بچیں | گرہ بچیں |
| ۳۰۸ | ۱۹ | بر سا بام | بہ شام |
| ۳۰۸ | ۲۰ | ز علی شہنشاہ | ز علی شہنشاہ |
| ۳۰۹ | ۱۴ | سرج حس راجنباے | سرج علی را ابتلای |
| ۳۱۰ | ۱۵ | زید وستی | زہد مستی |
| ۳۱۰ | ۲۱ | ز حد شمار | از حد و شمار |
| ۳۱۲ | ۱۷ | سید محمد احسن | سید محمد حسین |

**گلستان ناگری** - مترجمہ پنڈت مہرچند صاحب
اِس کتاب کے ترجمہ میں پنڈت صاحب نے لفظی با محاورہ نثر کیجگہ نثر اور نظم کیجگہ نظم کے ترجمہ کرنے میں وہ کوشش بلیغ فرمائی ہے جسکی عام شایقین جسقدر ثنا اور قدر دانی کریں بجا ہے اِس ایڈیشن میں بغرض اظہار عمدگی ترجمہ اور واسطے آسانی امتحان ترجمہ ایک کالم میں اصل مضمون فارسی اور دوسرے کالم میں ترجمہ بخط دیوناگری رکھا گیا ہے اس کتاب کی کمیابی اور ضرورت سے عام لوگ واقف ہیں۔

**مجموعہ کاغذات کارروائی** - اِسمیں طریق و قواعد تعلیم ابتدائی اور خط و کتابت دستاویز و تحریر تمسک وغیرہ و قواعد تحریر جملہ کاغذات ہر سہ عدالت دیوانی و فوجداری و مال عرضی دعوی و جملہ درخواست درمیانی اور طریق لینے و دینے اظہارات و سوالات جرح کے کرنیکا اور اپیل وغیرہ نیز نگرانی حکم امتناعی و نظرثانی وغیرہ نہایت مفصل شرح مندرج ہے مصنفہ لالہ گروہرلال صاحب

**سبعہ معلقہ کی شرح اردو** - جسکو سید ابوالحسن صبا لکھنوی نے واسطے فائدہ امیدواران امتحان یونیورسٹی پنجاب و کلکتہ کے تالیف فرمایا ہے یہ شرح جس وجہ کی ہے اور شرحوں سے مقابلہ کرنے پر اسکی عمدگی معلوم ہوگی

**خلاصتہ الرمل** - یہ رسالہ نہایت ہی پورانے اور عمدہ نسخہ سے ترجمہ کیا گیا ہے جسمیں اصول رمل اور طریق دریافت حال کو اس عمدگی سے بیان کیا ہے جیسا کہ ہو سکتا ہے۔

**بھگت لیلا** - یہ اُن لیلاؤں اور سنتت اور بھگتون کی بھگتی سے پر ہیں جو وقتاً فوقتاً بھگتون نے اپنی بھگتی سے نتائج حاصل کرنیکے لئے اور انکی رفع تکلیف کے لیئے لیلائیں ظاہر ہوئیں ہیں اور وہ سنتت درج ہیں جو شتابان وقت ہوئے ہیں۔

**پاٹھشو اپکار سٹیک** - یہ کتاب سررشتہ تعلیم پنجاب میں داخل ہے - کہ جو ابتدائی تعلیم میں نہایت مفید ہے

**رامائین تلسی داس جی** - بخط دیوناگری معہ کوشش اُن اُن الفاظ کے جو عام فہم نہیں ہیں - اور مشکل ہیں

**ساد ہو سما چار** - از تصنیف مرزا احمد بخش صاحب اسمیں فقرائے اہل ہنود کے ہر ایک درشن اور کرم دہرم کا بیان ہے

**تذکرۃ الفقرا** - اِسمیں ہفت گروہ اور چودہ خانوادہ اور جو گروہ اُنسے ہیں سلسلہ وار معہ سنہ وفات اور جائے مزار ہر ایک بزرگ کے نہایت تشریح سے لکھے گئے ہیں معہ ہفت رقعہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری۔

**ایضاً** معہ ساد ہو سما چار

**مجموعہ تصوف** - اِس ذخیرہ میں پانچ رسالے ہیں اول رسالہ میں اصطلاحات صوفیہ درج ہیں دوسرا مکاشفہ فقرا میں تیسرا آداب فقرا میں اور چوتھا سوالات ہاتفی میں پانچواں بیان انفاس میں ہے ۔

**سلاسل فخریہ** - حضرت مولانا فخرالدین کے پانچ سلسلوں کا بیان ہے - یعنی قادریہ - نقشبندیہ سہروردیہ فخریہ - چشتیہ - وغیرہ

**جمال العارفین** - شرح رسالہ حق نما۔

**مقامات امام ربانی** حضرت مجدد الف ثانی اسمیں ملفوظات اور کچھ لائف نہایت شرح سے مندرج ہیں۔

**مرقات** - یعنی ترجمہ مفتاح الجنان اردو ہر سہ حصہ جو مجموعہ حدیث و مسائل ضروریہ و اعمال مجربہ کا ہے -